(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ قَالَ لِلشَّعْبِيِّ: اِنَّا نَقُوْلُ عِنْدَنَا: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَعْتَقَ اُمَّ وَلَدِهٖ، ثُمَّ تَزَوَّجَهَا، فَهُوَ كَالرَّاكِبِ هَدْيَهٗ، قَالَ الشَّعْبِيُّ: اَخْبَرَنِي اَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَدَّبَ الرَّجُلُ اَمَتَهٗ، وَاَحْسَنَ تَاْدِيْبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَاَحْسَنَ تَعْلِيْمَهَا، ثُمَّ اَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، كَانَ لَهٗ اَجْرَانِ، وَاِذَا آمَنَ الرَّجُلُ بِعِيْسٰى، ثُمَّ آمَنَ بِيْ، فَلَهٗ اَجْرَانِ، وَالْعَبْدُ اِذَا اتَّقٰى رَبَّهٗ وَاَطَاعَ مَوَالِيَهٗ فَلَهٗ اَجْرَانِ

صالح بن حیی بیان کرتے ہیں: خراسان سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے امام شعبی سے کہا ہمارے ہاں یہ کہا جاتا ہے: جب کوئی شخص اپنی ام ولد کو آزاد کردے اور پھر اس کے ساتھ شادی کر لے تو اس کی مثال ایسے شخص کی طرح ہے جو اپنی قربانی کے جانور پر سوار ہو جاتا ہے تو امام شعبی نے کہا: حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے یہ بات بتائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب کوئی شخص اپنی کنیز کی تربیت کرے اور اچھی طرح سے تربیت کرے اس کو تعلیم دے اور اچھی طرح سے تعلیم دے پھر وہ اسے آزاد کر کے اس کنیز کے ساتھ شادی کر لے تو اس شخص کو دگنا اجر ملے گا اور جو شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان رکھتا ہو پھر وہ مجھ پر بھی ایمان لے آئے اسے بھی دگنا اجر ملے گا اور وہ غلام جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہو اور اپنے آقا کی اطاعت کرتا ہو اسے بھی دگنا اجر ملے گا"۔

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّزَوِّجَ بِالْمُكَاتَبَةِ اِذَا جَعَلَ صَدَاقَهَا اَدَاءَ مَا كُوْتِبَتْ عَلَيْهِ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ مکاتبہ کنیز کے ساتھ شادی کر لے جبکہ اس نے اس کنیز کا مہر وہ رقم مقرر کی ہو جس کی ادائیگی کتابت کے معاہدے میں کی جانی تھی

4053- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه أبو داوٗد الطيالسي 520، والحميدي 868، وأحمد 4/395 و 402 و 405 و 414، والدارمي 2/154-155 و 155، والبخاري 97 في العلم باب: تعليم الرجل أمته وأهله، و2547 في العتق: باب العبد إذا أحسن عبادة ربه ونصح سيده، و 3011 في الجهاد: باب فضل من أسلم من أهل الكتابين، و 3446 في أحاديث الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا) (مريم: 16)، و 5083 في النكاح: باب اتخاذ السراري ومن أعتق جارية ثم تزوجها، ومسلم 154 في الإيمان: باب وجوب الإيمان برسالة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم إلى جميع الناس ونسخ الملل بملته، والترمذي 1116 في النكاح: باب ما جاء في الفضل في ذلك، والنسائي 6/115 في النكاح: باب عتق الرجل جاريته ثم يتزوجها، وابن ماجه 1956 في النكاح: باب الرجل يعتق أمة ثم يتزوجها، والبغوي 25 من طرق عن صالح بن صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 2544 في العتق: باب فضل من أدب جاريته وعلمها، والترمذي 1116، وأبو داوٗد 2053 في النكاح: باب في الرجل يعتق أمته ثم يتزوجها، من طريقين عن عامر الشعبي، بِهِ. وأخرجه الطيالسي 501، والبخاري 2551 في العتق: باب كراهية التطاول على الرقيق، من طريقين عن أبي بردة، بِهِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


**4054** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ يَقُولُ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا سَبَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا بَنِي الْمُصْطَلِقِ، وَقَعَتْ جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ حَارِثٍ فِي السَّهْمِ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ الشَّمَّاسِ اَوْ لِابْنِ عَمِّهِ، فَكَاتَبَتْ عَلَى نَفْسِهَا، وَكَانَتِ امْرَاَةً حُلْوَةً مُلَاحَةً، لَا يَكَادُ يَرَاهَا اَحَدٌ اِلَّا اَخَذَتْ بِنَفْسِهِ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَسْتَعِينُهُ فِي كِتَابَتِهَا، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ وَقَفَتْ عَلَى بَابِ الْحُجْرَةِ فَرَاَيْتُهَا كَرِهْتُهَا وَعَرَفْتُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَرَى مِنْهَا مِثْلَ مَا رَاَيْتُ فَقَالَتْ جُوَيْرِيَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَانَ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَرَفْتَ، فَكَاتَبْتُ نَفْسِي، فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَعِينُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ مَا هُوَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَتْ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: اَتَزَوَّجُكِ وَاَقْضِي عَنْكِ كِتَابَتَكِ فَقَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ قَالَتْ: فَبَلَغَ الْمُسْلِمِينَ ذٰلِكَ قَالُوا: اَصْهَارُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلُوا مَا كَانَ فِي اَيْدِيهِمْ مِنْ سَبَايَا بَنِي الْمُصْطَلِقِ، قَالَتْ: فَلَقَدْ عُتِقَ بِتَزْوِيجِهِ مِائَةُ اَهْلِ بَيْتٍ مِّنْ بَنِي الْمُصْطَلِقِ، قَالَتْ: فَمَا اَعْلَمُ امْرَاَةً كَانَتْ اَعْظَمَ بَرَكَةً عَلٰى قَوْمِهَا مِنْهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (جنگ کے بعد آزاد ہونے والے) بنو مصطلق کے افراد کو قیدی قرار دیا' تو جویریہ بنت حارث حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصے میں آئیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی کے حصے میں آئیں انہوں نے کتابت کا معاہدہ کرنے کی پیشکش کی وہ ایک خوبصورت اوردل کش خاتون تھیں جو بھی شخص انہیں دیکھتا تھا مسحور ہو جاتا تھا وہ اپنی کتابت کی ادائیگی کے بارے میں مدد حاصل کرنے کیلئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اللہ کی قسم! وہ حجرے کے دروازے پر رکی ہی تھیں میں نے انہیں دیکھ لیا تو مجھے وہ اچھی نہیں لگیں' کیونکہ مجھے یہ اندازہ ہو گیا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی انہیں اسی طرح پسند کریں گے جس طرح مجھے وہ اچھی لگی تھیں جویریہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو صورت حال ہے وہ آپ کے علم میں ہے میں نے کتابت کا معاہدہ کیا ہے اب میں اللہ کے رسول سے مدد حاصل کرنے کیلئے آئی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا (تم اسے اختیار نہیں کرنا چاہو گی) جو اس سے زیادہ بہتر ہے؟ اس خاتون نے دریافت کیا: وہ کیا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے ساتھ شادی کر لیتا ہوں اور تمہاری طرف سے کتابت کی

4054– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن إسحاق، فروى له البخاري تعليقاً، ومسلم متابعة، وهو صدوق، وقد صرح بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه .وأخرجه ابن هشام في السيرة النبوية 3/294–295، وأحمد 6/277، وأبو داوُد 3931 في العتق: باب في بيع المكاتب اذا فسخت الكتابة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 9/74–75، وابن الأثير في أسد الغابة 7/56–57 من طرق عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن سعد في الطبقات 8/116–117، والحاكم 4/26–27 من طريق مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عائشة

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ادائیگی کر دیتا ہوں۔ اس خاتون نے کہا: ٹھیک ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر میں ایسا کر لیتا ہوں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس بات کی اطلاع مسلمانوں کو ملی تو انہوں نے کہا: یہ تو نبی اکرم ﷺ کے سسرالی عزیز بن گئے ہیں تو ان لوگوں نے ان کے پاس جتنے بھی بنو مصطلق کے قیدی تھے ان سب کو آزاد کر دیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا کی نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شادی کی وجہ سے بنو مصطلق کے ایک سو گھرانے آزاد ہوئے تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے علم کے مطابق کوئی اور عورت ایسی نہیں ہے، جو اپنی قوم کے افراد کیلئے سیّدہ جویریہ سے زیادہ برکت والی ثابت ہوئی ہو۔

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ

## اس سبب کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی

**4055** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اِسْحَاقَ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا سَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا بَنِي الْمُصْطَلِقِ، وَقَعَتْ جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ فِيْ سَهْمٍ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ اَوْ لِابْنِ عَمِّهِ، فَكَاتَبَتْ عَلٰى نَفْسِهَا، وَكَانَتِ امْرَاَةً حُلْوَةً لَا يَكَادُ يَرَاهَا اَحَدٌ اِلَّا اَخَذَتْ بِنَفْسِهِ، فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَعِيْنُهُ فِيْ كِتَابَتِهَا، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ وَقَفَتْ عَلٰى بَابِ الْحُجْرَةِ فَرَاَيْتُهَا كَرِهْتُهَا وَعَرَفْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَرٰى مِنْهَا مَا رَاَيْتُ، فَقَالَتْ جُوَيْرِيَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَرَفْتَ فَكَاتَبْتُ عَلٰى نَفْسِيْ، فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَعِيْنُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ مَا هُوَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَتْ: وَمَا هُوَ؟ فَقَالَ: اَتَزَوَّجُكِ وَاَقْضِيْ عَنْكِ كِتَابَتَكِ، فَقَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ، فَلَمَّا بَلَغَ الْمُسْلِمِيْنَ ذٰلِكَ قَالُوْا: اَصْهَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلُوْا مَا كَانَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ مِنْ سَبَايَا بَنِي الْمُصْطَلِقِ، فَلَقَدْ عُتِقَ بِتَزْوِيْجِهِ مِائَةُ اَهْلِ بَيْتٍ مِّنْ بَنِي الْمُصْطَلِقِ، قَالَتْ: فَمَا اَعْلَمُ امْرَاَةً كَانَتْ اَعْظَمَ بَرَكَةً عَلٰى قَوْمِهَا مِنْهَا *

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنو مصطلق کے افراد کو قیدی بنا لیا تو جویریہ بنت حارث حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصے میں، یا شاید حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے چچا زاد کے حصے میں آئیں انہوں نے کتابت کا معاہدہ کر لیا وہ ایک خوبصورت خاتون تھیں جو بھی شخص انہیں دیکھتا ان کا گرویدہ ہو جاتا وہ اپنی کتابت کے بارے میں مدد حاصل کرنے کیلئے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اللہ کی قسم! ابھی وہ حجرے کے دروازے تک پہنچی ہی تھیں کہ میں نے انہیں

---

4055- إسناده قوي، وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھ لیا اور مجھے وہ ناپسند ہوئیں' کیونکہ مجھے یہ اندازہ ہو گیا تھا کہ جس طرح وہ مجھے خوبصورت لگی ہیں اسی طرح نبی اکرم ﷺ کو بھی محسوس ہوں گی۔ جویریہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! جو صورت حال ہے وہ آپ کے علم میں ہے میں نے اپنے لیے کتابت کا معاہدہ کیا ہے' تو میں اللہ کے رسول کی خدمت میں مدد حاصل کرنے کیلئے آئی ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا (تم اس چیز کو اختیار نہیں کرو گی) جو اس سے زیادہ بہتر ہے انہوں نے دریافت کیا: وہ کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے ساتھ شادی کر لیتا ہوں اور تمہاری طرف سے کتابت کے معاوضہ کی ادائیگی کر دوں گا۔ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر میں ایسا کرتا ہوں جب اس بات کی اطلاع مسلمانوں کو پہنچی تو انہوں نے کہا: یہ لوگ تو نبی اکرم ﷺ کے سسرالی عزیز ہیں' تو انہوں نے اپنے پاس موجود بنو مصطلق کے تمام قیدیوں کو آزاد کر دیا۔

نبی اکرم ﷺ کے اس شادی کرنے کی وجہ سے بنو مصطلق کے ایک سو گھرانے آزاد ہو گئے تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے علم کے مطابق کوئی اور عورت ایسی نہیں ہے' جو اپنی قوم کے افراد کیلئے سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے زیادہ برکت والی ثابت ہوئی ہو۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَزْوِيجِ الرَّجُلِ مِنَ النِّسَاءِ مَنْ لَا تَلِدُ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی ایسی خاتون کے ساتھ شادی کر لے جو بچے کو جنم دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی

**4056** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ امْرَاَةً ذَاتَ حَسَبٍ وَجَمَالٍ، وَلٰكِنَّهَا لَا تَلِدُ اَفَاَتَزَوَّجُهَا؟ فَنَهَاهُ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ: فَنَهَاهُ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ: فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجُوا الْوَدُودَ الْوَلُودَ فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمْ

✿✿ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے ایک ایسی خاتون کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کیا ہے' جو مالدار بھی ہے اور خوبصورت بھی ہے' لیکن وہ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی کیا میں اس کے ساتھ شادی کر لوں؟ نبی اکرم ﷺ نے اسے منع کر دیا وہ دوسری مرتبہ

4056- إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الصحيح غير المستلم بن سعيد، فروى له أصحاب السنن، وهو صدوق، وثقه أحمد، وقال ابن معين: صويلح، وقال النسائي: ليس به بأس، وذكره المؤلف في الثقات، وقال ربما خالف .وأخرجه النسائي 6/65-66، في النكاح: باب كراهية تزويج العقيم، والطبراني 20/508، والحاكم 2/162، والبيهقي 7/81 من طرق عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد، وانظر الحديث الآتي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہی بات بیان کی تو نبی اکرم ﷺ نے اسے منع کر دیا وہ تیسری مرتبہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہی بات بیان کی تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایسی عورت کے ساتھ شادی کرو جو محبت کرنے والی ہو اور بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو کیونکہ میں (قیامت کے دن) تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّتَزَوَّجَ الْمَرْءُ مِنَ النِّسَاءِ مَنْ لَا تَلِدُ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی ایسی عورت کے ساتھ شادی کرے جو بچے کو جنم نہ دے سکتی ہو

**4057** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا الْمُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ امْرَاَةً ذَاتَ جَمَالٍ، وَاِنَّهَا لَا تَلِدُ، قَالَ: اَاَتَزَوَّجُهَا؟ فَنَهَاهُ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ، فَنَهَاهُ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَنَهَاهُ، وَقَالَ: تَزَوَّجِ الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ، فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمْ

❁❁ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں ایک خوبصورت عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہوں' لیکن وہ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی کیا میں اس کے ساتھ شادی کرلوں؟ نبی اکرم ﷺ نے اسے منع کر دیا وہ پھر دوسری مرتبہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے پھر اسے منع کر دیا وہ تیسری مرتبہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے اسے پھر منع کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: محبت کرنے والی اور بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والی خاتون کے ساتھ شادی کرو کیونکہ میں (قیامت کے دن) تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

## ذِكْرُ اِبَاحَةِ تَزْوِيْجِ الْمَرْءِ الْمَرْاَةَ فِيْ شَوَّالٍ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

## آدمی کے عورت کے ساتھ شوال میں شادی کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے' جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

**4058** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَزَوَّجَهَا فِيْ شَوَّالٍ، وَبَنٰى بِهَا فِيْ شَوَّالٍ، فَاَيُّ نِسَائِهٖ كَانَ اَحْظٰى عِنْدَهٗ

4057- إسناده قوي، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه أبو دواد 2050 في النكاح: باب النهي عن تزويج من لم يلد من النساء، من طريق أحمد بن إبراهيم الدورقي، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شوال کے مہینے میں ان کے ساتھ نکاح پڑھوایا تھا شوال کے مہینے میں ہی ان کی رخصتی ہوئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مجھ سے زیادہ محبوب اور کون تھیں۔

## ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْإِمَامِ اَنْ يَّخْطُبَ اِلٰى مَنْ اَحَبَّ عَلٰى مَنْ اَحَبَّ مِنْ رَعِيَّتِهٖ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا میں سے جس کو پسند کرے اس کی طرف نکاح کا پیغام بھیج دے

**4059** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلٰى جُلَيْبِيبٍ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ اِلٰى اَبِيْهَا قَالَ: حَتّٰى اَسْتَاْمِرَ اُمَّهَا، قَالَ: فَنَعَمْ اِذًا، فَذَهَبَ اِلَى امْرَاَتِهٖ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهَا، فَقَالَتْ: لَا هَا اللّٰهِ اِذًا، وَقَدْ مَنَعْنَاهَا فُلَانًا وَفُلَانًا، قَالَ: وَالْجَارِيَةُ فِيْ سِتْرِهَا تَسْمَعُ، فَقَالَتِ الْجَارِيَةُ: اَتَرُدُّوْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهُ اِنْ كَانَ قَدْ رَضِيَهُ لَكُمْ فَاَنْكِحُوْهُ، قَالَ: فَكَاَنَّهَا حَلَّتْ عَنْ اَبَوَيْهَا، فَقَالَا: صَدَقْتِ، فَذَهَبَ اَبُوْهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنْ رَضِيْتَهُ لَنَا رَضِيْنَاهُ، فَقَالَ: "اِنِّيْ اَرْضَاهُ" فَزَوَّجَهَا، فَفَزِعَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ، وَخَرَجَتِ امْرَاَةُ جُلَيْبِيبٍ فِيْهَا، فَوَجَدَتْ زَوْجَهَا وَقَدْ قُتِلَ، وَتَحْتَهُ قَتْلٰى مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، قَدْ قَتَلَهُمْ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: فَمَا رَاَيْتُ بِالْمَدِيْنَةِ ثَيِّبًا اَنْفَقَ مِنْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جلیبیب کیلئے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کا پیغام اس خاتون کے باپ کو دیا ان صاحب نے کہا: میں لڑکی کی والدہ سے مشورہ کرلوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے وہ شخص اپنی بیوی کے پاس گیا اس کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو اس عورت نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم! یہ نہیں ہوسکتا ہم نے تو اس لڑکی کیلئے فلاں اور فلاں شخص کے رشتے سے بھی انکار کر دیا تھا۔ راوی کہتے ہیں: وہ لڑکی اس وقت پردے کے پیچھے یہ بات سن رہی تھی اس لڑکی نے کہا: کیا آپ اللہ کے رسول کی فرمائش کو قبول نہیں کریں گے اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کے رشتے سے

---

4058- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سفيان: هو الثوري .وأخرجه عبد الرزاق 10459، وأحمد 6/45 و 206، والدارمي 2/145، وابن سعد في الطبقات 8/59 و 60، ومسلم 1423 في النكاح: باب استحباب التزوج في شوال واستحباب الدخول فيه، والترمذي 1093 في النكاح: باب ما جاء في الأوقات التي يستحب فيها النكاح، والنسائي 6/70 في النكاح: باب التزويج في شول، وابن ماجه 1990 في النكاح: باب متى يستحب البناء في النساء، والطبراني 23/68، والبيهقي 7/290، والبغوي 2259 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني 23/70 من طريق الزهري، عن عروة، به .وأخرجه 23/69 من طريق القاسم بن محمد، عن عائشة .

4059- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في مصنف عبد الرزاق 10333، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/136، والبزار 2741 . وذكره الهيثمي في المجمع 9/368 وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح، وانظر 4035 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



راضی ہیں' تو آپ اس کے ساتھ شادی کروادیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: گویا کہ اس لڑکی نے اپنے ماں باپ کی مشکل آسان کردی۔ انہوں نے جواب دیا: تم نے ٹھیک کہا ہے پھر اس کا والد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کیلئے راضی ہیں' تو ہم بھی اس سے راضی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس سے راضی ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی کے ساتھ (حضرت جلیبیب رضی اللہ عنہ کی) شادی کروادی (اس کے کچھ عرصے بعد) اہل مدینہ گھبراہٹ کا شکار ہوئے (یعنی کوئی جنگ ہوئی) تو حضرت جلیبیب رضی اللہ عنہ کی اہلیہ بھی اس میں گئی انہوں نے اپنے شوہر کو ایسی حالت میں پایا کہ وہ شہید ہو چکے تھے اور ان کے نیچے مشرکین سے تعلق رکھنے والے کچھ مقتولین بھی تھے جنہیں حضرت جلیبیب رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے مدینہ منورہ میں ایسی کوئی بیوہ نہیں دیکھی جو اس خاتون سے زیادہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتی ہو۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَزَوِّجِ بِالْوَلِيمَةِ وَلَوْ بِشَاةٍ

## شادی کرنیوالے شخص کو ولیمہ کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' خواہ وہ ایک بکری (ذبح کر کے دعوت کرے)

**4060** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ جَاءَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِهِ اَثَرُ صُفْرَةٍ،

4060- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البغوى 2308 من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد .وهو فى الموطأ 2/545 فى النكاح: باب ما جاء فى الوليمة، ومن طريقه أخرجه البخارى 5113 فى النكاح: باب الصفرة للمتزوج والنسائى 6/119-120 فى النكاح: باب التزويج على نواة من ذهب، والطحاوى فى مشكل الآثار 4/145 .وأخرجه الحميدى 1218، وعبد الرزاق 10411، وأحمد 3/190 و 204 و 205 و 271، والبخارى 2049 فى البيوع: باب ما جاء فى قول الله تعالى: (فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ) (الجمعة: 10)، و 3781 فى المناقب: باب إخاء النبى صلى الله عليه وسلم بين المهاجرين والأنصار، و 3937 باب كيف أخى النبى صلى الله عليه وسلم بين أصحابه، و 5072 فى النكاح: باب قول الرجل لأخيه: انظر إلى أى زوجتى شئت حتى أنزل لك عناه، و 5167 باب الوليمة ولو بشاة، و 6082 فى الأدب: باب الإخاء والحلف، ومسلم 1427 81 فى النكاح: باب الصداق وجواز كونه تعليم قرآن وخاتم حديد، وأبو داوُد 2109 فى النكاح: باب قلة المهر، والترمذى 1933 فى البر والصلة: باب ما جاء فى مواساة الاخ، والنسائى 6/137 فى النكاح: باب الهدية لمن عرس، وابن الجارود 726، وأبو يعلى 3781 و 3824، والطبرانى 1/728، والبيهقى 7/236-237 و 237، والبغوى 2310 من طرق عن حميد الطويل، بِهِ .وأخرجه البخارى 5148 فى النكاح: باب قول الله تعالى: (وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً) (النساء : 4)، ومسلم 1427 82، والنسائى 6/120 فى النكاح: باب التزويج على نواة من ذهب، والبيهقى 7/236 من طريق عبد العزيز بن صهيب، عن أنس وأخرجه الطيالسى 1978، وأحمد 3/274 و 278، والبخارى 5148، ومسلم 1427 80 و 81، وأبو يعلى 3205، والبيهقى 7/237 من طريق قتادة عن أنس .وأخرجه مسلم 1427 83 من طريق أبى حمزة عبد الرحمٰن بن ابى عبد الله، عن أنس، وانظر الحديث رقم 4096 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَسَأَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ سُقْتَ إِلَيْهَا قَالَ: زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان پر زرد رنگ کا نشان موجود تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے (اس نشان کے بارے میں) دریافت کیا: تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ انہوں نے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: تم نے اسے کتنا مہر دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ایک گٹھلی کے وزن جتنا سونا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم ولیمہ کرو خواہ ایک بکری (قربانی کر کے دعوت کرو)۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ أَمْرُ نَدْبٍ لَا حَتْمٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ حکم استحباب کے طور پر ہے لازمی طور پر نہیں ہے

**4061** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، وَابْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِهِ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْلَمَ عَلَى صَفِيَّةَ بِسَوِيقٍ وَتَمْرٍ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا (کے ساتھ شادی کے بعد) ولیمہ میں ستو اور کھجور کھلائے تھے۔

## ذِكْرُ مَا أَوْلَمَ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِينَ بَنَى بِهَا

## اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی

---

4061- إسناده قوي من أجل بكر بن وائل . ابن أبي عمر العدني: هو محمد بن يحيى بن أبي عمر . وسفيان: هو ابن عيينة .وأخرجه أبو داوُد 3744 في الأطعمة: باب في استحباب الوليمة عند النكاح، والطبراني 24/184، والبيهقي 7/260 من طريق حامد بن يحيى البلخي، عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 1095 في النكاح: باب ما جاء في الوليمة، وفي "الشمائل" 178، وابن ماجه 1909 في النكاح: باب الوليمة، من طريق ابن ابي عمر العدني، به وقد تصحف في سنن الترمذي وشمائله: "ابنه" إلى: "أبيه"، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب .وأخرجه الترمذي 1096 والنسائي في الكبرى كما في التحفة 1/377 من طريق ابن أبي عمر العدني، عن الحميدي، عن سفيان، به .وأخرجه ابن ماجه 1909، والحميدي 1184 ومن طريقه أبو يعلى 3580، من طريق سفيان، به . وأخرجه احمد 3/110، وأبو يعلى 3559، وابن الجارود 727 من طريق سفيان، عن الزهري، به . وقال الترمذي: وقد روى غير واحد هذا الحديث عن ابن عيينة، عن الزهري، عن أنس، ولم يذكروا فيه "عن وائل عن أبنه" . وكان سفيان ابن عيينة يدلس في هذا الحديث، فربما لم يذكر فيه "عن وائل عن ابنه"، وربما ذكره . وانظر الحديث رقم 4064 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## پر رخصتی کے بعد کس چیز کے ذریعے ولیمہ کیا تھا

**4062** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَوْسَعَ الْمُسْلِمِيْنَ خُبْزًا، وَلَحْمًا، كَمَا كَانَ يَصْنَعُ اِذَا تَزَوَّجَ، فَاَتٰى حُجَرَ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ وَيَدْعُوْنَ لَهُ، ثُمَّ رَجَعَ وَاَنَا مَعَهُ، فَلَمَّا انْتَهَيْنَا اِلَى الْبَيْتِ اِذَا رَجُلَانِ يَذْكُرَانِ بَيْنَهُمَا الْحَدِيْثَ فِيْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ، فَلَمَّا اَبْصَرَهُمَا وَلّٰى رَاجِعًا وَاَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ الْحِجَابِ

❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولیمہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کیلئے روٹی اور گوشت کا بھرپور اہتمام کیا جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم شادی کرنے کے بعد کیا کرتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم امہات المومنین کے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کیا ان کے لیے دعائے خیر کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (اپنی نئی زوجہ محترمہ) کے گھر کے پاس پہنچے تو وہاں دو آدمی گھر کے ایک گوشے میں بیٹھے ہوئے بات چیت کر رہے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے آئے (اس موقع پر) اللہ تعالیٰ نے حجاب کے حکم سے متعلق آیت نازل کی تھی۔

---

4062- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد فمن رجال البخاري . يحيى: هو ابن سعيد القطان .وأخرجه البخاري 5154 في النكاح: باب 55، عن مسدد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/98 و105 و 200 و 262 و 263، والبخاري 4794 في تفسير سورة الأحزاب: باب (لَا تَدْخُلُوْا بُيُوتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ اِنَاهُ) (الأحزاب: 53)، وابن سعد في الطبقات 8/106 و 107، وابن جرير الطبري في جامع البيان 22/37-38، والبغوي 2313 من طرق عن حميد، به .وأخرجه أحمد 3/195-196، 246، ومسلم 1428 87 في النكاح: باب فضيلة إعتاقه أمة ثم يتزوجها، و 89 و 90 باب زواج زينب بنت جحش ونزول الحجاب وإثبات وليمة العرس، وأبو يعلى 3332، وابن سعد في الطبقات 8/105 من طريقين عن ثابت، عن أنس . . . . . وأخرجه أحمد 3/172، والبخاري 4793، ومسلم 1428 91، وابن جرير الطبري 22/37، من طريق عبد العزيز بن صهيب، عن أنس . .وأخرجه أحمد 3/1686 و 236، والبخاري 5166 في النكاح: باب الوليمة حق، و 6238 في الإستئذان: باب آية الحجاب، ومسلم 1428 93، والطبري 22/37، والطبراني 24/ 130 و 131، وابن سعد 8/106-107، والبيهقي 7/78 من طريق الزهري عن أنس .وأخرجه البخاري 4791 و 6239 و 6271، ومسلم 1428 92، والبيهقي 7/78، والواحدي في أسباب النزول ص: 242 من طرق عن المعتمر بن سليمان، عن أبيه، عن أبي مجلز، عن أنس .وأخرجه البخاري 5163 في النكاح: باب الهدية للعرس، تعليقاً من طريق أبي عثمان الجعد، عن أنس، ووصله مسلم 1428 94 95، والترمذي 3218 في التفسير: باب من سورة الأحزاب، والطبراني 24/125 وأخرجه البخاري 4792، والطبري 22/38، وابن سعد 8/105-106، والطبراني 24/128 من طريق أبي قلابة، عن أنس .وأخرجه البخاري 7421 في التوحيد: باب وكان عرشه على الماء، وابن سعد 8/105، والطبراني 24/127 من طريق عيسى بن طهمان، عن أنس .وأخرجه الترمذي 3219، والطبري 22/38 من طريق بيان، عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيْسَ عِنْدَ تَزْوِيجِهِ صَفِيَّةَ

## اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کے موقع پر "حیس" تیار کروایا تھا

**4063** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا، وَاَوْلَمَ عَلَيْهَا بِحَيْسٍ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا تھا اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا آپ ﷺ نے ان کے ولیمے میں حیس (کی دعوت کی تھی)

## ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي اتُّخِذَ مِنْهُ الْحَيْسُ عِنْدَ تَزْوِيجِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ

## اس چیز کا تذکرہ جس کے ذریعے حیس تیار کیا گیا تھا جب نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی

**4064** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ بِطَرَسُوسَ شَيْخَانِ عَابِدَانِ فَاضِلَانِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِهِ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَمَ عَلٰى صَفِيَّةَ بِسَوِيقٍ وَتَمْرٍ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا (کے ساتھ شادی کے بعد ولیمے

---

4063- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمران بن ميسرة فمن رجال البخاري. وأخرجه البخاري 5169 في النكاح: باب الوليمة ولو بشاة، ومن طريقه البغوي 2274 عن مسدد، عن عبد الوارث بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/181 و 239 و 291، والبخاري 5086 في النكاح: باب من جعل عتق الأمة صداقها، ومسلم 1365 85ص 1045 في النكاح: باب فضيلة إعتاقه أمة ثم يتزوجها، والنسائي 6/114و 115في النكاح: باب التزويج على العتق، والدارمي 2/154، وابن سعد 8/124-125 و 125، وابن الجارود 721"، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/20، والطبراني في الصغير 2/116، وفي الكبير 24/180 و 181 من طرق عن شعيب بن الحبحاب به. وأخرجه عبد الرزاق 13110 من طريق يونس بن عبيد، عن شعيب بن الحبحاب مرسلاً. وأخرجه أحمد 3/239 و 242 و 280، والبخاري 4200 في المغازي: باب غزوة خيبر، و 5086، ومسلم 1365 85ص 1045، والنسائي 6/114، وابن ماجه 1957 في النكاح: باب الرجل يعتق أمته ثم يتزوجها، وابن سعد 8/124 125، وأبو يعلى 3351، والدارقطني 3/286 من طريق ثابت، عن أنس. وأخرجه مسلم 1365 85 ص 1045 من طريق أبي عثمان الجعد، عن أنس، وانظر الحديث رقم 4091.

4064- هو مكرر الحديث رقم4061.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں) ستو اور کھجور (کھلائے تھے)۔

## ذِكْرُ وَصْفِ تَزْوِيجِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ سَلَمَةَ

## نبی اکرم ﷺ کے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کرنے کی صفت کا تذکرہ

**4065** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ حَبِيبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عُمَرَ، وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هِشَامٍ، اَخْبَرَاهُ اَنَّهُمَا سَمِعَا اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ يُخْبِرُ

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّهَا لَمَّا قَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ اَخْبَرَتْهُمْ اَنَّهَا بِنْتُ اَبِيْ اُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، فَكَذَّبُوهَا، وَجَعَلُوْا يَقُولُوْنَ: مَا اَكْذَبَ الْغَرَائِبَ، ثُمَّ اَنْشَا نَاسٌ مِّنْهُمُ الْحَجَّ،

---

4065- إسناده حسن . عبد المجيد بن عبد الله بن أبي عمر: ذكره المؤلف في الثقات، وكذلك القاسم بن محمد بن عبد الرحمٰن بن هشام المقرون به، فيقوى أحدهما بالآخر، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه ابن سعد في الطبقات 8/93-94 من طريق روح بن عبادة، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 10644 ومن طريقه أحمد 6/307، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/29، والطبراني 23/585، ومن طريقه المزي في تهذيب الكمال ص 769، وأخرجه الشافعي في مسنده 2/26-27، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 13/38، وأحمد 6/307-308 من طرق عن ابن جريج، بِه .وقد تحرف في مسند الشافعي والطبراني "عبد الحميد بن عبد الله" إلى: "عبد المجيد بن عبد الله" . وأخرجه الشافعي 2/26 من طريق ابن جريج عن أبي بكر بن عبد الرحمٰن، به مختصراً وفيه انقطاع .وأخرجه الطبراني 23/586 من طريق حبيب بن أبي ثابت عن أبي بكر بن عبد الرحمٰن، به مختصراً وفيه انقطاع أيضاً .وأخرجه مالك 2/529 في النكاح: باب المقام عند البكر والأيم، وعبد الرزاق 10645 10646، وأحمد 6/292، والدارمي 2/144، ومسلم 1460 41 و 42 في الرضاع: باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عقب الزفاف، وأبو داؤد 2122 في النكاح: باب في المقام عند البكر، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 13/38، وابن ماجه 1917 في النكاح: باب الإقامة على البكر والثيب، وابن سعد 8/92 و 94، والدارقطني 3/284، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/29، والطبراني 23/591 592، والبغوي 2327 من طريق عبد الملك بن أبي بكر بن عبد الرحمٰن بن الحارث، عن أبيه به مختصراً .وأخرجه مسلم 1460 43، وابن سعد 8/91، والدارقطني 23/499 و 587 من طريق عبد الواحد بن أيمن، والدارقطني 3/284 من طريق عبد العزيز . ابن عياش، كلاهما عن أبي بكر، به مختصراً .وأخرجه مسلم 1460 42، والشافعي 2/26، وابن سعد 8/92-93، والدارقطني 3/283، والطحاوي في شرح معاني الآثار3/28 من طريق عبد الملك بن أبي بكر بن وقد تحرفت في مسند الشافعي إلى: "عن" عبد الرحمٰن مرسلاً، وانظر الحديث رقم 1 `2949 إسناده حسن . عبد الله بن الأسود: قال أبو حاتم في الجرح والتعديل: شيخ لا اعلم روى عنه غير عبد الله بن وهب، وذكره المؤلف في الثقات، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم .وأخرجه وابنه عبد الله في المسند 4/5، والبزار 1433، وأبو نعيم في الحلية 8/328، والحاكم2/183، والبيهقي 7/288 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي، وقال: سمعه منه ابن وهب، وذكره الهيثمي في المجمع4/289 وقال: رواه أحمد والبزار والطبراني في لكبير والأوسط، ورجال أحمد ثقات .وفي الباب عن محمد بن خاطب الجمحي رفعه "فصل ما بين الحلال والحرام الصوت والدف في النكاح"، أخرجه أحمد 3/418 و 4/159، والترمذي 1088، والنسائي 6/127، وابن ماجه 896 وسنده حسن كما قال الترمذي، وصححه الحاكم2/184 ووافقه الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَقَالُوا: تَكْتُبِينَ اِلَى اَهْلِكِ، فَكَتَبْتُ مَعَهُمْ، فَرَجَعُوا اِلَى الْمَدِينَةِ فَصَدَّقُوهَا، فَازْدَادَتْ عَلَيْهِمْ كَرَامَةً، فَقَالَتْ: لَمَّا وَضَعْتُ زَيْنَبَ، جَاءَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنِي، فَقُلْتُ: مِثْلِي لَا يُنْكَحُ، اَمَا اَنَا، فَلَا وَلَدَ فِيَّ، وَاَنَا غَيُورٌ ذَاتُ عِيَالٍ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا اَكْبَرُ مِنْكِ، وَاَمَّا الْغَيْرَةُ فَيُذْهِبُهَا اللّٰهُ، وَاَمَّا الْعِيَالُ فَاِلَى اللّٰهِ وَاِلَى رَسُولِهِ، فَتَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اِنِّي آتِيكُمُ اللَّيْلَةَ قَالَتْ: فَاَخْرَجْتُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ كَانَتْ فِي جَرَّتِي، وَاَخْرَجْتُ شَحْمًا فَعَصَدْتُ لَهُ، قَالَ: فَبَاتَ ثُمَّ اَصْبَحَ، فَقَالَ حِينَ اَصْبَحَ: اِنَّ بِكِ عَلَى اَهْلِكِ كَرَامَةً اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَاِنْ اُسَبِّعْ لَكِ اُسَبِّعْ لِنِسَائِي

❀❀ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب وہ مدینہ منورہ آئیں' تو انہوں نے لوگوں کو بتایا کہ وہ امیہ بن مغیرہ کی صاحب زادی ہے لوگوں نے ان کی اس بات کو تسلیم نہیں کیا وہ لوگ یہ کہنے لگے: یہ کیسی عجیب وغریب غلط بیانی ہے پھر ان میں سے کچھ لوگوں نے حج پر جانے کا ارادہ کیا' تو انہوں نے کہا: کیا تم اپنے گھر والوں کو کوئی خط لکھ دو گی' تو میں نے ان لوگوں کو خط لکھ کر دے دیا جب وہ لوگ واپس آئے' تو انہوں نے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے بیان کی تصدیق کی تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے عزت واحترام میں اضافہ ہو گیا۔

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب میرے ہاں زینب کی پیدائش ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نکاح کا پیغام دیا میں نے عرض کی: مجھ جیسی عورت کے ساتھ نکاح نہیں کیا جا سکتا' کیونکہ میں اب بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور میرے مزاج میں کچھ تیزی بھی ہے میں بال بچے دار بھی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے عمر میں بڑا ہوں جہاں تک مزاج کی تیزی کا تعلق ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے ختم کر دے گا جہاں تک بال بچوں کا تعلق ہے وہ اللہ اور اس کے رسول کے سپرد ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کر لی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں آج رات تمہارے پاس آؤں گا۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اپنی تھیلی میں موجود کچھ جو کے دانے نکالے اور کچھ چربی نکالی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اسے تیار کر لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات وہیں بسر کی صبح کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے شوہر کے نزدیک معزز حیثیت کی مالک ہو اگر تم چاہو تو میں سات دن تمہارے پاس رہتا ہوں اگر میں سات دن تمہارے پاس رہا تو اپنی دوسری ازواج کے پاس بھی سات دن رہوں گا۔

**4066** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَعْلِنُوا النِّكَاحَ .

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَعْنَاهُ اَعْلِنُوا بِشَاهِدَيْ عَدْلٍ .

❀❀ عامر بن عبداللہ (حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''نکاح کا اعلان کرو''۔

شیخ بیان کرتے ہیں: روایت کے لفظ ''تم لوگ اعلان کرو'' اس کا مطلب یہ ہے: دو عادل گواہوں کی موجودگی میں (ایجاب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


وقبول کرو)۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِنْكَاحِ اِلَى الْحَجَّامِيْنَ وَاسْتِعْمَالِ ذٰلِكَ مِنْهُمْ

## پچھنے لگانے والوں سے نکاح کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ اوران سے یہ کام لینے کا تذکرہ

**4067** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): يَا بَنِي بَيَاضَةَ اَنْكِحُوا اَبَا هِنْدٍ، وَانْكِحُوا اِلَيْهِ وَكَانَ حَجَّامًا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے بنو بیاضہ! ابوہند کا نکاح کروا دو (اپنے خاندان کی کسی لڑکی یا خاتون) کا نکاح اس سے کر دو (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) وہ پچھنے لگانے کا کام کرتے تھے''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْمَرْاَةِ الرَّجُلَ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَكْتَفِءَ مَا فِي صَحْفَتِهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' عورت آدمی سے اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ کرے تاکہ اس کے برتن میں جو کچھ ہے اسے خود حاصل کرلے

**4068** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلٰى خَالَتِهَا، وَلَا تَسْاَلُ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَكْتَفِءَ مَا فِي صَحْفَتِهَا، فَاِنَّ لَهَا مَا كُتِبَ لَهَا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر یا اس کی خالہ پر نکاح نہ کیا جائے (یعنی بیوی کی بھتیجی یا بھانجی کے ساتھ نکاح نہ کیا جائے) اور کوئی عورت اپنی بہن (یعنی سوکن) کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے برتن میں موجود چیز کو خود

---

4067- إسناده حسن. محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ- حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الحاكم 2/164، ومن طريقه البيهقي 7/136 من طريق محمد بن يعقوب، عن الربيع بن سليمان، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وحسن إسناده ابن حجر في التلخيص 3/164. وأخرجه أبو داوُد 2102 في النكاح: باب في الأكفاء، والدارقطني 3/300-301، والطبراني في الكبير 22/808، والبيهقي 7/136 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ. وأخرجه البخاري في التاريخ الكبير 1/276 من طريق محمد بن يعلى، عن محمد بن عمرو، به تعليقاً.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حاصل کر لے کیونکہ اسے وہی کچھ ملے گا' جو اس کے نصیب میں ہے''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا وَقَعَ فِي خَلَدِهَا بَعْضُ مَا ذَكَرْتُ لَهَا، اَنْ تَنْكِحَ دُوْنَ سُؤَالِهَا طَلَاقَ اُخْتِهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب کسی عورت کے ذہن میں اس نوعیت کا خیال آئے جس کا میں نے ذکر کیا ہے' تو پھر اس عورت کو اس بات کا حق حاصل ہے' وہ اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ کیے بغیر شادی کر لے

**4069** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي

---

4068- إسناده على شرط الصحيح، الطفاوي وهو محمد بن عبد الرحمٰن أبو المنذر البصري- روى له البخاري، وهو من شيوخ أحمد بن حنبل، وثقة ابن المديني، وقال أبو حاتم: صدوق إلا أنه يهم أحيانا، وقال ابن معين: لا بأس به، وقال أبو زرعة: منكر الحديث، وأورد له عدة أحاديث، وقال: أنه لا بأس به، قلت: وقد توبع على حديثه هذا . أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني . ومحمد: هو ابن سيرين .وأخرجه عبد الرزاق 10753، وأحمد 2/432 و 474 و 489 و 508 و 516، ومسلم 1408 83 في النكاح: باب تحريم الجمع بين المرأة وعمتها أو خالتها في النكاح، والترمذي 1125 في النكاح: باب ما جاء لا تنكح المرأة على عمتها ولا على خالتها، والنسائي 6/98 في النكاح: باب تحريم الجمع بين المرأة وخالتها، وابن ماجه 1929 في النكاح: باب لا تنكح المرأة على عمتها ولا على خالتها، والبيهقي 5/345 و 7/165 من طريق هشام بن حسان، ومسلم 1408 39 من طريق داوٗد بن أبي هند، كلاهما عن محمد بن سيرين، بهذا الإسناد . وأخرجه سعيد بن منصور 650 و 651، وعبد الرزاق 10754 و 10755، وأحمد 2/229 و 423، ومسلم 1408 37 و 40، والنسائي 6/97 باب الجمع بين المرأة وعمتها، والبيهقي 7/165 من طريق أبي سلمة عن أبي هريرة .وأخرجه البخاري 5110 في النكاح: باب لا تنكح المرأة على عمتها، ومسلم 1408 35 و 36، وأبو داوٗد 2066 في النكاح: باب مات يكره أن يجمع بينهن من النساء، والنسائي 6/96-97، والبيهقي 7/165 من طرق أبي قبيصة، عن أبي هريرة .وأخرجه مسلم 1408 34، والنسائي 6/97، والبيهقي 7/165 من طريق عراك بن مالك، عن أبي هريرة .وأخرجه النسائي 6/97 من طريق عبد الملك بن يسار، عن أبي هريرة .وأخرجه سعيد بن منصور 653 من طريق إبراهيم النخعي، عن أبي هريرة، وانظر الحديث رقم 4046 و 4069 و 4070 و 4113 و 4115 و 4117 .

4069- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البغوي 2271 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد .وهو في الموطأ 2/900 في القدر: باب جامع ما جاء في أهل القدر، ومن طريقه أخرجه البخاري 6601 في القدر: باب وكان أمر الله قدراً مقدوراً، وأبو داوٗد 2176 في الطلاق: باب في المرأة تسأل زوجها طلاق امرأة له .وأخرجه سعيد بن منصور 6054 عن عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، عن أبيه . وأخرجه البيهقي 7/180 من طريق جعفر بن ربيعة، عن الأعرج، بِهِ .وأخرجه الحميدي 1026، وأحمد 2/238 و 274 و 487، والبخاري 2140 و 2723، ومسلم 1413 51 و 52 و 53، والنسائي 6/71-73، و 7/258-259 و 259، وابن الجارود 677 البيهقي 5/344 من طريق سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/489 و 508 و 516، ومسلم 1408 38 و 39 من طريق ابن سيرين، عن أبي هريرة .وأخرجه البخاري 5152، والنسائي 7/258-259 من طريق أبي سلمة، عن أبي هريرة .وأخرجه مسلم 1515 12، والنسائي 7/255 من طريق أبي حازم، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/410 و 420، وسعيد بن منصور 653 من طريق إبراهيم النخعي، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/394 من طريق الوليد بن رياح، و 2/512 من طريق أبي صالح كلاهما عن أبي هريرة . وانظر الحديث رقم 4046 و 4068 و 4070 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):لَا تَسْاَلِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ مَا فِیْ صَحْفَتِهَا وَلْتُنْكِحْ، فَاِنَّ لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی عورت (کسی مرد کے ساتھ شادی کرنے سے پہلے) اپنی بہن (یعنی مرد کی پہلی بیوی) کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے حصے کی سب نعمتیں خود حاصل کر لے اسے شادی کر لینی چاہیے' کیونکہ اسے وہی کچھ ملے گا' جو اس کے نصیب میں ہے''۔

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا زَجَرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

**4070** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ *، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْاَوْزَاعِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَثِيْرٍ السُّحَيْمِیُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَا تَسْاَلِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ مَا فِیْ صَحْفَتِهَا، فَاِنَّ الْمُسْلِمَةَ اُخْتُ الْمُسْلِمَةِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے حصے کی نعمتیں خود حاصل کر لے' کیونکہ ایک مسلمان عورت دوسری مسلمان عورت کی بہن ہوتی ہے''۔

---

4070– إسناده صحيح على شرط الصحيح . عبد الرحمٰن بن إبراهيم: هو الملقب بدُحيم .وأخرجه أحمد 2/311 عن هاشم، عن أيوب بن عتبة، عن أبي كثير السحيمي، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4046 و 4068 و 4069 .

محكم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْوَلِيِّ

## باب: ولی کے احکام

**4071** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ اُخْتُهُ تَحْتَ رَجُلٍ فَطَلَّقَهَا، ثُمَّ خَلّٰى عَنْهَا حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، ثُمَّ قَرَّبَ يَخْطُبُهَا، فَحَمِيَ مَعْقِلٌ مِّنْ ذٰلِكَ، وَقَالَ: خَلّٰى عَنْهَا، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهَا، فَحَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ) (البقرة: **232**).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا اٰخَرَ .

❁❁ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کی بہن ایک شخص کی بیوی تھی اس شخص نے انہیں طلاق دے دی اور پھر اسے یوں ہی رہنے دیا' یہاں تک کہ اس کی عدت گزر گئی پھر اس شخص نے نکاح کا پیغام بھجوایا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ کو اس بات پر غصہ آ گیا اور بولے: اس نے اس عورت کو ایسے ہی رہنے دیا حالانکہ یہ اس سے رجوع کر سکتا تھا۔ حضرت معقل رضی اللہ عنہ اس

---

4071- إسناده صحيح على شرط الشيخين، عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلى البصرى، وسعيد: هو ابن أبى عروبة، وقتادة: هو ابن دعامة .وأخرجه الطبرى 4927، والبيهقى 7/103-104 من طريق محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 5331 فى الطلاق: باب (وَبُعُولَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ) (البقرة: 228)، والبيهقى 7/103-104 من طريق محمد بن المثنى، عن عبد الأعلى، بِه .وأخرجه الدارقطنى 3/224 من طريق روح عن سعيد، بِه . = وأخرجه الطيالسى 930، والبخارى 4529 فى التفسير: باب (وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ اَنْ يَنكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ) (البقرة: 232)، وأبو داوُد 2087 فى النكاح: باب فى العضل، والنسائى فى الكبرى كما فى التحفة / 461، والطبرى فى تفسيره 4929، والدارقطنى 3/224، والطبرانى 20/468، والبيهقى 7/104، والواحدى فى اسباب النزول ص 50-51 من طريق عباد وقد تحرف فى الواحدى إلى: عباس بن راشد، والبخارى 4529 تعليقا ووصله 5130 فى النكاح: باب من قال لا نكاح إلا بولى، وفيه تصريح الحسن بسماعه من معقل، و 5330، والنسائى فى الكبرى كما فى التحفة 8/461، والطبرى 4931، والطبرانى 20/467، والبيهقى 7/103 و 130 و 138، والواحدى فى أسباب النزول ص 50، والبغوى فى شرح السنة 2263، وفى التفسير 1/210، من طريق يونس بن عبيد، والترمذى 2981 فى تفسير القرآن: باب ومن سورة البقرة، والطيالسى 930، والطبرانى 20/477، والواحدى ص 51، من طريق مبارك بن فضالة، والطبرى 4928، والطبرانى 20/475، والحاكم 2/180 من طريق الفضل بن دلهم، أربعتهم عن الحسن، بِه .وأخرجه الطبرى 4930 من طريق سعيد، عن قتادة، (وَاِذَا طَلَّقْتُمْ . . .) (البقرة: 231) ذكر لنا رجلان أن رجلاً طلق امرأته تطليقة . . . .وأخرجه 4938 عن ابن حميد، عن جرير، عن منصور، عن رجل، عن معقل بن يسار .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بارے میں رکاوٹ بن گئے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو اور ان کی عدت پوری ہو جائے' تو تم انہیں اس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے شوہروں سے (دوبارہ) نکاح پڑھوالیں جب کہ وہ لوگ آپس میں مناسب طور پر ایک دوسرے سے راضی ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات محذوف ہے' اس خاتون نے بعد میں دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لی تھی (پھر اس سے طلاق ہوگئی یا وہ بیوہ ہوگئیں' تو پہلے شوہر نے نکاح کا پیغام بھیجا)۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّزَوِّجَ الْمَرْاَةَ الَّتِيْ لَا يَكُوْنُ لَهَا وَلِيٌّ غَيْرُهُ مَنْ رَضِيَتْ مِنَ الرِّجَالِ، وَاِنْ لَمْ يَفْرِضِ الصَّدَاقَ فِيْ وَقْتِ الْعَقْدِ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ کسی ایسی عورت کی شادی کروا دے

جس کا امام کے علاوہ کوئی اور ولی موجود نہ ہو (اور شادی اس شخص سے کروائے) جس سے وہ عورت راضی ہو اگرچہ عقد نکاح کے وقت مہر کو مقرر نہ کیا گیا ہو

**4072** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُ النِّكَاحِ اَيْسَرُهُ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: اَتَرْضَى اَنْ اُزَوِّجَكَ فُلَانَةَ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ لَهَا: اَتَرْضَيْنَ اَنْ اُزَوِّجَكِ فُلَانًا قَالَتْ: نَعَمْ، فَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يَفْرِضْ صَدَاقًا، فَدَخَلَ بِهَا، فَلَمْ يُعْطِهَا شَيْئًا، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَنِيْ فُلَانَةَ، وَلَمْ اُعْطِهَا شَيْئًا، وَقَدْ اَعْطَيْتُهَا سَهْمِيْ مِنْ خَيْبَرَ، فَكَانَ لَهُ سَهْمٌ بِخَيْبَرَ فَاَخَذَتْهُ فَبَاعَتْهُ فَبَلَغَ مِائَةَ اَلْفٍ

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بہتر نکاح وہ ہے' جو آدمی کیلئے سب سے زیادہ آسان ہو''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کیلئے یہ فرمایا کیا تم اس بات سے راضی ہو کہ میں تمہاری شادی فلاں خاتون کے ساتھ کروا دوں

4072- إسناده صحيح، هشام بن القاسم وهو ابن شيبة الحراني- قال ابن أبي حاتم: كتب إلي وإلى أبي ببعض حديثه، محله الصدق، وذكره المؤلف في الثقات، وهو وإن تغير لما كبر- رواية أبي عروبة عنه قديمة، وباقي رجاله ثقات على شرط مسلم، محمد بن سلمة: هو ابن عبد الله الحرّاني، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي يزيد .وأخرجه ابو داوُد 2117 في النكاح: باب فيمن تزوج ولم يسم صداقاً حتى مات والحاكم 2/181-182، والبيهقي 7/232 من طرق عبد العزيز بن يحيى، عن محمد بن سلمة، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے کہا: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون سے دریافت کیا: کیا تم اس بات سے راضی ہو کہ تمہاری شادی فلاں شخص سے کروادوں۔ اس عورت نے جواب دیا: جی ہاں' تو نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کی شادی کروادی۔ آپ ﷺ نے کوئی مہر مقرر نہیں کیا۔ اس خاتون کی رخصتی ہوگئی مرد نے اسے کوئی چیز ادا نہیں کی جب اس مرد کے انتقال کا وقت قریب آیا' تو اس نے کہا: بے شک اللہ کے رسول نے فلاں خاتون کے ساتھ میری شادی کروائی تھی اور میں نے اسے (مہر کے طور پر) کوئی ادائیگی نہیں کی تھی میں خیبر میں موجود اپنا حصہ اس خاتون کو دیتا ہوں۔

اس شخص کا خیبر میں ایک حصہ تھا اس خاتون نے اس حصے کو حاصل کیا اور اسے فروخت کردیا تو اس کی قیمت ایک لاکھ تھی۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّزَوِّجَ الْوَلِيُّ الْمَرْاَةَ بِغَيْرِ صَدَاقٍ عَدْلٍ يَكُوْنُ بَيْنَهُمَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی ولی کسی عورت کے ساتھ مناسب مہر کے بغیر شادی کرلے

**4073** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ

(متنِ حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ: (وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ) (النساء: 3) قَالَتْ: يَا ابْنَ اُخْتِيْ هٰذِهِ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِيْ حِجْرِ وَلِيِّهَا تُشَارِكُهُ فِيْ مَالِهِ، فَيُعْجِبُهُ مَالُهَا، وَجَمَالُهَا فَيُرِيْدُ وَلِيُّهَا اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ اَنْ يُّقْسِطَ فِيْ صَدَاقِهَا فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيْهَا غَيْرُهُ، فَنُهُوْا اَنْ يَّنْكِحُوْهُنَّ اِلَّا اَنْ يُّقْسِطُوْا لَهُنَّ مَهْرًا اَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ مِنَ الصَّدَاقِ، وَاُمِرُوْا اَنْ يَّنْكِحُوْا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فِيْهِمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (يَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِيْ يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ

---

4073– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم 3018 06 في التفسير من طريق حرملة بن يحيى بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 3018 6، وأبو داوُد 2068 في النكاح: باب ما يكره ان يجمع بينهن من النساء، والنسائي 6/115–116 في النكاح: باب القسط في الأصدقة، والطبرى في تفسيره 8457 و 10554، والبيهقي 7/142 من طرق عن ابن وهب، بِه .وأخرجه البخاري 5064 في النكاح: باب الترغيب في النكاح، والطبرى 8459 و 10555، من طريقين عن يونس بن يزيد، به .وأخرجه البخاري 2494 في الشركة: باب شركة اليتيم وأهل الميراث، و 2763 في الوصايا: باب قول اللّٰه تعالى: (وَآتُوا الْيَتَامَى اَمْوَالَهُمْ . .) (النساء: 2) و 5474 في التفسير، سورة النساء: باب (وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى) (النساء: 3)، و 5092 في النكاح: باب الأكفاء في المال، و 5140 باب تزويج اليتيمة، و 6965 في الحيل: باب ما ينهى عن الاحتيال للولى في اليتيمة المرغوبة، ومسلم 3018 6، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 12/50، والطبرى 8456 و 4858 و 8460، والبيهقي 7/141، والبغوى في تفسيره 1/390 من طرق عن ابن شهاب، بِه .وأخرجه مختصراً البخاري ,4573 و 4600 في التفسير: باب (وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ . . .) (النساء: 127)، و 5098 في النكاح: باب لا يتزوج أكثر من أربع، و 5128 باب من قال: "لا نكاح إلا بولى"، و 5131 باب إذا كان الولى هو الخاطب، ومسلم 3018 7 و 8 و 9، والطبرى في تفسيره 8461 , 8477 و 10540، والبيهقي 7/142، والطبرى في تفسيره 8461و 8477 و 10450، والبيهقي 7/142، والواحدى في أسباب النزول ص 95 من طرق عن هشام بن عروة، عن أبيه، بِه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ) (النساء : 127)، قَالَتْ: وَالَّذِي ذَكَرَ اللَّهُ أَنَّهُ يُتْلَى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ الْآيَةَ الْأُولَى الَّتِي قَالَ فِيهَا: (وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ) (النساء : 3)، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَقَالَ اللَّهُ فِي الْآيَةِ الْأُخْرَى رَغْبَةَ أَحَدِكُمْ عَنْ يَتِيمَتِهِ الَّتِي فِي حِجْرِهِ حِينَ تَكُونُ قَلِيلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ، فَنُهُوا أَنْ يَنْكِحُوا مَا رَغِبُوا فِي مَالِهَا وَجَمَالِهَا مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ

❀❀ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا۔

''اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تم ان خواتین کے ساتھ شادی کرلو جو تمہیں پسند آتی ہیں خواہ دو کرو یا تین کرو یا چار کرو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: اے میرے بھتیجے بعض اوقات کوئی یتیم لڑکی کسی سرپرست کے زیر تربیت ہوتی تھی اور وہ اس سرپرست کے مال میں اس کی حصے دار ہوتی تھی اس سرپرست کو اس لڑکی کا مال اور خوبصورتی پسند آتے تھے' تو وہ سرپرست یہ ارادہ کرتا کہ اس لڑکی کو کوئی مہر دیئے بغیر اس کے ساتھ شادی کرلے یعنی وہ مہر جو اسے کسی دوسری عورت کے ساتھ شادی کرتے ہوئے دینا پڑتا (وہ اس لڑکی کو نہ دے) تو لوگوں کو اس بات سے منع کیا گیا کہ وہ ایسی لڑکیوں کے ساتھ صرف اسی وقت شادی کر سکتے ہیں جب وہ ان لڑکیوں کو اتنا مہر ادا کریں جتنا عام رواج میں دیا جاتا ہے اور لوگوں کو اس بات کا حکم دیا گیا کہ وہ ان یتیم لڑکیوں کے علاوہ کسی دوسری خاتون کے ساتھ شادی کرلیں (اگر وہ ان لڑکیوں کو مہر نہیں دینا چاہتے)۔

عروہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی لوگوں نے اس آیت کے بعد اس بارے میں مسئلہ دریافت کیا: تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''لوگ تم سے خواتین کے بارے میں مسئلہ دریافت کرتے ہیں تم فرمادو اللہ تعالیٰ ان خواتین کے بارے میں تمہیں یہ حکم دیتا ہے وہ چیز جو ان یتیم لڑکیوں کے بارے میں کتاب میں تم لوگوں کے سامنے تلاوت کی گئی ہے وہ لڑکیاں جنہیں تم وہ چیز ادا نہیں کرتے ہو' جو ان کے حق میں مقرر کی گئی ہے اور تم اس چیز کے خواہش مند ہوتے ہو کہ تم ان کے ساتھ نکاح کر لو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ چیز جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے یہ کہہ کر کیا ہے' کتاب میں تم لوگوں کے سامنے تلاوت کی جاتی ہے اس سے مراد پہلی والی آیت ہے' جس میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''اگر تمہیں یہ اندیشہ ہوتا ہے' تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لو گے تو جو خواتین تمہیں اچھی لگتی ہیں تم ان کے ساتھ شادی کرلو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ تعالیٰ نے دوسری آیت میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے' تم میں سے کوئی ایک شخص اپنی زیر سرپرستی ایسی یتیم لڑکی میں دلچسپی نہیں رکھتا ہے' جس کے پاس مال بھی کم ہوتا ہے وہ خوبصورت بھی نہیں ہوتی' تو لوگوں کو اس چیز سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


منع کیا گیا کہ جن خواتین کے مال اور خوبصورتی میں انہیں دلچسپی ہوتی ہے وہ ان کے ساتھ اس وقت نکاح کر سکتے ہیں کہ جب وہ انصاف کے ساتھ انہیں مہر کی ادائیگی کریں اس کی وجہ یہ ہے (کہ جن خواتین کے پاس مال کم ہوتا ہے) ان خواتین میں مردوں کو دلچسپی کم ہوتی ہے۔

# ذِكْرُ بُطْلَانِ النِّكَاحِ الَّذِي نُكِحَ بِغَيْرِ وَلِيٍّ

## جو نکاح ولی کے بغیر کیا گیا ہو اس کے باطل ہونے کا تذکرہ

**4074** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا امْرَاَةٍ نُكِحَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ - مَرَّتَيْنِ - وَلَهَا مَا اَعْطَاهَا بِمَا اَصَابَ مِنْهَا، فَاِنْ كَانَتْ بَيْنَهُمَا خُصُومَةٌ فَذَاكَ اِلَى السُّلْطَانِ، وَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذَا خَبَرٌ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ، اَنَّهُ مُنْقَطِعٌ اَوْ لَا اَصْلَ لَهُ بِحِكَايَةٍ حَكَاهَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ فِي عَقِبِ هٰذَا الْخَبَرِ، قَالَ: ثُمَّ لَقِيتُ الزُّهْرِيَّ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَلَمْ يَعْرِفْهُ وَلَيْسَ هٰذَا مِمَّا يَهِي الْخَبَرُ بِمِثْلِهِ، وَذٰلِكَ اَنَّ الْخَيِّرَ الْفَاضِلَ الْمُتْقِنَ الضَّابِطَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ قَدْ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيثِ ثُمَّ يَنْسَاهُ، وَاِذَا سُئِلَ عَنْهُ لَمْ يَعْرِفْهُ فَلَيْسَ بِنِسْيَانِهِ الشَّيْءَ الَّذِي حَدَّثَ بِهِ بِدَالٍّ عَلٰى بُطْلَانِ اَصْلِ الْخَبَرِ، وَالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْبَشَرِ صَلّٰى فَسَهَا، فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ: كُلُّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ فَلَمَّا جَازَ عَلٰى مَنِ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ لِرِسَالَتِهِ، وَعَصَمَهُ مِنْ بَيْنِ خَلْقِهِ، النِّسْيَانُ فِي اَعَمِّ الْاُمُورِ لِلْمُسْلِمِينَ الَّذِي هُوَ الصَّلَاةُ حَتّٰى نَسِيَ، فَلَمَّا اسْتَثْبَتُوهُ اَنْكَرَ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَكُنْ نِسْيَانُهُ بِدَالٍّ عَلٰى بُطْلَانِ الْحُكْمِ الَّذِي نَسِيَهُ كَانَ مَنْ بَعْدَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اُمَّتِهِ الَّذِينَ لَمْ يَكُونُوا مَعْصُومِينَ جَوَازُ النِّسْيَانِ عَلَيْهِمْ اَجْوَزُ، وَلَا يَجُوزُ مَعَ وُجُودِهِ اَنْ يَكُونَ فِيهِ دَلِيلٌ عَلٰى بُطْلَانِ الشَّيْءِ الَّذِي صَحَّ عَنْهُمْ

---

4074- إسناده حسن . سليمان بن موسى: هو الأموي الأشدق، كان أعلم أهل الشام بعد مكحول، وهو صدوق حسن الحديث، وقال ابن معين: هو ثقة في الزهري، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين غير عبد الأعلى فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة .وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة 12/43، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/7 من طريق زهير بن معاوية، عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 10472 وابن أبي شيبة 4/128، والطيالسي 1463، والشافعي 12/11، وأحمد 6/47 و165-166، وأبو داوُد 2083 في النكاح: باب في الولي، والترمذي 1102 في النكاح: باب ما جاء لا نكاح إلا بولي، وابن ماجه 1879 في النكاح: باب لا نكاح إلا بولي، والدارمي 2/137، وابن الجارود 7009، والدارقطني 3/221 و 225-226، والطحاوي 3/7 و 8، والحاكم 2/168، والبيهقي 7/105 و 113 و 124-125 و 138، والبغوي 2262 من طرق كثيرة عن ابن جريج، بِهِ . وحسنه الترمذي وصححه الحاكم على شرط الشيخين .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَبْلَ نِسْيَانِهِمْ ذٰلِكَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہر وہ عورت جس کا نکاح اس کے ولی کی اجازت کے بغیر کیا گیا ہو تو اس کا نکاح باطل ہوتا ہے (یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی) اس عورت کو وہ چیز مل جائے گی جو مرد نے مہر کے طور پر اسے دی ہے اور اگر ان دونوں کے درمیان جھگڑا ہو جاتا ہے تو یہ معاملہ حاکم کے پاس لایا جائے گا اور حاکم وقت اس کا ولی ہوگا، جس کا کوئی ولی نہ ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا ہے، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ یہ سمجھا کہ شاید یہ روایت منقطع ہے یا اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور اس غلط فہمی کی وجہ وہ حکایت ہے، جسے ابن علیہ نے اس روایت کے بعد ابن جریج کے حوالے سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں پھر میری ملاقات زہری سے ہوئی میں نے ان کے سامنے اس روایت کو ذکر کیا وہ اس سے واقف نہیں تھے حالانکہ یہ وہ چیز نہیں ہے، جو اس نوعیت کی خبر کو کمزور کر دے اس کی وجہ یہ ہے: بعض اوقات اہل علم سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی بہتر فاضل متقی ضابط شخص کوئی حدیث بیان کرتا ہے، تو وہ اسے بھول جاتا ہے اور جب بعد میں اس سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا جاتا ہے، تو اسے اس کا علم نہیں ہوتا تو اس کا اس چیز کو بھول جانا جس کو اس نے بیان کیا تھا یہ اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ اس روایت کی اصل ہی باطل ہوگی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بہترین بشر ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرتے ہوئے بھول گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نماز مختصر ہو گئی ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں میں سے کچھ نہیں ہوا ہے۔

تو وہ شخصیت جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کیلئے منتخب کیا اور انہیں اپنی مخلوق کے درمیان عصمت عطا کی ان پر نسیان طاری ہو سکتا ہے، جو مسلمانوں کے امور سے تعلق رکھنے والی سب سے زیادہ استعمال ہونے والی چیز کے بارے میں ہے وہ چیز نماز ہے، یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھول جاتے ہیں اور جب لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا انکار کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھول جانا اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ وہ حکم باطل ہوگا، جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے تھے (تو جب ایک طرف ایسا ہے) تو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے تعلق رکھنے والے وہ لوگ جو معصوم بھی نہیں ہیں ان کے لیے نسیان طاری ہونا تو زیادہ ممکن ہے اور نسیان کی موجودگی میں یہ چیز جائز نہیں ہوگی کہ اس میں اس چیز کی دلیل موجود ہو کہ وہ چیز باطل ہے، جو ان کے بھول جانے سے پہلے ان حضرات سے مستند طور پر ثابت ہے۔

## ذِكْرُ نَفْيِ اِجَازَةِ عَقْدِ النِّكَاحِ بِغَيْرِ وَلِيٍّ وَشَاهِدَيْ عَدْلٍ

## ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح کے جائز ہونے کی نفی کا تذکرہ

**4075** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَیْ عَدْلٍ، وَمَا كَانَ مِنْ نِكَاحٍ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ، فَهُوَ بَاطِلٌ، فَاِنْ تَشَاجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَمْ يَقُلْ اَحَدٌ فِيْ خَبَرِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا وَشَاهِدَیْ عَدْلٍ اِلَّا ثَلَاثَةُ اَنْفُسٍ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِيُّ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ يُوْنُسَ الرَّقِّيُّ عَنْ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ، وَلَا يَصِحُّ فِيْ ذِكْرِ الشَّاهِدَيْنِ غَيْرَ هٰذَا الْخَبَرِ

❀❀ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا جو نکاح اس کے علاوہ ہوگا وہ باطل شمار ہوگا اور اگر (ولی ہونے کے حوالے سے) لوگوں میں اختلاف ہو جاتا ہے تو جس کا کوئی ولی نہ ہو حاکم وقت اس کا ولی ہوتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابن جریج کے حوالے سے سلیمان بن موسیٰ کے حوالے سے زہری سے منقول اس روایت میں یہ الفاظ ''دو عادل گواہوں کے بغیر'' یہ الفاظ صرف تین افراد نے نقل کیے ہیں: سعید بن یحییٰ اموی نے حفص بن غیاث کے حوالے سے نقل کیے ہیں۔ عبداللہ بن عبدالوہاب حجبی نے خالد بن حارث کے حوالے سے نقل کیے ہیں: اور عبدالرحمٰن بن یونس رقی نے عیسیٰ بن یونس کے حوالے سے نقل کیے ہیں: دو گواہوں کا تذکرہ اس روایت کے علاوہ اور کہیں بھی مستند طور پر منقول نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُزَوِّجَ النِّسَاءَ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ الَّذِيْنَ جَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عُقْدَةَ النِّكَاحِ اِلَيْهِمْ دُوْنَهُنَّ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ خواتین خود شادی کریں (خواتین کی شادی کروانے کا اختیار) صرف اولیاء کو ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے نکاح کا معاملہ سپرد کیا ہے یہ معاملہ خواتین کے پاس نہیں ہے

**4076** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ

4075– إسناده حسن، وانظر الحديث السابق . ا ه أخرج هذا الحديث بالزيادة المذكورة ابن حزم في المحلى 9/465، والبيهقي 7/124–125 من طريق محمد بن أحمد بن الحجاج الرقي، والدارقطني 3/255–256، والبيهقي 7/125 من طريق سليمان بن عمر بن خالد الرقي، كلاهما عن عيسى بن يونس، عن ابن جريج، به . وقال الدارقطني: تابعه عبد الرحمٰن بن يونس، عن عيسى بن يونس مثله سواء، وكذلك رواه سعيد بن خالد بن وتحرفت في "السنن" إلى: أن عبد الله بن عمرو بن عثمان، ويزيد بن سنان 3/227، ونوح بن دراج وعبد الله بن حكيم أبو بكر، عن هشام بن عروة عن أبيه، عن عائشة، قالوا فيه: "شاهدى عدل" وكذلك رواه ابن أبي مليكة عن عائشة رضى الله عنها .وأخرجه البيهقي 7/125 من طريق سليمان بن عمر الرقي عن يحيى بن سعيد الأموي، عن ابن جريج، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


عَتَّابِ الدَّلَّالُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

(توضیح مصنف): اَبُو عَامِرٍ: صَالِحُ بْنُ رُسْتُمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

ابوعامر نامی راوی کا نام صالح بن رستم ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْوَلَايَةَ فِي الْاِنْكَاحِ اِنَّمَا هِيَ لِلْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ النِّسَاءِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ نکاح کرنے میں ولایت اولیاء کو حاصل ہوتی ہے خواتین کو حاصل نہیں ہوتی

**4077** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوْزَجَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو

4076- إسناده ضعيف . أبو عامر الخزاز واسمه صالح بن رستم- كثير الخطأ، وباقي رجاله ثقات، أبو عتاب الدلال: هو سهل بن حماد .وأخرجه البيهقي 7/125و 143، وابن عدي في "الكامل في الضعفاء " 6/2356 و 2357 من طريق المغيرة بن موسى، عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، عن أبي هريرة . والمغيرة بن موسى: قال البخاري: منكر الحديث، وقال ابن عدي: وهو في نفسه ثقة، ولا أعلم له حديثاً منكراً فأذكره، وهو مستقيم الرواية .وأخرجه ابن عدي 3/1101 من طريق بن سليمان بن أرقم، عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة . وسليمان بن أرقم: متروك .وللحديث شواهد يتقوى بها، منها حديث ابن عباس عند الدارقطني 3/221-222، وأحمد 1/250،وابن ماجه 1880، والطبراني 11/11298 و 11343, و 11944، والبيهقي 7/109-110، وأخرجه عنه موقوفاً: الشافعي 2/12، والبيهقي 7/110، والبغوي 2264 .وفيه ضعف . وحديث ابن مسعود عند الدارقطني 3/225، وفيه عبد الله بن محرز، وهو متروك .وحديث علي عند البيهقي 7/111 وفيه الحارث الأعور، وهو متروك .وحديث ابن عمر عند الدارقطني 3/225 وفيه ثابت بن زهير، وهو منكر الحدحيث .وحديث عائشة الذي تقدم برقم 4074 .وحديث أبي موسى الأشعري الآتي . وغيرهم .

4077- إسناده ضعيف . عمرو بن عثمان الرقي: ضعيف، ورواية زهير بن معاوية عن أبي إسحاق السبيعي بعد اختلاطه . وهو حديث صحيح بطرقه وشواهده فأخرجه بن الجارود 703 من طريق محمد بن سهل بن عسكر، والحاكم 2/171، والبيهقي 7/107 من طريق أبي الأزهر، كلاهما عن عمرو بن عثمان الرقي، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 523، والترمذي 1101 في النكاح: باب لا نكاح إلا بولي، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/9، والبيهقي 7/107 من طريق أبي عوانة عن أبي إسحاق السبيعي، بِهِ .وأخرجه أبو داوٗد 2085 في النكاح: باب في الولي، والترمذي 1101، وابن الجارود 701، والحاكم 2/171، والبيهقي 7/109 من طريق يونس بن أبي إسحاق السبيعي، بِهِ .وأخرجه الدارقطني 3/220، والحاكم 2/169، والبيهقي 7/109 من طريق شعبة، عن أبي إسحاق، بِهِ .وأخرجه الطحاوي 3/9، والبيهقي 7/108 من طريق قيس بن الربيع، عن أبي إسحاق، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/413 و 418، والحاكم 2/171 من طريق يونس بن ابي إسحاق، عن أبي بردة، بِهِ .وأخرجه الحاكم 2/172 من طريق أبي حصين، عن أبي بردة، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق 10475، والطحاوي 3/9، والبيهقي 7/108 من طريق الثوري عن أبي إسحاق، عن أبي بردة مرسلاً . وأخرجه الطحاوي 3/9 من طريق شعبة، عن أبي إسحاق، عن أبي بردة مرسلاً .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/131من طريق أبي الأحوص، عن أبي سقطت من الأصل إسحاق عن أبي بردة مرسلاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بْنُ عُثْمَانَ الرَّقِّيُّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

## ذِكْرُ نَفْيِ اِجَازَةِ عَقْدِ النِّسَاءِ النِّكَاحَ عَلٰى اَنْفُسِهِنَّ بِاَنْفُسِهِنَّ دُوْنَ الْاَوْلِيَاءِ

## خواتین کا اپنا نکاح خود کرنے کے جائز ہونے کی نفی کا تذکرہ جب وہ خود ایسا کریں ان کے اولیاء نہ کریں

4078 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَكَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ولی کے بغیر نکاح درست نہیں ہوتا''۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْاَوْلِيَاءِ مِنَ اسْتِئْمَارِ النِّسَاءِ اَنْفُسِهِنَّ اِذَا اَرَادُوْا عَقْدَ النِّكَاحِ عَلَيْهِنَّ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' اولیاء پر یہ بات لازم ہے' وہ خواتین سے ان کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کریں جب وہ ان کا نکاح کرنے کا ارادہ کریں

4079 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تُسْتَامَرُ الْيَتِيْمَةُ فِيْ نَفْسِهَا، فَاِنْ سَكَتَتْ فَهُوَ رِضَاهَا، وَاِنْ اَبَتْ فَلَا جَوَازَ عَلَيْهَا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

4078– شريك وهو ابن عبد الله بن أبي شريك النخعي– وإن كان سيّء الحفظ، قد توبع كما مر في الحديث السابق، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه الدارمي 2/137، والترمذي 1101 في النكاح: باب ما جاء لا نكاح إلا بولي، والبيهقي 7/107–108 من طريق علي ابن حجر السعدي، بهذا الإسناد .وسيأتي برقم 4083 و4090 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''کنواری لڑکی سے اس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ خاموش رہے تو یہ اس کی رضامندی شمار ہوگی اور اگر وہ انکار کردے تو اس کے ساتھ زبردستی نہیں کی جاسکتی''۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاسْتِئْمَارِ النِّسَاءِ فِیْ اَبْضَاعِهِنَّ عِنْدَ الْعَقْدِ عَلَيْهِنَّ

## خواتین کا نکاح کرواتے وقت ان سے ان کی رائے لینے کا حکم ہونے کا تذکرہ

**4080** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِسْتَاْمِرُوا النِّسَاءَ فِیْ اَبْضَاعِهِنَّ قِيْلَ: اِنَّ الْبِكْرَ تَسْتَحْيِیْ، قَالَ: سُكُوْتُهَا اِقْرَارُهَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لڑکیوں کی شادی میں ان سے مرضی معلوم کرلیا کرو عرض کی گئی کنواری لڑکی شرما جاتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی خاموشی اس کا اقرار ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَائِشَةَ هِیَ الَّتِیْ سَاَلَتِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذَا الْحُكْمِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حکم کے بارے میں دریافت کیا تھا

4079- إسناده حسن، محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ- حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات على شرط البخاري . زائدة: هو ابن قدامة الثقفي .وأخرجه عبد الرزاق 10297،وابن أبي شيبة 4/183، وأحمد 2/259 و 475، وأبو داوُد 2093 و 2094 في النكاح: باب في الاستئمار، والترمذي 1109 في النكاح: باب ما جاء في إكراه اليتيمة على التزويج، والحاكم وقد سقط من "المستدرك" المطبوع، وهو في مختصر للذهبي 2/166-167 والبيهقي 7/120و 122 من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث حسن، وصححه الحاكم على شرط مسلم .وأخرجه عبدا لرزاق 10286، وأحمد 2/250 و 279 و 425 و 434، والبخاري 5136 في النكاح: باب لا ينكح الأب وغيره البكر والثيب إلا برضاهما، و 6968 و 6970 في الحيل: باب في النكاح، ومسلم 1419 في النكاح: باب استئذان الثيب في النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، وأبو داوُد 2092، والترمذي 1107 في النكاح: باب ما جاء في استئمار البكر والثيب، والنسائي 6/85 في النكاح: باب استئمار الثيب في نفسها، و 6/86 باب إذن البكر، وابن ماجه 1871 في النكاح: باب استئمار البكر والثيب، والدارمي 2/138، وابن الجارود 707، والدارقطني 3/238، والبيهقي 7/119 و 122 من طرق عن يحيى ابن أبي كثير، عن أبي سلمة، بِهِ .ولفظ مسلم: "لا تنكح الأيم حتى تستأمر، ولا تنكح البكر حتى تستأذن"، قالوا: يا رسول الله: وكيف إذنها؟ قال: "أن تسكت" .وأخرجه سعيد بن منصور 544 عن هشيم، عن عمر بن أبي سلمة، عن أبيه، عن أبي هريرة، وانظر الحديث رقم 4086 .

4080- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد صرح ابن جريج بالتحديث عند مسلم وأحمد وغيرهما .وأخرجه عبد الرزاق 10285 عن ابن جريج، وابن أبي شيبة 4/136، وأحمد 6/165، والبخاري 6946 في الإكراه: باب لا يجوز نكاح المكره، و 6971 في الحيل: في النكاح، ومسلم 1420 في النكاح: باب استئذان الثيب في النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، والبيهقي7/119 و 122 و 123، والبغوي 2255 من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4081 و 4082 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4081 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ عَمْرٍو ذَكْوَانُ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِكْرِ تَخْطُبُ فَقَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تُسْتَاْمَرُ النِّسَاءُ فِي اَبْضَاعِهِنَّ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْبِكْرُ تَسْتَحِي فَتَسْكُتُ، قَالَ: سُكُوْتُهَا اِقْرَارُهَا

ابوعمرو ذکوان بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کنواری لڑکی کے بارے میں دریافت کیا: جسے نکاح کا پیغام آتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خواتین کی شادی کے بارے میں ان سے مرضی معلوم کی جائے گی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کنواری لڑکی شرما جاتی ہے اور خاموش رہتی ہے (تو اس صورت میں کیا حکم ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی خاموشی اس کا اقرار ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِقْرَارَ الَّذِي وَصَفْنَا اِنَّمَا هُوَ الرِّضَى بِمَا سُئِلَتْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ اقرار جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے' اس سے مراد لڑکی کی رضامندی ہے' جس سے دریافت کیا گیا تھا

4082 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو مَوْلَى عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْبِكْرَ تَسْتَحِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِضَاهَا صَمْتُهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: کنواری لڑکی شرما جاتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی رضامندی اس کی خاموشی ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَقْدَ النِّسَاءِ اِلَى الْاَوْلِيَاءِ عَلَيْهِنَّ دُوْنَهُنَّ، وَاَنَّ الْاِذْنَ لِلْاَيِّمِ مِنْهُنَّ عِنْدَ ذٰلِكَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' خواتین کا عقد نکاح خواتین کی بجائے ان کے سرپرستوں کے

---

4081- إسناده صحيح على شرط الشيخين . الأنصاري: هو يحيى بن سعيد .وأخرجه النسائي 6/85-86 في النكاح: باب إذن البكر، وابن الجارود 708 من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4080 و4082 .

4082- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب- وهو ثقة .وأخرجه البخاري 5137 عن عمرو بن الربيع بن طارق، عن الليث، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4080 و 4081 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سپرد ہوگا' جبکہ بیوہ عورتوں سے عقد نکاح کے وقت اجازت لی جائے گی

**4083** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى مَرْفُوْعًا، فَمَرَّةً كَانَ يُحَدِّثُ بِهٖ عَنْ اَبِيْهِ مُسْنِدًا، وَمَرَّةً يُرْسِلُهٗ، وَسَمِعَهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ مِنْ اَبِيْ بُرْدَةَ مُرْسَلًا وَمُسْنَدًا مَعًا، فَمَرَّةً كَانَ يُحَدِّثُ بِهٖ مَرْفُوْعًا وَتَارَةً مُرْسَلًا، فَالْخَبَرُ صَحِيْحٌ مُرْسَلًا وَمُسْنَدًا مَعًا لَا شَكَّ، وَلَا ارْتِيَابَ فِيْ صِحَّتِهٖ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوبردہ نامی راوی نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت مرفوع حدیث کے طور پر سنی ہے' تو ایک مرتبہ انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے مسند طور پر نقل کر دی اور ایک مرتبہ اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کر دیا۔

ابواسحاق نے یہ روایت ابوبردہ کے حوالے سے ''مرسل'' اور ''مسند'' دونوں طرح سنی ہے' تو ایک مرتبہ وہ ان کے حوالے سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کر دیتے ہیں اور ایک مرتبہ اسے ''مرسل'' حدیث کے طور پر نقل کر دیتے ہیں' تو اس میں کوئی شبہ نہیں ہے' یہ روایت ''مرسل'' اور ''مسند'' دونوں اعتبار سے صحیح (یعنی مستند) ہے اس کے مستند ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الثَّيِّبَ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا عِنْدَ اسْتِئْمَارِهَا فِي الْاِذْنِ عَلَيْهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے' جب اس سے اجازت لیتے ہوئے اس سے مرضی معلوم کی جائے

**4084** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ

4083– إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسرائيل وهو ابن يونس بن أبي إسحاق– ثقة في روايته عن جده أبي إسحاق، ويحتج بها البخاري في "صحيحه" وانظر الحديث رقم 4077 .وأخرجه الترمذي 1101 في النكاح: باب ما جاء لا نكاح إلا بولي، من طريق محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/394، والدارقطني 3/218–219 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، بِهِ .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/131، وأحمد 4/394 و 413، والدارمي 2/137، وأبو داوٗد 2085 في النكاح: باب في الولي، وابن الجارود 702، والطحاوي 3/8 و 9، والحاكم 2/170، والبيهقي 7/107 من طرق عن إسرائيل، بِهِ . وانظر الحديث رقم 4077 و 4078 و 4090 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا، وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ، وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ثیبہ (یعنی بیوہ یا طلاق یافتہ) عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اس کی مرضی معلوم کی جائے گی اس کی خاموشی اس کی اجازت ہوگی''۔

## ذِكْرُ نَفْيِ جَوَازِ عَقْدِ الْوَلِيِّ نِكَاحَ الْبَالِغَةِ عَلَيْهَا اِلَّا بِاسْتِئْمَارِهَا

## ولی کا بالغ لڑکی کا عقد نکاح اس کی اجازت کے بغیر کرنے کے جائز ہونے کی نفی کا تذکرہ

**4085** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تُسْتَاْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فِيْ نَفْسِهَا، فَاِنْ سَكَتَتْ فَقَدْ اَذِنَتْ، وَاِنْ اَبَتْ لَمْ تُكْرَهْ

ابو بردہ بن ابو موسیٰ اپنے والد (حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کنواری لڑکی سے اس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ خاموش رہے، تو اس نے اجازت دے دی اگر وہ انکار کر دے تو اسے مجبور نہیں کیا جائے گا''۔

**4086** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى فِيْ عَقِبِهٖ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

---

4084- إسناده صحيح على شرط الشيخين . القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب . وهو في موطأ مالك 2/524-2-525 في النكاح: باب استئذان البكر والأيم في أنفسهما، ومن طريقه أخرجه عبد الرزاق 10283، وابن ابي شيبة 4/136، والشافعي 2/12، وسعيد بن منصور 556، وأحمد 1/219 و 241-242 و 345 و 362، والدارمي 2/183، ومسلم 1421 66 في النكاح: باب استئذان الثيب في النكاح بالنطق، والبكر بالسكوت، وأبو داؤد 2098 في النكاح: باب في الثيب والترمذي 1108 في النكاح: باب استئذان البكر في نفسها، وابن ماجه 1870 في النكاح: باب استئمار البكر والثيب، وابن الجارود 709، والدارقطني 3/239-240 و 241، والطبراني في الكبير 10/10743 و 10744 و 10745، والبيهقي 7/118 و 122، والبغوي 2254 . وأخرجه عبد الرزاق 10282، وابن أبي شيبة 4/136، والدارقطني 3/242، والطبراني 10/10747 من طريق عبيد الله بن عبد الرحمٰن بن موهب وقد تحرف في الدرامي إلى: وهب عن نافع بن جبير، به . وانظر الحديث 4087 و 4088 و 4089 .

4085- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يونس بن أبي إسحاق، فمن رجال مسلم، يحيى بن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة . وأخرجه الدارمي 2/138 وأحمد 4/394 و 411، والدارقطني 3/241 يونس بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/408، والدارقطني 3/242 من طريق اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، بِهٖ . وأخرجه ابن ابي شيبة 4/138 من طريق سلام، عن أبي إسحاق، عن أبي بردة مرسلاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَى هٰذَا الْخَبَرِ اَنَّ الْيَتِيمَةَ تُسْتَأْمَرُ قَبْلَ اِرَادَةِ عَقْدِ النِّكَاحِ عَلَيْهَا لِمَنْ تَخْتَارُ مِنَ الْاَزْوَاجِ مَنْ شَاءَ تْ، فَاِذَا سَكَتَتْ فَقَدْ اَذِنَتْ فِي عَقْدِ النِّكَاحِ عَلَيْهَا

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کا مطلب یہ ہے: کنواری لڑکی کا نکاح کرنے سے پہلے اس کی مرضی معلوم کی جائے گی کہ وہ جس شخص کے ساتھ شادی کرنا چاہے اسے اختیار کر لے اور اگر وہ خاموش رہتی ہے' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس نے اپنا نکاح کروانے کی اجازت دے دی ہے۔

4087 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا، وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِي نَفْسِهَا، وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا اَرَادَ بِهِ: اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا بِاَنْ تَخْتَارَ مِنَ الْاَزْوَاجِ مَنْ شَاءَ تْ، فَتَقُوْلُ: اَرْضَى فُلَانًا، وَلَا اَرْضَى فُلَانًا، لَا اَنَّ عَقْدَ النِّكَاحِ اِلَيْهِنَّ دُوْنَ الْاَوْلِيَاءِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"بیوہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی کی ذات کے بارے میں اس سے اجازت لی جائے گی اور اس کی خاموشی اس کی اجازت ہے"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "بیوہ عورت اپنی ذات کا زیادہ حق رکھتی ہے" اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: وہ اپنے ولی کے مقابلے میں اپنی ذات کا زیادہ حق رکھتی ہے' وہ جس سے چاہے اس کے ساتھ شادی کر لے وہ یہ کہے گی: میں فلاں کے ساتھ شادی کرنے کیلئے راضی ہوں اور میں فلاں سے شادی کرنے کیلئے راضی نہیں ہوں اس سے یہ مراد نہیں ہے' نکاح کا عقد منعقد کروانے کا معاملہ اس کے سپرد ہوگا اس کے اولیاء کے سپرد نہیں ہوگا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4088 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4086– إسناده حسن . محمد بن عمرو حسن الحديث، روى له مسلم متابعة، والبخاري مقروناً، وباقي رجاله على شرط مسلم، عبد الله بن عامر: هو ابن زرارة، وابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة . وهو مكرر الحديث رقم 4079 .

4087– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم 4084 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): اَلثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا، وَالْبِكْرُ يَسْتَاْمِرُهَا اَبُوهَا فِي نَفْسِهَا، وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی کی ذات کے بارے میں اس کا والد اس کی مرضی معلوم کرے گا اور اس کی اجازت اس کی خاموشی ہوگی''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے' نافع بن جبیر کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں عبداللہ بن فضل نامی راوی منفرد ہے

**4089** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ لِوَلِيٍّ مَعَ الثَّيِّبِ اَمْرٌ، وَالْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ، وَصَمْتُهَا اِقْرَارُهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ لِلْوَلِيِّ مَعَ الثَّيِّبِ اَمْرٌ، يُبَيِّنُ لَكَ صِحَّةَ مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ، اَنَّ الرِّضَا وَالِاخْتِيَارَ اِلَى النِّسَاءِ، وَالْعَقْدَ اِلَى الْاَوْلِيَاءِ لِنَفْيِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوَلِيِّ انْفِرَادَ الْاَمْرِ دُونَهَا اِذَا كَانَتْ ثَيِّبًا، لِاَنَّ لَهَا الْخِيَارَ فِي بُضْعِهَا، وَالرِّضَا بِمَا يُعْقَدُ عَلَيْهَا، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ اَرَادَ بِهٖ تُسْتَرْضَى فِيمَنْ عُزِمَ لَهُ عَلَى الْعَقْدِ عَلَيْهَا، فَاِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ اِقْرَارُهَا، ثُمَّ يَتَرَبَّصُ بِالْعَقْدِ اِلَى الْبُلُوغِ، لِاَنَّهَا وَاِنْ صَمَتَتْ وَاَذِنَتْ، لَيْسَ لَهَا اَمْرٌ وَلَا اِذْنٌ، اِذِ الْاَمْرُ وَالْاِذْنُ لَا يَكُونُ اِلَّا لِلْبَالِغَةِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ولی کو ثیبہ کے بارے میں کوئی اختیار نہیں ہے اور کنواری لڑکی سے مرضی معلوم کی جائے گی اس کی خاموشی اس کا اقرار

4088- إسناده صحيح على شرط الشيخين، سفيان: هو ابن عيينة .وأخرجه الحميدى 517، ومسلم 1421 67 و 68 فى النكاح: باب استئذان الثيب فى النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، وأبو داؤد 2099 فى النكاح: فى الثيب، والنسائى 6/85 فى النكاح: باب استئمار الأب البكر فى نفسها، والدارقطنى 3/240 و 240-241، والطبرانى 10/10745 من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4084 و 4087 و 4089 .

4089- إسناده صحيح على شرط الشيخين، حبان: هو ابن موسى، وعبد الله: هو ابن المبارك .وأخرجه عبد الرزاق 10299 ومن طريقه أبو داؤد 2100 فى النكاح: باب فى الثيب، والنسائى 6/85 فى النكاح: باب استئذان البكر فى نفسها، والدارقطنى 3/39، والبيهقى 7/118 عن معمر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/261، والنسائى 6/84-85، والدارقطنى 3/238-239 من طريق ابن إسحاق، و 3/239 من طريق سعيد بن سلمة، كلاهما عن صالح بن ميسان، عن عبد الله بن الفضل، عن ناقع، بِهِ . وانظر الحديث رقم 4084 و 4087 و 4088 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ہوگی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''ولی کو ثیبہ کے بارے میں کوئی اختیار نہیں ہے'' یہ چیز آپ کے سامنے اس موقف کے درست ہونے کو بیان کر دے گی' جس کے ہم قائل ہیں کہ رضامندی اور اختیار کرنے کا معاملہ خواتین کے سپرد ہوگا اور نکاح کے عقد کو منعقد کروانے کا معاملہ اولیاء کے سپرد ہوگا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ثیبہ عورت کی مرضی کے بغیر ولی کے انفرادی طور پر ایسا کرنے کی نفی کی ہے اس کی وجہ یہ ہے: اپنی شادی کے بارے میں عورت کو اختیار حاصل ہے اور اسے اس بات کا حق حاصل ہے' جس کے ساتھ اس کا عقد نکاح کروایا جا رہا ہے اس پر رضامندی (کا اظہار کرے)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''کنواری لڑکی سے اس کی مرضی معلوم کی جائے گی'' اس سے مراد یہ ہے: جس شخص کے ساتھ اس کی شادی کرنے کا ارادہ ہے اس کے بارے میں اس کی مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ خاموش رہتی ہے' تو یہ اس کا اقرار شمار ہوگا پھر اس کے عقد کے معاملے کو اس کے بالغ ہونے تک ایسے ہی رکھا جائے گا اس کی وجہ یہ ہے: اگرچہ وہ خاموش رہی ہے اس نے اجازت دے دی ہے' لیکن پھر بھی اسے ہدایت کرنے یا اجازت دینے کا حق حاصل نہیں ہے' کیونکہ ہدایت کرنے یا اجازت دینے کا حق صرف بالغ لڑکی کو حاصل ہوتا ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَهَبْنَا اِلَيْهِ فِي الْجَمْعِ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ان روایات کے درمیان تطبیق کے حوالے سے ہم نے جو موقف اختیار کیا ہے وہ درست ہے

**4090** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

❁❁ حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

---

4090- ھو مکرر الحدیث رقم 4078 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# بَابُ الصَّدَاقِ

# باب: مہر کا بیان

**4091** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا۔

**4092** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

---

4091- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو عوانة: هو وضاح اليشكرى .وأخرجه مسلم 1365 85 ص 1045 فى النكاح: باب فضيلة إعتاقه أمة ثم يتزوجها، والترمذى 1115 فى النكاح: باب ما جاى فى الرجل يعتق الأمة ثم يتزوجها، والنسائى 6/114 فى النكاح: باب التزويج على العتق، والبغوى 2273 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد . ولم يذكر البغوى "عبد العزيز بن صهيب" .وأخرجه الطيالسى 1991، والدرامى 2/154، وأبو داؤد 2054 فى النكاح: باب فى الرجل يعتق أمة ثم يتززوجها، والبيهقى 7/28 من طريق أبى عوانة، عن قتادة، عن أنس .وأخرجه عبد الرزاق 13017، وأحمد3/165 و 170 و 103 وابن سعيد 8/125، والدارقطنى 3/285 و 286،ووالطبرانى فى المعجم الصعير 268والمعجم الكبير 24/178 و 179 من طرق عن قتادة عن أنس .وأخرجه أحمد 3/99 و 101-102 و 186 و 239 و 242 و 291، ومسلم 1365 84 و 85 ص 1043، وابن سعد 8/124-125، والدارقطنى 286 والبيهقى 7/128 من طرق عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس . وانظر الحديث رقم 4063 .

4092- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخارى 5151 فى النكاح: باب الشروط فى النكاح، من طريق الطيالسى بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 10631، وأحمد 4/150، والبخارى 2721 فى الشروط: باب الشروط فى المهر عند عقدة النكاح، وأبو داؤد 2139 فى النكاح: باب فى الرجل يشترط لها دارها، والنسائى 6/92-93 فى النكاح: باب الشروط فى النكاح، والطبرانى 17/752 من طرق عن الليث، به .وأخرجه عبد الرزاق 10613، وأحمد 4/144 و 152، والدرامى 2/413، ومسلم 1418 فى النكاح: باب الوفاء بالشروط فى النكاح، والترمذى 1127 فى النكاح: باب ما جاء فى الشروط عند عقدة النكاح، وابن ماجه 1954 فى النكاح: باب الشروط فى النكاح، وأبو يعلى 1754، والطبرانى 17/753 و 785، والبيهقى 7/248، والبغوى 2270 من طريق عبد الحميد بن جعفر، والنسائى 6/93، والطبرانى 17/756 من سعيد بن أبى أيوب، و 17/754 من طريق إبراهيم بن يزيد ويحيى بن أيوب، و 755 من طريق ابن لهيعة، خمستهم عن يزيد بن ابى حبيب، به .وأخرجه الطبرانى 17/757 من طريق يزيد ابن أبى أنيسة، عن أبى الخير مرثد بن عبد الله، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَحَقُّ الشُّرُوطِ اَنْ يُّوَفّٰى بِهٖ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوجَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو الْخَيْرِ: مَرْثَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيُّ

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پوری کیے جانے کی سب سے زیادہ حق دار وہ شرط ہے' جس کے ذریعے تم شرمگاہوں کو حلال کرتے ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالخیر نامی راوی مرثد بن عبداللہ یزنی ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جَوَازَ الْمَهْرِ لِلنِّسَاءِ يَكُونُ عَلٰى اَقَلِّ مِنْ عَشْرَةٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' خواتین کے لیے دس (درہم) سے کم مہر مقرر کرنا جائز ہے

**4093** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ، فَقَامَتْ طَوِيلًا، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زَوِّجْنِيهَا اِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ حَاجَةٌ بِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا اِيَّاهُ فَقَالَ: مَا عِنْدِي اِلَّا اِزَارِي هٰذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَعْطَيْتَهُ اِيَّاهَا جَلَسْتَ لَا اِزَارَ لَكَ، فَالْتَمِسْ شَيْئًا، فَقَالَ: مَا اَجِدُ، قَالَ: فَالْتَمِسْ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ قَالَ: نَعَمْ، سُورَةُ كَذَا، وَسُورَةُ كَذَا، لِسُوَرٍ سَمَّاهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

❀❀ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک خاتون حاضر ہوئی اس نے

4093– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في الموطأ 2/526 في النكاح: باب ما جاء في الصداق والحباء، ومن طريقه أخرجه الشافعي 2/7 و 8، وأحمد 5/336، والبخاري 2310 في الوكالة: باب وكالة المرأة الإمام في النكاح، و 5135 في النكاح: باب السلطان ولي، و 7417 في التوحيد: باب (قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً) (الأنعام: 19)، وابو داوُد 2111 في النكاح: باب في التزويج على العمل يعمل، والترمذي 1114 في النكاح: باب 23، والبيهقي 7/144 و 236 و 242، والطحاوي 3/16–17 .وأخرجه البغوي 2302 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق 7592، والحميدي 928، وأحمد 5/330، والبخاري 5029 في فضائل القرآن: باب خيركم من تعلم القرآن وعلمه، و 5030 باب القراءة عن ظهر القلب، و 5087 في النكاح: باب تزويج المعسر، و 5121 باب عرض المرأة نفسها على الرجل الصالح، و 5126 باب النظر إلى المرأة قبل التزويج، و 5132 باب إذا كان الولي هو لخاطب، و 5141 باب إذا قال الخاطب للولي زوجني فلانة، و 5149 باب التزويج على الثران وبغير صداق، و 5871في اللباس: باب خاتم الحديد، ومسلم 1425 في النكاح: باب الصداق وجواز كونه تعليم قرآن وخاتم حديد، والنسائي 6/113 في النكاح: باب التزويج على سور من القرآن، وابن ماحه 1889 في النكاح: باب صداق النساء، وابن الجارود716، والطحاوي 3/17، والطبراني 7/5750 و 5781 و 5907 و 5915 و 5927 و 5934 و 5938 و 1951 و 5961 و 5980 و 5993، والبيهقي7/144 و 236 و 242 من طرق عن أبي حازم، عن سهل بن سعد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں آپ کو شادی کی پیشکش کرتی ہوں وہ خاتون خاصی دیر کھڑی رہی ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ میری شادی اس کے ساتھ کروا دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے' جسے تم اسے مہر کے طور پر دے سکو اس نے کہا: میرے پاس تو صرف میری یہ چادر ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم یہ اسے دے دیتے ہو' تو تمہیں بغیر چادر کے بیٹھنا پڑے گا تم کوئی چیز تلاش کرو اس نے بتایا: مجھے کوئی چیز نہیں ملتی' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم تلاش کرو' اسے پھر کوئی چیز نہیں ملی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں قرآن آتا ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں فلاں اور فلاں سورتیں آتی ہیں اس نے ان سورتوں کے نام گنوائے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں جو قرآن آتا ہے اس کے عوض میں' میں تمہاری شادی اس عورت کے ساتھ کرتا ہوں۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ كَرَاهِيَةِ الْإِكْثَارِ فِي الصَّدَاقِ بَيْنَ الرَّجُلِ وَامْرَاَتِهِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو مرد اور عورت کے درمیان مہر زیادہ ہونے کے ناپسندیدہ ہونے کے بارے میں ہے

**4094** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السَّخْتِيَانِيُّ بِجُرْجَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ الْقُطَيْعِيُّ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً، فَقَالَ: كَمْ اَصْدَقْتَهَا فَقَالَ: اَرْبَعَ اَوَاقٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْبَعَ اَوَاقٍ كَاَنَّمَا تَنْحِتُوْنَ الْفِضَّةَ مِنْ عَرْضِ هٰذَا الْجَبَلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میں نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے اسے کتنا مہر دیا ہے۔ اس نے جواب دیا: چار اوقیہ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: چار اوقیہ تو یوں ہے جیسے تم نے اس پہاڑ کی چوڑائی سے چاندی کو تلاش لیا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَسْهِيلَ الْاَمْرِ، وَقِلَّةَ الصَّدَاقِ مِنْ يُمْنِ الْمَرْاَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' معاملے کا آسان ہونا اور مہر کا کم ہونا عورت کی برکت شمار ہوتا ہے

4094- إسناده قوي على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يزيد بن كيسان فمن رجال مسلم، وثقه ابن معين والنسائي وأحمد والدارقطني، وقال أبو حاتم: يكتب حديثه محله الصدق صالح الحديث، وقال المؤلف في الثقات 7/628: كان يخطء ويخالف، لم يفحش خطؤه حتى يعدل به عن سبيل العدول، ولا أتى من الخلاف ما تنكره القلوب، فهو مقبول الرواية إلا ما يعلم أنه أخطأ فيه، فحينئذ يترك خطؤه كما يترك خطأ غيره من الثقات .وأخرجه مسلم 1424 75 في النكاح: باب ندب النظر إلى وجه المرأة وكفيها لمن يريد تزوجها، والبيهقي 7/235 من طريقين عن مروان بن معاوية الفزاري، بهذا الاسناد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4095 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جِبْرِيلَ الشَّهْرَزُورِيُّ بِطَرَسُوسَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث):قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ يُمْنِ الْمَرْاَةِ تَسْهِيلُ اَمْرِهَا، وَقِلَّةُ صَدَاقِهَا قَالَ عُرْوَةُ: وَاَنَا اَقُولُ مِنْ عِنْدِي: وَمِنْ شُؤْمِهَا تَعْسِيرُ اَمْرِهَا، وَكَثْرَةُ صَدَاقِهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: عورت کی برکت میں یہ بات شامل ہے اس کا معاملہ آسان ہو اور اس کا مہر کم ہو۔

عروہ نامی راوی کہتے ہیں: میں اپنی طرف سے یہ بات کہتا ہوں کہ عورت کی نحوست میں یہ بات شامل ہے اس کا معاملہ مشکل ہو اور اس کا مہر زیادہ ہو۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّجْعَلَ صَدَاقَ امْرَاَتِهِ ذَهَبًا

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی کا مہر سونے کی شکل میں مقرر کرے

4096 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَبِهِ وَضَرٌ مِّنْ خَلُوقٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْيَمْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: كَمْ اَصْدَقْتَهَا قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِّنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ قَالَ اَنَسٌ: فَلَقَدْ رَاَيْتُهُ قَسَّمَ لِكُلِّ امْرَاَةٍ

4095- إسناده حسن . أسامة بن زيد وهو الليثي - روى له مسلم في الشواهد، وهو حسن الحديث، وقد التبس أمره على الهيثمي في مجمع الزوائد 4/255 فظنه أسامة بن زيد بن أسلم العدوي الضعيف .وقد أورد ابن عدي في الكامل 1/386 هذا الحديث في ترجمة أسامة بن زيد الليثي، ثم قال: وأسامة بن زيد هذا يروي عنه الثوري وجماعة من الثقات، ويروي عنه ابن وهب بنسخة صالحة، رواه عن ابن وهب: حرملة، وهارون بن سعيد، والربيع بن سليمان المرادي، بهذا الإسناد . ولفظه: "من يمن المرأة أن يتيسر خطبتها، وأن يتيسر صداقها، وأن يتيسر رحمها " قال عروة: يعني: يتيسر رحمها للولادة . قال عروة: وأنا أقول . . . . قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبي . وأخرجه أحمد 6/77، وأبو نعيم في الحلية 3/163 و 8/180، والبيهقي 7/235 من طريق ابن المبارك، وأحمد 6/91، وابن عدي في الكامل 1/386 من طريق ابن لهيعة، كلاهما عن أسامة بن زيد، به

4096- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي، فمن رجال البخاري .وهو في مصنف عبد الرزاق 10410 ومن طريقه أخرجه أحمد 3/165 .وأخرجه أحمد 3/227 و 271، والدارمي 2/143، والبخاري 5155 في النكاح: باب كيف يدعى للمتزوج، و 6386 في الدعوات/ باب الدعاء للمتزوج، ومسلم 1427 79 في النكاح: باب الصداق وجواز كونه تعليم قرآن وخاتم حديد، وأبو داوُد 2109 في النكاح: باب قلة المهر، والترمذي 1094 في النكاح: باب ما جاء في الوليمة، وابن ماجه 1907 في النكاح: باب الوليمة، وأبو يعلى 3348 و 4363، والبيهقي 7/236، والبغوي2309 من طرق عن حماد بن زيد، عن ثابت، عن أنس . وانظر الحديث رقم 4060 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مِّنْ نِسَائِهِ بَعْدَ مَوْتِهِ مِائَةَ اَلْفٍ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے ہوئی ان پر زرد رنگ کا نشان موجود تھا جو خلوق خوشبو کا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اے عبدالرحمٰن اس کی وجہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا: میں نے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اسے کتنا مہر دیا ہے' تو انہوں نے جواب دیا: ایک گٹھلی کے وزن جتنا سونا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ولیمہ کرو خواہ ایک بکری (ذبح کر کے دعوت کرو)۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے انہیں (یعنی حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ) کو دیکھا کہ ان کے انتقال کے بعد ان کی ہر بیوی کے حصے میں ایک لاکھ (درہم) آئے تھے۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّجْعَلَ صَدَاقَ امْرَاَتِهِ اَرْبَعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی کا چار سو درہم مہر مقرر کرے

**4097** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ*، عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ صَدَاقُنَا اِذْ كَانَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ اَوَاقٍ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے' تو ہمارا (ادا کیے جانے والا) مہر دس اوقیہ ہوتا تھا۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْحُكْمِ فِي الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا حَيْثُ لَمْ يَفْرِضْ لَهَا الصَّدَاقَ فِي الْعَقْدِ وَلَمْ يَدْخُلْ

## ایسی بیوہ عورت کے بارے میں حکم کی صفت کا تذکرہ' جس کا عقد نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا گیا ہو' اور مرد نے اس عورت کے ساتھ صحبت بھی نہ کی ہو

**4098** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ،

---

4097- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير داوٗد بن قيس، وشيخه موسى بن يسار، فمن رجال مسلم . وأخرجه النسائي 6/117 في النكاح: باب القسط في الأصدقة، من طريق محمد بن عبد الله بن المبارك، عن عبد الرحمن بن مهدى، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 10406، وابن الجارود 717، والدارقطني 3/222، والحاكم 2/175، والبيهقي 7/235 من طريق داوٗد بن قيس الفراء، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا، وَلَمْ يَفْرِضْ، فَقَالَ: لَهَا الصَّدَاقُ كَامِلًا، وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ، وَلَهَا الْمِيرَاثُ، قَالَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِهِ فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ

مسروق بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جس نے ایک عورت کے ساتھ شادی کی' لیکن اس نے اس کے ساتھ صحبت نہیں کی اور اس کے لیے مہر بھی مقرر نہیں کیا' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسی عورت کو مکمل مہر ملے گا اور اس پر عدت گزارنا لازم ہے اسے وراثت میں بھی حصہ ملے گا اس پر حضرت معقل بن سنان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بروع بنت واشق کے بارے میں یہی فیصلہ دیا تھا۔

**4099** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ فِيْ عَقِبِهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، بِمِثْلِهِ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

4098– إسناده صحيح على شرط الشيخين . سفيان: هو الثورى، وفراس: هو ابن يحيى الهمْدانى .وأخرجه ابن أبى شيبة 4/300، وأبو داوُد 2114 فى النكاح: باب فيمن تزوج ولم يسم صداقاً حتى مات، وابن ماجه 1891 فى النكاح: باب الرجل يتزوج ولا يفرض لها فيموت على ذلك، والنسائى 6/122 فى النكاح: باب إباحة التزوج بغير صداق، والحاكم 2/180–181، والبيهقى 7/245 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدى، بهذا الإسنادن وصححه الحاكم على شرط الشيخين .وأخرجه الطبرانى 20/545 من طريق أبى حذيفة، عن سفيان، به .وأخرجه 20/546 من طريق يزيد الدالانى، عن فراس، به .وأخرجه عبد الرزاق 10899، والنسائى فى الكبرى كما فى التحفة8/457 من طريق عاصم عن الشعبى أن رجلاً أتى عبد اللّٰه بن مسعود . . . ورواية الشعبى عن ابن مسعود مرسلة .وأخرجه النسائى فى الكبرى كما فى التحقة 8/458 من طريق سيار وإسماعيل بن أبى خالد، كلاهما عن الشعبى بنحوه .وأخرجه النسائى فى الكبرى كما فى التحفة 8/457 من طرق ابن عون، عن الشعبى، عن الأشجعى، قال: رأيت ابن مسعود فرحو فرحة وجاء ه رجل فساله عن رجل وهب ابنته لرجل فمات قبل أن يدخل بها . .وأخرجه أبو داوُد 2116، والبيهقى 7/246 من طريق سعيد بن أبى عروبة، عن قتادة، عن أبى حسان وخلاص بن عمرو كلاهما يحدثان عن عبد اللّٰه بن عتبة بن مسعود أن ابن مسعود رضى اللّٰه عنه أتى فى رجل تزوج امرأة . . . وانظر الأحاديث الثلاثة الآتية .

4099– إسناده صحيح على شرط الشيخين، سفيان: هو الثورى، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعى .وأخرجه ابن ابى شيبة4/300، وأبو داوُد 20015، والنسائى 6/122، وابن ماجه 1891، وابن الجارود 718، والبيهقى 7/245 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدى، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 10898 و 11745، ومن طريقه الترمذى 1145 فى النكاح: باب ما جاء فى الرجل يتزوج المرأة فيموت عنها قبل أن يفرض لها، وابن الجارود 718، والطبرانى 20/543، والبيهقى 7/245، وأخرجه أحمد 3/480، وأبو داوُد 2115، والترمذى 1145، والنسائى 6/121–122، والبيهقى 7/245 من طريق يزيد بن هارون، والترمذى 1145، والنسائى 6/198فى الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها قبل أن يدخل بها، من طريق يزيد بن الحباب، ثلاثتهم عن سفيان، به . وقال الترمذى: حسن صحيح .وأخرجه الطبرانى 20/544 من طريق الأعمش عن إبراهيم، به . وانظر الحديث رقم 4098 و 4100 و 4101 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى تَصْحِيحَ هٰذِهِ السُّنَّةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا مِنْ جِهَةِ النَّقْلِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

## جس نے ہماری ذکر کردہ روایت کے نقل کے اعتبار سے مستند ہونے کی نفی کی ہے

**4100** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْاَسْوَدُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَاهُ، فَسَاَلَهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً، فَمَاتَ عَنْهَا، وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا، وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا، فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا وَرَدَّدَهُمْ شَهْرًا، ثُمَّ قَالَ: اَقُوْلُ بِرَاْيِي، فَاِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَطَاً فَمِنْ قِبَلِي، اَرَى لَهَا صَدَاقَ نِسَائِهَا، لَا وَكْسَ، وَلَا شَطَطَ، وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ، وَلَهَا الْمِيرَاثُ، فَقَامَ فُلَانٌ الْاَشْجَعِيُّ، وَقَالَ: قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ بِمِثْلِ ذٰلِكَ، قَالَ: فَفَرِحَ عَبْدُ اللّٰهِ بِذٰلِكَ، وَكَبَّرَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک شخص ان کے پاس آیا اور ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا: جو کسی عورت کے ساتھ شادی کرتا ہے اور پھر اس شخص کا انتقال ہو جاتا ہے اس نے اس عورت کے ساتھ صحبت بھی نہیں کی اور اس کا مہر بھی مقرر نہیں کیا اس پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا ایک مہینہ گزر گیا پھر انہوں نے یہ بات بیان کی میں اپنی رائے سے یہ بات بیان کرنے لگا ہوں یہ درست ہوئی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوگی اور اگر غلط ہوئی تو میری طرف سے ہوگی۔ اس عورت کے بارے میں میری رائے یہ ہے: اسے اس کے جیسی دوسری عورتوں جتنا مہر ملے گا' جس میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوگی اور اس عورت پر عدت گزارنا لازم ہوگا اور اس عورت کو وراثت میں سے حصہ ملے گا' تو فلاں اشجعی کھڑے ہوئے انہوں نے یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بروع بنت واشق کے بارے میں اسی کی مانند فیصلہ دیا تھا۔

راوی کہتے ہیں' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس بات پر خوش ہوئے اور انہوں نے تکبیر کہی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْاِمَامَ مِنَ الْاَئِمَّةِ لَا يَجُوْزُ لَهُ اَنْ يُّخْفَى عَلَيْهِ شَيْءٌ مِّنْ اَحْكَامِ الدِّيْنِ الَّذِي لَابُدَّ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنْهُ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے:

کسی بھی مسلمان حکمران کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے' وہ دینی احکام میں سے جو چیزیں مسلمانوں کے لیے ضروری ہیں ان میں سے کوئی چیز پوشیدہ رکھے

---

4100- إسناده قوي على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير مصعب بن المقدام فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث، وقد توبع . زائدة: هو ابن قدامة، والأسود: هو ابن يزيد النخعي . وأخرجه النسائي 6/121 من طريق عبد الرحمٰن بن عبد الله، عن زائدة بن قدامة، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم 4098 و 4099 و 4101 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**4101** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ

(متن حدیث): اَنَّ قَوْمًا اَتَوْا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ، فَقَالُوْا: جِئْنَاكَ لِنَسْاَلَكَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ مِنَّا، وَلَمْ يَفْرِضْ صَدَاقًا، وَلَمْ يَجْمَعْهُمَا اللّٰهُ حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا سُئِلْتُ عَنْ شَیْءٍ مُنْذُ فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ عَلَیَّ مِنْ هٰذِهٖ، فَاْتُوْا غَيْرِیْ، فَاخْتَلَفُوْا اِلَيْهِ شَهْرًا، ثُمَّ قَالُوْا لَهٗ فِیْ اٰخِرِ ذٰلِكَ: مَنْ نَسْاَلُ اِنْ لَمْ نَسْاَلْكَ، وَاَنْتَ اُخَيَّةُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِیْ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ، وَلَا نَجِدُ غَيْرَكَ، فَقَالَ: ابْنُ مَسْعُوْدٍ: سَاَقُوْلُ فِيْهَا بِجَهْدِ رَاْيِیْ، اِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَطَاً فَمِنِّیْ، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْهُ بَرِیْءٌ، اَرٰی اَنْ يُّفْرَضَ لَهَا كَصَدَاقِ نِسَائِهَا، وَلَا وَكْسَ، وَلَا شَطَطَ، وَلَهَا الْمِيْرَاثُ، وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا، وَذٰلِكَ بِحَضْرَةِ نَاسٍ مِّنْ اَشْجَعَ، فَقَامَ رَجُلٌ يُّقَالُ لَهٗ: مَعْقِلُ بْنُ سِنَانِ الْاَشْجَعِیُّ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّكَ قَضَيْتَ بِمِثْلِ الَّذِیْ قَضٰی بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی امْرَاَةٍ مِّنَّا، يُقَالُ لَهَا: بِرْوَعُ بِنْتُ وَاشِقٍ، فَمَا رُئِیَ عَبْدُ اللّٰهِ فَرِحَ بِشَیْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ كَفَرْحِهٖ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ

علقمہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: ہم آپ کے پاس ایسے شخص کے بارے میں دریافت کرنے کیلئے آئے ہیں جس کا تعلق ہم سے ہے اس نے شادی کی اس نے (اپنی بیوی کا) مہر مقرر نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ نے ان دونوں میاں بیوی کو ملنے کا موقع نہیں دیا' یہاں تک کہ مرد کا انتقال ہو گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا ہوا ہوں اس کے بعد مجھ سے ایسے کسی مسئلے کے بارے میں دریافت نہیں کیا گیا جو میرے نزدیک اس سے زیادہ مشکل ہو تم لوگ کسی اور کے پاس چلے جاؤ وہ لوگ ایک ماہ تک حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آتے رہے پھر ایک ماہ کے بعد انہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اگر ہم آپ سے دریافت نہیں کریں گے تو پھر کس سے دریافت کریں گے؟ اس شہر میں صرف آپ ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں ہمیں آپ کے علاوہ اور کوئی نہیں ملتا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس بارے میں اپنی ذاتی رائے کے مطابق مسئلہ بیان کروں گا اگر یہ درست ہوا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوگا اور اگر غلط ہوا تو میری طرف سے ہوگا اللہ اور اس کا رسول اس سے بری ذمہ ہوں گے میرا یہ خیال ہے' اس عورت کو اس کے جیسی دیگر عورتوں کی طرح کا مہر ادا کیا جائے گا' جس میں کوئی کمی اور کوئی اضافہ نہیں ہوگا اور اس کو وراثت میں حصہ ملے گا اور اس عورت پر چار ماہ دس دن تک عدت گزارنا لازم ہے (راوی کہتے ہیں) یہ واقعہ اشجع قبیلے کے کچھ افراد کی موجودگی میں پیش آیا' تو ایک صاحب کھڑے ہوئے' جن کا نام معقل بن سنان اشجعی تھا انہوں نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اس بارے میں وہی

4101- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير داؤد بن أبي هند، فمن رجال مسلم .وأخرجه النسائي 6/122-123 من طريق علي بن حجر السعدي، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 2/180، والبيهقي 7/245 من طريق علي بن مسهر، بِه . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/301-302، والطبراني 20/542 من طريقين عن داوُد بن أبي هند، بِه . وانظر الحديث رقم 4098و 4099 و 4100 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فیصلہ دیا ہے' جو اس طرح کے مقدمے میں نبی اکرم ﷺ نے فیصلہ دیا تھا جو ہمارے (قبیلے کی) ایک خاتون کے بارے میں تھا اس خاتون کا نام بروع بنت واشق تھا۔

(راوی کہتے ہیں) حضرت عبداللہ کو اسلام کے بعد اتنا زیادہ خوش اور کبھی نہیں دیکھا گیا جتنا وہ اس واقعہ سے خوش ہوئے (کہ ان کی ذاتی رائے نبی اکرم ﷺ کے فیصلے کے مطابق تھی)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ ثُبُوتِ النَّسَبِ وَمَا جَاءَ فِي الْقَائِفِ

# نسب کے ثبوت اور قیافہ شناس کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

4102 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَسَارِيرُ وَجْهِهِ تَبْرُقُ، فَقَالَ: اَلَمْ تَرَيْ اِلٰى مُجَزِّزٍ اَبْصَرَ آنِفًا زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَقَالَ: اِنَّ بَعْضَ هٰذِهِ الْاَقْدَامِ لَمِنْ بَعْضٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک خوشی سے دمک رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں پتہ چلا (ایک قیافہ شناس) مجز ز نے کچھ دیر پہلے زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید کے (صرف پاؤں دیکھے) اور یہ کہا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔

# ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ كَانَ قَائِفًا

# اس بات کے بیان کا تذکرہ مجز ز مدلجی (نامی صاحب) قیافہ شناس تھے

4103 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُورًا فَرِحًا مِمَّا قَالَ مُجَزِّزٌ الْمُدْلِجِيُّ، وَنَظَرَ اِلٰى اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ مُضْطَجِعًا مَعَ اَبِيهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ الْاَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ، وَكَانَ مُجَزِّزٌ قَائِفًا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خوشی کے عالم میں میرے ہاں تشریف لائے' کیونکہ مجز ز مدلجی

4102– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 6/82، والبخاری6770 فی الفرائض: باب القائف، ومسلم 1459فی الرضاع: باب العمل بإلحاق القافةو بالولد، وأبو داوُد 2268 فی الطلاق: باب فی القافة، والترمذی 2129 فی الولاء والهبة: باب ما جء فی القافة، والنسائی 6/184 فی الطلاق: باب القافة، والدارقطنی 4/240 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 13833و 13836، وأحمد 6/226، والبخاری 3555فی الأنبياء: باب صفة النبی صلی الله عليه وسلم، و 3731، والدارقطنی2/240 من طرق عن ابن شهاب الزهری، به . وسيأتی برقم 7017 من طريق سفيان، عن الزهری .

4103– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة وهو ابن يحيى– فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم 1459 عن حرملة، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارقطنی 2/240، والبيهقی 10/262 و 263 من طريقين عن حرملة، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


نے اسامہ بن زید کو اپنے والد کے ساتھ لیٹے ہوئے دیکھ کر (ان کے صرف پاؤں دیکھ کر) یہ کہا تھا: یہ باپ بیٹے کے پاؤں ہیں۔ (راوی کہتے ہیں) مجزز نامی صاحب قیافہ شناس تھے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِيجَابِ اِلْحَاقِ الْوَلَدَ مَنْ لَهُ الْفِرَاشُ اِذَا اَمْكَنَ وُجُودُهُ وَلَمْ يَسْتَحِلْ كَوْنُهُ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' بچے کو اس شخص کے ساتھ لاحق کرنا ضروری ہے' جس کا فراش ہو' جبکہ ایسا کرنا ممکن ہو' نا ممکن نہ ہو

**4104** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بچہ فراش والے کو ملے گا اور زنا کرنے والے کو محرومی ملے گی''۔

**4105** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ عُتْبَةُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلٰى اَخِيهِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، اَنَّ ابْنَ وَلِيدَةَ زَمْعَةَ مِنِّي، فَاقْبِضْهُ اِلَيْكَ، قَالَتْ: فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ، اَخَذَهُ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، فَقَالَ ابْنُ اَخِي قَدْ كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيهِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ: اَخِي وَابْنُ وَلِيدَةِ اَبِي وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَاَتَيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَخِي كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيهِ، وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ: اَخِي وَابْنُ وَلِيدَةِ، اَبِي وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ، اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ: احْتَجِبِي مِنْهُ لَمَّا رَاٰى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ، فَمَا رَآهَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: عتبہ بن ابووقاص نے اپنے بھائی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو یہ تلقین

4104- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن قدامة المصيصي، وهو ثقة، روى له أبو داوُد والنسائي . جرير: هو ابن عبد الحميد، ومغيرة: هو ابن مقسم الضبي .وأخرجه النسائي 6/181 في الطلاق: باب إلحاق الولد بالفراش إذا لم ينفه صاحب الفراش، والخطيب في "تاريخ بغداد11/116" من طريقين عن جرير، بهذا الإسناد . قال النسائي بعد ن روى الحديث: ولا أحسب هذا عن . . . . . . عبد الله بن مسعود، والله أعلم .وقال ابن أبي شيبة 4/416: حديث عن جرير، عن مغيرة، فذكره .وفي الباب عن أبي هريرة عند أحمد 2/239 و 280 و 409 و 492، والبخاري 6750 و 6818، ومسلم 1458، والترمذي 1157، والنسائي 6/180، وابن ماجه 2006 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کی کہ زمعہ کی کنیز کا بیٹا میری اولاد ہے تم اسے اپنے قبضے میں لے لینا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: فتح مکہ کے سال حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اس لڑکے کو اپنے قبضے میں لے لیا اور بولے: یہ میرا بھتیجا ہے اس کے بارے میں میرے بھائی نے مجھ سے عہد لیا تھا تو عبد بن زمعہ کھڑے ہوئے اور بولے: یہ میرا بھائی ہے میرے والد کی کنیز کا بیٹا ہے یہ میرے والد کے بستر پر پیدا ہوا۔

یہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے بھائی نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا جو اس بچے کے بارے میں تھا عبد بن زمعہ نے کہا: یہ میرا بھائی ہے اور میرے والد کی کنیز کا بیٹا ہے یہ میرے والد کے بستر پر پیدا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ یہ تمہیں ملے گا' کیونکہ بچہ فراش والے کو ملتا ہے اور زانی کو محرومی ملتی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تم اس لڑکے سے پردہ کرو۔

اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کی عتبہ کے ساتھ مشابہت ملاحظہ کر لی تھی' تو اس لڑکے نے کبھی بھی سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا' یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْحُكْمَ بِالتَّشْبِيْهِ مِمَّا وَصَفْنَا غَيْرُ جَائِزٍ اِذَا كَانَ الْفِرَاشُ مَعْدُوْمًا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ہم نے جو صفت بیان کی ہے' اس حوالے سے مشابہت کی وجہ سے حکم جاری کرنا جائز نہیں ہے' جبکہ فراش موجود نہ ہو

**4106** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ امْرَاَتِيْ وَضَعَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ: حُمْرٌ، قَالَ: هَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ: اِنَّ فِيْهَا وُرْقًا، قَالَ: فَاَنّٰى اَتَاهُ ذٰلِكَ قَالَ: عَسَى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ، قَالَ: وَهٰذَا عَسَى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنوفزارہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری بیوی نے سیاہ رنگ کے لڑکے کو جنم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ان کا رنگ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: سرخ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ اس نے جواب دیا: ان میں ایک خاکستری بھی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کہاں سے آ گیا؟ اس نے جواب دیا: کسی رگ نے اسے کھینچ لیا ہو گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ہو سکتا ہے اسے بھی کسی رگ نے کھینچ لیا ہو۔

4106- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وانظر ما بعده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4107 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ: حُمْرٌ، قَالَ: فَهَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ فَقَالَ: اِنَّ فِيْهَا لَوُرْقًا، قَالَ: فَاَنّٰى تَرَاهُ ذٰلِكَ فَقَالَ: عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهٰذَا عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ

حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ مَرَّةً اُخْرٰى، وَقَالَ: اِنَّ اَمَتِيْ وَلَدَتْ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ ثُمَّ تَعْقِيْبُهُ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ بِقَوْلِ: فَمَا اَلْوَانُهَا لَفْظَةُ اسْتِخْبَارٍ عَنْ هٰذَا الشَّيْءِ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اسْتِعْمَالِ الْمَرْءِ فِيْ فِرَاشِهِ بِوَسْوَسَةِ الشَّيْطَانِ اِيَّاهُ، اَوْ بِتَبَايُنِ الصُّوْرَتَيْنِ عِنْدَ وُجُوْدِ الشَّخْصِ مِنَ الشَّخْصِ الْمُقَدَّمِ، مَا عَسٰى اَنْ يَّاْثَمَ فِيْ اسْتِعْمَالِهِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنوفزارہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری بیوی نے سیاہ رنگ کے لڑکے کو جنم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ان کا رنگ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: سرخ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ اس نے جواب دیا: ان میں خاکستری بھی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیا سمجھتے ہو یہ کہاں سے آیا ہوگا۔ اس نے جواب دیا: ہوسکتا ہے کسی رگ نے اسے کھینچ لیا ہو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو یہاں (یعنی تمہارے بچے) کے بارے میں بھی ہوسکتا ہے کسی رگ نے اسے کھینچ لیا ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں) عبداللہ نامی راوی نے جب دوسری مرتبہ ہمیں یہ حدیث سنائی تو یہ الفاظ نقل کیے۔

''میری کنیز نے بچے کو جنم دیا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں'' پھر اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دریافت کرنا ''ان کا رنگ کیا ہے'' ان میں لفظی طور پر تو اس چیز کے بارے میں اطلاع حاصل کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہے' لیکن اس سے مراد یہ ہے: آدمی اپنی اولاد کے بارے میں شیطان کے وسوسے کو اختیار کرنے سے بچے یا ایسی صورت میں شیطان کے

4107- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه النسائي 6/178 في الطلاق: باب إذا عَرّض بامرأته وشك في ولده وأراد الانتفاء منه، عن غسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/31، والحميدي 1084، وأحمد 2/239، ومسلم 1500 في اللعان، وأبو داوُد 2260 في الطلاق: باب إذا شك في لولد، والترمذي 2128 في الولاء والهبة: باب في الرجل ينتفي من ولده، وابن ماجه 2002 في النكاح: باب الرجل يشك في ولده، والبيهقي 7/411 من طرق عن سفيان، به .وأخرجه الشافعي 2/31، وأحمد 2/409، والبخاري 5303 في الطلاق: باب إذا عرض بنفي الولد، و 6847 في الحدود: باب ما جاء في التعريض، و 7314 في الاعتصام: باب من شبه أصلاً معلوماً بأصل مبين، ومسلم 1500، وأبو داوُد 2261 2262، والنسائي6/178-179، والبيهقي 7/411 و8/251-252 و 252 و 10/265، والبغوي 2337 من طرق عن الزه9ري، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

وسوسے سے بچے جب بچے کی شکل وصورت باپ سے مختلف ہوتی ہے کیونکہ ہوسکتا ہے وسوسے پر عمل کے نتیجے میں وہ گناہ گار ہو۔

## ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْمَرْأَةِ الدَّاخِلَةِ عَلٰى قَوْمٍ بِوَلَدٍ لَيْسَ مِنْهُمْ

## ایسی عورت کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ جو کسی قوم میں ایسے بچے کو داخل کرتی ہے جو ان کا حصہ نہ ہو

**4108** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ (متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: حِينَ اُنْزِلَتْ آيَةُ الْمُلَاعَنَةِ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَدْخَلَتْ عَلٰى قَوْمٍ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ فَلَيْسَتْ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ، وَلَنْ يُدْخِلَهَا اللّٰهُ جَنَّتَهُ، وَاَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهُ، وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ احْتَجَبَ اللّٰهُ مِنْهُ، وَفَضَحَهُ عَلٰى رُءُوسِ الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا' اس وقت جب لعان کرنے والی عورت کے بارے میں آیت نازل ہوئی (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا)

''جو عورت کسی قوم میں ایسے فرد کو داخل کرے جو ان کا حصہ نہ ہو (یعنی کسی ناجائز بچے کو جنم دے) تو اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی واسطہ نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے اپنی جنت میں داخل نہیں کرے گا اور جو شخص اپنے بچے کا انکار کردے حالانکہ وہ جانتا ہو کہ وہ اس کی اولاد ہے' تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو حجاب میں رکھے گا اور تمام پہلے اور بعد والے لوگوں کی موجودگی میں اسے رسوائی کا شکار کرے گا۔

---

4108- إسناده ضعيف . عبد الله بن يونس: لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف، ولم يَرِو عنه إلا يزيد بن عبد الله بن الهاد، وليس له في الكتب الستة إلا هذا الحديث عند أبي داوُد والنسائي . وأخرجه أبو داوُد 2263 في الطلاق: باب التغليظ في الانتفاء، والبيهقي 7/403 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/153، والنسائي 5/179-180 من طريقين عن الليث . وأخرجه الشافعي 2/49، ومن طريقه الحاكم 2/202-203، والبيهقي 7/403، والبغوي 2375 عن الدراوردي، كلاهما الليث والدراوردي عن يزيد بن الهاد، بِهِ . وصححه الحاكم على شرط مسلم، وافقه الذهبي!! كذا قالا مع أن يونس بن عبد الله لم يخرج له مسلم .وأخرجه ابن ماجه 2743 في الفرائض: باب من أنكر ولده، من طريق موسى بن عبيدة، عن يحيى بن حرب، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة، .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# بَابُ حُرْمَةِ الْمُنَاكَحَةِ

## مناکحت کی حرمت

### ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرَّضَاعَةَ يَحْرُمُ مِنْهَا مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ سَوَاءٌ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے' جو حرمت ولادت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے

**4109** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَ عَمِّي مِنَ الرَّضَاعَةِ فَاسْتَاْذَنَ عَلَيَّ، فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى اَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّهُ عَمُّكِ، فَاْذَنِي لَهُ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي الْمَرْاَةُ، وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَنْ يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے رضاعی چچا آئے انہوں نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے انہیں اس وقت تک اجازت دینے سے انکار کر دیا جب تک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت نہیں کرتی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہارے چچا ہیں تم نے انہیں اجازت دے دینی تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے عورت نے دودھ پلایا ہے مجھے مرد نے دودھ نہیں پلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو ولادت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے۔

4109- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في شرح السن 2280 من رواية أحمد بن أبي بكر. وهو في الموطأ 2/601-602 برواية يحيى بن يحيى، في الرضاع: باب رضاعة الصغير، وفيه بعد قوله: "ولم يرضعني الرجل" فقال: "إنه عمك، فليلج عليك" قالت عائشة: وذلك بعد ما ضرب علينا الحجاب، وقالت عائشة: يحرم من الرضاع ما يحرم من الولادة. وأخرجه البخاري 5239 في النكاح: باب ما يحل من الدخول والنظر إلى النساء في الرضاع، عن عبد الله بن يوسف، عن مالك، به. وسيأتي برقم 4219.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ تَزْوِيجِ الْمَرْءِ أُخْتَهُ مِنَ الرَّضَاعِ

## آدمی کا اپنی رضاعی بہن کے ساتھ شادی کرنے کے جائز ہونے کی نفی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

**4110** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيْ دُرَّةَ بِنْتِ اَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: اَصْنَعُ بِهَا مَاذَا قَالَتْ تَنْكِحُهَا، قَالَ: وَهَلْ تَحِلُّ لِيْ قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ اُخْبِرْتُ اَنَّكَ تَخْطُبُ زَيْنَبَ بِنْتَ اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ زَيْنَبَ تَحْرُمُ عَلَيَّ، وَاِنَّهَا فِيْ حِجْرِيْ، وَاَرْضَعَتْنِيْ وَاِيَّاهَا ثُوَيْبَةُ، فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ، وَلَا اَخَوَاتِكُنَّ، وَلَا عَمَّاتِكُنَّ، وَلَا خَالَاتِكُنَّ، وَلَا اُمَّهَاتِكُنَّ

❁❁ سیّدہ زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات نقل کرتی ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ درہ بنت ابوسفیان میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: میں اس کے ساتھ کیا کروں۔ سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ اس کے ساتھ شادی کرلیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا وہ میرے لیے جائز ہے؟ سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اللہ کی قسم! مجھے تو یہ پتہ چلا ہے آپ زینب بنت ام سلمہ کو نکاح کا پیغام دینا چاہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زینب میرے لیے حرام ہے وہ میری زیر پرورش ہے (یعنی میری سوتیلی بیٹی ہے) اور مجھے اور اسے ثویبہ نے دودھ پلایا ہے تم اپنی بیٹیوں اپنی بہنوں اپنی پھوپھیوں اپنی خالاؤں اور اپنی ماؤں کے رشتے میرے سامنے پیش نہ کیا کرو۔

# ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ نِكَاحِ الْمَرْءِ بِنْتَ اَخِيهِ مِنَ الرَّضَاعِ

## آدمی کے اپنے رضاعی بھائی کی بیٹی کے ساتھ شادی کرنے کے جائز ہونے کی نفی کے بارے میں' اطلاع کا تذکرہ

4110– إسناده صحيح على شرط الصحيح، داؤد بن شبيب من رجال البخاري، وحماد بن سلمة من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجال الشيخين .وأخرجه مسلم 1449 51، والطبراني في الكبير 23/415 و 416 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/20، وأحمد 6/291، والحميدي 307، والبخاري 5106 في النكاح: باب (وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمْ . اللَّاتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ) (النساء : 33)، ومسلم 1449، وابن ماجه 1939 في النكاح: باب يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب، والنسائي 6/96 في النكاح: باب تحريم الجمع بين الأختين، والبيهقي 7/453، والبغوي 2282 من طرق عن هشام بن عروة، به .وأخرجه البخاري 5123 في النكاح: باب عرض الإنسان ابنته أو أخته على أهل الخير، والنسائي 6/95، والطبراني 23/419 من طريقين عن الليث، عن يزيد بن أبي حبيب، عن عراك بن مالك، عن زينب بنت أم سلمة، به . وأخرجه أبو داؤد 2056 في النكاح: باب يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب، وابن الجارود 680 من طريق زهير، والطبراني 23/904 من طريق عبد الله بن عمير ، كلاهما عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن زينب بنت أم سلمة، عن أم سلمة، أن أم حبيبة قالت . . . . . . فذكره . وانظر ما بعده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**4111** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ انْكِحْ بِنْتَ اَبِي سُفْيَانَ - لِاُخْتِهَا - فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَتُحِبِّينَ ذٰلِكَ قَالَتْ: نَعَمْ وَاَحَبُّ مَنْ يُّشَارِكُنِي فِي خَيْرٍ اُخْتِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا يَحِلُّ قَالَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَدْ حُدِّثْنَا اَنَّكَ تُنْكِحُ دُرَّةَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: ابْنَةُ اَبِي سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ: نَعَمْ، قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّهَا لَمْ تَكُنْ رَبِيبَتِي فِي حِجْرِي، مَا حَلَّتْ لِي، اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ، اَرْضَعَتْنِي وَاَبَا سَلَمَةَ: ثُوَيْبَةُ، فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا اَخَوَاتِكُنَّ

سیّدہ زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ابوسفیان کی صاحب زادی سے شادی کر لیجئے انہوں نے اپنی بہن کے بارے میں یہ بات کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات کو پسند کرتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں میں یہ چاہتی ہوں اس بھلائی میں میری بہن بھی میرے ساتھ شریک ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جائز نہیں ہے۔ سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ کی قسم! ہمیں تو یہ بات بتائی گئی ہے' آپ ابوسلمہ کی صاحب زادی درہ کے ساتھ شادی کرنا چاہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ابوسلمہ کی بیٹی کے ساتھ؟ سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ میری سوتیلی بیٹی نہ ہوتی پھر بھی میرے لیے حلال نہ ہوتی' کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے مجھے اور ابوسلمہ کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے' تم اپنی بیٹیوں اور بہنوں کے رشتے میرے سامنے پیش نہ کرو۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَزَوُّجِ الْمَرْءِ امْرَاَةَ اَبِيهِ، اَوْ وَطْئِهِ جَارِيَتَهُ الَّتِي هِيَ فِي فِرَاشِهِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ شادی کرے' یا اپنے باپ کی اس کنیز کے ساتھ صحبت کرے جو کنیز اس کا فراش رہ چکی ہو

**4112** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ:

---

4111- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه النسائي 6/94-95 في النكاح: باب تحريم الجمع بين الأم .والبنت، والطبراني 23/412 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/291 و 428، والبخاري 5101 في النكاح: باب (وَاُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي اَرْضَعْنَكُمْ) (النساء : 33)، و5107 باب (وَاَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ) (النساء : 33)، و 5372 في النفقات: باب المراضع من المواليات وغيرهن، ومسلم 1449 16، والنسائي 6/94 في النكاح: باب تحريم الربيبة في حجره، وابن ماجه 1939 في النكاح: باب يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب، والطبراني 23/413 و 414، والبيهقي 7/126 و 162-163 من طرق عن ابن شهاب الزهري، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): لَقِيتُ خَالِي اَبَا بُرْدَةَ، وَمَعَهُ الرَّايَةُ، فَقُلْتُ: اِلَى اَيْنَ فَقَالَ: اَرْسَلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيهِ، اَنْ اَقْتُلَهُ، اَوْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری ملاقات اپنے ماموں حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی ان کے ساتھ ایک جھنڈا بھی تھا میں نے دریافت کیا: آپ کہاں جا رہے ہیں؟ انہوں نے بتایا: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے شخص کی طرف بھیجا ہے، جس نے اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ شادی کر لی تھی (اور یہ حکم دیا ہے) میں اس کو قتل کر دوں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میں اس کی گردن اڑا دوں۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْجَمْعِ بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا، وَبَيْنَ الْمَرْاَةِ وَخَالَتِهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ (نکاح میں) عورت اور اس کی پھوپھی یا عورت اور اس کی خالہ کو جمع کیا جائے

**4113** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا، وَلَا بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَخَالَتِهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

4112- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحسن بن صالح وشيخه السدى وهو إسماعيل بن عبد الرحمٰن بن أبي كريمة- فمن رجال مسلم، وهذا الأخير لا يرتقي إلى رتبة الصحيح، وهو عند ابن أبي شيبة في المصنف 10/10-105 .وأخرجه النسائي 6/109 في النكاح: باب نكاح ما نكح الآباء، والحاكم 2/191 من طريقين عن الحسن بن صالح، بهذا الإسناد . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي ,وأخرجه عبد الرزاق 10804، وابن أبي شيبة10/104، وسعيد بن منصور 942، وأبو داوٗد 4457 في الحدود: باب في الرجل يزني بحريمه، والترمذي 1362 في الأحكام: باب فيمن تزوج امرأة أبيه، وقال: حسن . غريب .وابن ماجه 2607في الحدود: باب من تزوج امرأة أبيه من بعده، والدارقطني 3/196، والبغوي في شرح السنة 2592، ومعالم التنزيل 1/410 من طرق عن أشعث بن سوار، عن عدي بن ثابت، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/295، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 2/19، وفي المجتبى 109*6-110، والبيهقي 7/162 من طريقين عن عدي بن ثابت، عن يزيد بن البراء، عن أبيه بنحوه .وأخرجه سعيد بن منصور 943 وأحمد 4/295، وأبو داوٗد 3356 .والدارقطني 3/196، والبيهقي 8/237 من طرق عن مطرف، عن أبي الجهم، عن البراء بنحوه .

4113- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البغوي 2277 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد .وهو في الموطأ 2/532 في النكاح: باب ما لا يجمع بينه من النساء، ومن طريقه أخرجه الشافعي 2/18، وأحمد 2/462، والبخاري 5109 في النكاح: باب لا تنكح المرأة على عمتها، ومسلم 1408 33 في النكاح: باب تحريم الجمع بين المرأة وعمتها أو خالتها في النكاح، والنسائي 6/96 في النكاح: باب الجمع بين المرأة وعمتها، والبيهقي 7/165 .وأخرجه سعيد بن منصور 654 من طريق عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، عن أبيه، بِهِ .وأخرجه النسائي 6/97 من طريق جعفر بن ربيعة عن عبد الرحمٰن الأعرج، بِهِ . وانظر الحديث رقم 4068 و 4115 و 4117 و 4118 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''عورت اوراس کی پھوپھی اورعورت اوراس کی خالہ کو (نکاح میں) جمع نہ کیا جائے''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلٰى خَالَتِهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر' یا اس کی خالہ پر نکاح کیا جائے

**4114** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلٰى خَالَتِهَا

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر' یا اس کی خالہ پر نکاح کیا جائے (یعنی اپنی بیوی کی بھانجی یا بھتیجی کے ساتھ نکاح کیا جائے)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُرَادَ مِنْ هٰذَا الزَّجْرِ الْجَمْعُ بَيْنَهُمَا، لَا تَزَوُّجُ اِحْدَاهُمَا بَعْدَ مَوْتِ الْاُخْرٰى

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس ممانعت سے مراد ان دونوں کو (نکاح میں) جمع کرنا ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے' ایک کے انتقال کے بعد دوسری کے ساتھ شادی نہیں کی جا سکتی ہے

**4115** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا، وَلَا بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَخَالَتِهَا

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عورت اوراس کی پھوپھی کو یا عورت اوراس کی خالہ کو (نکاح میں) جمع نہ کیا جائے''۔

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

4114- إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن صالح الأزدي، فمن رجال النسائي في "خصائص علي"، وهو ثقة صدوق، وقد توبع، وعامر: هو الشعبي . وأخرجه ابن أبي شيبة 4/245-246، والبخاري 5108 في النكاح: باب لا تنكح المرأة على عمتها، والنسائي 6/98 في النكاح: باب تحريم الجمع بين المرأة وخالتها، والبيهقي 7/166 من طريق عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 1787، وعبد الرزاق 10759، وأحمد 3/338 و 382، وأخرجه النسائي 6/98 من طريق أبي الزبير، عن جابر .

4115- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم4113 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4116 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبُرْتِيُّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ: قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ عَنْ أَبِي حَرِيزٍ أَنَّ عِكْرِمَةَ حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُزَوَّجَ الْمَرْأَةُ عَلَى الْعَمَّةِ، وَالْخَالَةِ، قَالَ: إِنَّكُنَّ إِذَا فَعَلْتُنَّ ذَلِكَ قَطَعْتُنَّ أَرْحَامَكُنَّ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: أَبُو حَرِيزٍ: اسْمُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحُسَيْنِ قَاضِي سِجِسْتَانَ، وَأَبُو حَرِيزٍ مَوْلَى الزُّهْرِيِّ ضَعِيفٌ وَّاهِيٌ، اسْمُهُ سُلَيْمٌ وَجَمِيعًا يَرْوِيَانِ عَنِ الزُّهْرِيِّ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی یا خالہ پر نکاح کیا جائے (یعنی اپنی بیوی کی بھانجی یا بھتیجی کے ساتھ شادی کی جائے)۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے: تم خواتین جب ایسا کرو گی تو تم رشتے داری کے حقوق کو پامال کرنے کی مرتکب ہو گی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوحریز نامی راوی کا نام عبداللہ بن حسین ہے یہ بجستان کا قاضی تھا جب کہ جو ابوحریز زہری کا آزاد کردہ غلام ہے یہ ضعیف اور واہی ہے اس کا نام سلیم ہے ان دونوں نے زہری کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَزْوِيجِ الْعَمَّةِ عَلَى ابْنَةِ أَخِيهَا، وَالْخَالَةِ عَلَى بِنْتِ أُخْتِهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ پھوپھی کے ساتھ اس کی بھتیجی یا خالہ کے ساتھ اسکی بھانجی پر نکاح کیا جائے

4117 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَأَبُو مُوسَى،

4116- حديث حسن، أبو حريز حديثه حسن في الشواهد وقد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال البخاري غير الفضيل وهو ابن ميسرة- وهو صدوق. وأخرجه الطبراني 11/11931 من طريق يحيى بن معين عن المعتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/372، والترمذي 1125 في النكاح: باب ما جاء لا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى خَالَتِهَا، من طريق سعيد بن أبي عروبة، والطبراني 11/11930 من طريق قتادة، كلاهما عن أبي حريز، به. وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 1/217، وأبو داؤد 2067 في النكاح: باب ما يكره أن يجمع بينهن من النساء، من طريق خصيف، والطبراني 11/11805 من طريق جابر الجعفي، كلاهما عن عكرمة، به.

4117- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير داؤد بن أبي هند فمن رجال مسلم. أبو موسى: هو محمد بن المثنى، وعبد الوهاب: هو ابن عبد المجيد. وأخرجه ابن أبي شيبة 4/246، وعبد الرزاق 10758، وأحمد 2/426، وأبو داؤد 2065 في النكاح: باب ما يكره أن يجمع بينهن من النساء، والترمذي 1126 في النكاح: باب ما جاء لا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى خَالَتِهَا، والنسائي 6/98 في النكاح: باب تحريم الجمع بين المرأة وخالتها، وابن الجارود 685، والبيهقي 7/166 من طرق عن داؤد بن أبي هند، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 7/166 من طريق ابن عون، عن الشعبي، به. وانظر الحديث رقم 4068 و 4113 و 4115 و 4118.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّعْبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، وَلَا الْعَمَّةُ عَلٰى بِنْتِ اَخِيهَا، وَلَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى خَالَتِهَا، وَلَا الْخَالَةُ عَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر اور کسی پھوپھی کے ساتھ اس کی بھتیجی پر نکاح نہ کیا جائے کسی عورت کے ساتھ اس کی خالہ پر اور کسی خالہ کے ساتھ اس کی بھانجی پر نکاح نہ کیا جائے (یعنی نکاح میں پھوپھی اور بھتیجی یا خالہ اور بھانجی کو جمع نہ کیا جائے)''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تُنْكَحَ الصُّغْرٰى بِمَا ذَكَرْنَا عَلَى الْكُبْرٰى مِنْهُنَّ، اَوِ الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى مِنْهُنَّ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' بڑی (بہن) پر چھوٹی (بہن) کے ساتھ یا چھوٹی (بہن) پر بڑی (بہن) کے ساتھ نکاح کیا جائے

4118 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، وَعَلٰى خَالَتِهَا، وَعَلٰى بِنْتِ اَخِيهَا، وَعَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا، وَنَهٰى اَنْ تُنْكَحَ الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى، وَالصُّغْرٰى عَلَى الْكُبْرٰى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر یا اس کی خالہ پر یا اس کی بھتیجی پر یا اس کی بھانجی پر نکاح کیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی منع کیا ہے' چھوٹی (بہن) پر بڑی کے ساتھ یا بڑی پر چھوٹی کے ساتھ نکاح کیا جائے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَزْوِيجِ الْمُطَلَّقَةِ الْبَائِنَةِ بَعْدَ تَزْوِيجِهَا زَوْجًا اٰخَرَ الزَّوْجَ الْاَوَّلَ قَبْلَ اَنْ يَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا الزَّوْجُ الثَّانِي

## بائنہ طلاق یافتہ عورت کا دوسرے شوہر کے ساتھ شادی کرنے کے بعد (طلاق لینے یا بیوہ ہو جانے

4118- إسناده صحيح . زكريا بن يحيى الواسطي: وثقه ابن حجر في اللسان 2/484-485، وهشيم قد صرح بالتحديث عند سعيد بن منصور 652، وانظر الحديث رقم 4068 و 4113 و 4115 و 4117 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے بعد) پہلے شوہر کے ساتھ شادی کرنے کی ممانعت کا تذکرہ' جبکہ وہ دوسرے شوہر کے' اس عورت کا شہد چکھنے سے پہلے ہو

**4119** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ، فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا، فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا، اَتَرْجِعُ اِلٰى زَوْجِهَا الْاَوَّلِ قَالَ: لَا حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَهَا مَا ذَاقَ صَاحِبُهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: عُمُوْمُ الْخِطَابِ فِي الْكِتَابِ (فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ) (البقرة: 230) وَاَبَاحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلزَّوْجِ الْاَوَّلِ اَنْ يَتَزَوَّجَ بِهَا بَعْدَ اَنْ تَزَوَّجَهَا زَوْجٌ اٰخَرَ، وَفَسَّرَتْهُ السُّنَّةُ: اَنَّهَا لَا تَحِلُّ لِلزَّوْجِ الْاَوَّلِ حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الزَّوْجِ الثَّانِيْ وَطْءٌ بِذَوَاقِ الْعُسَيْلَةِ، ثُمَّ تَبِيْنُ عَنْهُ بِطَلَاقٍ اَوْ وَفَاةٍ، ثُمَّ تَحِلُّ حِيْنَئِذٍ لِلزَّوْجِ الْاَوَّلِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی بیوی کو طلاق بتہ دے دیتا ہے پھر وہ عورت کسی اور شخص کے ساتھ شادی کرتی ہے اور وہ دوسرا شخص اس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اسے طلاق دے دیتا ہے' تو کیا وہ عورت اپنے پہلے شوہر کے پاس واپس جا سکتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں جب تک (وہ دوسرا شوہر) اس عورت کا شہد نہیں چکھ لیتا جو اس کے پہلے شوہر نے چکھا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) کتاب اللہ میں یہ حکم عمومی طور پر بیان ہوا ہے۔

''اگر وہ مرد اس عورت کو طلاق دے دیتا ہے' تو وہ عورت اس مرد کیلئے اس وقت تک حلال نہیں ہو گی جب تک وہ اس کے بعد کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی نہ کر لے''۔

تو اللہ تعالیٰ نے پہلے شوہر کیلئے یہ بات جائز قرار دی ہے' وہ اس عورت کے ساتھ اس وقت شادی کر سکتا ہے' جب عورت کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لے' لیکن سنت نے اس کی وضاحت کی ہے' ایسی عورت پہلے شوہر کیلئے اس وقت تک حلال نہیں ہو گی جب تک اس عورت اور دوسرے شوہر کے درمیان صحبت نہیں ہو جاتی جو شہد چکھنے کی صورت ہے پھر اس کے بعد وہ عورت طلاق یا شوہر کے انتقال کی وجہ سے اس سے جدا ہو جائے تو اس وقت وہ پہلے شوہر کیلئے حلال ہو گی۔

**4120** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

---

4119– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن صالح الأزدي، وهو صدوق ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا .وأخرجه أبو يعلى 4965 من طريق يحيى بن زكريا، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/531 عن يحيى بن سعيد، به .

4120– إسناده صحيح .محمد بن الصباح: هو أبي سفيان الجرجرائي، روى له أبو داوُد وابن ماجة، وهو صدوق، وعبد الله بن رجاء وهو المكي أبو عمران– ثقة من رجال مسلم، ومن فوقهما ثقات من رجال الصحيح، وانظر ما قبله . . . . .وأخرجه البخاري 5261في الطلاق: باب من جوز الطلاق الثلاث، ومسلم 1433 115 في النكاح: باب لا تحل المطلقة ثلاثاً لمطلقها حتى تنكح زوجاً غيره ويطأها، والبيهقي 7/374، وأحمد 6/193، والطبري 4894 و 4895 و 4896، وأبو يعلى في مسنده 4964 من طرق عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ تَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا، ثُمَّ اَرَادَ الْاَوَّلُ اَنْ يَتَزَوَّجَهَا، قَالَ: لَا حَتّٰى يَذُوقَ الْاٰخَرُ عُسَيْلَتَهَا، وَتَذُوقَ عُسَيْلَتَهُ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ) (البقرة: 230) فَاَبَاحَ اللّٰهُ لَهَا اَنْ تَنْكِحَ الزَّوْجَ الْاَوَّلَ بَعْدَ اَنْ نَكَحَهَا الزَّوْجُ الثَّانِي، وَاَبَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَادَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ قَوْلِهِ (حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ) (البقرة: 230) اِذْ هُوَ الْمُبَيِّنُ لِمُجْمَلِ الْخِطَابِ فِي الْكِتَابِ، اِذِ الْمُرَادُ مِنْ قَوْلِهِ (حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ) (البقرة: 230) الْوَطْءُ دُوْنَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں' جو اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیتا ہے' پھر وہ عورت دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لیتی ہے اور وہ دوسرا شخص صحبت کرنے سے پہلے اس عورت کو طلاق دے دیتا ہے اور پہلا شوہر اس عورت کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے: نہیں جب تک دوسرا شوہر اس عورت کے شہد کو چکھ نہیں لیتا اور وہ عورت اس دوسرے شخص کے شہد کو چکھ نہیں لیتی (اس وقت تک یہ جائز نہیں ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

''اگر وہ مرد اس عورت کو طلاق دیدے تو وہ عورت اس مرد کے لیے اس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک وہ اس مرد کے علاوہ کسی اور مرد کے ساتھ شادی نہ کر لے''۔

تو یہاں اللہ تعالیٰ نے عورت کیلئے یہ بات مباح قرار دی ہے' وہ پہلے شوہر کے ساتھ اس وقت نکاح کر سکتی ہے' جب وہ دوسرے شوہر کے ساتھ بھی نکاح کر چکی ہو' لیکن مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی مراد کو بیان کیا ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''یہاں تک کہ وہ عورت دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لے جو پہلے کے علاوہ ہو''۔

تو کتاب میں مجمل کا بیان یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''یہاں تک کہ وہ اس پہلے شوہر کے علاوہ کسی کے ساتھ نکاح نہیں کر لیتی'' اس سے مراد نکاح کا عقد کرنا نہیں' بلکہ صحبت کرنا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ زَجْرُ حَتْمٍ، لَا زَجْرُ نَدْبٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ ممانعت لازمی ہے استحباب کے طور پر ممانعت نہیں ہے

4121 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الزُّبَيْرِ:

(متن حدیث):اَنَّ رِفَاعَةَ بْنَ سَمْوَالٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تَمِيمَةَ بِنْتَ وَهْبٍ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَسَلَّمَ، ثَلَاثًا، فَنَكَحَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزُّبَيْرِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَّمَسَّهَا، فَفَارَقَهَا، فَاَرَادَ رِفَاعَةُ اَنْ يَّنْكِحَهَا - وَهُوَ زَوْجُهَا الْاَوَّلُ الَّذِي كَانَ طَلَّقَهَا - فَذَكَرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَهَاهُ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا، وَقَالَ: لَا تَحِلُّ لَكَ حَتّٰى تَذُوقَ الْعُسَيْلَةَ

زبیر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: حضرت رفاعہ بن سموال رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ تمیمہ بنت وہب کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں تین طلاق دے دیں' تو عبدالرحمٰن بن زبیر نے اس خاتون کے ساتھ شادی کر لی' لیکن وہ ان کے ساتھ صحبت نہیں کر سکے' تو انہوں نے اس عورت کے ساتھ علیحدگی اختیار کر لی۔ رفاعہ نے اس خاتون کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کیا یہ اس خاتون کے پہلے شوہر تھے' جنہوں نے پہلے اسے طلاق دی تھی انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس خاتون کے ساتھ شادی کرنے سے منع کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ عورت تمہارے لیے اس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک وہ (دوسرے شوہر کا) شہد نہیں چکھ لیتی۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ تَزْوِيجِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ الْمُطَلَّقَةَ قَبْلَ اَنْ تَذُوقَ عُسَيْلَةَ غَيْرِهِ وَاِنِ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا

## آدمی کے اپنی طلاق یافتہ بیوی کے ساتھ (دوبارہ شادی کرنے) کے جائز ہونے کی نفی کا تذکرہ (جبکہ وہ شادی) اس عورت کے دوسرے شوہر کا شہد چکھنے سے پہلے ہو' خواہ اس عورت کی عدت گزر چکی ہو

**4122** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

---

4121– الزبير بن عبد الرحمٰن بن الزبير: ذكره المؤلف في الثقات 4/262 فقال: من أهل المدينة، يروي عن رفاعة بن سموأل، روى عنه مسور بن رفاعة .وقال ابن عبد البر في التمهيد: الزبير بن عبد الرحمٰن بن الزبير بفتح الزاى فيهما جميعاً– كذلك روى يحيي، وابن وهب، وابن القاسم، والقعنبين وغيرهم، وقد روى عن ابن بكير أن الأول مضموم، وروى عنه الفتح فيهما كسائر الرواة عن مالك في ذلك، وهو الصحيح فيهما جميعاً بفتح الزاى، وهم زبيريون بالفتح في بني قريظة معروفون .قلت: ورجح القاضي عياض في "المشارق" عكس ذلك بعد أن نقل كلام أبي عمر هذا .وضبط الذهبي وابن حجر الجد بفتح الزاى، وابن الابن بالضم .ورفاعة بن سموأل، وقيل: رفاعة بن رفاعة القرظي من بني قريظة، وهو خال صفية بنت حيي بن أخطب، أم المؤمنين زوج النبي صلى الله عليه وسلم، فإن أمه برة بنت سموأل .وهو في الموطأ 2/531 في النكاح: باب نكاح المحلل وما أشبهه برواية يحيي، قال ابو عمر في التمهيد 13/220: هكذا روى يحيى هذا الحديث عن مالك عن المسور، عن الزبير، وهو مرسل في روايته، وتابعه على ذلك أكثر الرواة للموطأ إلا ابن وهب، فإنه قال فيه: ع مالك، عن المسور، عن الزبير بن عبد الرحمٰن، عن أبيه، فزاد في الإسناد "عن أبيه" فوصل الحديثن وابن وهب من أجلّ من روى عن مالك هذا الشأن، وأثبتهم فيه، وعبد الرحمٰن بن الزبير: هو الذي كان تزوج تميمة هذه، واعترض منها، فالحديث مسند متصل صحيح، وقد روى معناه عن النبي صلى الله عليه وسلم من وجوه شتى ثابتة أيضاً كلها، وقد تابع ابن وهب على توصيل هذا الحديث وإسناده إبراهيم بن طهمان، وعبيد الله بن عبد المجيد الحنفي، قالوا فيه: عن الزبير بن عبد الرحمٰن بن الزبير عن أبيه، ذكر حديث طهمان النسائي في مسنده من حديث مالك، وذكره ابن الجارود .
قلت: هو في المنتقى 682، وسنن البيهقي 7/375 من طريق ابن وهب .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ، فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَدَخَلَ بِهَا، ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يُّوَاقِعَهَا، اَتَحِلُّ لِلْاَوَّلِ؟ قَالَ: لَا حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَهَا، وَتَذُوْقَ عُسَيْلَتَهُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا ہے پھر وہ عورت کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لیتی ہے اس عورت کی رخصتی ہوگئی پھر وہ مرد اس عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اسے طلاق دے دیتا ہے' تو کیا وہ عورت پہلے شوہر کے لیے حلال ہو جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں! جب تک وہ مرد اس عورت کا شہد نہیں چکھ لیتا' وہ عورت اس مرد کا شہد نہیں چکھ لیتی۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّخْطُبَ الْمَرْءُ النِّسَاءَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص احرام کے دوران خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجے

**4123** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى ابْنِ عُمَرَ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَحَدِ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَرْسَلَ اِلٰى اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، وَاَبَانُ يَوْمَئِذٍ اَمِيْرُ الْحَاجِّ، وَهُمَا مُحْرِمَانِ: اِنِّيْ اَرَدْتُ اَنْ اُنْكِحَ طَلْحَةَ بْنَ عُمَرَ ابْنَةَ شَيْبَةَ بْنِ جُبَيْرٍ، فَاَرَدْتُ اَنْ تَحْضُرَ ذٰلِكَ، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ

4122– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو معاوية: هو محمد بن خازم وأخرجه أحمد 6/42، وأبو داؤد 2309 في الطلاق: باب المبتوتة لا يرجع إليها زوجها حتى تنكح زوجاً غيره، والنسائي 6/146 في الطلاق: باب الطلاق للتي تنكح زوجاً ثم لا يدخل بها، والطبري 4888 من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/34 و 37–38 و 139 و 226 و 229، والبخاري 2639 في الشهادات: باب شهادة المختبىء، و 5260 في الطلاق: باب من جوز الطلاق الثلاث، و 5792 في اللباس: باب الإزار المهذب، و 6084 في الأدب: باب التبسم والضحك، ومسلم 1433 111 و 112في النكاح: باب لا تحل المطلقة ثلاثاً لمطلقها حتى تتنكح زوجاً غيره، والدارمي 2/161–162، والنسائي 6/93 في النكاح: باب النكاح الذي تحل به المطلقة ثلاثاً لمطلقها، و6/146 و 146–147 و 148، والترمذي1118 في النكاح: باب ما جاء فيمن يطلق امرأته ثلاثاً فيتزوجها آخر، وابن ماجه 1932 في النكاح: باب الرجل يطلق امرأته ثلاثاً فتزوج فيطلقها قبل أن يدخل بها أترجع إلى الأول، والبيهقي 7/373 و 374، والطيالسي 1437 و 1473، وأبو يعلى 4423، والطبري 4890و 4891 و4892و 4893، وابن الجارود 683، والبغوي في تفسيره 1/208 وفي شرح السنة 2361، والحميدي 226، وعبد الرزاق 11131 من طرق عن الزهري، عن عروة، عن عائشة، وقال الترمذي: حديث عائشة حديث حسن صحيح، والعمل على هذا عند عامة أهل العلم من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم، أن الرجل إذا طلق امرأته ثلاثاً، فتزوجت زوجاً غيره، فطلقها قبل أن يدخل بها، أنها لا تحل للزوج الأول إذا لم يكن جامع الزوج الآخر .وأخرجه الدارمي 2/162، والبخاري 5265 في الطلاق: باب من قال لامرأته: أنت علي حرام، و 5317 باب إذا طلقها ثلاثاً ثم تزوجت بعد العدة زوجاً غيره فلم يمسها، ومسلم 1433 114، والطبري 4889، والبيهقي 7/374 من طرق عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عائشة .وأخرجه البخاري 5825 في اللباس: باب الثياب الخضر، من طريق عبد الوهاب، عن أيوب، عن عكرمة، عن عائشة .وأخرجه الطيالسي 1560، وأحمد 6/96، والطبري 4897 عن أم محمد، عن عائشة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْهِ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ، وَقَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يَخْطُبُ، وَلَا يُنْكِحُ

عمر بن عبیداللہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے ابان بن عثمان کو پیغام بھجوایا' ابان ان دنوں امیر حج تھے یہ دونوں صاحبان احرام کی حالت میں تھے (پیغام یہ بھجوایا) میں طلحہ بن عمر کا نکاح شیبہ بن جبیر کی صاحب زادی کے ساتھ پڑھانے لگا ہوں میں یہ چاہتا ہوں کہ اس موقعہ پر آپ بھی موجود ہوں' تو ابان بن عثمان نے اس کی بات پر انکار کیا اور یہ بات بیان کی میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''احرام والا شخص نکاح نہیں کرسکتا نکاح کا پیغام نہیں دے سکتا اور کسی دوسرے کا نکاح نہیں کروا سکتا''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرِ مَا رَوَاهُ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اِلَّا نَافِعٌ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' یہ روایت نبیہ بن وہب کے حوالے صرف نافع نے نقل کی ہے

**4124** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ، وَلَا يُخْطَبُ عَلَيْهِ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''احرام والا شخص نکاح نہیں کرسکتا' کسی دوسرے کا نکاح نہیں کروا سکتا' نکاح کا پیغام نہیں بھیج سکتا اور اسے نکاح کا پیغام

4123- إسناده صحيح على شرط مسلم .وهو في الموطأ 1/348 في الحج: باب نكاح المحرم, ومن طريق مالك أخرجه مسلم 1409 في النكاح: باب تحريم نكاح المحرم، وأبو داوٗد 1841 في المناسك: باب المحرم يتزوج، والنسائي 5/192 في المناسك: باب النهي عن نكاح المحرم، وابن ماجه 1966 في النكاح: باب المحرم يتزوج، وأحمد 1/57، وابن الجارود 444، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/268، والبغوي 1980 .وأخرجه من طرق عن نافع، به: الطيالسي 74، وأحمد 1/64و 68، ومسلم 1409 43، وأبو داوٗد 1842، والترمذي 840 في الحج: باب ما جاء في كراهية تزويج المحرم، والدارمي 2/37-38، والبيهقي 5/65 . وقال الترمذي: حديث عثمان حديث حسن صحيح، والعمل على هذا عند بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، منهم عمر بن الخطاب، وعلي بن أبي طالب، وابن عمر، وهو قول بعض فقهاء التابعين، وبه يقول مالك، والشافعي، وأحمد، وإسحاق، لا يرون أن يتزوج المحرم، قالوا: فإن نكح فنكاحه باطل .

4124- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الجبار بن نبيه، فقد ذكره المؤلف في الثقات 7/135، فقال: من بني عبد الدار يروي عن أبيه، عداده في أهل المدينة، روى عنه فليح بن سليمان وأهلها . قلت: وفي فليح بن سليمان كلام من جهة حفظه .وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار2/268 من طريق أبي عامر العقدي، عن فليح بن سليمان، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں بھیجا جا سکتا“۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِدَفْعِ قَوْلِ الْقَائِلِ الَّذِي بِهِ دَفْعُ الْخَبَرِ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے اس شخص کے موقف کو پرے کر دیا جائے گا جس نے اس روایت کو مسترد کیا ہے

**4125** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْأَعْلَى، وَعَبْدُ الْجَبَّارِ ابْنَا نُبَيْهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيهِمَا نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ

❁❁ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”احرام والا شخص نکاح کر نہیں سکتا نکاح کروا نہیں سکتا اور نکاح کا پیغام نہیں بھیج سکتا“۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يَدْحَضُ تَأْوِيلَ هٰذَا الْمُتَأَوِّلِ لِهٰذَا الْخَبَرِ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس روایت کی تاویل کرنے والے اس شخص کی تاویل کو پرے کرتی ہے

**4126** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مَعْمَرٍ أَرَادَ أَنْ يَنْكِحَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَأَرْسَلَ إِلَى أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، فَقَالَ أَبَانُ: إِنَّ عُثْمَانَ حَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): الْمُحْرِمُ لَا يَنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ، وَلَا يُنْكِحُ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ نَفْسِهِ، وَسَمِعَهُ أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، فَالطَّرِيقَانِ جَمِيعًا مَحْفُوظَانِ

❁❁ عمر بن عبید اللہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے احرام کے دوران نکاح کرنے کا ارادہ کیا انہوں نے

---

4125– إسناده كالذي قبله إلا أنه قد تابع عبد الجبار بن نبيه أخوه عبد الأعلى، وقد ذكره المؤلف في ثقاته 8/408 .

4126– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 149 44 في النكاح: باب تحريم نكاح المحرم وكراهة خطبته، والنسائي 6/192 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، وأحمد 1/69، والدارمي 2/141، والبيهقي 5/65 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي 2/268 من طريق عبد الوارث، عن أيوب بن موسى، به .وأخرجه مسلم 1409 45، والبيهقي 5/66 من طريق سعيد بن أبي هلال، عن نبيه، به .وأخرجه الطحاوي 2/268 عن إسحاق بن راشد، عن زيد بن علي، عن أبان بن عثمان، عن عثمان .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابان بن عثمان کو پیغام بھجوایا تو ابان نے کہا: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''احرام والا شخص نکاح نہیں کر سکتا وہ نکاح کا پیغام نہیں بھیج سکتا اور کسی کا نکاح نہیں کروا سکتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت ایوب بن موسیٰ نے نبیہ بن وہب کے حوالے سے بذات خود سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت ایوب سختیانی کے حوالے سے نافع کے حوالے سے نبیہ بن وہب سے سنی ہے' تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدْفَعُ قَوْلَ هٰذَا الْمُتَاَوِّلِ الدَّاخِلِ فِيمَا لَيْسَ مِنْ صِنَاعَتِهِ

## اس چوتھی روایت کا تذکرہ جو اس تاویل کرنے والے شخص کے موقف کو پرے کرتی ہے' جو اس چیز میں دخل دے رہا ہے' جس میں وہ مہارت نہیں رکھتا

**4127** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ وَكَتَبْتُهُ مِنْ اَصْلِهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ تَمَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَيْمُونُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُسْلِمِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ نُبَيْهَ بْنَ وَهْبٍ يَقُولُ: قَالَ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكِحُ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''احرام والا شخص نکاح نہیں کر سکتا اور وہ کسی کا نکاح نہیں کروا سکتا''۔

**4128** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ هُوَ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

---

4127– محمد بن عمرو بن تمام: ترجمة ابن أبي حاتم 8/34، فقال: محمد بن عمرو بن تمام المصري، أبو الكروس، روى عن أسد بن موسى، ومعاوية بن زيد المؤذن، وعبد الله بن يوسف التنيس، ويحيى بن بكير، روى عنه أبو بكر بن القاسم، وكتبت عنه وهو صدوق، وميمون بن يحيى بن مسلم الأشج: ذكره المؤلف في ثقاته 9/174، وقال: من أهل مصر، يروي عن الليث، ومخرمة بن بكير، روى عنه يحيى بن بكير، وأحمد بن سعيد الهمداني، وأورده ابن أبي حاتم 8/239، فلم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، وباقي السند من رجال الصحيح، ورواية مخرمة عن أبيه وجادة. وأخرجه الدارقطني 3/260 من طريق مخرمة بن بكير، عن أبيه، بهذا الإسناد.

4128– إسناده صحيح، أحمد بن الفرات: روى له أبو داؤد، وهو ثقة حافظ، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير نبيه، وأبان بن عثمان، فمن رجال مسلم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''احرام والا شخص نکاح نہیں کرسکتا اور وہ کسی کا نکاح نہیں کرواسکتا''۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ يُضَادُّ الْاَخْبَارَ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

## اس روایت کا تذکرہ‘ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے‘ جن کا ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

**4129** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُ ابْنِ عَبَّاسٍ: تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، اَرَادَ بِهِ دَاخِلَ الْحَرَمِ، لَا اَنَّهُ كَانَ مُحْرِمًا فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ، كَمَا تَسْتَعْمِلُ الْعَرَبُ ذٰلِكَ فِي لُغَتِهَا، فَتَقُوْلُ لِمَنْ دَخَلَ النَّجْدَ: اَنْجَدَ، وَلِمَنْ دَخَلَ الظُّلْمَةَ: اَظْلَمَ، وَلِمَنْ دَخَلَ تِهَامَةَ: اَتْهَمَ، اَرَادَ اَنَّهُ كَانَ دَاخِلَ الْحَرَمِ، لَا اَنَّهُ كَانَ مُحْرِمًا بِنَفْسِهِ فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ*، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا التَّاْوِيلِ الْاَخْبَارُ الَّتِي قَدَّمْنَا، وَالْخَبَرُ الْفَاصِلُ بَيْنَهُمَا الَّذِي يَرْدُفُهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی‘ تو اس وقت آپ حالت احرام میں تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی آپ اس وقت حالت احرام میں تھے اس کے ذریعے ان کی مراد یہ ہے: حرم کی حدود کے اندر تھے اس سے مراد یہ نہیں ہے‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت میں احرام باندھے ہوئے تھے جس طرح عرب اپنے محاورے میں یہ لفظ استعمال کرتے ہیں‘ تو جو شخص نجد (کی حدود) میں داخل ہوا اس کے لیے لفظ استعمال کرتے ہیں وہ نجد میں داخل ہو گیا جو شخص تاریکی میں داخل ہو گیا اس کے لیے وہ لفظ استعمال کرتے ہیں وہ تاریکی میں داخل ہو گیا جو شخص تہامہ کی حدود میں داخل ہو وہ اس کے لیے لفظ استعمال کرتے ہیں وہ

4129- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين . محمد بن عمرو الباهلي: هو محمد بن عمرو بن عباد بن جبلة بن أبي رواد الباهلي، هكذا نسبه المؤلف هنا، وفي ثقاته وفي التهذيب وفروعه: العتكي مولاهم، روى له أبو داوُد ومسلم، ووثقه أبو داوُد، وذكره المؤلف في الثقات 9/90 ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح، ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم بن أبي عدي .وأخرجه من طرق عن عكرمة، بهذا الإسناد: أحمد 1/245، والبخاري 4258 و 4259 في المغازي: باب عمرة القضاء، وأبو داوُد 1844 في المناسك: باب المحرم يتزوج، والترمذي 842 و843 في الحج: باب ما جاء في الرخصة في ذلك، والنسائي 5/191 في المناسك: باب الرخصة في النكاح للمحرم، والطبراني في الكبير 11018 و 11868 و 11863 و 11919 و 11971 و 11972، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/269، وابن سعد في الطبقات 8/135 و 136 .وله طرق أخرى عن ابن عباس عند ابن سعد 8/135 و 136، وأحمد 1/252، والطحاوي 2/269 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تہامہ کی حدود میں آ گیا اس کے ذریعے ان کی مراد یہ تھی کہ نبی اکرم ﷺ حرم کی حدود کے اندر تھے اس سے یہ مراد نہیں ہے' نبی اکرم ﷺ نے اس وقت احرام بھی باندھا ہوا تھا اور اس تاویل کے صحیح ہونے کی دلیل وہ روایات ہیں جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اور وہ روایت جو ان دونوں کے درمیان فصل پیدا کرتی ہے وہ آگے آ رہی ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُمَا حَلَالَانِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی اس وقت وہ دونوں حالت احرام میں نہیں تھے

**4130** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ حَلَالًا، وَبَنٰى بِهَا حَلَالًا، وَكُنْتُ الرَّسُولَ بَيْنَهُمَا

✿✿ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت آپ ﷺ حالت احرام میں نہیں تھے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اس وقت بھی نبی اکرم ﷺ حالت احرام میں نہیں تھے اور میں ان دونوں کے درمیان پیغام رسانی کے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ اَوْهَمَ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ نِكَاحَ الْمُحْرِمِ، وَاِنْكَاحَهُ جَائِزٌ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ

4130- إسناده ضعيف، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مطير الوراق، فقد خرج له مسلم في المتابعات، لا في الأصول، ثم هو سيء الحفظ، وقد رواه مالك 1/348 في الحج: باب نكاح المحرم، وهو أضبط منه عن ربيعة بن عبد الرحمن، عن سليمان بن يسار مولى ميمونة مرسلاً أن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث ابا رافع مولاه ورجلاً من الأنصار، فزوجاه ميمونة مرسلاً ورسول الله صلى الله عليه وسلم بالمدينة قبل أن يخرج . وقال أبو عمرو بن عبد البر بعد أن أورد رواية مطر الموصولة: وهذا عندي غلط، لأن سليمان بن يسار ولد سنة أربع وثلاثين، وقيل: سنة سبع وعشرين، ومات أبو رافع بالمدينة بعد قتل عثمان بيسير، وكان قتل عثمان في ذي الحجة، سنة خمس وثلاثين، وغير جائز ولا ممكن أن يسمع سليمان من أبي رافع، فلا معنى لرواية مطر، وما رواه مالك أولى .وأخرجه أحمد 6/392-393، والترمذي 841 في الحج: باب ما جاء في كراهية تزويج المحرم، والدارمي 2/38، وابن سعد في الطبقات 8/134، والبيهقي 5/66 و 7/211، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/270، والطبراني 915، والبغوي 1982 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن سعد 8/133 عن يزيد بن هارون، عن جرير بن حازم، عن أبي فزارة، عن يزيد بن الأصم، عن أبي رافع، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة حلالاً، وبنى بها حلالاً بسرف .وأخرجه مالك 1/348 ومن طريقه الطحاوي 2/272، وابن سعد 8/133 عن ربيعة بن ابي عبد الرحمٰن، عن سليمان بن يسار مرسلاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

اس بات کا قائل ہے) احرام والے شخص کا نکاح کرنا اور اس کا کسی دوسرے کا نکاح کروانا جائز ہے

4131 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تھی اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں تھے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4132 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النِّيلِي، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ نِسَائِهِ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَاحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک زوجہ محترمہ کے ساتھ حالت احرام میں شادی کی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں پچھنے بھی لگوائے تھے۔

## ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي تَزَوَّجَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ مَيْمُونَةَ

## اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی

4133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي

---

4131– رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري . أبو الشعثاء : هو جابر بن زيد الأزدي . وأخرجه أحمد 1/221 و 228، والبخاري 5114 في النكاح: باب نكاح المحرم، ومسلم 1410 46 و 47 في النكاح: باب تحريم نكاح المحرم وكراهة خطبته، والترمذي 844 في الحج: باب ما جاء في الرخصة في ذلك، والنسائي 5/191 في الحج: باب الرخصة في النكاح للمحرم، وابن ماجه 1965 في النكاح: باب المحرم يتزوج، والدارمي 2/37، والبيهقي 7/210، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/269، وابن سعد في الطبقات 7/210 من طرق عن عمرو بن دينار، بهذا الإسناد .

4132– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحجاج النيلي: ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، والمغيرة: هو ابن مقسم الضبي، وأبو الضحى: هو مسلم بن صبيح . وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 2/269، والبيهقي 7/212 من طريق المعلى بن أسد، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد . وقد أعله بالإرسال، ورده عليه ابن التركماني، وقال الحافظ في الفتح 9/166: وليس ذلك بقادح فيه، وقال النسائي: أخبرانا عمرو بن علي، أنبأنا عاصم، عن عثمان بن الأسود، عن ابن أبي مليكة، عن عائشة، مثله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَجِيحٍ، وَاَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، وَمُجَاهِدُ بْنُ جَبْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ قضاء کے موقع پر احرام باندھے ہوئے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَزَوَّجَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ كَانَ وَهُوَ حَلَالٌ لَا حَرَامٌ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام کے بغیر تھے حالت احرام میں نہیں تھے

**4134** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا فَزَارَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا، وَبَنٰى بِهَا حَلَالًا، وَمَاتَتْ بِسَرِفَ، فَدَفَنَّاهَا فِي الظُّلَّةِ الَّتِي بَنٰى بِهَا فِيهَا، فَنَزَلْتُ فِي قَبْرِهَا اَنَا وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَلَمَّا وَضَعْنَاهَا فِي اللَّحْدِ مَالَ رَاْسُهَا، وَاَخَذْتُ رِدَائِي فَوَضَعْتُهُ تَحْتَ رَاْسِهَا، فَاجْتَذَبَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَاَلْقَاهُ، وَكَانَتْ حَلَقَتْ فِي الْحَجِّ رَاْسَهَا، فَكَانَ رَاْسُهَا مُحَمَّمًا

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کے ساتھ شادی کی اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں نہیں تھے جب ان کی رخصتی ہوئی اس وقت بھی حالت احرام میں نہیں تھے۔

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال بھی ''سرف'' کے مقام پر ہوا تھا (راوی کہتے ہیں) ہم نے انہیں اسی جگہ پر دفن کیا جہاں ان کی رخصتی ہوئی تھی (راوی کہتے ہیں) میں اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ان کی قبر میں اترے تھے جب ہم نے انہیں لحد میں رکھا تو ان کا سر ایک طرف ڈھلک گیا میں نے اپنی چادر لی اور ان کے سر کے نیچے رکھ دی۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اس چادر کو کھینچ لیا اور

---

4133– إسناده قوى، وقد صرح ابن إسحاق بالتحديث .وأخرجه الطحاوى 2/269 من طرق ابن إسحاق، عن أبان بن صالح، وعبد الله بن أبى نجيح، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 1837 فى جزاء الصيد: باب تزويج المحرم، والنسائى 5/192 فى مناسك الحج: باب الرخصة فى النكاح للمحرم، والبيهقى 7/212، والبغوى 1981 من طريق الأوزاعى، عن عطاء، عن ابن عباس .وأخرجه ابن سعد 8/135، والطحاوى2/369 من طريقين عن رباح بن أبى معروف، عن عطاء، عن ابن عباس .وأخرجه ابن سعد 8/135 من طريق ليث وابن جريج، عن ابن عباس .

4134– رجاله ثقات رجال الصحيح، أبو فزارة: هو راشد بن كيسان العبسى الكوفى .وأخرجه أحمد 6/333، والترمذى 845 فى الحج: باب ما جاء فى الرخصة فى ذلك، والطحاوى 2/270، وابن سعد 8/133، والدارقطنى 3/261–262، والبيهقى 7/211 من طرق عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وقوله: "وكان رأسها محمماً" أى: أسود رأسها بعد الحلق بنبات الشعر .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اس کوایک طرف رکھ دیا۔ انہوں نے حج کے موقع پر اپنا سر منڈوا دیا تھا تو ان کے بال چھوٹے چھوٹے سے تھے۔

## ذِكْرُ شَهَادَةِ الرَّسُولِ الَّذِي كَانَ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ مَيْمُونَةَ حَيْثُ تَزَوَّجَ بِهَا، اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ حَلَالًا حِينَئِذٍ لَا مُحْرِمًا

## اس پیغام رساں کی گواہی کا تذکرہ جو نبی اکرم ﷺ اور سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے درمیان پیغام رسانی کی

خدمت سرانجام دے رہا تھا جب نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی (اور اس پیغام رساں نے یہ بات بیان کی ہے) نبی اکرم ﷺ اس وقت حالت احرام کے بغیر تھے آپ ﷺ حالت احرام میں نہیں تھے

**4135** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا، حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ حَلَالٌ، وَبَنَى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ، وَكُنْتُ الرَّسُولَ بَيْنَهُمَا

❁❁ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی آپ ﷺ اس وقت حالت احرام میں نہیں تھے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اس وقت بھی نبی اکرم ﷺ حالت احرام میں نہیں تھے میں ان دونوں کے درمیان پیغام رسانی کے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔

## ذِكْرُ شَهَادَةِ مَيْمُونَةَ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ لَا حَرَامٌ

## سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا اس بات کی گواہی دینے کا تذکرہ جب نبی اکرم ﷺ نے ان کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت نبی اکرم ﷺ حالت احرام کے بغیر تھے آپ ﷺ حالت احرام میں نہیں تھے

**4136** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو فَزَارَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَتْنَا مَيْمُونَةُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهُوَ حَلَالٌ

---

4135– إسناده ضعيف لضعف مطر، وقد تقدم برقم 4130 .

4136– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مسلم 1411 في النكاح: باب تحريم نكاح المحرم وكراهة خطبته، وابن ماجه 1964 في النكاح: باب المحرم يتزوج، والطبراني 23/1059، والبيهقي 5/66 من طريق أبي بكر ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني 24/45 من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کے ساتھ شادی کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حالت احرام میں نہیں تھے۔

## ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي بَنَى بِهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ تَزَوَّجَهَا

## اس جگہ کا تذکرہ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی اور جہاں سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی تھی

**4137** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا بِسَرِفَ، وَهُمَا حَلَالَانِ

❁❁ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سرف'' کے مقام پر ان کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت وہ دونوں حالت احرام میں نہیں تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَزَوُّجَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ كَانَ ذٰلِكَ بَعْدَ انْصِرَافِهَا مِنْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی عمرہ قضاء سے واپسی پر کی تھی

**4138** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِسَرِفَ، وَهُمَا حَلَالَانِ، بَعْدَمَا رَجَعَا مِنْ مَكَّةَ

❁❁ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سرف'' کے مقام پر ان کے ساتھ شادی کی تھی وہ دونوں اس

---

4137– إسناده صحيح؟ أحمد بن الفرات: روى له أبو داوُد، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه من طرق عن حماد بن سلمة،، به: أحمد 6/335، وأبو داوُد 1843 في المناسك: باب المحرم يتزوج، والدارمي 2/38، والدارقطني 3/262، والطحاوي 2/270، والطبراني 23/1058 و 24/44، والبيهقي 7/210–211 . وأخرجه البيهقي 566 من طريق إبراهيم بن طهكان، عن الحجاج بن الحجاج، عن الوليد بن زروان، عن ميمون بن مهران، به .

4138– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

وقت حالت احرام میں نہیں تھے یہ ان دونوں کے مکہ سے واپسی کے موقع کی بات ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِنَفْيِ جَوَازِ نِكَاحِ الْمُحْرِمِ وَإِنْكَاحِهِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' احرام والے شخص کا نکاح کرنا اور کسی دوسرے کا نکاح کروانا جائز نہیں ہے

**4139** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى ابْنِ عُمَرَ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَخِي بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَرْسَلَ اِلٰى اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، وَاَبَانُ يَوْمَئِذٍ اَمِيرُ الْحَاجِّ وَهُمَا مُحْرِمَانِ: قَدْ اَرَدْتُ اَنْ اُنْكِحَ طَلْحَةَ بْنَ عُمَرَ بِنْتَ شَيْبَةَ بْنِ جُبَيْرٍ، وَاَرَدْتُ اَنْ تَحْضُرَ ذٰلِكَ، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ، وَقَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يَخْطُبُ، وَلَا يُنْكِحُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَانِ خَبَرَانِ فِيْ نِكَاحِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ تَضَادَّا فِي الظَّاهِرِ، وَعَوَّلَ اَئِمَّتُنَا فِي الْفَصْلِ فِيهِمَا بِاَنْ قَالُوا: اِنَّ خَبَرَ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَهُمٌ كَذٰلِكَ، قَالَهُ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَخَبَرُ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ يُوَافِقُ خَبَرَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِي النَّهْيِ عَنْ نِكَاحِ الْمُحْرِمِ وَاِنْكَاحِهِ، وَهُوَ اَوْلٰى بِالْقَبُولِ لِتَاْيِيدِ خَبَرِ عُثْمَانَ اِيَّاهُ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّ الْخَبَرَ اِذَا صَحَّ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غَيْرُ جَائِزٍ تَرْكُ اسْتِعْمَالِهِ، اِلَّا اَنْ تَدُلَّ السُّنَّةُ عَلٰى اِبَاحَةِ تَرْكِهِ، فَاِنْ جَازَ لِقَائِلٍ اَنْ يَّقُوْلَ: وَهِمَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَمَيْمُونَةُ خَالَتُهُ فِي الْخَبَرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ، جَازَ لِقَائِلٍ اٰخَرَ اَنْ يَّقُوْلَ: وَهِمَ يَزِيدُ بْنُ الْاَصَمِّ فِيْ خَبَرِهِ لِاَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَحْفَظُ وَاَعْلَمُ وَاَفْقَهُ مِنْ مِئَتَيْنِ مِثْلِ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، وَمَعْنٰى خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ عِنْدِي حَيْثُ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، يُرِيْدُ بِهِ وَهُوَ دَاخِلُ الْحَرَمِ، لَا اَنَّهُ كَانَ مُحْرِمًا، كَمَا يُقَالُ لِلرَّجُلِ اِذَا دَخَلَ الظُّلْمَةَ: اَظْلَمَ، وَاَنْجَدَ: اِذَا دَخَلَ نَجْدًا، وَاَتْهَمَ اِذَا دَخَلَ تِهَامَةَ، وَاِذَا دَخَلَ الْحَرَمَ: اَحْرَمَ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ بِنَفْسِهِ مُحْرِمًا، وَذٰلِكَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَزَمَ عَلَى الْخُرُوجِ اِلٰى مَكَّةَ فِيْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ فَلَمَّا عَزَمَ عَلٰى ذٰلِكَ بَعَثَ مِنَ الْمَدِينَةِ اَبَا رَافِعٍ وَرَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ اِلٰى مَكَّةَ لِيَخْطُبَا مَيْمُونَةَ لَهُ، ثُمَّ خَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَحْرَمَ، فَلَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ طَافَ وَسَعٰى وَحَلَّ مِنْ عُمْرَتِهِ، وَتَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ حَلَالٌ بَعْدَمَا فَرَغَ مِنْ عُمْرَتِهِ، وَاَقَامَ بِمَكَّةَ ثَلَاثًا، ثُمَّ سَاَلَهُ اَهْلُ مَكَّةَ الْخُرُوجَ مِنْهَا، فَخَرَجَ مِنْهَا، فَلَمَّا بَلَغَ سَرِفَ بَنٰى بِهَا بِسَرِفَ وَهُمَا حَلَالَانِ، فَحَكٰى

---

4139- إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم 4123 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ابْنُ عَبَّاسٍ نَفْسَ الْعَقْدِ الَّذِي كَانَ بِمَكَّةَ، وَهُوَ دَاخِلَ الْحَرَمِ بِلَفْظِ الْحَرَامِ، وَحَكَى يَزِيدُ بْنُ الْأَصَمِّ الْقِصَّةَ عَلَى وَجْهِهَا، وَأَخْبَرَ أَبُو رَافِعٍ أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَزَوَّجَهَا وَهُمَا حَلَالَانِ، وَكَانَ الرَّسُولُ بَيْنَهُمَا، وَكَذٰلِكَ حَكَتْ مَيْمُونَةُ عَنْ نَفْسِهَا فَدَلَّتْكَ هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ مَعَ زَجْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِكَاحِ الْمُحْرِمِ وَإِنْكَاحِهِ عَلٰى صِحَّةِ مَا أَصَّلْنَا ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ أَنَّ أَخْبَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَتَضَادُّ وَتَتَهَاتَرُ حَيْثُ عَوَّلَ عَلَى الرَّأْيِ الْمَنْحُوسِ وَالْقِيَاسِ الْمَعْكُوسِ

نبیہ بن وہب بیان کرتے ہیں: عمر بن عبیداللہ نے ابان بن عثمان کو پیغام بھجوایا' ابان ان دنوں امیر حج تھے یہ دونوں حضرات حالت احرام میں تھے (پیغام یہ تھا) میں طلحہ بن عمر کی شادی شیبہ بن جبیر کی صاحب زادی کے ساتھ کروانے لگا ہوں میں یہ چاہتا ہوں آپ بھی اس موقع پر شریک ہوں' تو ابان نے اس کا انکار کیا اور یہ بات بیان کی' میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''احرام والا شخص خود نکاح نہیں کرسکتا' نکاح کا پیغام نہیں بھیج سکتا اور کسی دوسرے کا نکاح نہیں کروا سکتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ دونوں روایات جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے میں ہیں یہ بظاہر ایک دوسرے کی متضاد ہیں اس مسئلے کے بارے میں ہمارے ائمہ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے وہ یہ کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حالت احرام میں تھے اور صورت حال ایسی ہی تھی یہ بات سعید بن میسب نے بیان کی ہے۔

جبکہ یزید بن اصم کی نقل کردہ روایت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کی موافق ہے' جو احرام والے شخص کے نکاح کرنے اور اس کے نکاح کروانے کی ممانعت کے بارے میں ہے اور وہ قبول کرنے کے زیادہ لائق ہے' کیونکہ اس کی تائید میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت موجود ہے۔

میرے نزدیک (اصول یہ ہے) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مستند طور پر کوئی روایت ثابت ہو جائے' تو اب یہ بات جائز نہیں ہوگی کہ اس پر عمل کو ترک کیا جائے ماسوائے اس صورت کے کہ سنت اس کے ترک کے مباح ہونے پر دلالت کرے۔

اگر کسی کہنے والے کے لیے یہ بات کہنا جائز ہو' تو وہ یہ کہہ دے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو اس روایت کو نقل کرنے میں وہم ہوا ہے' جیسے ہم نے ذکر کیا ہے حالانکہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خالہ ہیں' تو کسی دوسرے شخص کے لیے یہ کہنا بھی جائز ہوگا کہ اس روایت کو نقل کرنے میں یزید بن اصم نامی راوی کو وہم ہوا ہوگا' کیونکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ یزید بن اصم جیسے دوسو افراد سے زیادہ بڑے حافظ حدیث زیادہ بڑے عالم اور زیادہ بڑے فقیہہ ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) میرے نزدیک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا مفہوم یہ ہے: انہوں نے یہ کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ اس وقت شادی کی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں تھے اس کے ذریعے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حرم کی حدود میں تھے اس سے یہ مراد نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



احرام باندھے ہوئے تھے یہ بالکل اسی طرح ہوگا جیسے کوئی شخص تاریکی میں داخل ہو تو یہ کہا جاتا ہے: وہ تاریک ہو گیا یا جب کوئی شخص نجد میں داخل ہو تو یہ کہا جاتا ہے: وہ نجدی ہو گیا یا جب کوئی شخص حرم میں داخل ہو تو یہ کہا جاتا ہے: وہ احرام والا ہو گیا حالانکہ اس شخص نے اس وقت احرام نہ باندھا ہوا ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم ﷺ نے عمرہ قضاء کے موقع پر مکہ کی طرف روانہ ہونے کا ارادہ کیا جب آپ ﷺ نے اس بات کا پختہ ارادہ کر لیا تو آپ ﷺ نے مدینہ منورہ سے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ اور انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو مکہ کی طرف بھیجا تاکہ وہ نبی اکرم ﷺ کیلئے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کو نکاح کا پیغام دیں پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے آپ ﷺ نے احرام باندھ لیا' پھر جب آپ ﷺ مکہ میں داخل ہوئے آپ ﷺ نے طواف کیا سعی کی اور عمرہ کر کے احرام کھول دیا اس وقت نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی جب کہ آپ حالت احرام میں نہیں تھے اور یہ آپ ﷺ کے عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد کی بات ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے تین دن مکہ میں قیام کیا پھر اہلِ مکہ نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ آپ ﷺ وہاں سے تشریف لے جائیں' تو آپ ﷺ وہاں سے تشریف لے گئے جب آپ ﷺ ''سرف'' کے مقام پر پہنچے تو وہاں سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اس وقت نبی اکرم ﷺ اور سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا حالت احرام کے بغیر تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے عقد نکاح کا تذکرہ کیا ہے یہ مکہ میں ہوا تھا اور نبی اکرم ﷺ اس وقت حرم کی حدود میں شامل تھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اس کے لیے یہ لفظ استعمال کیے کہ آپ ﷺ حرمت والی حالت میں تھے۔

جبکہ یزید بن اصم نے اس واقعہ کو اصل شکل میں نقل کر دیا حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے یہ روایت بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی اس وقت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا اور نبی اکرم ﷺ دونوں حالت احرام کے بغیر تھے اور وہ ان دونوں کے درمیان پیغام رسانی کے فرائض سرانجام دے رہے تھے اور اسی طرح کی بات سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ذات کے بارے میں نقل کی ہے' تو یہ تمام چیزیں اور ان کے ہمراہ احرام والے شخص سے نکاح کرنے یا کسی کا نکاح کروانے کی نبی اکرم ﷺ کی ممانعت (یہ سب مل کے) تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف کریں گے کہ ہم نے جو اصول بیان کیا ہے وہ درست ہے اور یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جو اس بات کا قائل ہے: نبی اکرم ﷺ سے منقول روایات میں تضاد اور اختلاف پایا جاتا ہے اور وہ شخص منحوس رائے اور الٹے قیاس کی پیروی کرتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

## باب: نکاح متعہ کا بیان

**4140** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيَّ يَقُولُ: اَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، وَالْحَسَنَ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اَخْبَرَاهُ اَنَّ اَبَاهُمَا اَخْبَرَهُمَا اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح متعہ کرنے سے منع کیا ہے۔

**4141** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ:

(متن حدیث): كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَا نَسْتَخْصِي، فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ وَاَمَرَنَا اَنْ نَنْكِحَ الْمَرْاَةَ بِالثَّوْبِ، ثُمَّ قَرَاَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ) (المائدة: 87)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الدَّلِيلُ عَلٰى اَنَّ الْمُتْعَةَ كَانَتْ مَحْظُورَةً قَبْلَ اَنْ اُبِيحَ لَهُمُ الِاسْتِمْتَاعُ قَوْلُهُمْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا نَسْتَخْصِي عِنْدَ عَدَمِ النِّسَاءِ وَلَوْ لَمْ تَكُنْ مَحْظُورَةً لَمْ يَكُنْ لِسُؤَالِهِمْ عَنْ هٰذَا مَعْنًى

---

4140- إسناده صحيح، عمرو بن يزيد اليسارى: روى له ابو داوٗد، وهو صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين أبو عبد الله والحسن: هو محمد بن على بن ابى طالب المعروف بابن الحنفية .وأخرجه سعيد بن منصور 849 ومن طريقه الطحاوى 3/25: حدثنا هشيم، عن يحيى بن سعيد، عن الزهرى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ الحنفية، عن أبيهما أن علياً مر بابن عباس وهو يفتى بالمتعة متعة النساء أنه لا بأس بها، فقال له على: قد نهى عَنْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ لحوم الحمر الأهلية يوم خيبر .وانظر 4143 .

4141- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة: زهير بن حرب .وأخرجه البخارى 4615 فى تفسير سورة المائدة: باب (لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ) (المائدة: 87)، و 5071 فى النكاح: باب تزويج المعسر الذى معه القرآن، و 5075 باب ما يكره من التبتل والاخصاء، ومسلم 1404 فى النكاح: باب نكاح المتعة، وابن أبى شيبة 4/292، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 3/24، والبيهقى 7/79 و 200 و 201 من طرق عن إسماعيل بن أبى خالد، بهذا الإسناد .وأورده السيوطى فى الدر المنثور 3/140 ووزاد نسبته إلى النسائى، وابن أبى حاتم، وابن الشيخ، وابن مردويه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوئے ہمارے ساتھ خواتین نہیں تھیں لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم خصی نہ ہو جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم کسی کپڑے کے عوض میں کسی عورت کے ساتھ نکاح کر لیں۔

پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو پاکیزہ چیزیں حلال قرار دی ہیں انہیں تم (اپنے لیے) حرام قرار نہ دو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کی دلیل کہ نکاح متعہ ممنوع ہے حالانکہ پہلے لوگوں کے لیے نکاح متعہ کرنے کو مباح قرار دیا گیا تھا وہ دلیل یہ ہے: ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ عرض کی تھی جب کہ ان کے پاس خواتین نہیں تھیں کہ کیا ہم خصی نہ ہو جائیں اگر یہ نکاح متعہ پہلے ممنوع نہ ہوتا تو پھر ان لوگوں کے اس درخواست کرنے کا کوئی مفہوم نہ ہوتا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ بِالتَّمَتُّعِ اَمْرُ رُخْصَةٍ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَمْرُ حَتْمٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' متعہ کرنے کا حکم رخصت کے طور پر تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دی گئی تھی یہ لازمی حکم نہیں تھا

**4142** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، وَوَكِيعٌ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَسْتَخْصِى؟ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ وَرَخَّصَ لَنَا اَنْ نَنْكِحَ الْمَرْاَةَ بِالثَّوْبِ اِلٰى اَجَلٍ ثُمَّ قَرَاَ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ) (المائدة: 87)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جنگ میں شریک ہوئے ہمارے ساتھ خواتین نہیں تھیں ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم خصی نہ ہو جائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی رخصت دی کہ ہم کسی کپڑے کے عوض میں کسی عورت کے ساتھ ایک متعین مدت کیلئے نکاح کر لیں

پھر انہوں نے (یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے) یہ آیت تلاوت کی۔

''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو پاکیزہ چیزیں حلال قرار دی ہیں تم انہیں حرام قرار نہ دو اور حد سے تجاوز نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا''۔

4142- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي نَهٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ فِيْهِ

## اس وقت کا تذکرہ، جس میں نبی اکرم ﷺ نے متعہ کرنے سے منع کر دیا تھا

**4143** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَیْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيٍّ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے دن خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے سے منع کر دیا تھا اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے (منع کر دیا تھا)۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لَهُمْ فِي الْمُتْعَةِ مُدَّةً مَعْلُوْمَةً بَعْدَ هٰذَا الزَّجْرِ الْمُطْلَقِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ نے ایک متعین مدت کے لیے لوگوں کو متعہ کرنے کی اجازت دی تھی جو اس مطلق ممانعت کے بعد تھی

**4144** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

---

4143- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في الموطأ 2/542 في النكاح: باب نكاح المتعة .وأخرجه من طريق مالك: البخاري 4216 في المغازي: باب غزوة خيبر، و 5523 في الذبائح والصيد: باب لحوم الحمر الإنسية، ومسلم 1407 29 في النكاح: باب نكاح المتعة، والنسائي 6/126 في النكاح: باب تحريم المتعة، و7/203 في الصيد: باب تحريم لحوم الحمر الأهلية، والترمذي 1794 في الأطعمة: باب ما جاء في لحوم الحمر الأهلية، وابن ماجه 1961 في النكاح: باب النهي عن نكاح المتعة، والبيهقي 7/201 . وأخرجه من طريق سفيان بن عيينة عن الزهري: البخاري 5115 في النكاح: باب نهي رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نكاح المتعة أخيراً، ومسلم 1407 30، وسعيد بن منصور 848، والنسائي 7/202 في الصيد والذبائح: باب تحريم . أكل لحوم الحمر الأهلية، والترمذي 1121 في النكاح: باب ما جاء في تحريم نكاح المتعة، وأحمد 1/79، والحميدي 37، والدارمي 2/140، وأبو يعلى 576، والبيهقي 7/201 و 202، وابن أبي شيبة 4/292 .وأخرجه من طريق عبيد الله بن عمر، عن الزهري،: البخاري 6961 في الحيل: باب الحيلة في النكاح: ومسلم .وأخرجه من طريق يونس، عن الزهري: مسلم 1407 32 والنسائي 7/203، والبيهقي 7/201 .

4144- إسناده صحيح . حفص بن عمر: ثقة من رجال البخاري، والربيع بن سبرة من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما .وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 3/26 من طريق حفص بن عمر الحوضي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/405 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَاَتَيْتُهُ بَعْدَ ثَلَاثٍ فَاِذَا هُوَ يُحَرِّمُهَا اَشَدَّ التَّحْرِيْمِ، وَيَقُوْلُ فِيْهَا اَشَدَّ الْقَوْلِ

ربیع بن سبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی تین دن کے بعد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے سختی کے ساتھ حرام قرار دے چکے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں سخت ترین فرمان جاری کر چکے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتْعَةَ حَرَّمَهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ بَعْدَ هٰذَا الْاَمْرِ الْمُطْلَقِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مطلق حکم کے بعد غزوہ خیبر کے دن متعہ کو حرام قرار دے دیا تھا

**4145** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاحَ لَهُمْ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بَعْدَ نَهْيِهِ عَنْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا مَرَّةً ثَانِيَةً

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر لوگوں کے لیے تین دن

کے لیے متعہ کرنے کو مباح قرار دیا تھا حالانکہ پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ خیبر کے موقع پر اسے منع کر چکے تھے اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری مرتبہ اس سے منع کر دیا تھا

**4146** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):اَذِنَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ، فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَرَجُلٌ

4145- إسناده صحيح على شرطهما، وقد تقدم برقم 4141 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اٰخَرُ اِلٰى امْرَاَةٍ شَابَّةٍ كَاَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ، لِنَسْتَمْتِعَ بِهَا فَجَلَسْنَا بَيْنَ يَدَيْهَا، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ وَعَلَيَّ بُرْدٌ، فَكَلَّمْنَاهَا وَمَهَرْنَاهَا بُرْدَيْنَا، وَكُنْتُ اَشَبَّ مِنْهُ وَكَانَ بُرْدُهُ اَجْوَدَ مِنْ بُرْدِي فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ اِلَيَّ مَرَّةً، وَاِلٰى بُرْدِهِ مَرَّةً، ثُمَّ اخْتَارَتْنِي فَنَكَحْتُهَا فَاَقَمْتُ مَعَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهَا فَفَارَقْتُهَا

❀❀ ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے سال ہمیں نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی میں اور ایک دوسرا شخص ایک نوجوان عورت کے پاس گئے جو کنواری محسوس ہوتی تھی ہم اس کے ساتھ نکاح متعہ کرنا چاہتے تھے ہم اس کے سامنے بیٹھ گئے میرے ساتھی کے جسم پر بھی ایک چادر تھی اور میرے جسم پر بھی ایک چادر تھی ہم نے اس عورت کے ساتھ بات چیت کی مہر کے بارے میں بات چیت کی کہ ہم اسے چادریں دیں گے میں اپنے ساتھی کے مقابلے میں زیادہ نوجوان تھا' لیکن اس کی چادر میری چادر سے زیادہ عمدہ تھی وہ عورت ایک دفعہ میری طرف دیکھتی تھی اور ایک مرتبہ اس کی چادر کی طرف دیکھتی تھی پھر اس عورت نے مجھے اختیار کر لیا تو میں نے اس کے ساتھ نکاح کر لیا میں تین دن تک اس کے ساتھ ٹھہرا رہا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس (نکاح متعہ سے) منع کر دیا' تو میں نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ الْمُتْعَةَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ تَحْرِيْمَ الْاَبَدِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر متعہ کو حرام قرار دیا تھا یہ ایسا حرام قرار دینا تھا جو قیامت کے دن تک برقرار رہے گا

**4147** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَحْمَسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَيْنَا عُمْرَتَنَا قَالَ لَنَا: اسْتَمْتِعُوا مِنْ

4146– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه من طرق عن الزهري: مسلم 1406 24 و 25 و 26 و 27، وأحمد 2/404 و 405، والدارمي 2/140، وأبو داؤد 2072 و 2073، وابن أبي شيبة 4/292، وسعيد بن منصور في سننه 847، وابن الجارود 698، وأبو يعلى 938، والطبراني 6527 و 6528 و 6529 و 6530 و 6531 و 6532 و 6533 و 6534، وعبد الرزاق 14034، والحميدي 846 والبيهقي 7/204 .

4147– إسناده صحيح . محمد بن إسماعيل الأحمسي: روى له أصحاب السنن غير أبي داؤد، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه من طرق عن عبدا لعزيز بن عمر، بهذا الإسناد: أحمد 3/404 و 405، وابن ابي شيبة 4/292، وعبد الرزاق 14041، والحميدي 847، والدارمي 2/140، ومسلم 1406 21 في النكاح: باب نكاح المتعة، وابن ماجه 1962 في النكاح: باب النهي عن نكاح المتعة، وأبو يعلى 939، وابن الجارود 699، والطحاوي 3/25، والطبراني 6514 و 6515 و 6515 و 6517 و 6517 و 6518 و 6519 و 6520، والبيهقي 7/203 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



هٰذِهِ النِّسَاءِ قَالَ: وَالِاسْتِمْتَاعُ عِنْدَنَا يَوْمَئِذٍ التَّزْوِيجُ فَعَرَضْنَا بِذٰلِكَ النِّسَاءُ اَنْ نَضْرِبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُنَّ اَجَلًا قَالَ: فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: افْعَلُوْا ذٰلِكَ فَخَرَجْتُ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي مَعِي بُرْدَةٌ وَّمَعَهُ بُرْدَةٌ وَّبُرْدُهُ اَجْوَدُ مِنْ بُرْدِي وَاَنَا اَشَبُّ مِنْهُ فَاَتَيْنَا امْرَاَةً فَعَرَضْنَا ذٰلِكَ عَلَيْهَا فَاَعْجَبَهَا شَبَابِي وَاَعْجَبَهَا بُرْدُ ابْنِ عَمِّي فَقَالَتْ: بُرْدٌ كَبُرْدٍ فَتَزَوَّجْتُهَا، وَكَانَ الْاَجَلُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا عَشْرًا فَلَبِثْتُ عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، ثُمَّ اَصْبَحْتُ غَادِيًا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَجَرِ وَالْبَابِ قَائِمٌ يَخْطُبُ النَّاسَ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي قَدْ اَذِنْتُ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ فِي هٰذِهِ النِّسَاءِ، اَلَا وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْئًا فَلْيُخَلِّ سَبِيْلَهُ، وَلَا تَاْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا

ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہاں روانہ ہوئے جب ہم نے عمرہ ادا کرلیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرلو۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہمارے نزدیک ان دنوں میں متعہ کرنا شادی کے مترادف تھا ہم نے خواتین کو اس کی پیشکش کی کہ ہم متعین مدت کے لیے ان کے ساتھ شادی کر لیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایسا کرلو۔

میں اور میرا چچازاد بھائی نکلے میرے پاس بھی ایک چادر تھی اور اس کے پاس بھی ایک چادر تھی اس کی چادر میری چادر سے اچھی تھی اور میں اس کے مقابلے میں زیادہ نوجوان تھا ہم ایک عورت کے پاس آئے ہم نے اس عورت کو نکاح کی پیشکش کی اسے میری جوانی پسند آئی اور میرے چچازاد کی چادر پسند آئی وہ بولی چادر تو چادر کی طرح ہوتی ہے' تو میں نے اس عورت کے ساتھ شادی کر لی میرے اور اس عورت کے درمیان دس دن ساتھ رہنے کا معاہدہ ہوا تھا اس رات میں اس کے پاس رہا پھر اگلے دن میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ حجر اسود اور خانہ کعبہ کے درمیان کھڑے ہوئے لوگوں سے خطاب کر رہے تھے آپ ﷺ ارشاد فرما رہے تھے۔

"اے لوگو! میں نے تمہیں خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی تھی خبردار! بے شک اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت کے دن تک حرام قرار دے دیا ہے' تو جس شخص نے ایسا کوئی معاہدہ کیا ہو' تو اسے ان عورتوں کو چھوڑ دینا چاہیے اور تم نے انہیں جو ادائیگی کی تھی اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لینا"۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الْمُتْعَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ كَانَ زَجْرَ تَحْرِيمٍ لَا زَجْرَ نَدْبٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' فتح مکہ کے دن متعہ سے روکنے کی ممانعت ایسی ممانعت ہے' جو حرام قرار دینے کے لیے ہے یہ استحباب کے طور پر ممانعت نہیں ہے

**4148** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَخَرَجْتُ اَنَا وَرَجُلٌ مِّنْ قَوْمِي لِي عَلَيْهِ فَضْلٌ فِي الْجَمَالِ وَهُوَ قَرِيبٌ مِّنَ الدَّمَامَةِ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَّا بُرْدٌ اَمَّا بُرْدِي، فَبُرْدٌ خَلَقٌ وَّاَمَّا بُرْدُ ابْنِ عَمِّي فَبُرْدٌ جَدِيدٌ غَضٌّ حَتّٰى اِذَا كُنَّا اَسْفَلَ مَكَّةَ اَوْ بِاَعْلَاهَا فَلَقِيَنَا فَتَاةٌ مِّثْلُ الْبَكْرَةِ فَقُلْنَا: هَلْ نَسْتَمْتِعُ مِنْكِ قَالَتْ: وَمَاذَا تَبْذُلَانِ فَنَشَرَ كُلٌّ وَاحِدٍ مِّنَّا بُرْدَهُ فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ اِلَى الرَّجُلِ فَاِذَا رَآهَا الرَّجُلُ تَنْظُرُ اِلَى عِطْفِهَا وَقَالَ: بُرْدُ هٰذَا خَلَقٌ وَّبُرْدِي جَدِيدٌ غَضٌّ فَتَقُولُ: بُرْدُ هٰذَا لَا بَاْسَ بِهِ ثُمَّ اسْتَمْتَعْتُ مِنْهَا فَلَمْ نَخْرُجْ حَتّٰى حَرَّمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ربیع بن سبرہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں شرکت کی وہ بیان کرتے ہیں: میں اور میری قوم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نکلے خوبصورتی کے اعتبار سے مجھے اس پر فضیلت حاصل تھی اور وہ شخص بدصورت ہونے کے قریب تھا ہم میں سے ہر ایک کے پاس چادر موجود تھی جہاں تک میری چادر کا تعلق تھا تو وہ پرانی تھی اور جہاں تک میرے چچازاد کی چادر کا تعلق تھا وہ بالکل نئی چادر تھی' یہاں تک کہ ہم مکہ کے زیریں علاقے میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) بالائی علاقے میں آئے ہماری ملاقات ایک نوجوان عورت سے ہوئی جو کنواری محسوس ہوتی تھی ہم نے کہا: کیا ہم تمہارے ساتھ نکاح متعہ کر سکتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: تم کیا خرچ کرو گے (یعنی کیا مہر دو گے) تو ہم میں سے ہر ایک نے اپنی چادر کو پھیلا دیا اس عورت نے اس دوسرے شخص کی طرف دیکھا (جو بدصورت تھا) پھر جب اس مرد نے یہ دیکھا کہ وہ عورت میری طرف دلچسپی کے ساتھ دیکھ رہی ہے تو وہ بولا: اس کی چادر تو پرانی ہے میری چادر بالکل نئی ہے اس عورت نے کہا: اس چادر میں بھی کوئی حرج نہیں ہے' میں نے اس کے ساتھ نکاح متعہ کر لیا' پھر میں اس عورت سے اس وقت الگ ہوا جب نبی اکرم ﷺ نے اسے (یعنی نکاح متعہ کو) حرام قرار دے دیا تھا۔

## ذِكْرُ الْاَسْبَابِ الَّتِي حَرَّمَتِ الْمُتْعَةَ الَّتِي كَانَتْ مُطْلَقَةً قَبْلَهَا

## ان اسباب کا تذکرہ جن کی وجہ سے متعہ کو حرام قرار دیا گیا جو اس سے پہلے مطلق تھا

**4149** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ نَزَلَ ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ فَرَاَى مَصَابِيحَ، وَسَمِعَ نِسَاءً يَبْكِينَ فَقَالَ: مَا هٰذَا قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نِسَاءٌ كَانُوا تَمَتَّعُوا مِنْهُنَّ اَزْوَاجُهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

4148– إسناده صحيح على شرط الصحيح .وأخرجه من طرق عن عمار بن غزية بهذا الإسناد: مسلم 1406 20، وأحمد 3/405، والطبراني 652 و6523، والبيهقي 7/202 . وأخرجه من طريقين عن الليث، عن الربيع بن سبرة، عن أبيه: أحمد 3/405، ومسلم 1406 19، والنسائي 6/126–127 في النكاح: باب تحريم المتعة، والطحاوي 3/25، والطبراني 6521، والبيهقي 7/202 .وأخرجه سعيد بن منصور 846 عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ الربيع بن سبرة، عن أبيه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَسَلَّمَ: هَدَمَ - اَوْ قَالَ: حَرَّمَ - الْمُتْعَةَ: النِّكَاحُ، وَالطَّلَاقُ، وَالْعِدَّةُ، وَالْمِيرَاثُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثنیۃ الوداع کے مقام پر پڑاؤ کیا وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ چراغ دیکھے اور کچھ خواتین کے رونے کی آواز سنی تو دریافت کیا: کیا معاملہ ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کچھ خواتین ہیں جن کے ساتھ ان کے شوہروں نے نکاح متعہ کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: متعہ نکاح طلاق عدت اور وراثت کو منہدم کر دیتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) حرام کر دیتا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتْعَةَ حَرَّمَهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ تَحْرِيمَ الْاَبَدِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر متعہ کو ہمیشہ کے لیے حرام قرار دے دیا

4150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ وَقَالَ: اِنَّهَا حَرَامٌ مِّنْ يَّوْمِكُمْ هٰذَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ كَانَ اَعْطٰى شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْهُ

ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے آج کے دن سے لے کر قیامت کے دن تک کیلئے حرام ہے اور جس شخص نے کوئی چیز (کسی عورت کو) دی ہو وہ اسے واپس نہ لے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ جَهِلَ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِّلْاَخْبَارِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

## اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث سے ناواقف ہے (اور وہ یہ سمجھتا ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

4151 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسٰى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ،

---

4149- إسناده ضعيف. مؤمل بن إسماعيل: سيء الحفظ، ومع ذلك فقد حسن الحافظ إسناده في التلخيص 3/154.

4150- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير محمد بن معدان الحراني، فقد روى له النسائي، وهو ثقة. وأخرجه الطبراني 6525 و6526، والبيهقي 7/203 من طريقين عن الحسين بن محمد بن أعين الحراني، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 1406 22، والطبراني 6537 والبيهقي 7/202 من طريق إبراهيم بن سعد، عن عبد الملك بن الربيع بن سبرة، عن أبيه، عن جده. وأخرجه البيهقي 7/202 من طريق زيد بن الحباب، عن إبراهيم بن سعد، به. وأخرجه مسلم 1406 23، والبيهقي 7/203 من طريقين عن عبد العزيز بن الربيع بن سبرة بن معبد، عن أبيه، عن جده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): رَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثًا، ثُمَّ نَهَانَا عَنْهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَامُ اَوْطَاسٍ وَعَامُ الْفَتْحِ وَاحِدٌ

ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوہ اوطاس کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تین دن تک نکاح متعہ کرنے کی رخصت دی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) غزوہ اوطاس اور فتح مکہ ایک ہی سال میں ہوئے تھے۔

4151– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو العميس: هو عتبة بن عبد الله بن عتبة بن عبد الله بن مسعود الهلالي .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/292، وعنه: مسلم 1404 في النكاح: باب نكاح المتعة، عن يونس بن محمد، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 7/204 من طريق محمد بن عبيد الله بن أبي داوُد المنادي، عن يونس بن محمد، بِه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# بَابُ الشِّغَارِ

# باب: شغار کا بیان

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّجْعَلَ بُضْعَ بَعْضَ النِّسَاءِ صَدَاقًا لِبَعْضِهِنَّ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کسی خاتون کے جسم کے حصے کو دوسری خاتون کے لیے مہر قرار دے دیا جائے

**4152** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الشِّغَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شغار سے منع کیا ہے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الشِّغَارِ الَّذِى نُهِىَ عَنِ اسْتِعْمَالِهِ

## شغار کے طریقے کا تذکرہ' جس پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے

**4153** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ الْاَعْرَجُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنْكَحَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَكَمِ ابْنَتَهُ وَاَنْكَحَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنَتَهُ وَقَدْ كَانَا جَعَلَاهُ صَدَاقًا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِى سُفْيَانَ وَهُوَ خَلِيفَةٌ اِلٰى مَرْوَانَ يَاْمُرُهُ بِالتَّفْرِيقِ

---

4152– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في الموطأ 2/535 في النكاح: باب جامع ما لا يجوز من النكاح . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 5112 في النكاح: باب الشغار، ومسلم 1415 57 في النكاح: باب تحريم نكاح الشغار، والترمذي 1124 في النكاح: باب في الشغار، وابن ماجه 1883 في النكاح: باب النهي عن الشغار، والنسائي 6/112 في النكاح: باب تفسير الشغار، والبيهقي 7/199، والدارمي 2/136 . وأخرجه البخاري 6960 في الحيل: باب الحيلة في النكاح، ومسلم 1415 58، وابو داوُد 2074، والنسائي 6/110 في النكاح: باب الشغار، والبيهقي 7/199–200 من طريق عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر . وأخرجه مسلم 1415 59 و 60 من طريقين عن نافع، به .

4153– إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث، وباقي السند رجاله ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه أحمد 4/94، وأبو داوُد 2075 في النكاح: باب في الشغار والطبراني 19/803، والبيهقي 7/200من طريق يعقوب بن إبراهيم بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بَيْنَهُمَا وَقَالَ فِي كِتَابِهِ: هٰذَا الشِّغَارُ قَدْ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

عبدالرحمٰن بن ہرمز بیان کرتے ہیں: عباس بن عبداللہ نے عبدالرحمٰن بن حکم کے ساتھ اپنی بیٹی کی شادی کر دی عبدالرحمٰن نے اپنی بیٹی کی شادی ان کے ساتھ کر دی اور ان دونوں صاحبان نے شادی کو ہی مہر قرار دے دیا' تو حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ اس وقت خلیفہ وقت تھے انہوں نے (مدینہ کے گورنر) مروان کو خط لکھا اور اسے یہ ہدایت کی کہ وہ ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دے انہوں نے اپنے خط میں یہ بات تحریر کی: یہ شغار ہے' جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّزَوِّجَ الْمَرْءُ ابْنَتَهُ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَلٰى اَنْ يُّزَوِّجَهُ اِيَّاهُ ابْنَتَهُ مِنْ غَيْرِ صَدَاقٍ يَكُوْنُ بَيْنَهُمَا اِلَّا بُضْعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص اپنی بیٹی کی شادی اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ اس شرط پر کر دے کہ وہ دوسرا شخص اپنی بیٹی کی شادی اس شخص کے ساتھ کر دے اور ان دونوں عورتوں کے درمیان کوئی مہر نہیں ہوگا صرف ان دونوں میں سے ہر ایک کے جسم کا حصہ (مہر ہوگا)

**4154** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا شِغَارَ فِي الْاِسْلَامِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اسلام میں شغار کی (کوئی حیثیت) نہیں ہے''۔

---

4154– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى وهو الذهلي– فمن رجال البخاري .وأخرجه ابن ماجه 1885 في النكاح: باب النهي عن الشغار، والبيهقي 7/200 من طريقين عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي 6/111 عن محمد بن كثير، عن الفزاري، عن حميد، عن أنس .وذكره الهيثمي في المجمع 2/265 ونسبه الطبراني في الأوسط، وقال: رجاله رجال الصحيح .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ نِكَاحِ الْكُفَّارِ

## کفار کے نکاح (کا حکم)

4155 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَسْلَمْتُ وَعِنْدِي اُخْتَانِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلِّقْ اَيَّتَهُمَا شِئْتَ

✿✿ ضحاک بن فیروز اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! جب میں نے اسلام قبول کیا اس وقت دو بہنیں میرے نکاح میں تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان دونوں میں سے جسے چاہو طلاق دے دو۔

4156 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ:

(متن حدیث): اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ اَسْلَمَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا، فَلَمَّا كَانَ فِي عَهْدِ عُمَرَ طَلَّقَ نِسَاءَهُ وَقَسَّمَ مَالَهُ بَيْنَ بَنِيهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: اِنِّي اَظُنُّ الشَّيْطَانَ فِيمَا يَسْتَرِقُ مِنَ السَّمْعِ سَمِعَ بِمَوْتِكَ فَقَذَفَهُ فِي نَفْسِكَ، وَلَعَلَّكَ اَنْ لَا تَمْكُثَ اِلَّا قَلِيلًا وَايْمُ اللّٰهِ لَتَرُدَّنَّ نِسَاءَكَ وَلَتَرْجِعَنَّ فِي مَالِكَ اَوْ لَاُوَرِّثُهُنَّ مِنْكَ، وَلَاٰمُرَنَّ بِقَبْرِكَ فَيُرْجَمُ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ اَبِي رِغَالٍ

---

4155– ابو وهب الجَيْشاني المصرى، وجيشان من اليمن، قيل: اسمه ديلم بن هوشع، وقال ابن يونس: هو عبيد بن شرحبيل، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 6/291، وشيخه الضحاك بن فيروز: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 4/387، وصحح الدارقطني سند حديثه، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أبو داوُد 2243 في الطلاق: باب فيمن أسلم وعنده نساء أكثر من أربع أو أختان، والترمذى 1130 في النكاح: باب ما جاء الرجل يسلم وعنده أختان، والدارقطني 3/273، والبيهقي 7/184 من طرق عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني 18/845 من طريق سعيد بن سليمان النشطي، عن جرير بن حازم .وأخرجه أحمد 4/232، وابن ماجه 1951 في النكاح: باب الرجل يسلم .وعنده أختان، والترمذى 1129، والدارقطني 3/274، والطبراني 18/843، والبيهقي 7/184 من طرق عن ابن لهيعة، عن أبي وهب الجيشاني، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا بیان نقل کرتے ہیں: حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ان میں سے چار کو اختیار کرلو۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عہد حکومت آیا' تو انہوں نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی اور اپنا مال اپنی اولاد کے درمیان تقسیم کردیا جب اس بات کی اطلاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ملی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے ملے اور بولے: میرا یہ خیال ہے شیطان چوری چھپے جو باتیں سنتا ہے ان میں سے اس نے تمہاری موت کی بات بھی سن لی ہے اور یہ چیز تمہارے ذہن میں ڈال دی ہے ہوسکتا ہے' اب تم تھوڑا عرصہ زندہ رہو اللہ کی قسم! یا تو تم اپنی بیویوں سے رجوع کرلو اور اپنا مال واپس لے لو یا میں ان خواتین کو تمہارا وارث قرار دوں گا اور تمہاری قبر کے بارے میں حکم جاری کروں گا اور اسے یوں سنگسار کیا جائے گا' جس طرح ابورغال کی قبر کو سنگسار کیا گیا تھا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ حَدَّثَ بِهٖ مَعْمَرٌ بِالْبَصْرَةِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت معمر نے بصرہ میں بیان کی تھی

**4157** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): اَسْلَمَ غَيْلَانُ الثَّقَفِيُّ وَعِنْدَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمْسِكْ اَرْبَعًا، وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت غلان ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم چار کو روک لو' باقی سے علیحدگی اختیار کرلو۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**4158** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ الثَّقَفِيُّ وَعِنْدَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَخَيَّرَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا وَيَتْرُكَ سَائِرَهُنَّ

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت غیلان بن ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول

4157- رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو عمار: هو الحسين بن حريث المروزي، وهو مكرر ما قبله .

4158- رجاله ثقات رجال الشيخين . وهو كالذي قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا' تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم ﷺ نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ ان میں سے چار کو اختیار کر لیں اور باقی کو چھوڑ دیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الذِّمِّيَّيْنِ اِذَا اَسْلَمَا يَجِبُ اَنْ يُّقَرَّا عَلٰى نِكَاحِهِمَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب دو ذمی (میاں بیوی) مسلمان ہو جائیں' تو یہ بات لازم ہے' ان کے سابقہ نکاح کو برقرار رکھا جائے

**4159** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ امْرَاَةً اَسْلَمَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ زَوْجُهَا فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا قَدْ كَانَتْ اَسْلَمَتْ مَعِىْ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ایک خاتون نے اسلام قبول کر لیا پھر اس کا شوہر آیا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس عورت نے میرے ساتھ اسلام قبول کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کو اس مرد کی طرف لوٹا دیا۔

4159– إسناده ضعيف . سماك روايته عن عكرمة فيها اضطراب، وهو في مسند أبي يعلى 2525 .وأخرجه أحمد 1/232، وأبو داؤد 2238 في الطلاق: باب إذا أسلم أحد الزوجين، والترمذي 1144 في النكاح: باب ما جاء في الزوجين المشركين يسلم أحدهما، من طريق وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن سماك، به: الطيالسي 2674، وعبد الرزاق 12645، وأحمد 1/232وأبو داؤد 2239، وابن ماجه 2008 في النكاح: باب الزوجين يسلم أحدهما قبل الآخر، وابن الجارود 757، والحاكم 2/200، والبيهقي 7/188و 189، والبغوي 2290وقال: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .وفي الباب عن ابن عباس قال: رد رسول الله صلى الله عليه وسلم ابنته زينب على أبي العاص بالنكاح الأول، ولم يحدث نكاحاً أخرجه أحمد 1/217و 261 و 351، وأبو داؤد 2240، والترمذي 1143، وابن ماجه 2009 من طرق ابن إسحاق، عن داؤد بن الحصين، عن عكرمة، عن ابن عباس . داؤد بن الحصين: فيه لين، وما رواه عن عكرمة منكر، لكن له شواهد مرسلة صحيحة عن عامر وقتادة وعكرمة بن خالد أخرجها ابن سعد في الطبقات 8/32، وعبد الرزاق في "المصنف" 12647، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/149 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# بَابُ مُعَاشَرَةِ الزَّوْجَيْنِ

## میاں بیوی کے آپس کے سلوک کا بیان

4160 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُبَاشِرِ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ كَاَنَّهَا تَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا، اَوْ تَصِفُهَا لِرَجُلٍ كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"کوئی عورت کسی دوسری عورت کا تذکرہ اس طرح سے نہ کرے جیسے وہ اپنے شوہر کے سامنے اس کی شکل وصورت کو بیان کر رہی ہے یا اس کی صفت یوں بیان کر رہی ہو کہ مرد کو یوں محسوس ہو کہ جیسے وہ اس عورت کو دیکھ رہا ہے"۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4161 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُبَاشِرِ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ فَتَصِفُهَا لِزَوْجِهَا حَتّٰى كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا

---

4160- حديث صحيح، معلى بن مهدى: هو ابن رستم الموصلى، ذكره المؤلف فى الثقات 9/182-183، ورى عنه جمع، وقال ابن أبى حاتم 8/335: سألت أبى عنه، فقال: شيخ موصلى أدركته ولم أسمع منه، يحدث أحياناً بالحديث المنكر، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصهم وهو ابن أبى النجود- فقد روى له أصحاب السنن، وحديث فى الصحيحين مقرون، وهو حسن الحديث، أبو وائل: هو شقيق بن سلمة .وأخرجه أحمد 1/460 عن حسن بن موسى، عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى 10419 عن الأعمش، عن أبى وائل، عن ابن مسعود: البخارى 5241 فى النكاح: باب لا تباشر المرأة المرأة فتنعتها لزوجها،وأحمد 1/380 و 387 و 440 و 463 و 464، والترمذى 2792 فى الأدب باب فى كراهيو مباشرة ارجل الرجل والمرأة المرأة، وأبو داوُد 2150 فى النكاح: بابما يؤمر به من غض البصر، وعلى بن الجعد 2167، والبغوى 2249، والطيالسى 368، والبيهقى 6/23 .

4161- إسناده صحيح على شرط الشيخبن . جرير: هوابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر .وأخرجه البخارى 5240، وأحمد 1/438 و 440، وابن ابى شيبة 4/397 من طرق عن منصور، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی عورت کسی دوسری عورت کا تذکرہ اپنے شوہر کے سامنے یوں نہ کرے جیسے وہ اس کی صفت بیان کر رہی ہے اور یوں لگے جیسے مرد عورت کو دیکھ رہا ہے''۔

## ذِكْرُ تَعْظِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا حَقَّ الزَّوْجِ عَلٰى زَوْجَتِهٖ

## اللہ تعالیٰ کا بیوی پر شوہر کے حق کو زیادہ کرنے کا تذکرہ

4162 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حَائِطًا مِنْ حَوَائِطِ الْاَنْصَارِ فَاِذَا فِيْهِ جَمَلَانِ يَضْرِبَانِ وَيَرْعَدَانِ فَاقْتَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمَا فَوَضَعَا جِرَانَهُمَا بِالْاَرْضِ فَقَالَ مَنْ مَعَهُ سَجَدَ لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ وَلَوْ كَانَ اَحَدٌ يَنْبَغِيْ اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا لِمَا عَظَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهَا مِنْ حَقِّهٖ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے ایک باغ میں داخل ہوئے وہاں دو اونٹوں کی پٹائی ہو رہی تھی اور انہیں جھڑکا جا رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کے قریب ہوئے' تو انہوں نے اپنی گردنیں زمین پر رکھ دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو صاحب تھے انہوں نے عرض کی: انہوں نے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی شخص کیلئے یہ مناسب نہیں ہے' وہ کسی دوسرے کو سجدہ کرے اگر کسی کیلئے کسی کو سجدہ کرنا مناسب ہوتا' تو میں عورت کو یہ حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شوہر کے حق کو عظیم قرار دیا ہے۔

## ذِكْرُ اِيْجَابِ الْجَنَّةِ لِلْمَرْاَةِ اِذَا اَطَاعَتْ زَوْجَهَا مَعَ اِقَامَةِ الْفَرَائِضِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## ایسی عورت کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی کے ہمراہ اپنے شوہر کی فرمانبرداری بھی کرتی ہے

4163 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْجَوَالِيْقِيُّ بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاهِرُ

---

4162- حديث صحيح، إسناده حسن . رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو، وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي، فقد روى له أصحاب السنن، وروى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، وهو حسن الحديث .وأخرجه الترمذي 1159 في الرضاعة: باب ما جاء في حق الزوجة على المرأة، والبيهقي 7/291 من طريق محمود بن غيلان، عن النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وقال الترمذي: حديث حسن غريب .وأخرجه الحاكم 4/171-172، والبزار 1466 من طريق سليمان بن أبي سليمان، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سلمة قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ورد الذهبي: بل سليمان هو اليمامي ضعفوه، وقال البزار: سليمان بن داوٗد: لين، وضعفه الهيثمي في المجمع 4/307 بعد أن أورده عن البزار بسليمان بن داوٗد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بْنُ نُوحٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلَّتِ الْمَرْاَةُ خُمُسَهَا، وَصَامَتْ شَهْرَهَا، وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا، وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا دَخَلَتْ مِنْ اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ تْ

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ تَفَرَّدَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِیْ سَلَمَةَ وَمَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ وَهُوَ شَيْخٌ اَهْوَازِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی عورت پانچ نمازیں ادا کرے رمضان کے روزے رکھے اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرے اپنے شوہر کی فرمانبرداری کرے تو وہ جنت کے جس بھی دروازے سے چاہے گی جنت میں داخل ہو جائے گی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوسلمہ کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں عبدالملک بن عمیر منفرد ہیں اور عبدالملک کے حوالے سے یہ روایت صرف ہدبہ بن منہال نے نقل کی ہے اور وہ اہواز سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ صاحب ہیں۔

## ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ تَحَمُّلِ الْمَكَارِهِ لِلْمَرْاَةِ عَنْ زَوْجِهَا رَجَاءَ الْاِبْلَاغِ فِیْ قَضَاءِ حُقُوقِهِ

## عورت کا شوہر کی طرف سے پیش آنے والی ناپسندیدہ صورت حال کو برداشت کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ' کیونکہ اس میں یہ امید کی جا سکتی ہے' وہ شوہر کے حقوق کو ادا کر دے گی

**4164** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

4163– حديث صحيح . داهر بن نوح الأهوازى: ذكره المؤلف فى الثقات 8/238، وقال: ربما أخطأ، وقال الدارقطنى فى "العلل": شيخ لأهل الأهواز، ليس بقوى الحديث . وهدبة بن المنهال: ذكره المؤلف فى الثقات 7/588، وابن أبى حاتم 9/114 .وباقى السند من رجال الشيخين .وله شاهد من حديث عبد الرحمٰن بن عوف عند أحمد 1/191، وأودره الهيثمى فى المجمع 4/306، وزارد نسبته إلى الطبرانى فى "الأوسط"، وقال فيه ابن لهيعة، زحديثه حسن وبقية رجاله رجال الصحيح .وأخرجه من حديث أنس بن مالك عند البزار1463و 1473 وأبى نعيم فى "الحلية6/308"، وسنده ضعيف

4164– إسناده حسن . نهار العبدى: روى له ابن ماجه، وهو صدوق، وباقى السند ثقات رجاله رجال الصحيح غير ربيعة بن عثمان فقد أخرج له مسلم، وهو مختلف فيه، وثقه ابن معين، وابن نمير، والحاكم وغيرهم، وقال النسائى: ليس به بأس، وذكره المؤلف فى "الثقات"، هو إلى الصدوق ما هو، وليس بذلك القوى، وقال ابو حاتم: منكر الحديث يكتب حديثه .وأخرجه النسائىَ فى الكبرى كما فى التحفة 3/475 عن أحمد بن عثمان بن حكيم، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن جعفر بن عون، به: ابن أبى شيبة 4/303، والدارقطنى 3/237، والحاكم 2/188، والبزار 1465، والبيهقى 7/291، ولفظ ابن أبى شيبة والدارقطنى: "لا تنكحوهن إلا بإذنهن" .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنَةٍ لَهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذِهِ ابْنَتِي قَدْ أَبَتْ أَنْ تَتَزَوَّجَ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَطِيعِي أَبَاكِ فَقَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَتَزَوَّجُ حَتَّى تُخْبِرَنِي مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى زَوْجَتِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى زَوْجَتِهِ، أَنْ لَوْ كَانَتْ قَرْحَةٌ فَلَحَسَتْهَا مَا أَدَّتْ حَقَّهُ قَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَتَزَوَّجُ أَبَدًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْكِحُوهُنَّ إِلَّا بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی بیٹی کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بیٹی شادی کرنے سے انکار کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی سے فرمایا: تم اپنے والد کی بات مان لو۔ اس نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں اس وقت تک شادی نہیں کروں گی جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بارے میں بتا نہیں دیتے کہ شوہر کا بیوی پر کیا حق ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شوہر کا بیوی پر یہ حق ہے' اگر شوہر کو کوئی پھوڑا نکلا ہوا ہو اور عورت اسے چاٹ لے' تو بھی وہ شوہر کے حق کو ادا نہیں کر سکتی۔ لڑکی نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں کبھی شادی نہیں کروں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان خواتین کے ساتھ شادی ان کے اہل خانہ سے اجازت لے کر ہی کرو۔

## ذِكْرُ الْأَمْرِ لِلْمَرْأَةِ بِإِجَابَةِ الزَّوْجِ عَلَى أَيِّ حَالَةٍ كَانَتْ إِذَا كَانَتْ طَاهِرَةً

## عورت کے لیے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ شوہر کے بلاوے پر جائے خواہ وہ کسی بھی حالت میں ہو' جبکہ وہ پاک ہو

4165 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): إِذَا دَعَا الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ فَلْتُجِبْهُ وَإِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّورِ

قیس بن طلق بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جب کوئی مرد اپنی بیوی کو اپنی حاجت پوری کرنے کیلئے بلائے' تو وہ عورت اس کی بات مان لے اگرچہ وہ تندور پر موجود ہو"۔

4165– إسناده صحيح. وأخرجه الطبراني 8240 عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي 1160 في الرضاع: باب ما جاء في حق الزوج على المرأة، والطبراني 8240، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 4/254، والبيهقي 7/294 من طرق عن ملازم بن عمرو، به. وأخرجه الطيالسي 1097، والطبراني 8248 من طريق أيوب بن عتبة، عن قيس بن طلق، به، بلفظ: "لا تمنع المرأة زوجها، ولو كان على ظهر قتب". وأخرجه أحمد 4/22–23، والطبراني 8235 من طريق محمد بن جابر، عن قيس بن طلق، به، بلفظ: "إذا أراد أحدكم من امرأته حاجتها، فليأتها ولو كانت على تنور".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ مُوَاقَعَةِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ عَلٰى اَيِّ حَالٍ اَحَبَّ اِذَا قَصَدَ فِيْهِ مَوْضِعَ الْحَرْثِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' مرد اپنی بیوی کے ساتھ کسی بھی صورت میں صحبت کر سکتا ہے' جبکہ وہ صحبت کرتے ہوئے افزائش کے مقام کا قصد کرے

**4166** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ الْيَهُودُ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَتٰى امْرَاَتَهُ وَهِيَ مُجَبِّيَةٌ جَاءَ وَلَدُهُ اَحْوَلَ فَنَزَلَتْ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) اِنْ شَاءَ مُجَبِّيَةً وَاِنْ شَاءَ غَيْرَ مُجَبِّيَةٍ اِذَا كَانَ فِيْ صِمَامٍ وَاحِدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہود نے یہ کہا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ پچھلی طرف سے صحبت کرتا ہے' تو اس کا بچہ بھینگا ہوتا ہے' تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جس طرف سے چاہو آؤ''۔

(راوی کہتے ہیں) تو اب آدمی اگلی طرف سے کرے یا پیچھے کی طرف سے کرے' جبکہ صحبت کا مقام ایک ہی ہونا چاہئے (تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے)

## ذِكْرُ كِتَابَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ لِلْمُسْلِمِ بِمُوَاقَعَةِ اَهْلِهِ

## اللہ تعالیٰ کا مسلمان کے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے کی وجہ سے' صدقہ نوٹ کرنے کا تذکرہ

**4167** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ:

---

4166- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، والنعمان بن راشد وإن كان سيء الحفظ- قد توبع .وأخرجه مسلم 1435 119 في النكاح: باب جواز جماعه امرأته في قبلها من قدامها ومن ورائها من غير تعرض للدبر، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/41، والبيهقي 7/95، اولواحدي في "أسباب النزول" ص 48 من طرق عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن محمد بن المنكدر، به: البخاري 4528 في التفسير: باب نساؤكم حرث لكم، ومسلم 1435 116 و 117 و 118و 119، والطبري 4336 و 4339 و 4340، وابن أبي شيبة 4/229، والترمذي 2978 في التفسير: باب ومن سورة البقرة، وابن ماجه 1925 في النكاح: باب النهي عن إتيان النساء في أدبارهن، وأبو داوُد 2163 في النكاح: باب في جامع النكاح، والنسائي في عشرة النساء كما في التحفة 2/363، والدارمي 2/145-146، والطحاوي 3/40 و 41، والبيهقي 7/194 و 195، والبغوي في "التفسير" 1/198، والواحدي في "أسباب النزول" ص 47، وقال الترمذي: حسن صحيح .

4167- إسناده صحيح على شرط مسلم . وهو مكرر 838 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):فِي بُضْعِ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيَاْتِي اَحَدُنَا شَهْوَتَهُ وَيَكُونُ لَهُ فِيهِ اَجْرٌ فَقَالَ: اَرَاَيْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِي الْحَرَامِ اَكَانَ عَلَيْهِ فِيهِ وِزْرٌ فَكَذٰلِكَ اِذَا وَضَعَهَا فِي الْحَلَالِ كَانَ لَهُ اَجْرٌ

(توضیح مصنف):هٰذَا خَبَرٌ اَصْلٌ فِي الْمُقَايَسَاتِ فِي الدِّينِ قَالَهُ الشَّيْخُ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں:

''آدمی کے صحبت کرنے سے بھی صدقے کا ثواب ملتا ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم میں سے کوئی شخص اپنی خواہش پوری کرتا ہے' تو کیا اس کو اس میں بھی اجر ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر وہ اسے ناجائز طریقے سے پورا کرتا تو اسے اس کا گناہ ہوتا؟ اسی طرح اگر وہ اسے جائز طریقے سے پورا کرے گا' تو اسے اس کا اجر ملے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) دینی معاملات میں قیاس کرنے کے جائز ہونے کے بارے میں یہ روایت اصول کی حیثیت رکھتی ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تَاْذَنَ الْمَرْاَةُ لِاَحَدٍ فِي بَيْتِهَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر کسی بھی شخص کو اپنے گھر میں آنے کی اجازت دے

4168 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَا تَاْذَنِ الْمَرْاَةُ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَهُوَ شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب عورت کا شوہر گھر میں موجود ہو' تو وہ اس کی اجازت کے بغیر کسی کو اپنے شوہر کے گھر کے اندر آنے کی اجازت نہ دے''۔

---

4168– إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير العباس بن عبد العظيم العنبري فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم 1026 في الزكاة: باب ما أنفق العبد من مال مولاه عن محمد بن رافع، عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وانظر 4170 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ بَعْضِ السَّبَبِ الَّذِى مِنْ اَجْلِهِ تَخُونُ النِّسَاءُ اَزْوَاجَهُنَّ

## اس ایک سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے خواتین اپنے شوہروں سے خیانت کرتی ہیں

4169 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْلَا بَنُو اِسْرَائِيلَ لَمْ يَخْنَزِ الطَّعَامُ، وَلَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ، وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ اُنْثَى زَوْجَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"اگر بنی اسرائیل نے کھانے کو جمع نہ کیا ہوتا تو کھانا گوشت بدبودار نہ ہوتا اور اگر سیّدہ حوا رضی اللہ عنہا نے (وہ حرکت نہ کی ہوتی) تو کوئی عورت اپنے شوہر کے ساتھ خیانت نہ کرتی"۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الشَّيْئَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا قَبْلُ اِنَّمَا هُوَ زَجْرُ تَحْرِيمٍ لَا زَجْرَ تَاْدِيبٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ ان دو چیزوں سے ممانعت جن کا ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں یہ حرمت ثابت کرنے والی ممانعت ہے ادب سکھانے والی ممانعت نہیں ہے

4170 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

---

4169– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن أبي السرى، وهو متابع. وأخرجه أحمد 2/315 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 3399 فى أحاديث الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وَوَاعَدْنَا مُوسَى ثَلَاثِينَ لَيْلَةً) (الأعراف: 142)، عن عبد الله ابن محمد الجعفي، ومسلم 1470 63 فى الرضاع: باب لولا حواء لم تخن أنثى زوجها الدهر، عن محمد بن رافع، والبغوى 2335 من طريق أحمد بن يوسف السلمي، ثلاثتهم عن عبد الرزاق، به. وأخرجه البخارى 3330 فى أحاديث الأنبياء: باب خلق آدم وذريته عن بشر بن محمد، عن عبد الله، عن معمر، به. وأخرجه مسلم 1470 62 عن هارون بن معروف، عن عبد الله بن وهب، عن عمرو بن الحارث، عن أبي يونس مولى أبي هريرة، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/304 عن محمد بن جعفر، عن عوف، عن خلاس بن عمرو الهجرى، عن أبي هريرة. وأخرجه الحاكم 4/175 من طريق روح بن عبادة، عن عون، عن محمد، عن أبي هريرة.

4170– مسلم بن الوليد وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف 7/446 و5/494، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. حيوة: هو ابن شريح التجيبي المصرى، وابن الهاد: هو يزيد بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، وقد صح متن الحديث من غير هذه الطريق، فقد أخرجه البخارى 5195 فى النكاح: باب لا تأذن المرأة فى بيت زوجها لأحد إلا بإذنه، عن أبي اليمان، عن شعيب، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ . الأعرج، عن أبي هريرة، وقد تقدم تخريجه 3572 و3573 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ اَنْ تَصُوْمَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ، وَلَا تَاْذَنَ لِرَجُلٍ فِيْ بَيْتِهَا وَهُوَ لَهٗ كَارِهٌ، وَمَا تَصَدَّقَتْ مِنْ صَدَقَةٍ فَلَهٗ نِصْفُ صَدَقَتِهَا، وَاِنَّمَا خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''کسی بھی عورت کیلئے اپنے شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ رکھنا جائز نہیں ہے اور نہ ہی وہ عورت اپنے گھر میں کسی ایسے مرد کو آنے کی اجازت دے سکتی ہے' جسے اس کا شوہر ناپسند کرتا ہو اور عورت جو بھی صدقہ کرتی ہے' تو اس صدقے کا نصف ثواب مرد کو ملے گا' عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے''۔

## ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِجْتِهَادِ لِلْمَرْاَةِ فِيْ قَضَاءِ حُقُوْقِ زَوْجِهَا بِتَرْكِ الْاِمْتِنَاعِ عَلَيْهِ فِيْمَا اَحَبَّ

## عورت کے لیے اپنے شوہر کے حقوق کی ادائیگی میں بھرپور کوشش کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ جو شوہر کی پسند کو نہ روکنے کی شکل میں ہوگی

وَرَسُولَهُ، قَالَتْ: مَالِي وَمَالَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ عَلَيْكَ بِعَيْبَتِكَ، فَدَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ فَقُلْتُ لَهَا: يَا حَفْصَةُ لَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَأْنِكِ أَنْ تُؤْذِي اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحِبُّكِ وَلَوْلَا أَنَا لَطَلَّقَكِ، فَبَكَتْ أَشَدَّ الْبُكَاءِ فَقُلْتُ: أَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: هُوَ فِي خِزَانَتِهِ فِي الْمَشْرُبَةِ فَدَخَلْتُ فَإِذَا أَنَا بِرَبَاحٍ غُلَامٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَاعِدٍ عَلَى أُسْكُفَّةِ الْمَشْرُبَةِ مُدَلٍّ رِجْلَيْهِ عَلَى نَقِيرٍ مِّنْ خَشَبٍ وَهُوَ جِذْعٌ يَرْقَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَنْحَدِرُ فَنَادَيْتُ: يَا رَبَاحُ اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ اسْتَأْذِنْ لِي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أَظُنُّ رَسُولَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَنَّ أَنِّي جِئْتُ مِنْ أَجْلِ حَفْصَةَ وَاللّٰهِ لَئِنْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَرْبِ عُنُقِهَا لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَهَا وَرَفَعْتُ صَوْتِي فَأَوْمَا إِلَيَّ بِيَدِهِ فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى حَصِيرٍ قَالَ: فَجَلَسْتُ فَإِذَا عَلَيْهِ إِزَارٌ لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ وَإِذَا الْحَصِيرُ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِهِ فَنَظَرْتُ بِبَصَرِي فِي خِزَانَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا بِقَبْضَةٍ مِّنْ شَعِيرٍ نَحْوَ الصَّاعِ وَمِثْلُهَا قَرَظٌ فِي نَاحِيَةِ الْغُرْفَةِ وَإِذَا أَفِيقٌ، قَالَ أَبُو حَفْصٍ: الْأَفِيقُ: الْإِهَابُ الَّذِي قَدْ ذَهَبَ شَعْرُهُ وَلَمْ يُدْبَغْ فَابْتَدَرَتْ عَيْنَايَ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَمَا لِي لَا أَبْكِي وَهٰذَا الْحَصِيرُ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِكَ وَهٰذِهِ خِزَانَتُكَ وَلَا أَرَى فِيهَا إِلَّا مَا أَرَى وَذٰلِكَ قَيْصَرُ، وَكِسْرَى فِي الثِّمَارِ وَالْأَنْهَارِ وَأَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ وَصَفْوَتُهُ وَهٰذِهِ خِزَانَتُكَ، قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ أَلَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَنَا الْآخِرَةُ وَلَهُمُ الدُّنْيَا؟، قُلْتُ: بَلَى فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَأَنَا أَرَى فِي وَجْهِهِ الْغَضَبَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَشُقُّ عَلَيْكَ مِنْ شَأْنِ النِّسَاءِ فَإِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهُنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَجِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ وَأَنَا وَأَبُو بَكْرٍ مَعَكَ وَقَلَّمَا تَكَلَّمْتُ وَأَحْمَدُ اللّٰهَ بِكَلَامٍ إِلَّا رَجَوْتُ أَنْ يَكُونَ اللّٰهُ يُصَدِّقُ قَوْلِي وَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ آيَةُ التَّخْيِيرِ (عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ) (التحريم: 5)، (وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ) (التحريم: 4) الْآيَةَ، وَكَانَتْ عَائِشَةُ، وَحَفْصَةُ تُظَاهِرَانِ عَلَى سَائِرِ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَطَلَّقْتَهُنَّ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَأَنْزِلُ فَأُخْبِرُهُنَّ أَنَّكَ لَمْ تُطَلِّقْهُنَّ؟ قَالَ: نَعَمْ إِنْ شِئْتَ، فَلَمْ أَزَلْ أُحَدِّثُهُ حَتَّى تَحَسَّرَ الْغَضَبُ عَنْ وَجْهِهِ وَحَتَّى كَشَّرَ فَضَحِكَ وَكَانَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا، فَنَزَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَزَلْتُ أَتَشَبَّثُ بِالْجِذْعِ وَنَزَلَ كَمَا يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ مَا يَمَسُّهُ بِيَدِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُنْتَ فِي الْغُرْفَةِ تِسْعًا وَعِشْرِينَ فَقُمْتُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي: لَمْ يُطَلِّقِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نِسَاءَهُ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ) (النساء: 83) إِلَى قَوْلِهِ (لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ) (النساء: 83) فَكُنْتُ أَنَا اسْتَنْبَطْتُ ذٰلِكَ الْأَمْرَ وَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ التَّخْيِيرِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کی تو میں مسجد میں داخل ہوا وہاں لوگ کنکریوں کو کرید رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے یہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (میں نے سوچا) میں آج اس بارے میں ضرور معلومات حاصل کروں گا میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی! اب آپ کا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' آپ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتی ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرا اور آپ کا کیا واسطہ آپ اپنا گھر سنبھالیں پھر میں حفصہ بنت عمر کے پاس آیا میں نے کہا: اے حفصہ اب تمہارا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' تم اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاؤ مجھے یہ بات پتہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تم سے محبت نہیں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں طلاق دے دینی تھی اس پر حفصہ زور و شور سے رونے لگیں میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانے میں آرام فرما ہیں میں وہاں آیا' تو وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام رباح موجود تھا وہ بالا خانے کی سیڑھیوں پر بیٹھا ہوا تھا اس نے تختے پر پاؤں پھیلائے ہوئے تھے جو کھجور کے تنوں سے بنا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر چڑھ کر اوپر تشریف لے جاتے تھے اور اسی کے ذریعے نیچے تشریف لایا کرتے تھے میں نے اسے مخاطب کیا اے رباح تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو اس نے بالا خانے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا میں نے کہا: اے رباح! تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو مجھے یہ لگتا ہے' شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ سمجھ رہے ہوں کہ میں حفصہ کی وجہ سے آیا ہوں حالانکہ اللہ کی قسم! اگر اللہ کے رسول مجھے حکم دیں کہ میں اس کی گردن اڑا دوں' تو میں اس کی گردن بھی اڑا دوں گا میں نے بلند آواز میں یہ بات کہی (اس لڑکے نے اوپر جا کر اجازت مانگی) اور پھر میری طرف اشارہ کیا' تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں وہاں بیٹھ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف تہبند باندھا ہوا تھا اس کے علاوہ کوئی اور چیز آپ کے جسم پر نہیں تھی اور آپ کے پہلو پر چٹائی کا نشان موجود تھا جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمرے کا جائزہ لیا تو وہاں تقریباً ایک صاع جو موجود تھے اور ایک صاع کے قریب درخت کے پتے تھے اور وہاں افیق موجود تھی۔

ابوحفص نامی راوی کہتے ہیں: افیق سے مراد وہ کھال ہے' جس کے بال اتار دیئے گئے ہوں' لیکن ابھی اس کی دباغت نہ کی گئی ہو۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے خطاب کے صاحب زادے! تم کیوں رو رہے ہو میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی میں کیوں نہ روؤں اس چٹائی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر نشان ڈال دیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کمرے میں مجھے وہ چیزیں جو نظر آ رہی ہیں حالانکہ قیصر اور کسریٰ پھلوں اور نہروں کے اندر (یعنی نعمتوں کے اندر) رہ رہے ہیں' جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول اور اس کے محبوب ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساز و سامان اتنا سا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحب زادے کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ ہمارے لیے آخرت ہو اور ان کے لیے دنیا ہو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں نے عرض کی: جی ہاں (حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر غصے کے آثار دیکھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ان خواتین کے حوالے سے پریشان نہ ہوں' کیونکہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں طلاق دے دیتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے جبرائیل' میکائیل اور میں اور ابوبکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتے ہوئے کوئی کلام کیا اور میں نے یہ امید رکھی کہ اللہ تعالیٰ اس بات کی تصدیق کردے گا' تو اختیار دینے سے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور اگر وہ (رسول) تم (یعنی ازواج مطہرات) کو طلاق دے دیتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسی بیویاں دیدے گا' جو تم سے بہتر ہوں گی''۔

(ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:)

''اور اگر وہ دونوں (اس رسول) پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں' تو بے شک اللہ اس کا مددگار ہے''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج کے حوالے سے دباؤ ڈالنا چاہتی تھیں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ نے انہیں طلاق دے دی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں واپس جا کر ان لوگوں کو بتا دوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں طلاق نہیں دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اگر تم چاہو تو (بتادو) اس کے بعد میں مسلسل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرتا رہا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ ختم ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر مزاج ٹھیک ہونے کے آثار نمودار ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسکراہٹ بہت خوبصورت تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانے سے نیچے تشریف لائے میں نے نیچے آتے ہوئے تنے کا سہارا لیا حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح اترے تھے جس طرح ہم عام زمین پر چلتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اسے چھوا بھی نہیں تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ انتیس دن سے بالا خانے میں مقیم ہیں پھر میں مسجد کے دروازے پر کھڑا ہوا میں نے بلند آواز میں اعلان کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق نہیں دی ہے۔

تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور جب ان کے پاس امن یا خوف سے متعلق کوئی معاملہ آتا ہے' تو وہ اسے پھیلا دیتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے:

''تو وہ لوگ اس بارے میں جان لیتے ہیں جو ان میں سے استنباط کرتے ہیں''۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں وہ شخص ہوں جس نے اس معاملے میں استنباط کیا' تو اللہ تعالیٰ نے اختیار دینے سے متعلق آیت نازل کردی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ إِلَّا عِنْدَ الْحَاجَةِ إِلَى أَدَبِهِنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ

## خواتین کو مارنے کی ممانعت کا تذکرہ البتہ ضرورت کے وقت ان کی تادیب کے لیے پٹائی کی جاسکتی ہے جو (زیادہ تکلیف دہ) نہ ہو

4189 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَضْرِبُوا إِمَاءَ اللَّهِ قَالَ: فَذَئِرَ النِّسَاءُ وَسَاءَتْ أَخْلَاقُهُنَّ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ذَئِرَ النِّسَاءُ وَسَاءَتْ أَخْلَاقُهُنَّ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاضْرِبُوا فَضَرَبَ النَّاسُ نِسَاءَهُمْ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَأَتَى نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْتَكِينَ الضَّرْبَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ أَصْبَحَ: لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ اللَّيْلَةَ سَبْعُونَ امْرَأَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِينَ الضَّرْبَ وَايْمُ اللَّهِ لَا تَجِدُونَ أُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

❁❁ حضرت ایاس بن ابوذباب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی کنیزوں (یعنی اپنی بیویوں کو) نہ مارو۔ راوی کہتے ہیں: اس پر عورتیں شیر ہوگئیں اور اپنے شوہروں کے حوالے سے ان کے اخلاق خراب ہوگئے' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: عورتیں شیر ہوگئیں اور اپنے شوہروں کے ساتھ ان کے اخلاق خراب ہو گئے ہیں جب سے

4189– حديث صحيح، ابن أبي السّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وإياس بن أبي ذناب، قال البخاري في "تاريخ" 1/440: لا تعرف له صحبة، وخالفه أبو حاتم وأبو زرعة، فأثبتا صحبته كما في "الجرح والتعديل" 2/280، ورجح الحافظ صحبته في "تهذيب التهذيب" 1/389، وصحح إسناد حديثه هذا في "الإصابة1/101"، وقد اضطرب رأي المؤلف فيه، فذكره في "مشاهير علماء الأمصار" ص 34، ضمن مشاهير الصحابة بمكة، وقال: كان ممن شهد حجة المصطفى صلى الله عليه وسلم وعقل عنه، ثم ذكره ص 82في مشاهير التابعين من أهل مكة، وقال: ليس يصح عندي صحبته فلذلك حططناه عن طبقة الصحابة إلى التابعين . وانظر "الثقات3/12" و 304 .وهو في "مصنف عبد الرزاق" 17945، ومن طريقه أخرجه الطبراني 784، البيهقي 7/304وأخرجه ابن ماجه 1985 في النكاح: باب ضرب النساء، والطبراني 785، والبيهقي 7/305 من طرق عن سفيانبن عيينة، عن الزهري، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد 2146 في النكاح: باب في ضرب النساء، عن أحمد بن أبي خلف، وأحمد بن عمرو بن السرح، قالا: حدثنا سفيان، عن الزهري، عن عبد الله بن عبد الله، قال ابن السرح: عبيد الله بن عبد الله، عن إياس بن عبد الله .وأخرجه الشافعي 2/28، والدارمي 2/147، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 2/10، والحاكم 2/188 و 191، والبغوي 2346 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر، عن إياس بن عبد الله بن أبي ذناب، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه الطبراني 786 من طريق ابن المبارك، عن محمد بن ابي حفصة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن إياس بن أبي ذناب .وللحديث شاهد من حديث ابن عباس، وقد تقدم برقم 4186، وآخر مرسل عند البيهقي 7/304 من حديث أم كلثوم بنت أبي بكر .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


آپ ﷺ نے ان کی پٹائی کرنے سے منع کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان کی پٹائی کر دیا کرو۔ لوگوں نے اس رات اپنی بیویوں کی اتنی پٹائی کی کہ اگلے دن پٹائی کی شکایت لے کر بہت سی خواتین نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس وقت یہ ارشاد فرمایا: گزشتہ رات محمد کے گھر پر 70 خواتین آئیں ان سب نے یہی شکایت کی کہ ان کی پٹائی ہوئی ہے اللہ کی قسم! تم ان لوگوں کو اپنے میں سے بہترین نہیں پاؤ گے (جو اپنی بیویوں کی پٹائی کرتے ہیں)

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ جَلْدِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ عِنْدَ اِرَادَتِهٖ تَاْدِيبَهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کی تادیب کرتے ہوئے اسے کوڑے کے ذریعے مارے

**4190** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدِ الْخَطَّابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَامَ يَجْلِدُ اَحَدُكُمُ امْرَاَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِيْ اٰخِرِ الْيَوْمِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا وجہ ہے' کوئی شخص اپنی بیوی کو اس طرح مارتا ہے' جس طرح غلام کو مارا جاتا ہے اور پھر وہ دن کے آخری حصے میں اسی عورت کے ساتھ صحبت بھی کر لیتا ہے''۔

---

4190- حديث صحيح، إسحاق بن زيد الخطابي: هو إسحاق بن زيد بن عبد الكبير بن عبد المجيد بن عبد الرحمٰن بن زيد بن الخطب، ذكره المؤلف في "الثقات" 8/122، وأورده ابن ابي حاتم 2/220 وقال: روى عن محمد بن سليمان بن أبي داوٗد، وعثمان بن عبد الرحمٰن الطرائفي، وعمه سعيد بن عبد الكبير، سمع منه أبي بحرّان، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . الفريانى: هو محمد بن يوسف .وأخرجه البيهقي 7/305 من طريق الثورى، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن هشام به: أحمد 4/17، والدارمي 2/147، والبخارى 4942 في التفسير: باب سورة "والشمس وضحاها" و 5204 في النكاح: باب ما يكره من ضرب النساء . . .، و 6042 في الأدب: باب في الحب في الله، ومسلم 2855 في الجنة وصفة نعيمها: باب النار يدخلها الجبارون، والترمذي 3343 في التفسير: باب ومن سورة الشمس وضحاها، وابن ماجه1938 في النكاح: باب ضرب النساء .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# بَابُ الْعَزْلِ

## عزل کا حکم

**4191** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ:

(متن حدیث): اَصَبْنَا سَبْيًا يَوْمَ خَيْبَرَ فَكُنَّا نُرِيدُ الْفِدَاءَ فَسَاَلْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ: لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوا ذٰلِكُمْ فَاِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ

اسْمُ اَبِي الْوَدَّاكِ: جَبْرُ بْنُ نَوْفٍ قَالَهُ الشَّيْخُ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر ہمیں کچھ قیدی ملے ہم نے فدیہ لینے کا ارادہ کیا ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر کوئی حرج نہیں ہوگا اگر تم یہ نہ کرو؛ کیونکہ یہ تقدیر کے مطابق ہے۔

ابووداک والا کا نام جبر بن نوف ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ مَزْجُورٌ عَنْهُ لَا يُبَاحُ اسْتِعْمَالُهُ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اس فعل سے منع کیا گیا ہے' اس پر عمل کرنا مباح نہیں ہے

**4192** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ حَرْمَلَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي

4191- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الوداك فمن رجال مسلم، وشعبة سمع من أبي إسحاق قديماً، أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الباهلي الطيالسي الحافظ الإمام الحجة، وابن كثير هو محمد بن كثير العبدي .وقوله: "فكنا نريد الفداء "، ولفظ مسلم: "فطالت علينا العزبة ورغبنا في الفداء " ومعناه احتجنا إلى الوطء وخفنا من الحبل، فتصير أم ولد يمتنع علينا بيعه وأخذ الفداء فيها .وأخرجه الطيالسي 2175، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 3/34" من طريق شعبة بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/49، والطحاوي 3/33 و 34 من طريقين عن أبي إسحاق، به . وانظر 4193 .

4192- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو سعيد مولى المهري، روى عنه جمع، واحتج به مسلم، وذكره المؤلف في "الثقات"، ووثقه الإمام الذهبي في "الكاشف"، وقول الحافظ في "التقريب": مقبول، غير مقبول، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 5/168-169 عن عبد الملك بن عمرو، عن علي بن المبارك .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


عَمرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِىْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِىِّ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ

(متن [illegible]) [illegible] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَكَ فِىْ جِمَاعِ زَوْجَتِكَ اَجْرٌ فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَفِىْ شَهْوَةٍ يَكُوْنُ مِنْ اَجْرٍ قَالَ: نَعَمْ اَرَاَيْتُ لَوْ كَانَ لَكَ وَلَدٌ قَدْ اَدْرَكَ ثُمَّ مَاتَ اَكُنْتَ مُحْتَسِبَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَنْتَ كُنْتَ خَلَقْتَهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ خَلَقَهُ قَالَ: اَنْتَ كُنْتَ هَدَيْتَهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ هَدَاهُ قَالَ: اَكُنْتَ تَرْزُقُهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ كَانَ رَزَقَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضَعْهُ فِىْ حَلَالِهِ وَجَنِّبْهُ حَرَامَهُ وَاَقْرِرْهُ فَاِنْ شَاءَ اللّٰهُ اَحْيَاهُ وَاِنْ شَاءَ اَمَاتَهُ وَلَكَ اَجْرٌ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتے ہو اس کا بھی تمہیں اجر ملے گا عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا خواہش نفس پوری کرنے پر بھی اجر ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں تمہارا کیا خیال ہے اگر (اس صحبت کے نتیجے میں) تمہارے ہاں بچہ ہو جاتا ہے جو بڑا ہوتا ہے پھر اس کا انتقال ہو جاتا ہے کیا تمہیں اس پر (صبر) کرنے کی وجہ سے ثواب کی امید ہو گی اس شخص نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اس بچے کو پیدا کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے پیدا کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے اسے ہدایت نصیب کی۔ انہوں نے جواب دیا: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے ہدایت نصیب کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اسے رزق دیا۔ انہوں نے عرض کی: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے رزق دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس لیے تم اسے حلال طریقے سے استعمال کرو اور حرام سے اجتناب کرو اور تم اسے برقرار رکھو اگر اللہ تعالیٰ چاہے گا' تو اسے زندگی دے گا اگر چاہے گا اسے موت دے گا اور تمہیں اجر مل جائے گا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّمَا هُوَ الْقَدْرُ اَرَادَ بِهِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ قَدَّرَ مَا هُوَ كَائِنٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "بے شک وہ تقدیر ہے" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو تقدیر میں طے کر دیا ہے' جو بھی قیامت تک ہوگی

**4193** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمِنْهَالِ الْعَطَّارُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ

(متن حدیث): اَنَّ بَعْضَ النَّاسِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَاْنِ الْعَزْلِ وَذٰلِكَ فِىْ غَزْوَةِ بَنِى الْمُصْطَلِقِ وَكَانُوْا اَصَابُوْا سَبَايَا وَكَرِهُوْا اَنْ يَلِدْنَ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ قَدَّرَ مَا هُوَ خَالِقٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں دریافت کیا: یہ غزوہ بنومصطلق کے دوران کی بات ہے ان لوگوں کو کچھ قیدی ملے تھے اور ان لوگوں نے اس بات کو ناپسند کیا کہ قیدیوں میں سے خواتین ان کے بچوں کو جنم دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم ایسا نہیں کرتے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہوگا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن تک جسے پیدا کرنا ہے اسے تقدیر میں (طے) کر دیا ہے۔

**4194** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ عِنْدِي جَارِيَةً

---

4193– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي كامل الجحدري واسمه فضيل بن حسين– فمن رجال مسلم، وفي فضيل بن سليمان كلام من جهة حفظه، لكنه متابع، ابن مجيريز: هو عبد الله بن مجيريز الجمحي، وهو مدني سكن الشام، ومجيريز أبوه: هو ابن جنادة بن وهب، وهو من رهط أبي محذورة المؤذن، وكان يتيماً في حجره .وأخرجه الطحاوي 3/33 من طريق وهيب، عن موسى بن عقبة، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/594 في الطلاق: باب ما جاء في العزل، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/68، والبخاري 2542 في العتق: باب من ملك من الأعراب رقيقاً . . . ز، وأبو داؤد 2172 في النكاح: باب ما جاء في العزل، والطحاوي 3/33، والبيهقي 7/229، والبغوي 2295 عن ربيعة بن أبي عبد الرحمٰن عن محمد بن يحيى بن حبان، بِهِ .وأخرجه مسلم 1438 125 من طرق، عن إسماعيل بن جعفر، وسعيد بن منصور 2220 عن عبد العزيز بن محمد، كلاهما عن ربيعة، بِهِ . وأخرجه البخاري 5210 في النكاح: باب العزل، ومسلم 1438 127 من طريق جويرية، عن مالك، عن الزهري، عن ابن مجيريز، بِهِ .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/222 من طريق محمد بن إسحاق، عن محمد بن يحيى بن حبان، عن عبد الله بن مجيريز قال: دخلت أنا وأبو ضمرة المازني فوجدنا أبا سعيد يحدث كما يحدث أبو سلمة وأبو أمامة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "كذبت يهود"، وقال في آخر الحديث: "وما عليكم أن لا تفعلوا وقد قدر الله ما هو خالق من خلقه إلى يوم القيامة" .وأخرجه الطحاوي 3/33 من طريق الزهري، عن عبد الله بن مجيريز، ع أبي سعيد .وأخرجه من طرق عن أبي سعيد، وبألفاظ مختلفة: أحمد 3/11 و 23 و 53 و 68 و 78، والطيالسي 2177، والدارمي 2/148، وابن أبي شيبة 4/222، وسعيد بن منصور 2217 و 2218 و 2219، ومسلم 1438 128 و 129 و 1309 و 131 و 132 و 133، وأبو داؤد . . . . 2170 و 2171، والترمذي 1138، والنسائي 6/107، والطحاوي 3/31 و 32 و 33–34 و 34، والبيهقي 7/229 و 230 .

4194– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الواحد بن غياث، فقد روى له أبو داؤد وهو صدوق .وأخرجه أحمد 3/313، وابن أبي شيبة 4/220، وابن ماجه 89 في المقدمة: باب في القدر، وأبو يعلى 1910، والطحاوي 3/35 من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 12550 عن الثوري، عن منصور والأعمش، عن سالم بن أبي الجعد، بِهِ .2 قول إبراهيم وهو النخعي– هذا لم يرد عند المؤلف بإثر هذا الحديث، وقد أسنده عبد الرزاق في "مصنفه" 12569 عن سفيان الثوري، عن الأعمش، عنه: كانوا يقولون . . . . وأخرج عبد الرزاق 9664 ومن طريقه الطبراني 9664 عن أبي حنيفة، عن حماد، عن إبراهيم، عن علقمة، قال: سئل ابن مسعود عن العزل فقال: لو أخذ الله ميثاق نسمة من صلب آدم ثم أفرغه على صفا، لأخرجه من ذلك الصفا، فاعزل، وإن شئت فلا تعزل، وهذا سند صحيح رجاله رجال الصحيح غير أبي حنيفة الإمام، وهو ثقة، وثقه ابن معين وعلي بن المديني وغيرهما، وقد تبادر الهيثمي في "مجمعه4/297، فقال: فيه رجل ضعيف لم أسمه! وبقية رجاله رجال الصحيح . وأخرجه سعيد بن منصور 2221 عن هشيم، حدثنا منصور، عن الحارث العكلي، عن إبراهيم، قال: سئل ابن مسعود عن العزل، فقال: لا عليكم أن لا تفعلوا، فلو أن هذه النطفة التي أخذ الله الميثاق كانت في صخرة لنفخ فيها الروح .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ سَيَاْتِيهَا مَا قُدِّرَ لَهَا ثُمَّ اَتَاهُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ: اِنَّهَا قَدْ حَمَلَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَدَّرَ اللّٰهُ نَسَمَةً تَخْرُجُ اِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرٰهِيمَ فَقَالَ: كَانَ يُقَالُ: لَوْ اَنَّ النُّطْفَةَ الَّتِي قُدِّرَ مِنْهَا الْوَلَدُ وُضِعَتْ عَلٰى صَخْرَةٍ لَاَخْرَجَت

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری ایک کنیز ہے جس کے ساتھ میں عزل کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب اس کے پاس وہ چیز آ جائے گی جو اس کے نصیب میں لکھی ہوئی ہے اس کے بعد وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے بتایا: وہ کنیز حاملہ ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس بھی جان کے پیدا ہونے کے بارے میں طے کر دیا وہ پیدا ہو کے رہے گی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس روایت کا تذکرہ ابراہیم سے کیا' تو وہ بولے: یہ بات کہی جاتی ہے' جس نطفے کے مقدر میں یہ بات لکھ دی گئی ہو کہ اس کے ذریعے بچے نے پیدا ہونا ہے' اگر اسے پتھر پر بھی ڈال دیا جائے' تو اس میں بھی وہ پیدا ہو جائے گا۔

## ذِكْرُ اِبَاحَةِ عَزْلِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ بِاِذْنِهَا اَوْ جَارِيَتَهُ

## آدمی کا اپنی بیوی کی اجازت کے ساتھ اس کے ساتھ عزل کرنے یا اپنی کنیز کے ساتھ عزل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

**4195** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَعْزِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہم لوگ عزل کیا کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع نہیں کیا۔

---

4195- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير واسمه محمد بن مسلم بن تدرس- روى له البخاري مقروناً . هشام: هو ابن أبي عبد الله الدستوائي، وهو في "مسند أبي يعلى" 2255وأخرجه مسلم 1440 138 في النكاح: باب حكم العزل، وأبو داوُد 2173 في النكاح: باب ما جاء في العزل، والبيهقي 7/228، والطحاوي 3/35 من طريقين عن أبي الزبير، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الرزاق 12566، والحميدي 1257، وأحمد 3/377 و 380، والبخاري 5207 و 5208 في النكاح: باب العزل، ومسلم 1440 136 و 137، والترمذي 1137 في النكاح: باب ما جاء في العزل، وأبو يعلى 2193، والطحاوي 3/35، والبيهقي 7/288 من طريق عن عطاء، عن جابر .وأخرجه أحمد 3/309 عن سفيان، عن عمرو بن دينار، عن جابر بإسقاط عطاء، وأخرجه أبو نعيم من طريق "المسند" بإثباته وهو المعتمد، نبه عليه الحافظ في الفتح 9/309 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# بَابُ الْغَيْلَةِ

## غیلہ (یعنی دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے) کا بیان

### ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ إِرْضَاعِ الْمَرْأَةِ وَإِتْيَانِ زَوْجِهَا إِيَّاهَا فِي حَالَتِهَا

### اس بات کی اطلاع کا تذکرہ عورت کے (بچے کو) دودھ پلانے کے دوران اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے

**4196** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ الْأَسَدِيَّةِ

(متن حدیث): أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَنْهَى عَنِ الْغِيلَةِ حَتَّى ذَكَرْتُ أَنَّ الرُّومَ، وَفَارِسَ يَصْنَعُونَ ذٰلِكَ فَلَا يَضُرُّ أَوْلَادَهُمْ قَالَ مَالِكٌ: وَالْغِيلَةُ: أَنْ يَمَسَّ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ وَهِيَ تُرْضِعُ

❀❀ سیدہ جذامہ بنت وہب اسدیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''پہلے میں نے اس بات کا ارادہ کیا کہ میں دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے منع کر دوں پھر مجھے خیال آیا کہ اہل روم اور اہل فارس بھی ایسا کرتے ہیں اور ان کی اولاد کو کوئی نقصان نہیں ہوتا''۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: غیلہ سے مراد یہ ہے: کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایسی حالت میں صحبت کرے جب وہ عورت دودھ پلا رہی ہو۔

---

4196– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/607–608 في الرضاع: باب جامع ما جاء في الرضاع .ومن طريق مالك أخرجه أحمد 6/361، والدارمي 2/146–147، ومسلم 1442 140 في النكاح: باب جواز الغيلة وهي وطء المرضع، وأبو داؤد 3882 في الطب: باب في الغيل، والنسائي 6/106–107 في النكاح: باب الغيلة، والطبراني 24/534، والبيهقي 7/465، والبغوي 2298 .وأخرجه أحمد 6/434، ومسلم 1442 141و 142، والترمذي 2076 في الطب: باب ما جاء في الغيلة، وابن ماجه 2011 في النكاح: باب الغيل، والطبراني 24/535 و 536، والبيهقي 17/231–232 من طريقين عن محمد بن عبد الرحمٰن ابن نوفل، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ النَّهْيِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی جائے

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَجَازَ اِتْيَانَ النِّسَاءِ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے خواتین کے پیدائش کے مقام کے علاوہ میں صحبت کرنے کو جائز قرار دیا ہے

**4197** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ الْيَهُوْدُ: اِنَّمَا يَكُوْنُ الْحَوَلُ اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ مِنْ خَلْفِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) مِنْ قُدَّامِهَا وَمِنْ خَلْفِهَا وَلَا يَاْتِيهَا اِلَّا فِي الْمَاْتَى

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہود یہ کہا کرتے تھے بچہ بھینگا اس وقت ہوتا ہے جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ پیچھے کی طرف سے صحبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جس طرف سے چاہو آؤ''۔

اس سے مراد یہ ہے: آگے کی طرف سے آؤ یا پیچھے کی طرف سے آؤ لیکن آؤ صرف اسی مقام پر جہاں آیا جاتا ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی جائے

**4198** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، عَنِ ابْنِ الْهَادِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ حُصَيْنٍ الْوَائِلِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ هَرَمِيَّ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِفِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ الْخَطْمِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

❀❀ حضرت خزیمہ بن ثابت خطمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا تم خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو''۔

---

4197- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الواحد بن غياث، فقد روى له أبو داود، وهو صدوق، وقد تقدم برقم 4166 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**4199** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ عِيسَى بْنِ حِطَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ اَحَدِنَا الرُّوَيْحَةُ قَالَ: اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّاْ وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

❁❁ حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم میں سے کسی شخص کی ہوا خارج ہو جاتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی ہوا خارج ہو تو وہ وضو کر لے اور تم لوگ خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ اَعْجَازِهِنَّ اَرَادَ بِهٖ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''ان کے اعجاز میں'' اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد ان کی پچھلی شرمگاہیں ہیں

**4200** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ سَعِيدَ بْنَ اَبِيْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، حَدَّثَهُ اَنَّ حُصَيْنَ بْنَ مُحْصِنٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ هَرَمِيًّا حَدَّثَهُ اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

❁❁ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا تم خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو''۔

---

4199– رجاله ثقات غير مسلم بن سلام فلم يُوثّقهُ غير المؤلّف، ولم يَروِ عنه غيرُ عيسى بن حطان، لكن ما قبله يشهد للقسم الثاني منه، فهو حسن به . وقد تقدم تخريجه في 2236 .

4200– حديث حسن في المتابعات . حصين بن محصن: لم يوثقه غير المؤلف 6/212 . وانظر 4198 .وأخرجه النسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 3/127، والطبراني 3738، والبيهقي 7/196 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/214، والنسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 3/126–127، وابن ابي شيبة 4/253، والدارمي 1/261 و 2/145، والطحاوي 3/44، والطبراني 3739و 3740، والبيهقي 7/197 من طرق عن هرمي بن عبد الله، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، آدمی اپنی بیوی کے ساتھ پیدائش کے مقام کے علاوہ میں صحبت کرے

**4201** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عِيْسَى بْنِ حِطَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّا نَكُوْنُ فِيْ اَرْضِ الْفَلَاةِ فَيَكُوْنُ مِنَّا الرُّوَيْحَةُ وَفِي الْمَاءِ قِلَّةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّاْ، وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِيْ مِنَ الْحَقِّ

❀❀ حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: ہم ایک ایسی سرزمین پر رہتے ہیں جو بے آب وگیاہ ہے ہم میں سے کسی کی تھوڑی سی ہوا خارج ہوجاتی ہے، اور وہاں پانی کم ہوجاتا ہے (تو ہمیں کیا کرنا چاہئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی ہوا خارج ہوجائے، تو اسے وضو کرنا چاہئے اور تم خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو بیشک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اِبَاحَةَ اِتْيَانِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، آدمی اپنی بیوی کی اگلی شرمگاہ کے علاوہ صحبت کرسکتا ہے

**4202** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الْقُمِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِي الْمُغِيْرَةِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلَكْتُ قَالَ: وَمَا اَهْلَكَكَ؟، قَالَ: حَوَّلْتُ رَحْلِيَ اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) يَقُوْلُ: اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ

---

4201– هو مكرر 4199 .

4202– إسناده حسن، يعقوب القمي: هو يعقوب بن عبد الله بن سعد الأشعري القمي، وهو في "مسند أبي يعلى" 2736 .وأخرجه أحمد 1/297، والترمذي 2980 في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري 4347، والنسائي في التفسير وفي عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 4/404، والواحدي في "أسباب النزول" ص 48، والطبراني 21317، والبيهقي 7/198، والبغوي في "معالم التنزيل" 1/198 من طرق عن يعقوب القمي، بهذا الإسناد .وقال الترمذي: حديث حسن غريب .وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 1/629، وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبي حاتم، والخرائطي في "مساوء الأخلاق"، والضياء في "المختارة" .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ﷺ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں ہلاکت کا شکار ہو گیا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا۔ تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا: گزشتہ رات میں نے اپنے پالان کو الٹا دیا۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی طرف یہ وحی نازل کی۔

''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں اپنے کھیت میں جس طرح سے چاہو آؤ''۔

راوی بیان کرتے ہیں: یعنی خواہ آگے طرف سے آؤ پیچھے کی طرف سے آؤ۔ لیکن پچھلی شرمگاہ اور حیض سے اجتناب کرو۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ الْمَرْءِ امْرَاَةً فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کسی عورت کے ساتھ اگلی شرمگاہ کے علاوہ صحبت کرے

**4203** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى امْرَاَةً فِيْ دُبُرِهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: رَفَعَهُ وَكِيْعٌ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ

ﷺ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وکیع نامی راوی نے ضحاک بن عثمان کے حوالے سے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

## ذِكْرُ نَفْيِ نَظَرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْاٰتِيْ نِسَاءَهُ وَجَوَارِيَهُ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

## اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں کی طرف نظر رحمت کرنے کی نفی کا تذکرہ جو اپنی بیویوں' یا کنیزوں کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتے ہیں

4203- إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح، لكن في أبي خالد الأحمر وهو سليمان بن حيان- كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه النسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في التحفة 5/210، والترمذي 1165 في الرضاع، عن أبي سعيد الأشج، بهذا الإسناد .وقال الترمذي: حسن غريب .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/251-252، وابو يعلى 2387 عن أبي خالد الأحمر، به .وسيرد عنه المؤلف برقم 4418 .وله شاهد من حديث أبي هريرة عند ابن ماجه 1923 بلفظ: "لا ينظر الله إلى رجل جامع امرأته في دبرها" قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 125: إسناده صحيح، رجاله ثقات، وهو في سنن أبي داوٗد 2162 بلفظ: "ملعون من أتى امرأته في دبرها" .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4204 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى امْرَاَتَهُ فِيْ دُبُرِهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو اپنی بیوی کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا۔

---

4204– إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله راهويه . وأخرجه النسائی 5/194 فی مناسك الحج: باب حجامة المحرم علی ظهر قدمه، عن اسحاق بن راهويه، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/164، وأبو داوٗد 1837 فی المناسك: باب المحرم يحتجم، والترمذی فی الشمائل 358 وأبو يعلی 3041 وابن خزيمة 2659 والبيهقی 9/339، والبغوی 1986 من طرق عن عبد الرزاق به .وأخرج أحمد 3/267 عن علی بن عبد الله، عن معتمر، قال: سمعت حميدا قال سئل أنس عن الحجامة للمحرم فقال احتجم النبی صلی الله عليه وسلم من وجع كان به .وعند ابن خزيمة 2658 عن محمد بن عبد الأعلی الصنعانی، بنفس إسناد أحمد: سئل أنس عن الصائم يحتجم. فقال: ما كنا نری أن ذلك يكره إلا لجهده، وقال: قد احتجم النبی صلی الله عليه وصلم وهو محرم من وجع وجده فی راسه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْقَسْمِ

## باب: (بیویوں کے درمیان) تقسیم کا حکم

### ذِكْرُ مَا كَانَ يَعْدِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقِسْمَةِ بَيْنَ نِسَائِهِ

### اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ اپنی ازواج کے درمیان کس طرح تقسیم میں انصاف کرتے تھے

**4205** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ بَيْنَ نِسَائِهِ فَيَعْدِلُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا فِعْلِي فِيمَا اَمْلِكُ، فَلَا تَلُمْنِي فِيمَا لَا اَمْلِكُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ اپنی ازواج کے درمیان (دنوں کے اعتبار سے وقت کی) تقسیم کرتے تھے اور پھر یہ فرماتے تھے: اے اللہ! یہ میرا وہ فعل ہے جس کا میں مالک ہوں تو مجھے اس چیز کے حوالے سے ملامت نہ کرنا جس کا میں مالک نہیں۔

### ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا كَانَ بِنَعْتِ مَا وَصَفْنَا لَهُ اَنْ يَسْتَاْذِنَ اِحْدَاهُنَّ فِي يَوْمِهَا لِلْاُخْرَى مِنْهُنَّ

---

4205- رجاله ثقات على شرط مسلم إلا أنه اختلف في وصله وإرساله، والمرسل هو الصواب . أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، وعبد الله بن يزيد: رضيع عائشة بصري، ذكره ابن حبان في (الثقات)، وأخرج حديثه لهذا أصحاب السنن، وله عند مسلم، والترمذي والنسائي في الميت يُصلي عليه مئة . وقد نُسِبَ خطأ إلى الخطمي عند أبي داوُد، والحاكم والدارمي، وابن أبي حاتم .وأخرجه أحمد 6/144، وابن أبي شيبة 4/386-387، والنسائي 7/64 في عشرة النساء : باب ميل الرجل إلى بعض نسائه دون بعض، وابن ماجة ( 1971) في النكاح: باب القسمة بين النساء، من طريق يزيد بن هارون، بهذا السند، وقال النسائي بإثره: أرسله حمادُ بن زيد .وأخرجه الدارمي 2/144، عن عمرو بن عاصم، وأبو داوُد ( 2134) في النكاح: باب في القسمة بين النساء، وابن أبي حاتم في (العلل) 1/425 والحاكم 2/187، وعنه البيهقي 7/298، من طريق موسى بن إسماعيل، والترمذي ( 1140) في النكاح: باب ما جاء في التسوية بين الضرائر، من طريق بشر بن السري، ثلاثتهم عن حماد بن سلمة، به،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کے بیان کا تذکرہ جب آدمی کی وہ صورت حال ہو جو ہم نے ذکر کی ہے'

تو اسے اس بات کا حق ہے' وہ اپنی بیویوں میں سے کسی ایک سے اس کے مخصوص دن کو کسی دوسرے کو دینے کی اجازت حاصل کر لے

**4206** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ الطَّسْتِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُنَا فِي يَوْمِ الْمَرْأَةِ مِنَّا بَعْدَمَا أُنْزِلَتْ: (تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي) (الأحزاب: 51) إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ، قَالَتْ مُعَاذَةُ: فَمَا تَقُولِينَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَأْذَنَكِ قَالَتْ: أَقُولُ: إِنْ كَانَ ذَاكَ إِلَيَّ لَمْ أُوثِرْ أَحَدًا عَلَى نَفْسِي

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس آیت کے نازل ہونے کے بعد۔

"تم ان میں سے جسے چاہو پیچھے کر دو' اور جسے چاہو اپنے قریب کر لو"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کے دن کے بارے میں ہم سے اجازت لیا کرتے تھے۔

(جس خاتون کی باری ہوتی تھی)

معاذہ نامی راوی خاتون نے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) دریافت کیا۔

پھر آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کہتی تھیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے اجازت طلب کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں یہ کہتی تھی اگر یہ میرے اختیار میں ہو تو میں کسی دوسرے کے لیے ایثار نہیں کرتی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ عُقُوبَةِ مَنْ لَمْ يَعْدِلْ بَيْنَ امْرَأَتَيْهِ فِي الدُّنْيَا

## جو شخص دنیا میں اپنی دو بیویوں کے درمیان انصاف سے کام نہیں لیتا اسے (آخرت میں) ملنے والے عذاب کی صفت کا تذکرہ

**4207** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ

---

4206- إسناده صحيح، الفضلُ بن زياد روى عنه جماعة، وذكره المؤلف في (الثقات) 9/6، ووثقه أبو زرعة فيما نقل عنه ابن أبي حاتم 7/62، والخطيب 12/360، ومَنْ فوقه على شرطهما. عبّاد بن عبّاد: هو ابنُ حبيب بن المهلب بن أبي صفرة الأزدي، أبو معاوية البصري. وأخرجه مسلم (1476) في الطلاق: باب أن تخيير امرأته لا يكون طلاقاً إلا بالنية، وأبو داود (2136) في النكاح: باب في القسم بين النساء، والنسائي في عشرة النساء كما في (التحفة) 12/435، والبيهقي 7/74 من طرق عن عبّاد بن عبّاد، بهذا الإسناد، وعلقه البخاري بإثر الحديث (4789). وأخرجه أحمد 6/76، والبخاري (4789) في التفسير: باب (تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ)، ومسلم (1476) من طريق عبد الله بن المبارك، عن عاصم الأحول، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَاَتَانِ، فَمَالَ مَعَ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرَى، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَحَدُ شِقَّيْهِ سَاقِطٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک کو چھوڑ کر دوسری کی طرف مائل ہو تو وہ قیامت کے دن ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو ساقط (مفلوج) ہوگا۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اِذَا تَزَوَّجَ عَلَى امْرَاَتِهٖ بِكْرًا اَنْ يَّقْسِمَ لَهَا سَبْعًا، اَوْ ثَلَاثًا اِذَا كَانَتْ ثَيِّبًا، ثُمَّ الِاعْتِدَالُ بَيْنَهُمَا فِي الْقِسْمَةِ

## آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ جب وہ کسی کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کرے

تو تقسیم میں اسے سات دن دے اور اگر ثیبہ کے ساتھ کرے تو اسے تین دن دے پھر تقسیم میں ان دونوں کے درمیان انصاف سے کام لے

**4208** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ

---

4207– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه أحمد 2/471، وابن أبي شيبة 4/388، وعنه ابن ماجة (1969) في النكاح: باب القسمة بين النساء، عن وكيع بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (2454)، والدارميُّ 2/143، وأحمد 2/347، وأبو داوُد (2133) في النكاح: باب في القسم بين النساء، والترمذيُّ (1141) في النكاح: باب ما جاء في التسوية بين الضرائر، والنسائي 7/63 في عشرة النساء : باب ميل الرجل إلى بعض نسائه دون بعض، وابن الجارود (722)، والحاكم 2/186، والبيهقي 7/297 من طرق عن همَّام، به، وصححه الحاكم على شرطهما، ووافقه الذهبي .وقال الترمذيُّ: وإنما أسند هذا الحديث همام بن يحيى عن قتادة، ورواه هشام الدَّستوائي عن قتادة قال: كان يقال، ولا نعرف هذا الحديث مرفوعاً إلا من حديث همام، وهمام ثقة . قلت وهو خبر ثابت صحيح، وقد صححه غيرُ واحد من الأئمة .

4208– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو قِلابة: هو عبد الله بن زيد الجَرميُّ .وأخرجه الدارمي 2/144، وابن ماجه (1916) في النكاح: باب الإقامة على البكر والثيب، والدارقطني 3/283، وأبو نُعَيم في (حلية الأولياء) 2/288 و 3/13 من طرق عن محمد بن إسحاق، عن أيوب بهذا السند .وأخرجه البيهقي 7/302، وابن عبد البر في (التمهيد) 17/248 من طريق أبي قلابة عن عبد الملك بن محمد الرقاشيّ، عن أبي عاصم، عن سفيان، عن أيوب وخالد، عَنْ اَبِيْ قِلابة، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إذا تزوَّجَ البكر على الثيب، أقام عندها سبعاً، وإذا تزوج الثيب على البكر، أقام عندها ثلاثاً" .وأخرجه عبد الرزاق (10642) عن معمر، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) 3/27 من طريق سفيان، والبيهقي 7/302 من طريق حماد بن سلمة، ثلاثتهم عن أيوب بهذا الإسناد، إلا أنهم أوقفوه على أنس .وأخرجه البخاري (5213) في النكاح: باب إذا تزوج البكر على الثيب، ومسلم (1461) (44) في الرضاع: باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عَقِبَ الزفاف، وأبو داوُد (2124) في النكاح: باب في المقام عند البكر، والترمذي (1139) في النكاح: باب ما جاء في القسمة للبكر والثيب، من طرق عن خالد الحذّاء، عن أبي قِلابة، عن أنس بن مالك قال: إذا تزوج البكر على الثيب أقام عندها سبعاً، وإذا تزوج الثيب على البكر أقام عندها ثلاثاً . قال خالد: ولو قلت إنه رفعه لصدقت، ولكنه قال: السنة كذلك .وأخرجه عبد الرزاق (10643)، والبخاري (5214) : باب إذا تزوج الثيب على البكر، ومسلم (1461) (45)، والبيهقي 7/301 و 302، والبغوي (2326) من طرق عن سفيان، عن أيوب وخالد، عن أبي قِلابة، عن أنس: من السنة "إذا تزوج البكر على الثيب أقام عندها سبعاً وقَسَم، وإذا تزوج الثيب على البكر أقام عندها ثلاثاً ثم قسم"، قال أبو قلابة: ولو شئت لقلت: إن أنساً رفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): سَبْعٌ لِلْبِكْرِ، وَثَلَاثٌ لِلثَّيِّبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"(شادی ہونے کے بعد) جو بیوی پہلے کنواری تھی اس کے لیے سات دن ہوں گے اور جو پہلے ثیبہ (یعنی بیوہ یا طلاق یافتہ تھی) اس کے لیے تین دن ہوں گے"۔

**4209** - حَدَّثَنَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ فِيْ عَقِبِهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُتَزَوِّجِ عَلَى الْبِكْرِ، اَوِ الثَّيِّبِ عَلٰى وَاحِدَةٍ تَحْتَهُ مِثْلَهَا اَوْ اَكْثَرَ مِنْهَا

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، کنواری یا ثیبہ عورت کے ساتھ شادی کرنے والے شخص پر یہ بات لازم ہے: وہ ان کے ساتھ یکساں تقسیم کرے خواہ اس کی پہلی بیوی اس کی مانند ہو یا ایک سے زیادہ ہوں

**4210** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى

---

4209- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه مالك 2/530 في النكاح: باب المقام عند البكر والأيم، ومن طريقه الطحاوي 3/28 عن حُميد، عن أنس موقوفاً . وأخرجه الطحاويُّ 3/28، والبيهقيُّ 7/302، من طرق عن حُميد، عن أنس موقوفاً أيضاً . وأخرجه البيهقي 7/302 من طريق سعيد ابن أبي عَروبة عن قتادة، عن أنس وقفه .

4210- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه النسائي في (عشرة النساء) (39) عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/292، والدارمي 2/144، ومسلم (1460) (41) في الرضاع: باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عَقِبَ الزفاف، وأبو داوُد (2122) في النكاح: باب في المقام عند البكر، والنسائي، وابن ماجة (1917) في النكاح: باب الإقامة على البكر والثيب، والطحاوي 3/29، والطبراني في (الكبير) 23/ (592)، وابن سعد في (الطبقات) 8/94، والبيهقي 7/301 من طريق يحيى بن سعيد القطان، به . وأخرجه عبد الرزاق (10646) ومن طريقه الطبراني 23/ (591) عن الثوري، وابن أبي شيبة 4/277 عن يعلى بن عبيد، كلاهما عن محمد بن أبي بكر، به . وأخرجه مالك 2/529 في النكاح: باب المقام عند البكر والأيِّم، عن عبد الله بن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن عبد الملك بن أبي بكر، عن أبيه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حين تزوَّج أم سلمة، وأصبحت عنده، قال لها . . . فذكره . قال ابن عبد البر في (التمهيد) 17/243: ظاهره الانقطاع، أي الإرسال، وهو متصل مسند صحيح قد سمعه أبو بكر من أمِّ سلمة . ومن طريق مالك أخرجه الشافعيُّ 2/26، ومسلم (1460) (42)، والطحاوي 3/29، وابن سعد في (الطبقات) 8/92، والبيهقي 7/300، والبغوي (2327)، والدارقطني 3/284 . وأخرجه عبد الرزاق (10645)، ومسلم (1460)، وابن سعد 8/92-93، والبيهقي 7/300-301، من طريقين عن عبد الملك بن أبي بكر، به . وأخرجه أحمد 6/307 و307-308، عن الشافعي 2/26 و26-27، ومسلم (1460) (43)، وعبد الرزاق (10644)، والنسائي في (عشرة النساء) (40)، والطبراني 23/ (499) و (585) و (586) و (587)، والطحاوي 3/29، وابن سعد 8/93-94، والبيهقي 7/301، من طرق عن أبي بكر بن عبد الرحمن، به . وأخرجه أحمد 6/295 و314، والطبراني 23/ (506)، والطحاوي 3/29 وابن عبد البر 17/244 من طريق عمر بن أبي سلمة، عن أم سلمة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَهَا اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا، وَقَالَ: لَيْسَ بِكِ عَلَى اَهْلِكِ هَوَانٌ، اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، فَاِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ هٰذَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ هُوَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ الْقُرَشِيُّ جَمِيعًا مَدَنِيَّانِ

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کی تو ان کے ہاں تین دن قیام کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے شوہر کے نزدیک بے حیثیت نہیں ہو اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہتا ہوں، لیکن اگر میں تمہارے پاس سات دن رہا تو دیگر ازواج کے پاس بھی سات، سات دن رہوں گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) محمد بن ابوبکر نامی راوی، محمد بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری ہیں اور عبدالملک بن ابوبکر نامی راوی عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام قریشی ہیں اور یہ دونوں مدنی ہیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُبَاحٌ لَهُ اِذَا كَانَ تَحْتَهُ نِسْوَةٌ جَمَاعَةٌ وَّجَعَلَتْ اِحْدَاهُنَّ يَوْمَهَا لِصَاحِبَتِهَا اَنْ يَّكُونَ ذٰلِكَ مِنْهُ لِهٰذِهِ دُونَ تِلْكَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مباح ہے، جب اس کی کئی بیویاں ہوں

اور پھر ان میں سے کوئی ایک بیوی اپنا مخصوص دن اپنی کسی سوکن کے نام کر دے پھر وہ مخصوص دن دوسری بیوی کے لیے ہوگا پہلی کے لیے نہیں ہوگا

4211 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ امْرَاَةً اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَكُونَ فِي مِسْلَاخِهَا مِنْ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ، مِنِ امْرَاَةٍ فِيهَا حِدَّةٌ، فَلَمَّا كَبِرَتْ جَعَلَتْ يَوْمَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ جَعَلْتُ يَوْمِي مِنْكَ لِعَائِشَةَ، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ يَوْمَيْنِ يَوْمَهَا، وَيَوْمَ سَوْدَةَ

4211– إسناده صحيح على شرط البخاري . جرير هو ابن عبد الحميد الضَّبِّي .وأخرجه مسلم (1463) (47) عن زهير بن حرب، والنسائي في (عشرة النساء) (48)، والبيهقي 7/74، من طريق إسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه مختصراً البخاري (5212) في النكاح/: باب المرأة تهب يومها من زوجها لضرَّتها، ومسلم (1463)، وابن ماجه (1972)، والبغوي (2324) من طرق عن هشام بن عروة، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے) میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب سیّدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا تھیں وہ ایک ایسی خاتون تھیں جن کے مزاج میں تیزی تھی جب ان کی عمر زیادہ ہوگئی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنی باری کا مخصوص دن سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنا مخصوص دن عائشہ کو دیتی ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دو دن دیا کرتے تھے ایک ان کا مخصوص دن اور ایک سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا (کا مخصوص) دن۔

## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْإِقْرَاعِ بَيْنَ النِّسْوَةِ إِذَا كُنَّ عِنْدَهُ وَأَرَادَ سَفَرًا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے' جب وہ سفر پر جانے لگے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی کرے

**4212** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ،

(متن حدیث): عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ، حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا، فَبَرَّأَهَا اللّٰهُ، وَكُلٌّ حَدَّثَنِي بِطَائِفَةٍ مِنَ الْحَدِيثِ، وَبَعْضُهُمْ أَوْعَى لِحَدِيثِهَا مِنْ بَعْضٍ وَأَسَدُّ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ مِنْ كُلِّ وَاحِدٍ الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي بِهِ، وَبَعْضُهُمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا، ذَكَرُوا أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ، قَالَتْ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَخَرَجَ سَهْمِي، فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذٰلِكَ بَعْدَ

4212- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في (مصنف عبد الرزاق) (9748). ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 6/194-197، ومسلم (2770) (56) في التوبة: باب في حديث الإفك، والطبراني في (الكبير) 23/ (133). وأخرجه بطوله أحمد 6/197، والبخاري (2661) في الشهادات: باب تعديل النساء بعضهن بعضاً، و (4141) في المغازي: باب حديث الإفك، و (4750) في التفسير: باب (لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحَانَكَ . . .)، ومسلم (2770)، والنسائي في (عشرة النساء) (45)، وأبو يعلى (4927) و (4933) و (4935)، والطبراني 23/ (134) و (135) و (139) و (140) و (141) و (142) و (143) و (144) و (145) و (146) و (147) و (148)، والبيهقي 7/302، من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه مقطعاً من طريق الزهري، به: البخاري (2637) في الشهادات: باب إذا عدل رجل رجلاً، و (2879) في الجهاد: باب حمل الرجل امرأته في الغزو دون بعض نسائه، و (4025) في المغازي: باب رقم (12)، و (4690) في التفسير: باب (قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ . . .) و (6662) في الأيمان والنذور: باب قول الرجل: لعمر الله، و (6679) باب: اليمين فيما لا يملك . . . و (7369) في الاعتصام: باب قول الله تعالى (وَأَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ)؟، و (7545) في التوحيد: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم "الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام . ."، وأبو داؤد (4735) في السنة: باب في القرآن .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اَنْ اُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَاَنَا اُحْمَلُ فِيْ هَوْدَجِي، وَاُنْزَلُ فِيْهِ مَسِيْرَنَا، حَتّٰى اِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ، وَقَفَلَ، وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ آذَنَ بِالرَّحِيْلِ لَيْلَةً، فَقُمْتُ حِيْنَ آذَنُوا فِي الرَّحِيْلِ، فَمَشَيْتُ حَتّٰى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَاْنِيْ، رَجَعْتُ فَلَمَسْتُ صَدْرِيْ، فَاِذَا عِقْدٌ مِّنْ جَزْعِ ظَفَارٍ قَدْ وَقَعَ فَرَجَعْتُ، فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي، فَحَبَسَنِيْ ابْتِغَاؤُهُ، وَاَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِينَ يَرْحَلُونَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمَلُوْا هَوْدَجِي وَرَحَلُوهُ عَلَى الْبَعِيْرِ الَّذِي كُنْتُ اَرْكَبُ، وَهُمْ يَحْسِبُوْنَ اَنِّيْ فِيْهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكَانَ النِّسَاءُ اِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، فَرَحَلُوهُ وَرَفَعُوهُ، فَلَمَّا بَعَثُوا وَسَارَ الْجَيْشُ، وَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ، وَلَيْسَ بِهَا دَاعِي وَلَا مُجِيبٌ، فَاَقَمْتُ مَنْزِلِيَ الَّذِي كُنْتُ فِيْهِ، فَبَيْنَا اَنَا جَالِسَةٌ غَلَبَتْنِيْ عَيْنِيْ فَنِمْتُ،

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ عَرَّسَ فَاَدْلَجَ فَاَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي، فَرَاٰى سَوَادَ اِنْسَانٍ، فَعَرَفَنِيْ حِيْنَ رَآنِيْ، وَكَانَ رَآنِي قَبْلَ اَنْ يُّنْزَلَ الْحِجَابُ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِ اسْتِرْجَاعِهِ حِيْنَ عَرَفَنِيْ، فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللّٰهِ مَا كَلَّمَنِيْ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتّٰى اَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، فَوَطِءَ عَلٰى يَدِهَا، فَرَكِبْتُهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ، حَتّٰى اَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَمَا نَزَلُوْا مُوغِرِينَ فِيْ نَحْرِ الظَّهِيرَةِ، فَهَلَكَ فِيْ شَانِيْ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، فَقَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَاشْتَكَيْتُ حِيْنَ قَدِمْتُهَا شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِيْ قَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ، وَلَا اَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ يُرِيبُنِي مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِاَنِّيْ لَا اَرٰى مِنْهُ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ اَرَاهُ مِنْهُ حِيْنَ اَشْتَكِي، اِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟، فَيُرِيبُنِيْ ذٰلِكَ، وَلَا اَشْعُرُ حَتّٰى خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ مِنْ مَرَضِي وَمَعِي اُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَهِيَ مُتَبَرَّزُنَا، وَلَا نَخْرُجُ اِلَّا لَيْلًا اِلٰى لَيْلٍ، وَذٰلِكَ اَنَّا نَكْرَهُ اَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوْتِنَا، وَاَمْرُنَا اَمْرُ الْعَرَبِ الْاُوَلِ فِي التَّبَرُّزِ، وَكُنَّا نَتَاَذّٰى بِالْكُنُفِ قُرْبَ بُيُوْتِنَا، فَانْطَلَقْتُ وَمَعِي اُمُّ مِسْطَحٍ وَهِيَ بِنْتُ اَبِيْ رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَاُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، خَالَةُ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَاَقْبَلْنَا حِيْنَ فَرَغْنَا مِنْ شَاْنِنَا لِنَاْتِيَ الْبَيْتَ، فَعَثَرَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ فِيْ مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ، اَتَسُبِّيْنَ رَجُلًا قَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: اَيْ هَنْتَاهُ، اَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ فَاَخْبَرَتْنِيْ بِقَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ،

فَازْدَدْتُ مَرَضًا اِلٰى مَرَضِي، وَرَجَعْتُ اِلٰى بَيْتِي، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟، فَقُلْتُ: اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ آتِيَ اَبَوَيَّ؟، وَاَنَا حِيْنَئِذٍ اُرِيْدُ اَنْ اَتَيَقَّنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَاَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتُ اَبَوَيَّ، فَقُلْتُ لِاُمِّي: يَا اُمَّتَاهُ مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟، قَالَتْ: اَيْ بُنَيَّةُ هَوِّنِيْ عَلَيْكِ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّ امْرَاَةٌ وَّضِيئَةٌ كَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا، وَلَهَا ضَرَائِرُ، اِلَّا اَكْثَرْنَ عَلَيْهَا، قَالَتْ: فَقُلْتُ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَوَتَحَدَّثَ النَّاسُ بِذٰلِكَ؟ قَالَتْ: فَمَكَثْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ لَا يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ اُصْبِحُ وَاَبْكِيْ، وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ حِيْنَئِذٍ يُرِيْدُ اَنْ يَّسْتَشِيْرَهُمَا فِيْ فِرَاقِ اَهْلِهٖ، وَذٰلِكَ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ، فَاَمَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَاَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ اَهْلِهٖ وَمَا لَهٗ فِيْ نَفْسِهٖ لَهُمْ مِنَ الْوُدِّ، فَقَالَ: هُمْ اَهْلُكَ وَلَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا، وَاَمَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَقَالَ: لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَاِنْ تَسْاَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ، قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيْرَةَ، فَقَالَ: اَيْ بَرِيْرَةُ هَلْ رَاَيْتِ مِنْ عَائِشَةَ شَيْئًا يُرِيْبُكِ؟، قَالَتْ بَرِيْرَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا رَاَيْتُ عَلَيْهَا اَمْرًا قَطُّ اَغْمِصُهٗ عَلَيْهَا، اَكْثَرَ مِنْ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ اَهْلِهَا فَيَدْخُلُ الدَّاجِنُ فَيَاْكُلُهٗ،

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ، فَقَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، مَنْ يَّعْذِرُنِيْ مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ اَذَاهُ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ؟ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنْ اَهْلِيْ اِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِيْ اِلَّا مَعِيْ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيُّ، فَقَالَ: اَنَا اَعْذِرُكَ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ كَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهٗ، وَاِنْ كَانَ مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا اَمْرَكَ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا تَقْتُلُهٗ، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى قَتْلِهٖ، فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهٗ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ، فَثَارَ الْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى هَمُّوْا اَنْ يَّقْتَتِلُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوْا، وَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَيْتُ يَوْمِيْ لَا يَرْقَأُ لِيْ دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، وَاَبَوَايَ يَظُنَّانِ اَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقُ كَبِدِيْ،

فَبَيْنَمَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِيْ، اِذِ اسْتَاْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَاَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ مَعِيْ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلٰى حَالِنَا ذٰلِكَ، اِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ، وَلَمْ يَكُنْ جَلَسَ قَبْلَ يَوْمِيْ ذٰلِكَ مُذْ كَانَ مِنْ اَمْرِيْ مَا كَانَ، وَلَبِثَ شَهْرًا لَا يُوْحٰى اِلَيْهِ، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَقَدْ بَلَغَنِيْ يَا عَائِشَةُ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَاِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَاِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوْبِيْ، فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ بِالذَّنْبِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهٗ، قَلَصَ دَمْعِيْ حَتّٰى مَا اُحِسُّ مِنْهُ بِقَطْرَةٍ، فَقُلْتُ لِاَبِيْ: اَجِبْ عَنِّيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِاُمِّيْ: اَجِيْبِيْ عَنِّيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا اَدْرِيْ مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ وَاَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، لَا اَقْرَاُ كَثِيْرًا مِنَ الْقُرْآنِ: اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَرَفْتُ اَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ بِذَاكَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِيْ اَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهٖ، فَاِنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قُلْتُ لَكُمْ اِنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنِّي بَرِيئَةٌ لَمْ تُصَدِّقُونِي، وَاِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِاَمْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَنِّي بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُونِي، وَاِنِّي وَاللّٰهِ لَا اَجِدُ مَثَلِي وَمَثَلَكُمْ اِلَّا كَمَا قَالَ اَبُو يُوسُفَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ) (يوسف: 18)، ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِي وَاَنَا وَاللّٰهِ حِينَئِذٍ اَعْلَمُ اَنِّي بَرِيئَةٌ، وَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُبَرِّئُنِي بِبَرَاءَتِي، وَلٰكِنْ لَمْ اَظُنَّ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُنَزِّلُ فِي شَاْنِي وَحْيًا يُتْلٰى، وَلَشَاْنِي كَانَ اَحْقَرَ فِي نَفْسِي مِنْ اَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيَّ بِاَمْرٍ يُتْلٰى، وَلٰكِنْ اَرْجُو اَنْ يَرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِهِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللّٰهُ بِهَا،

قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ اَحَدٌ، حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَهُ مَا كَانَ يَاْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ عِنْدَ الْوَحْيِ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِي اُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا، اَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، اَمَا وَاللّٰهِ فَقَدْ بَرَّاَكِ اللّٰهُ، فَقَالَتْ لِي اُمِّي: قُومِي اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا اَقُومُ اِلَيْهِ، وَلَا اَحْمَدُ اِلَّا اللّٰهَ الَّذِي هُوَ اَنْزَلَ بَرَاءَتِي، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (اِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ)، الْعَشْرُ الْآيَاتُ، قَالَتْ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْآيَاتِ فِي بَرَاءَتِي، وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا اُنْفِقُ عَلَيْهِ اَبَدًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ) (النور: 22)، اِلٰى قَوْلِهِ: (اَلَا تُحِبُّونَ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ) (النور: 22)، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاُحِبُّ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ اِلٰى مِسْطَحٍ بِالنَّفَقَةِ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَنْزِعُهَا مِنْهُ اَبَدًا، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ اَمْرِي مَا عَلِمْتِ وَمَا رَاَيْتِ؟ فَقَالَتْ: اَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي مَا عَلِمْتُ اِلَّا خَيْرًا، قَالَتْ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ اَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، وَطَفِقَتْ اُخْتُهَا حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ تُحَارِبُ لَهَا، فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَهٰذَا مَا انْتَهٰى اِلَيَّ مِنْ اَمْرِ هٰؤُلَاءِ الرَّهْطِ

امام زہری نے سعید بن مسیّب' عروہ بن زبیر' علقمہ بن وقاص' عبیداللہ بن عبداللہ کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت نقل کی ہے' جس میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جھوٹا الزام لگایا گیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس سے بری قرار دیا تھا (ابن شہاب کہتے ہیں) ان تمام حضرات نے مجھے یہ حدیث سنائی تھی کسی نے اس حدیث کے زیادہ الفاظ کو محفوظ رکھا اور کسی نے اس کو مختصر طور پر نقل کیا میں نے اس تمام حدیث کو محفوظ کر لیا جو انہوں نے مجھے بیان کی تھی اور ان میں سے ایک کا بیان دوسرے کی تصدیق کرتا تھا ان لوگوں نے یہ روایت ذکر کی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب آپ کسی سفر کے لیے تشریف لے جاتے تھے' تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے ان میں سے جس کا نام نکل آتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کو اپنے ساتھ لے جایا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی غزوہ کے لیے سفر کرنے سے پہلے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو میرا نام نکل آیا ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہو گئے یہ حجاب کا حکم نازل ہو جانے کے بعد کی بات ہے مجھے ہودج میں ٹھہرایا گیا اور سفر کے دوران جب ہم پڑاؤ کرتے تھے' تو وہ اس میں رہتی تھیں' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ سے فارغ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو (ایک پڑاؤ کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت روانگی کا اعلان کر دیا جب لوگوں نے روانگی کی تیاری کی اس وقت میں اٹھی اور چلتی ہوئی لشکر سے پرے چلی گئی میں نے اپنی حاجت کو پورا کیا جب میں واپس آئی اور میں نے اپنے سینے کو ہاتھ لگایا تو پتھروں سے بنا ہوا ہار کہیں گر چکا تھا میں واپس آئی میں نے اپنے ہار کو تلاش کیا اس کی تلاش میں' میں وہیں رکی رہی وہ لوگ آئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (روانگی کے وقت ساز و سامان وغیرہ) اٹھاتے تھے انہوں نے میرے ہودج کو اٹھایا اور اسے اٹھا کر اس اونٹ پر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوا کرتی تھی وہ یہ سمجھے کہ میں اس کے اندر موجود ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان دنوں خواتین ہلکی پھلکی ہوتی تھیں انہیں گوشت نے ڈھانپا نہیں ہوتا تھا ان لوگوں نے اسے اٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ دیا جب وہ لوگ اس سے فارغ ہوئے' تو لشکر روانہ ہو گیا لشکر کے روانہ ہو جانے کے بعد مجھے اپنا ہار مل گیا میں پڑاؤ کی جگہ پر آئی تو وہاں نہ کوئی بلانے والا تھا اور نہ کوئی جواب دینے والا تھا میں اسی جگہ پر ٹھہر گئی جہاں میں پہلے موجود تھی میں وہاں بیٹھی ہوئی تھی اسی دوران میری آنکھ لگ گئی اور میں سو گئی۔

حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ عنہ نے رات کے وقت پڑاؤ کیا تھا وہ صبح کے وقت چلتے ہوئے میری رہائشی جگہ کے پاس آ گئے انہوں نے کسی انسان کا ہیولا دیکھا تو (میری طرف آئے) جب انہوں نے مجھے دیکھا تو مجھے پہچان گئے' کیونکہ وہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھ چکے تھے ان کے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنے پر میں بیدار ہو گئی جو انہوں نے مجھے پہچان کر پڑھا تھا میں نے اپنی چادر کے ذریعے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا اللہ کی قسم! نہ تو انہوں نے میرے ساتھ کوئی بات کی اور نہ ہی میں نے ان کی زبانی انا للہ وانا الیہ راجعون کے علاوہ کوئی کلمہ سنا۔ انہوں نے اپنی سواری کو بٹھایا اور میں اس پر سوار ہو گئی پھر وہ اس سواری کو لے کر چل پڑے' یہاں تک کہ ہم لشکر کے پاس آ گئے اس وقت جب انہوں نے دن چڑھ جانے کے بعد پڑاؤ کیا ہوا تھا۔

تو میرے اس واقعے کے حوالے سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہوئے اور ان میں سب سے زیادہ حصہ لینے والا شخص عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) میں مدینہ منورہ آ گئی مدینہ منورہ آنے کے بعد میں ایک ماہ تک بیمار رہی لوگ جھوٹا الزام لگانے والوں کے بارے میں جو بات چیت کر رہے تھے مجھے اس میں سے کسی بھی چیز کا علم نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مجھے کچھ الجھن ہوتی تھی' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا اس طرح سے خیال نہیں رکھ رہے تھے جس طرح پہلے میری بیماری کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا خیال رکھا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لاتے تھے اور دریافت کرتے تھے تمہارا کیا حال ہے یہ چیز مجھے شک میں مبتلا کرتی تھی' لیکن مجھے حقیقت کا پتہ نہیں تھا اپنی بیماری کی وجہ سے نقاہت کا شکار ہونے کے بعد ایک مرتبہ میں گھر سے (قضائے حاجت کے لیے) نکلی میرے ساتھ ام مسطح تھیں ہم مناصع (کھلے میدان) کی طرف گئے جو ہمارے قضائے حاجت کرنے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی جگہ تھی ہم (خواتین) صرف رات کے وقت ہی وہاں جایا کرتی تھیں اس کی وجہ یہ ہے: ہم لوگ اس چیز کو ناپسند کرتے تھے کہ بیت الخلاء گھر کے قریب موجود ہو ہمارا معاملہ پہلے زمانے کے عربوں کے معاملے کی طرح تھا کہ ہم ان کی طرح (کھلی جگہوں پر جا کر) قضائے حاجت کیا کرتے تھے اور گھر کے قریب بیت الخلاء موجود ہونے سے ہمیں اذیت محسوس ہوتی تھی میں جا رہی تھی میرے ساتھ ام مسطح تھیں وہ ابورہم بن مطلب بن عبدمناف کی صاحبزادی تھیں ان کی والدہ صخر بن عامر کی صاحبزادی تھیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ تھیں اور ان کا بیٹا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن مطلب تھا ہم اپنے کام سے فارغ ہونے کے بعد گھر آنے کے لیے واپس آ رہی تھیں اسی دوران ام مسطح کا پاؤں ان کی چادر میں الجھ گیا تو انہوں نے (گرنے سے بچتے ہوئے) یہ کہا: مسطح برباد ہو جائے میں نے ان سے کہا آپ نے بہت بری بات کہی ہے آپ ایک ایسے شخص کو برا کہہ رہی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک ہو چکا ہے' تو انہوں نے کہا: اے بھولی خاتون کیا آپ نے نہیں سنا کہ اس نے کیا کیا ہے؟ میں نے دریافت کیا: اس نے کیا کیا ہے' تو انہوں نے مجھے الزام لگانے والوں کے بیان کے بارے میں بتایا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) اس سے میری بیماری میں اضافہ ہو گیا میں اپنے گھر واپس آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بات کی اجازت دیں گے کہ میں اپنے ماں باپ کے پاس چلی جاؤں؟ اس وقت میں یہ چاہتی تھی کہ اپنے والدین سے اس خبر کے بارے میں یقینی معلومات حاصل کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی میں اپنے والدین کے ہاں آئی میں نے اپنی والدہ سے دریافت کیا: اے امی جان لوگ کیا بات چیت کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اے میری بیٹی تم پرسکون رہو اللہ کی قسم! جو بھی عورت اپنے شوہر کے نزدیک زیادہ خوب صورت ہو اور وہ مرد اس سے محبت کرتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں' تو وہ اس سے زیادہ زیادتی کر دیا کرتی تھیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: سبحان اللہ کیا لوگ اس قسم کی بات چیت کر رہے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس رات میرا یہ عالم تھا کہ میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور صبح ہو جانے تک مجھے نیند نہیں آئی میں مسلسل روتی رہی۔

(اسی دوران کسی وقت میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بلوایا آپ ان دونوں صاحبان سے اپنی اہلیہ (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) سے علیحدگی اختیار کرنے کے بارے میں مشورہ کرنا چاہتے تھے یہ اس وقت کی بات ہے' جب اس بارے میں وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ جہاں تک حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہی گزارش کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ کے بری الذمہ ہونے سے واقف تھے اور اس چیز کا ذکر کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اہلیہ سے محبت تھی انہوں نے کہا: وہ آپ کی اہلیہ ہیں۔ ان کے بارے میں ہمیں صرف بھلائی کا علم ہے' لیکن جہاں تک حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو کوئی تنگی نہیں دی ہے ان کے علاوہ بھی خواتین بے شمار ہیں' لیکن اگر آپ گھر کی خادمہ سے پوچھیں گے تو وہ آپ کے ساتھ سچ بیانی کرے گی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو بلایا اور فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے عائشہ کے حوالے سے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے' جو تمہیں شک کا شکار کرے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بریرہ نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے ان میں صرف ایک چیز دیکھی ہے جس پر میں اعتراض کر سکتی ہوں یہ کہ وہ کم سن لڑکی ہیں ان کی عمر تھوڑی ہے وہ آٹا گوندھ کے سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹے کو کھا جاتی ہے۔

نبی اکرم ﷺ (لوگوں کے درمیان) کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے عبداللہ بن ابی سلول کی شکایت کی اور فرمایا: آپ اس وقت منبر پر موجود تھے (آپ ﷺ نے فرمایا)

''اے مسلمانوں کے گروہ اس شخص کے حوالے سے کون میرے سامنے عذر پیش کرے گا' جس کی اذیت میرے گھر والوں تک پہنچ چکی ہے اللہ کی قسم! مجھے اپنی اہلیہ کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے اور انہوں نے جس مرد پر الزام لگایا ہے اس کے بارے میں بھی مجھے صرف بھلائی کا علم ہے وہ میرے گھر میں ہمیشہ میرے ساتھ ہی داخل ہوا ہے اس پر حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس کی طرف سے میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اگر وہ اوس قبیلے سے تعلق رکھتا ہے' تو ہم اس کی گردن اڑا دیتے ہیں اور اگر وہ خزرج قبیلے سے تعلق رکھتا ہے' تو آپ ہمیں حکم دیں ہم آپ کے حکم کی پابندی کریں گے اس پر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے وہ خزرج قبیلے کے سردار تھے وہ ویسے نیک آدمی تھے' لیکن اس وقت قبائلی حمیت ان پر غالب آ گئی انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! تم اس شخص کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس شخص کو قتل کر سکو گے۔ اس پر حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے جو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچازاد تھے انہوں نے کہا: آپ غلط کہہ رہے ہیں اللہ کی قسم! ہم اس شخص کو ضرور قتل کر دیں گے آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑا کر رہے ہیں اس پر اوس اور خزرج قبیلے کے لوگوں کے درمیان جھگڑا شروع ہو گیا' یہاں تک کہ نوبت باقاعدہ لڑائی تک پہنچ گئی۔ نبی اکرم ﷺ انہیں خاموش کرواتے رہے' یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ بھی خاموش ہو گئے میں پورا دن روتی رہی میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور مجھے نیند نہیں آتی تھی میرے ماں باپ کو یوں لگتا تھا جیسے رونے کی وجہ سے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا۔

ابھی وہ دونوں میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران انصار کی ایک عورت نے میرے پاس اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے اسے اجازت دے دی وہ میرے پاس بیٹھ گئی ابھی ہم اسی حالت میں بیٹھی ہوئی تھیں کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے آپ ﷺ نے سلام کیا پھر آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے جب سے میرے ساتھ یہ صورت حال درپیش آئی تھی اس کے بعد نبی اکرم ﷺ اس دن کے علاوہ کبھی بھی اس سے پہلے اس طرح نہیں بیٹھے تھے ایک مہینہ گزر چکا تھا نبی اکرم ﷺ کی طرف کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کلمہ تشہد پڑھا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اما بعد! اے عائشہ تمہارے حوالے سے اس' اس طرح کی اطلاعات مجھ تک پہنچی ہیں اگر تم بری ہو' تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت کو ظاہر کر دے گا اور اگر تم نے گناہ کا ارادہ کیا تھا تو تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اور توبہ کرو' کیونکہ جب انسان گناہ کا اعتراف کر لے اور پھر توبہ کر لے' تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کر لیتا ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو رک گئے' یہاں تک کہ مجھے ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہوا میں نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں اللہ کے رسول کو کیا جواب دوں؟ میں نے اپنی والدہ سے کہا آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں انہوں نے بھی یہی کہا۔ اللہ کی قسم! مجھے نہیں سمجھ آ رہی کہ میں اللہ کے رسول سے کیا کہوں (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) تو میں نے کہا: میں ایک لڑکی ہوں جس کی عمر کم ہے مجھے زیادہ قرآن نہیں آتا' لیکن اللہ کی قسم! مجھے اس بات کا پتہ ہے' آپ لوگوں نے اس بارے میں بات سنی اور یہ آپ کے ذہن میں پختہ ہوگئی اور آپ نے (دلی طور پر) اس کو سچ سمجھ لیا اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ میں بری ہوں اور اللہ جانتا ہے' میں بری ہوں' تو آپ میری تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں اس حوالے سے آپ کے سامنے اعتراف کرلوں حالانکہ اللہ جانتا ہے' میں اس سے بری ہوں' تو پھر آپ مجھے سچا سمجھیں گے اللہ کی قسم! اپنے اور آپ کے معاملے میں مجھے صرف وہی بات سمجھ آ رہی ہے' جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی تھی۔

"تو اب صبر کرنا ہی بہتر ہے اور جو لوگ تم کہہ رہے ہو اس کے حوالے سے اللہ ہی سے مدد لی جا سکتی ہے"۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) پھر میں نے رخ موڑا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی اللہ کی قسم! اس وقت میں یہ بات جانتی تھی کہ میں بری الذمہ ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے بری ہونے کا اظہار کر دے گا' لیکن مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں ایسی وحی نازل کر دے گا' جس کی تلاوت کی جائے گی میرے نزدیک میری ذات کی یہ حیثیت نہیں ہے' اللہ تعالیٰ میرے بارے میں کوئی ایسا کلام نازل کرے جس کی تلاوت کی جائے مجھے یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں کوئی ایسا خواب دیکھ لیں گے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ میری برأت کا اظہار کر دے گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس جگہ سے ہٹے بھی نہیں تھے اور گھر میں موجود افراد میں سے کوئی بھی شخص گھر سے باہر نہیں نکلا تھا کہ اسی دوران اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر وحی نازل کر دی وحی کے نزول کے وقت اس کے نزول کی شدت کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کیفیت ہوتی تھی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر طاری ہوگئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے یہ بات کہی: اے عائشہ! اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تمہارے بری الذمہ ہونے (کا حکم نازل کر دیا ہے) میری والدہ نے مجھ سے کہا تم اٹھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نہیں کھڑی ہوں گی اور میں صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کروں گی' جس نے میری برأت کا حکم نازل کیا ہے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"تم میں سے ایک گروہ نے جو جھوٹا الزام لگایا"۔

اس کے بعد کی دس آیات ہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات میرے بری ہونے کے بارے میں نازل کی تھیں۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی رشتے داری اور ان کی غربت کی وجہ سے ان پر خرچ کیا کرتے تھے انہوں نے یہ کہا: اس نے عائشہ کے بارے میں جو کہا ہے اللہ کی قسم! اس کے بعد میں کبھی بھی اس پر کچھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے فضیلت رکھنے والے لوگ اور گنجائش رکھنے والے لوگ یہ قسم نہ اٹھائیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کر دے''۔

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت کر دے اس کے بعد انہوں نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کو اسی طرح خرچ دینا شروع کر دیا جس طرح وہ پہلے انہیں خرچ دیا کرتے تھے اور انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اس کے بعد میں اسے کبھی ترک نہیں کروں گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے معاملے کے بارے میں سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی دریافت کیا تھا: تم اس بارے میں کیا جانتی ہو اور تمہاری اس بارے میں کیا رائے ہے' تو سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا: میں اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں کو محفوظ کرتی ہوں مجھے صرف بھلائی کا علم ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے یہ وہ خاتون تھیں جو میری برابری کی دعوے دار تھیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی پرہیزگاری کی وجہ سے انہیں (الزام لگانے سے) محفوظ رکھا جب کہ ان کی بہن حمنہ بنت جحش نے ان کے لیے جھگڑا کرتے ہوئے (الزام لگانے والوں میں حصہ لیا) اور وہ ہلاکت کا شکار ہونے والوں میں شامل ہو گئی۔

امام زہری بیان کرتے ہیں: ان لوگوں کے واقعہ کے بارے میں یہ وہ روایت ہے' جو مجھ تک پہنچی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# كِتَابُ الرَّضَاعِ

## کتاب! رضاعت کے بارے میں روایات

4213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَرَبِيعَةُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ امْرَاَةَ اَبِي حُذَيْفَةَ اَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ حَتّٰى تَذْهَبَ غَيْرَةُ اَبِي حُذَيْفَةَ، فَاَرْضَعَتْهُ وَهُوَ رَجُلٌ، قَالَ رَبِيعَةُ: فَكَانَتْ رُخْصَةً لِسَالِمٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام سالم کو دودھ پلا دیں تاکہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے مزاج کی تیزی (یعنی ناراضگی) ختم ہو جائے تو اس خاتون نے اس لڑکے کو دودھ پلا دیا جو پورا مرد تھا۔

ربیعہ نامی راوی کہتے ہیں: یہ سالم کے لیے رخصت تھی۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4213– إسناده صحيح على شرط مسلم . حرملة: هو ابن يحيى وهو من رجال مسلم وقد توبع، ومن فوقه على شرطهما .وأخرجه النسائي 6/105 في النكاح: باب رضاع الكبير، عن احمد بن يحيى ابي الوزير، عن ابن وهب بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني في (الكبير) ( 6375) و/24 (739) من طريق سليمان بن بلاب، بِه .وأخرجه بنحوه أحمد 6/38–39 و201، والحميدي ( 278) وعبد الرزاق (13884) ومسلم (1453) في الرضاع: باب رضاعة الكبير، والنسائي 6/104–105 و105، وابن ماجة ( 1943) في النكاح: باب رضاع الكبير، والطبراني في (الكبير) ( 6373) و (6374) و (6376) و/24 (737) و (738) و (740)، والبيهقي 7/459 من طرق عن القاسم، بِه .وأخرجه أحمد 6/356، والطبراني في (الكبير) /24 (742) من طريق حماد بن سلمة، عن عبد الرحمٰن بن القاسم، والطبراني في (الصغير) ( 894) من طريق عبد الله بن عثمان بن خثيم، كلاهما عن القاسم بن محمد، عن سهلة، فجعلوه من مسند سهلة، قال الهيثمي في (المجمع) 4/261: رواه أحمد والطبراني في الثلاثة.

4214– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في (مصنف عبد الرزاق) (13885) بنحو هذا اللفظ .(فُضُلاً) قال في (النهاية) 3/456: أي متبذلة في ثياب مهنتي، يقال: تفضّلت المرأة: إذا لبست ثياب مهنتها، أو كانت في ثوب واحد، فهي فُضُل، والرجل فُضُل أيضاً، قال ابن عبد البر في (التمهيد) 8/255: فمعنى هذا عندي أنه كان يدخل عليها وهي متكشفة بعضها، مثل الشعر واليد والوجه، يدخل عليها وهي كيف امكنها .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4214 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث):جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ سَالِمًا يُدْعٰى لِاَبِىْ حُذَيْفَةَ وَيَاْوِي مَعَهُ، وَيَدْخُلُ عَلَيَّ فَيَرَانِيْ فُضُلًا، وَنَحْنُ فِيْ مَنْزِلٍ ضَيِّقٍ، وَقَالَ اللّٰهُ: (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) (الأحزاب: 5)، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سہلہ بنت سہیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سالم کو حضرت ابوحذیفہ کے منہ بولے بیٹے کے طور پر بلایا جاتا ہے وہ ان کے ساتھ رہتا ہے وہ میرے پاس بھی آجاتا ہے مجھے (سر پر چادر وغیرہ کی موجودگی کے بغیر) دیکھ لیتا ہے ہمارا گھر بھی چھوٹا سا ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

”تم ان کو ان کے حقیقی باپ کے حوالے سے بلاؤ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ انصاف کے زیادہ مطابق ہے“۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے دودھ پلا دو تم اس کے لیے حرمت والی ہو جاؤ گی۔

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَرْضَعَتْ سَهْلَةُ سَالِمًا

## اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا تھا

4215 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

(متن حدیث):اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَضَاعَةِ الْكَبِيرِ، فَقَالَ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ اَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَكَانَ قَدْ تَبَنَّى سَالِمًا الَّذِي يُقَالُ لَهُ سَالِمٌ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ، كَمَا تَبَنَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَاَنْكَحَ اَبُوْ حُذَيْفَةَ سَالِمًا وَهُوَ يَرٰى اَنَّهُ ابْنُهُ ابْنَةَ اَخِيهِ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ مِّنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ اَفْضَلُ اَيَامٰى قُرَيْشٍ، فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَا اَنْزَلَ، فَقَالَ: (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنْ لَمْ تَعْلَمُوْا آبَاءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيكُمْ) (الأحزاب: 5)، رَدَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِّمَّنْ تَبَنّٰى اُولٰئِكَ

4215- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين، وهو في (الموطأ) 2/605-606 في الرضاع: باب ما جاء في الرضاعة بعد الكبر، قال ابن عبد البر في (التمهيد) 8/250: هذا حديث يدخل في المسند، للقاء عروة عائشة وسائر أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، وللقائه سهلة بنت سهيل .وأخرجه الشافعي 2/22-23 عن مالك، به .وأخرجه من طريق مالك عبد الرزاق (13886)، ومن طريق الطبراني (6377)، بذكر عائشة فيه .وأخرجه أحمد 6/255 و269 و270-272، والدارمي 1/158، وعبد الرزاق (13887)، والبخاري (4000) في المغازي: باب رقم (12)، (5088) في النكاح: باب الأكفاء في الدين، وأبو داود (2061) في النكاح: باب من حرّم به، والنسائي 6/63-64 في النكاح: باب تزويج المولى العربية، والبيهقي 7/459-460 و460 من طرق عن الزهري، عن عروة، عن عائشة، وبعضهم يزيد فيه على بعض .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



إِلَى أَبِيهِ، فَإِنْ لَمْ يُعْلَمْ أَبُوهُ رُدَّ إِلَى مَوْلَاهُ، فَجَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ وَهِيَ امْرَأَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ وَهِيَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُنَّا نَرَى سَالِمًا وَلَدًا، وَكَانَ يَدْخُلُ عَلَيَّ، وَلَيْسَ لَنَا إِلَّا بَيْتٌ وَاحِدٌ، فَمَاذَا تَرَى فِي شَأْنِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْضِعِيهِ خَمْسَ رَضَعَاتٍ فَيَحْرُمُ بِلَبَنِكِ.

فَفَعَلَتْ، وَكَانَتْ تَرَاهُ ابْنًا مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَأَخَذَتْ بِذَلِكَ عَائِشَةُ فِيمَنْ كَانَتْ تُحِبُّ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهَا مِنَ الرِّجَالِ، فَكَانَتْ تَأْمُرُ أُخْتَهَا أُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ وَبَنَاتِ أَخِيهَا أَنْ يُرْضِعْنَ مَنْ أَحَبَّتْ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهَا مِنَ الرِّجَالِ، وَأَبَى سَائِرُ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ، وَقُلْنَ: مَا نَرَى الَّذِي أَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ إِلَّا رُخْصَةً فِي سَالِمٍ وَحْدَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يَدْخُلُ عَلَيْنَا بِهَذِهِ الرَّضَاعَةِ أَحَدٌ، فَعَلَى هَذَا مِنَ الْخَبَرِ كَانَ رَأْيُ أَزْوَاجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَضَاعَةِ الْكَبِيرِ

امام مالک ابن شہاب زہری کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ان سے بڑی عمر کے فرد کی رضاعت کا مسئلہ دریافت کیا گیا: تو انہوں نے بتایا: عروہ بن زبیر نے مجھے یہ بات بتائی ہے حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے انہوں نے سالم کو منہ بولا بیٹا بنایا تھا یہ وہ سالم ہے جنہیں سالم مولیٰ ابوحذیفہ کہا جاتا ہے یہ بالکل اسی طرح تھا جس طرح نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا۔ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے سالم کی شادی اپنی بھتیجی فاطمہ بنت ولید بن عتبہ بن ربیعہ سے کی تھی اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ اسے اپنا بیٹا سمجھتے تھے اور وہ لڑکی اس وقت ابتدائی طور پر ہجرت کرنے والی خواتین میں شامل تھیں اور قریش کی بیوہ عورتوں میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والی خاتون تھیں جب اللہ تعالیٰ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم نازل کر دیا اور ارشاد فرمایا۔

''تم انہیں ان کے حقیقی باپوں کے حوالے سے بلاؤ یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انصاف کے زیادہ مطابق ہے اور اگر تمہیں ان کے حقیقی باپ کے بارے میں علم نہ ہو تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور آزاد کردہ غلام ہیں''۔

تو ہر وہ شخص جس نے منہ بولا بیٹا بنایا ہوا تھا اس نے اس بچے کی نسبت اس کے باپ کی طرف کر دی اور اگر کسی کے باپ کے بارے میں پتہ نہیں تھا تو اسے اس کے آزاد کرنے والے آقا کی طرف منسوب کیا گیا۔

سہلہ بنت سہیل جو ابوحذیفہ کی اہلیہ تھیں اور ان کا تعلق بنو عامر بن لوی سے تھا وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہم سالم کو اپنا بیٹا ہی سمجھتے تھے وہ میرے پاس آیا کرتا تھا ہمارا صرف ایک ہی گھر ہے تو اس کے معاملے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے پانچ مرتبہ دودھ پلا دو تمہارے دودھ کی وجہ سے وہ حرمت والا ہو جائے گا۔ اس خاتون نے ایسا ہی کیا وہ خاتون اس لڑکے کو اپنا رضاعی بیٹا سمجھتی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حکم حاصل کیا جس مرد کے بارے میں وہ یہ بات پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آ جایا کرے تو وہ اپنی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بہن سیدہ ام کلثوم بنت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کو یا اپنی کسی بھتیجی کو یہ ہدایت کرتی تھیں کہ وہ اس لڑکے کو دودھ پلا دے جس کے بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آجایا کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ اس نوعیت کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ان کے ہاں داخل ہو وہ ازواج یہ کہا کرتی تھیں: ہم یہ سمجھتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سہلہ بنت سہیل کو یہ حکم اس حوالے سے دیا تھا کہ یہ صرف سالم کے لیے رخصت تھی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تھی اس طرح کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ہمارے ہاں نہیں آسکتا۔

تو بڑی عمر کے شخص کی رضاعت کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی یہ رائے تھی جو اس روایت میں منقول ہے۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ مُفَارَقَةَ اَهْلِهِ اِذَا شَهِدَتْ عِنْدَهُ امْرَاَةٌ عَدْلَةٌ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا

## آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی سے لاتعلقی اختیار کرلے جب کوئی عادل عورت اس کے سامنے اس بات کی گواہی دے کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی کو) دودھ پلایا ہے

**4216** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ:

(متن حدیث): تَزَوَّجْتُ اُمَّ يَحْيٰى بِنْتَ اَبِيْ اِهَابٍ فَدَخَلَتْ عَلَيْنَا امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ، فَذَكَرَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْنَا جَمِيْعًا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: كَيْفَ بِهَا وَقَدْ قَالَتْ مَا قَالَتْ؟، دَعْهَا عَنْكَ

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ام یحییٰ بنت ابواہاب سے شادی کر لی ایک سیاہ فام عورت

4216– إسناده صحيح . خلف بن هشام: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صاحبيه، فإنه من رجال البخاري .وأخرجه أبو داوُد (3603) في الأقضية: باب الشهادة في الرضاع، والطبراني في (الكبير) /17 (974) من طريقين عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وبأطول مما هنا، وعندهما زيادة في السند عن ابن مليكة وهو قوله: وحدثنيه صاحب لي عنه وأنا لحديث صاحبي أحفظ .وأخرجه الطبراني /17 (675) من طريق حماد بن سلمة، والدارقطني 4/177 من طريق ابن أبي عروبة، كلاهما عن أيوب، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/7 و383–384، وعبد الرزاق (13968) و (15435)، والبخاري (5104) في النكاح: باب شهادة المرضعة، وأبو داوُد (3604)، والترمذي (1151) في الرضاع، باب ما جاء في شهادة المرأة الواحدة في الرضاع، والنسائي 6/109 في النكاح: باب الشهادة في الرضاع، وفي (الكبرى) كما في (التحفة) 7/300، والدارقطني 4/175–176، والبيهقي 7/463 من طرق عن أيوب، عن ابن أبي مليكة، عن عبيد ابن أبي مريم، عن عقبة بن الحارث، بزيادة عبيد ابن أبي مريم بين أبي مليكة وعقبة بن الحارث . وقد سمع ابن أبي مليكة الحديث منهما جميعاً . وعبيد ابن أبي مريم قال الحافظ في (الفتح) 9/153: مكي ما له في الصحيح سوى هذا الحديث، ولا أعرف من حاله شيئاً إلا أن ابن حبان ذكره في ثقات التابعين، وقد أوضحت في الشهادات 5/269 بيان الاختلاف في إسناده على ابن أبي مليكة، وأن العمدة فيه على سماع ابن أبي مليكة له من عقبة بن الحارث نفسه .وأخرجه أحمد 4/7 و384، والحميدي (579)، والبخاري (2052) في البيوع: باب تفسير المشبّهات، والطبراني /17 (972) و (976)، والبيهقي 7/463، والدارقطني 4/177 من طرق عن ابن أبي مليكة، عن عقبة بن الحارث .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہمارے ہاں آئی اس نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ اس نے ہم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہو سکتا ہے' جب کہ اس عورت نے یہ بات بیان کر دی ہے' تو تم اس عورت (یعنی اپنی بیوی) کو چھوڑ دو۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ، اِنَّمَا هُوَ نَهْيٌ نَهَاهُ عَنِ الْكَوْنِ مَعَهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اس عورت کو اپنے سے چھوڑ دو'' یہ ایک ممانعت ہے اس میں نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس عورت کے ساتھ رہنے سے منع کیا ہے

**4217** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيدُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَزَوَّجَ بِنْتَ اَبِي اِهَابٍ، فَزَعَمَتِ امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَعْرَضَ عَنِّي، قَالَ: فَجِئْتُهُ مِنَ الْجَانِبِ الْاٰخَرِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهَا كَاذِبَةٌ، قَالَ: فَكَيْفَ بِهَا وَقَدْ زَعَمَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْكُمَا، فَنَهَاهُ عَنْهَا،

اَخْبَرَنَاهُ هٰذَا الشَّيْخُ فِي وَسَطِ اَحَادِيثِ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، عَنْ مَشَايِخِهِ

❀❀ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ابواہاب کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی تو ایک سیاہ فام عورت نے یہ بات بیان کی کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے منہ پھیر لیا میں دوسری طرف سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! وہ عورت جھوٹ کہتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب کیا ہو سکتا ہے' جب کہ اس نے یہ بات بیان کر دی ہے' اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس خاتون سے منع کر دیا (یعنی انہیں اس خاتون سے علیحدگی اختیار کرنے کا حکم دیا)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس شیخ (یعنی امام ابن حبان کے استاد محمد بن عمر) نے نصر بن علی کی یزید بن زریع کے حوالے سے ان کے مشائخ کے حوالے سے منقول روایات کے درمیان ہمیں اس روایت کے بارے میں بتایا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُقْبَةَ فَارَقَهَا، وَتَزَوَّجَتْ اٰخَرَ غَيْرَهُ، حِينَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی تھی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اس خاتون نے دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لی تھی (علیحدگی اس وقت اختیار کی تھی) جب نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا تھا "تم اس عورت کو چھوڑ دو"

**4218 - (سندِ حدیث):** اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِىْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

**(متنِ حدیث):** اَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِاَبِىْ اِهَابِ بْنِ عَزِيزٍ، فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ لَهُ: قَدْ اَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِىْ تَزَوَّجَ، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ: مَا اَعْلَمُ اَنَّكِ اَرْضَعْتِنِىْ وَلَا اَخْبَرْتِنِىْ، فَاَرْسَلَ اِلٰى آلِ اَبِىْ اِهَابٍ، فَسَاَلَهُمْ، فَقَالُوا: مَا عَلِمْنَاهَا اَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا، فَرَكِبَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ؟، فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ

(متن حدیث): رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعْضِ مَغَازِيهِ، فَجَاءَتْ جَارِيَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي نَذَرْتُ اِنْ رَدَّكَ اللّٰهُ سَالِمًا اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى رَاْسِكَ بِالدُّفِّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ نَذَرْتِ فَافْعَلِي، وَاِلَّا فَلَا، قَالَتْ: اِنِّي كُنْتُ نَذَرْتُ، فَقَعَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَتْ بِالدُّفِّ

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی غزوے سے واپس آرہے تھے ایک سیاہ فام لڑکی آئی اور اس نے یہ عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے یہ نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلامت واپس لے آیا' تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب دف بجاؤں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم نے نذر مانی تھی' تو ایسا کرلو' ورنہ نہ کرو اس نے عرض کی:

4386- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، الحسين بن واقد وثقه ابن معين، وقال أحمد، وأبو زرعة، والنسائي، وأبو داوُد: لا بأس به، علق له البخاري في "صحيحه"، واحتج به مسلم وأصحاب السنن .وأخرجه أحمد 5/356 عن أبي تميلة يحيى بن وضاح، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/353، والترمذي 3690 في المناقب: باب في مناقب عمر بن الخطاب رضي الله عنه، والبيهقي 10/77 من طرق عن حسين بن واقد، به وفيه قصة دخول أبي بكر وعثمان وعلي على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهي تضرب بالدف، فلما دخل عمر امتنعت .وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من حديث بريدة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں نے نذر مانی تھی، تو نبی اکرم ﷺ تشریف فرما ہوئے اور اس نے دف بجائی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَذْرِ الْمَرْءِ فِيمَا لَيْسَ لِلّٰهِ فِيهِ رِضًا لَا يَحِلُّ لَهُ الْوَفَاءُ بِهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، ہر وہ نذر جس میں اللہ کی رضامندی نہ پائی جاتی ہو اسے پورا کرنا آدمی کے لیے جائز نہیں ہے

**4387** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ نَذَرَ اَنْ يُطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرنے کی نذر مانتا ہے اسے اس کی فرمانبرداری کرنی چاہئے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی نذر مانتا ہے اسے اس کی نافرمانی نہیں کرنی چاہئے''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ وَفَاءِ النَّاذِرِ بِنَذْرِهِ اِذَا كَانَ لِلّٰهِ فِيهِ مَعْصِيَةٌ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، آدمی اپنی کسی ایسی نذر کو پورا کرے جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا مفہوم پایا جاتا ہو

**4388** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ نَاصِحٍ الْخَلَّالُ، قَالَ:

---

4387- إسناده صحيح على شرط البخاري، طلحة بن عبد الملك ثقة من رجال . البخاري، وباقي السند على شرطهما، وهو في "الموطأ" 2/476 في النذور والأيمان: باب ما لا يجوز من النذور في معصية الله .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/74-75، وأحمد 6/36 و41، والدارمي 2/184، والبخاري 6696 في الأيمان والنذور: باب النذر في الطاعة، و 6700 باب النذر فيما لا يملك وفي معصية، وأبو داؤد 3289 في الأيمان والنذور: باب ما جاء في النذر في المعصية، والترمذي 1526 في النذور والأيمان: باب من نذر أن يطع الله فليطعه، والنسائي 7/17 في الأيمان والنذور: باب النذر في الطاعة، وباب النذر في المعصية، والطحاوي في "معاني الآثار" 3/133، وفي "مشكل الآثار" 3/38، والبيهقي 9/231 و10/68، والبغوي 2440 .وأخرجه أحمد 6/224، والترمذي بعد الحديث 1526، والنسائي 7/17، وابن ماجة 2126 في الكفارات: باب النذر في المعصية، والطحاوي في "معاني الآثار" 3/133، وفي "مشكل الآثار" 3/37-38، وابن الجارود 934 من طريقين عن طلحة بن عبد الملك، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي في "المشكل" 3/37 .

4388- إسناده حسن، الحسن بن ناصح الخلال روى عنه جمع، وقال ابن أبي حاتم 3/39: أدركته ولم أكتب عنه، وكان صدوقاً، له ترجمة في "تاريخ بغداد" 7/435، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين وأورده البخاري في "تاريخه الكبير" 1/34 فقال: وقال عثمان بن عمر، فذكر هذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/208 عن وكيع، عن علي بن المبارك، به .إلا أنه لم يذكر فيه أيوب السختياني .وانظر 4390 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَيَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ نَذَرَ اَنْ يُّطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص یہ نذر مانتا ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے گا' تو اسے اس کی فرمانبرداری کرنی چاہئے اور جو شخص یہ نذر مانتا ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا' تو اسے اس کی نافرمانی نہیں کرنی چاہئے''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّذْرَ اِذَا كَانَ لِلّٰهِ فِيهِ مَعْصِيَةٌ لَيْسَ عَلَى النَّاذِرِ الْوَفَاءُ بِهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب کوئی ایسی نذر ہو' جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پائی جاتی ہو' تو نذر ماننے والے کو اس کو پورا کرنا لازم نہیں ہے

4389 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ نَذَرَ اَنْ يُّطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص یہ نذر مانتا ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے گا اسے اس کی فرمانبرداری کرنی چاہئے اور جو شخص یہ نذر مانتا ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا' تو اسے اس کی نافرمانی نہیں کرنی چاہئے''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں طلحہ بن عبدالملک منفرد ہے

4390 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

4389– إسناده صحيح على شرط البخاري . وهو مكرر الحديث 4387 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ﷻ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص یہ نذر مانتا ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا' تو اسے اس کی نافرمانی نہیں کرنی چاہئے''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّفِيَ الْمَرْءِ بِنَذْرِ الْمَعْصِيَةِ، وَمَا لَمْ يَكُنْ مَالِكًا لَهُ فِيْ وَقْتِ نَذْرِهِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی گناہ سے متعلق نذر کو پورا کرے یا ایسی چیز کے بارے میں نذر کو پورا کرے' کہ نذر ماننے کے وقت وہ اس کا مالک نہیں تھا

**4391** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِىْ مَعْصِيَةٍ، وَلَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِىْ مَا لَا يَمْلِكُ الْعَبْدُ، اَوِ ابْنُ آدَمَ

ﷻ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گناہ کے بارے میں نذر کو پورا نہیں کیا جائے گا اور ایسی چیز کے بارے میں نذر کو پورا نہیں کیا جائے گا' جس کا بندہ مالک نہ ہو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جس کا ابن آدم مالک نہ ہو''۔

---

4390– إسناده صحيح، محمد بن أبان هذا نسبه المؤلف في "ثقاته" 7/392 أنصارياً من أهل المدينة، وقال: ثبت، وأورده ابن أبي حاتم 7/199 وقال: سألت أبي . عنه فقال: هو شيخ من أهل اليمامة، لا أعلم أحداً روى عنه غير يحيى بن أبي كثير والأوزاعي، قلت: ومنصور فيما ذكره ابن حبان في "ثقاته"، ونسبه ابن أبي حاتم مزنياً، وكذا ابن معين في "تاريخه" ص503، وقيل له: مَن محمد بن أبان هذا؟ فقال: لا أدري، وقال ابن عبد البر في "التمهيد" 6/95: محمد بن أبان هذا هو محمد بن أبان المزني اليمامي، ليس هو محمد بن أبان بن صالح الكوفي، ذاك ضعيف عندهم، وقيل: إن محمد بن أبان هذا لم يرو عنه إلا يحيى بن أبي كثير، وهو مجهول، وقال آخرون: هو مدني معروف، روى عنه الأوزاعي أيضاً، وله عن القاسم وعروة وعون بن عبد الله رواية، وهذا هو الصحيح، وهو شيخ يمامي ثقة، وحسبك برواية يحيى بن أبي كثير والأوزاعي عنه . وباقي السند على شرط الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم فمن رجال البخاري .وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير " 1/33 و33–34، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 3/133، وأبو يعلى 4863، وابن عبد البر 6/94–95 و95 من طريقين عن يحيى بن أبي كثير، عن محمد بن أبان، بهذا الإسناد .

4391– إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو المهلب: وهو الجرمي عمّ أبي قلابة، ثقة روى له مسلم، وباقي السند ثقات على شرطهما .وأخرجه الشافعي 2/75 و76، وعبد الرزاق 15814، وأحمد 4/430 و433–434، والحميدي 829، ومسلم 1641 في النذر: باب لا وفاء لنذر في معصية الله ولا فيما لا يملك العبد، وأبو داوُد 3316 في الأيمان والنذور: . باب النذر فيما لا يملك، والنسائي 7/19 في الأيمان والنذور: باب النذر فيما لا يملك، و 30 باب كفارة النذر، وابن ماجة 2124 في الكفارات: باب النذور في المعصية، وابن الجارود 933، والبيهقي 10/68–69، والبغوي 2714 من طرق عن أيوب . بهذا الإسناد . بعضهم يذكر فيه قصة أسر المرأة ونجاتها على العضباء ناقة رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأنها نذرت إن الله أنجاها لتنحرنّها .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ وَفَاءِ نَذْرِ النَّاذِرِ إِذَا نَذَرَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، أَوْ كَانَ لِلّٰهِ فِيهِ مَعْصِيَةٌ

### اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' نذر ماننے والے کے لیے ایسی نذر کو پورا کرنا جائز نہیں ہے'

جب اس نے کسی ایسی چیز کے بارے میں نذر مانی ہو جس کا وہ مالک نہ ہو' یا اس نذر کو پورا کرنے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پائی جاتی ہو

**4392** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى زَحْمُوْيَهِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

(متن حدیث): أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ سَبَاهَا الْمُشْرِكُوْنَ، وَكَانُوْا أَصَابُوْا نَاقَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَوَجَدَتْ مِنَ الْقَوْمِ غَفْلَةً، فَنَذَرَتْ إِنِ اللّٰهُ أَنْجَاهَا عَلَيْهَا أَنْ تَنْحَرَهَا، قَالَ: فَأَنْجَاهَا، وَقَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ، فَذَهَبَتْ لِتَنْحَرَهَا فَمَنَعَهَا النَّاسُ، وَذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَمَا جَزَيْتِيهَا، ثُمَّ قَالَ: لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ لِابْنِ آدَمَ فِي مَعْصِيَةٍ، وَلَا فِيمَا لَا يَمْلِكُ

✿✿ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مسلمان خاتون کو مشرکین نے قیدی بنالیا ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اونٹنی کو اس سے پہلے پکڑ لیا تھا اس عورت نے ان لوگوں کو غفلت کا شکار دیکھا تو اس نے یہ نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے اس اونٹنی پر سوار ہو کر نجات عطا کر دی تو وہ اس اونٹنی کو قربان کر دے گی۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت کو نجات مل گئی وہ مدینہ منورہ آئی اور پھر اس اونٹنی کو قربان کرنے لگی' تو لوگوں نے اسے اس سے روک دیا اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے بہت برا بدلہ دیا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے لیے ایسی نذر کو پورا کرنا لازم نہیں ہے' جو گناہ کے بارے میں ہو' یا اس چیز کے بارے میں ہو' جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْأَمْرِ بِقَضَاءِ نَذْرِ النَّاذِرِ إِذَا مَاتَ قَبْلَ أَنْ يَفِيَ بِنَذْرِهِ

### نذر ماننے والے کی نذر کو پورا کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

### جب وہ اس نذر کو پورا کرنے سے پہلے انتقال کر جائے

**4393** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيْسَ الْأَنْصَارِيُّ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

---

4392– حديث صحيح رجاله ثقات، وراويه هنا عن الحسن منصور بن المعتمر وهو كوفي، وقد قال عباد بن سعد: قلت ليحيى بن معين: الحسن لقي عمران بن حصين؟ قال: أما في حديث البصريين، فلا، وأما في حديث الكوفيين، فنعم، وهشيم قد صرح بالتحديث عند النسائي فانتفت شبهة تدليسه، وانظر ما قبله .وأخرجه النسائي في السير كما في "التحفة" 8/177، وفي "المجتبى 7/29" في الأيمان والنذور: باب كفارة النذر، عن يعقوب بن إبراهيم، عن هشيم، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ اُمِّيْ مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ لَمْ تَقْضِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا: انہوں نے عرض کی: میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ذمے ایک نذر تھی جسے انہوں نے پورا نہیں کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی طرف سے تم اسے پورا کردو۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّقْضِيَ نَذْرَ النَّاذِرَةِ اِذَا مَاتَتْ قَبْلَ قَضَاءِ نَذْرِهَا

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ نذر ماننے والی عورت کی نذر کو پورا کردے جب کہ وہ عورت اس نذر کو پورا کرنے سے پہلے انتقال کر چکی ہو

**4394** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ نَذَرَتْهُ اُمُّهُ ثُمَّ مَاتَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ: اقْضِهِ عَنْهَا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نذر کا مسئلہ دریافت کیا جو ان کی والدہ نے مانی تھی اور پھر اسے پورا کرنے سے پہلے ان کا انتقال ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان کی طرف سے تم اسے پورا کردو۔

---

4393- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/472 في النذور والأيمان: باب ما يجب في النذور في المشي . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2761 في الوصايا: باب ما يستحب لمن توفي فُجاء ة أن يتصدقوا عنه، وقضاء النذور عن الميت، ومسلم 1638 في النذر: باب الأمر بقضاء النذر، وأبو داؤد 3307 في الأيمان والنذور: باب في قضاء النذر عن الميت، والبيهقي 4/256، والبغوي 2449 . وأخرجه أحمد 1/29 و329 و370، والحميدي 522، والطيالسي 2717، والبخاري 6698 في الأيمان والنذور: باب من مات وعليه نذر، ومسلم 1638، والنسائي 6/253-254 في الوصايا: باب فضل الصدقة عن الميت، و7/20-21 في الأيمان والنذور: باب من مات وعليه نذر تحرفت في المطبوع في إسناده سفيان إلى: سليمان، وأبو يعلى 2383، والبيهقي 10/85 من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد . وفي رواية البخاري والبيهقي فكانت سنة بعد .

4394- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البخاري 6959 في الحيل: باب في الزكاة وأن لا يفرق بين مجتمع ولا يجمع بين متفرق خشية الصدقة، ومسلم 1638، والترمذي 1546 في النذور وأيمان: باب ما جاء في قضاء النذر عن الميت، والنسائي 7/21 باب من مات وعليه نذر، وابن ماجة 2132 في الكفارات: باب من مات وعليه نذر، والبيهقي 6/278 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ قَضَاءَ نَذْرِ النَّاذِرَةِ إِذَا مَاتَتْ قَبْلَ أَنْ تَفِيَ بِهِ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ نذر ماننے والی عورت کی نذر کو پورا کرے جبکہ وہ عورت اس نذر کو پورا کرنے سے پہلے انتقال کر جائے

4395 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ لَمْ تَقْضِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ذمے ایک نذر لازم تھی جسے وہ پورا نہیں کرسکیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ان کی طرف سے تم اسے پورا کر دو۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ نَذْرَ النَّاذِرَةِ إِذَا مَاتَتْ قَبْلَ أَنْ تَفِيَ بِنَذْرِهَا لِبَعْضِ قَرَابَتِهَا قَضَاءُ ذَلِكَ النَّذْرِ عَنْهَا، وَإِنْ كَانَ النَّذْرُ صَوْمًا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نذر ماننے والی عورت کا جب نذر کو پورا کرنے سے پہلے ہی انتقال ہو جائے' تو اس کے قریبی رشتہ داروں کو اس بات کا حق حاصل ہے' اس کی طرف سے اس نذر کو پورا کر دیں اگرچہ وہ نذر روزہ رکھنے کی ہو

4396 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمٌ مِنْ نَذْرٍ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكُنْتِ قَاضِيَةً عَنْ أُمِّكِ دَيْنًا لَوْ كَانَ عَلَيْهَا؟، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ:

---

4395– إسناده صحيح على شرط مسلم . عبد الله بن عمر بن أبان: هو عبد الله بن عمر بن محمد بن أبان بن صالح مشكدانة . وأخرجه أبو يعلى 2683 عن عبد الله بن عمر بن أبان، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1638، والنسائي 7/21 من طرق عن عبدة بن سليمان، به . وأخرجه أحمد 6/7، والنسائي 6/253 في الوصايا: باب فضل الصدقة عن الميت، والحاكم 3/254 من طرق عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن ابن عباس، عن سعد بن عبادة أنه استفتى النبي صلى الله عليه وسلم في نذر . . . فذكره .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَصُومِي عَنْ أُمِّكِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ذمے نذر کا ایک روزہ لازم تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: کیا تم اپنی والدہ کے اس قرض کو ادا کر دیتی جو ان کے ذمے لازم ہوتا؟ اس خاتون نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اپنی والدہ کی طرف سے روزہ بھی رکھ لو۔

4396- إسناده حسن لغيره، سليمان بن عبيد الله: هو الأنصارى أبو أيوب الرّقّى، قال . ابن معين: ليس بشىء، وقال النسائى: ليس بالقوى، وذكره العقيلى فى "الضعفاء "، وقال أبو حاتم: صدوق ما رأيت إلا خيراً، وذكره المؤلف فى "ثقاته"، روى له الترمذى وابن ماجة، وقد توبع، وباقى السند ثقات على شرط السيخين غير محمد بن معدان وهو ثقة روى له النسائى . عبيد اللّٰه بن عمرو: هو الرقى .وأخرجه الحافظ ابن حجر فى "تغليق التعليق" 3/194 من طريق الحسين بن محمد بن حماد، عن هلال ومحمد بن معدان، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1148 156 فى الصيام: باب قضاء الصيام عن الميت، والنسائى فى الصيام من "الكبرى" كما فى "التحفة" 4/443، والبيهقى 4/255-256 من طرق عن زكريا بن عدى، عن عُبيد بن عمرو، بِهِ . وانظر 3530 و3570 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# كِتَابُ الْحُدُوْدِ

# کتاب! حدود کے بارے میں روایات

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَضْلِ إِقَامَةِ الْحُدُوْدِ مِنَ الْأَئِمَّةِ الْعُدُوْلِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' عادل حکمرانوں کی طرف سے حدود قائم کرنے کی فضیلت کیا ہے

**4397** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِقَامَةُ حَدٍّ بِاَرْضٍ خَيْرٌ لِاَهْلِهَا مِنْ مَطَرِ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی سرزمین پر حد کا قائم ہونا وہاں کے رہنے والوں کے لیے چالیس دن تک مسلسل بارش ہونے سے زیادہ بہتر ہے''۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِقَامَةِ الْحُدُوْدِ فِى الْبِلَادِ اِذْ اِقَامَةُ الْحَدِّ فِىْ بَلَدٍ يَكُوْنُ اَعَمَّ نَفْعًا مِنْ اَضْعَافِهِ الْقَطْرُ اِذَا عَمَّتْهُ

## شہروں میں حدود قائم کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' کیونکہ کسی شہر میں حد کو قائم کرنا اُس شہر کے لیے اس سے زیادہ فائدہ مند ہے' وہاں بارش ہو

4397– رجاله ثقات، ومحمد بن قدامة وهو ابن أعين المصيصي– وإن كان ثقة، خالفه عمرو بن زرارة .فأخرجه النسائي 8/76 في قطع السارق: باب في الترغيب في إقامة الحد، عنه، عن ابنُ عُلية، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ جرير بن يزيد البجلي، عن أبي زرعة، عن أبي هريرة، موقوفاً عليه ـ ووجه المخالفة أنه جعل شيخ يونس فيه جريرَ بن يزيد، وهو ضعيف، بدل عمرو بن سعيد، وهو ثقة، ووافقه على أبي هريرة .وله شاهد من حديث ابن عباس عند الطبراني في "الكبير" 11932، وفي "الأوسط" مرفوعاً بلفظ "يوم من إمام عادل أفضل من عبادة ستين سنة، وحدّ يقام في الأرض بحقّه أزكى فيها من مطر أربعين عاماً" قال المنذري في . "الترغيب والترهيب" 3/246: رواه الطبراني بإسناد حسن، وهو غريب بهذا اللفظ ـ قلت: وفي إسنادهما سعد أبو غيلان الشيباني وزريق بن السخت، قال الهيثمي في "المجمع" 5/197 و6/263: لم أعرفهما قلت: ذكرهما ابن حيان في "الثقات" 8/259 و283، وقال عن الثاني: مستقيم الحديث إذا روى عن الثقات .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4398 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يَزِيْدَ، (عَنْ جَرِيْرِ بْنِ يَزِيْد، عَنْ اَبِىْ زُرْعَة بن عَمْرو) "عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حَدٌّ يُقَامُ فِى الْاَرْضِ خَيْرٌ مِّنْ مَطَرِ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"زمین پر حد کا قائم ہو جانا چالیس دن تک بارش ہونے سے زیادہ بہتر ہے"۔

## ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّوَقُّفِ فِىْ اِمْضَاءِ الْحُدُوْدِ، وَاسْتِئْنَافِ اَسْبَابِهَا بِمَا فِيْهِ الْاِحْتِيَاطُ لِلرَّعِيَّةِ

## اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ حدود قائم کرنے میں توقف کیا جائے اور اس کے اسباب کی تحقیق کی جائے کیونکہ اس میں رعایا کے لیے احتیاط پائی جاتی ہے

4399 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الصَّامِتِ، ابْنِ عَمِّ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): جَاءَ الْاَسْلَمِىُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ

4398- إسناده ضعيف، جرير بن يزيد: هو ابن جرير بن عبد الله البجلي، ضعيف الحديث، وعيسى بن يزيد: قال الحافظ: مقبول، ولم يوثقه غير المؤلف . وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 282/2 .وأخرجه ابن ماجة 2538 في الحدود: باب إقامة الحدود، عن عمرو بن رافع، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/402، والنسائي 8/75-76 في قطع السارق: باب الترغيب في إقامة الحد، وابن الجارود 801 من طرق عن ابن المبارك، به . إلا أن عندهم ثلاثين صباحاً بدل أربعين .وأخرجه أحمد 2/362 عن زكريا بن عدي، عن ابن المبارك، به . وعنده ثلاثين أو أربعين صباحاً على الشك

4399- إسناده ضعيف، عبد الرحمٰن بن الصامت، ويقال: عبد الرحمٰن بن . الهضاض، وقيل: ابن الهضاض، وقيل: ابن الهضاب: لم يوثقه غير المؤلف، وقال البخاري: لا يعرف إلا بهذا الحديث، وفي "ذيل الكامل" للنباتي: من لا يُعرف إلا بحديث واحد، ولم يشهر حاله، فهو في عداد المجهولين . وهو في "مصنف عبد الرزاق" 13340 .ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أبو داوٗد 4428 في الحدود: باب رجم ماعز ابن مالك، والنسائي في الرجم كما في "التحفة10/146"، وابن الجارود 814، والدارقطني 3/196-197 .وأخرجه أبو داوٗد 4429، والنسائي في الرجم، وأبو يعلى ورقة 283/2، والبيهقي 8/227-228 من طريق الضحاك بن مخلد، عن ابن جريج، عن أبي الزبير، عن ابن عم أبي هريرة، عن أبي هريرة ولم يسمه .وأخرجه النسائي من طريق حماد بن سلمة، عن أبي الزبير، عن عبد الرحمٰن ابن هضاض، به .وأخرجه النسائي أيضاً من طريق الحسين بن واقد، عن أبي الزبير، عن عبد الرحمٰن بن الهضاب ابن أخي أبي هريرة- بمعناه .قلت: وفي "صحيح مسلم" 1695 من طريق علقمة بن مرثد، عن سليمان بن بريدة، عن أبيه قال: جاء ماعز بن مالك إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله طهّرني . . . وفيه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لأصحابه: "استغفروا لماعز بن مالك" فقالوا: غفر الله لماعز بن مالك، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لقد تاب توبة لو قسمت بين أمّة لوسعتهم" .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِالزِّنٰى، يَقُوْلُ: اَتَيْتُ امْرَاَةً حَرَامًا، وَفِيْ ذٰلِكَ يَعْرِضُ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ فِي الْخَامِسَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ: اَنِكْتَهَا؟، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: هَلْ غَابَ ذٰلِكَ مِنْكَ فِيْهَا كَمَا يَغِيبُ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِي الْبِئْرِ؟، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: فَهَلْ تَدْرِي مَا الزِّنَا؟، قَالَ: نَعَمْ، اَتَيْتُ مِنْهَا حَرَامًا مِثْلَ مَا يَاْتِي الرَّجُلَ مِنِ امْرَاَتِهٖ حَلَالًا، قَالَ: فَمَا تُرِيْدُ بِهٰذَا الْقَوْلِ؟، قَالَ: اُرِيْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِيْ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُرْجَمَ فَرُجِمَ، فَسَمِعَ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِهٖ يَقُوْلُ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ: انْظُرُوْا اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهٗ حَتّٰى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُمَا، فَمَرَّ بِجِيْفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهٖ، فَقَالَ: اَيْنَ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ؟، فَقَالَا: نَحْنُ ذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُمَا: كُلَا مِنْ جِيْفَةِ هٰذَا الْحِمَارِ، فَقَالَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَنْ يَّاْكُلُ مِنْ هٰذَا؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ هٰذَا الرَّجُلِ آنِفًا اَشَدُّ مِنْ اَكْلِ هٰذِهِ الْجِيْفَةِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، اِنَّهُ الْاٰنَ فِيْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے اپنی ذات کے بارے میں چار مرتبہ زنا کرنے کی گواہی دی اس نے یہ کہا: میں نے ایک عورت کے ساتھ حرام طور پر (صحبت کی ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے اعراض کرتے رہے، یہاں تک کہ جب وہ پانچویں مرتبہ آیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: کیا تم نے اس عورت کے ساتھ صحبت کی ہے اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہاری شرم گاہ اس کی شرم گاہ میں یوں غائب ہو گئی تھی جس طرح سرمہ دانی میں سلائی گم ہو جاتی ہے یا کنویں میں رسی چلی جاتی ہے اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو زنا کیا ہے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں میں نے اس عورت کے ساتھ حرام طور پر وہ عمل کیا جو کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ حلال طور پر کرتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم یہ کہہ کر کیا چاہتے ہو اس نے عرض کی: میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پاک کر دیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اسے سنگسار کر دیا جائے، تو اسے سنگسار کر دیا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے دو آدمیوں کو سنا ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے یہ کہہ رہا تھا: ذرا اس شخص کی طرف دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا پردہ رکھا تھا، لیکن اس نے اپنے آپ کو ایسی حالت میں کر دیا کہ اسے کتے کی طرح سنگسار کر دیا گیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کی بات پر خاموش رہے پھر آپ کا گزر ایک مردار گدھے کے پاس سے ہوا جس کا پاؤں اوپر کی طرف اٹھا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں اور فلاں شخص کہاں ہیں؟ ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم یہاں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: تم دونوں اس گدھے کا مردار کھا لو ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کرے اسے کون کھا سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ابھی تھوڑی دیر پہلے اس شخص کی عزت پر جو حملہ کیا ہے وہ اس مردار کو کھانے سے زیادہ برا ہے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ شخص اس وقت جنت کی نہروں میں ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فِي الْمِرَارِ الْاَرْبَعِ، وَاَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو چار مرتبہ واپس کردیا تھا آپ ﷺ کے حکم کے تحت ان کو وہاں سے نکال دیا گیا تھا

**4400** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْهِضْهَاضِ الدَّوْسِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، ثُمَّ اَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، فَقَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، قَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، قَالَ: اَتَيْتُ امْرَاَةً حَرَامًا مِثْلَ مَا يَاْتِي الرَّجُلُ مِنِ امْرَاَتِهٖ، فَاَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الرَّابِعَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، قَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، قَالَ: اَدْخَلْتَ وَاَخْرَجْتَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُرْجَمَ، فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ تَحَمَّلَ اِلٰى شَجَرَةٍ، فَرُجِمَ عِنْدَهَا حَتّٰى مَاتَ، فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ لِصَاحِبِهٖ: وَاَبِيكَ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْخَائِبُ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، كُلُّ ذٰلِكَ يَرُدُّهُ حَتّٰى قُتِلَ كَمَا يُقْتَلُ الْكَلْبُ، فَسَكَتَ عَنْهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَرَّ بِجِيفَةِ حِمَارٍ شَائِلَةٌ رِجْلُهَا، فَقَالَ: كُلَا مِنْ هٰذَا، قَالَا: مِنْ جِيفَةِ حِمَارٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَالَّذِي نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِيكُمَا اَكْثَرُ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ، اِنَّهٗ لَفِيْ نَهَرٍ مِّنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَتَقَمَّصُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ماعز نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: دور والے نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو کیا تم جانتے ہو کہ زنا کیا ہے پھر نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے وہاں سے نکال دیا گیا پھر وہ دوسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ زنا کیا

4400- إسناده ضعيف كسابقه . وأورده البخاري في "التاريخ الكبير" 5/361 فقال: عبد الرحمٰن بن الهضاض، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرجم . قاله عمرو بن خالد، عن مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزبير . . .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اسے پھر وہاں سے نکال دیا گیا پھر وہ تیسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ کہ زنا کیا چیز ہے اس نے عرض کی: میں نے ایک عورت کے ساتھ حرام طور پر وہی کام کیا ہے' جو کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کرتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے وہاں سے نکال دیا گیا وہ چوتھی مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ ہے کہ زنا کیا ہوتا ہے کیا تم نے اندر داخل کیا اور باہر نکالا اس نے جواب دیا: جی ہاں' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اسے سنگسار کر دیا جائے جب اسے پتھر لگنے لگے تو اس نے درخت کی آڑ لی پھر اسے اس درخت کے پاس سنگسار کر دیا گیا' یہاں تک کہ اس کا انتقال ہو گیا۔

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ گزر رہے تھے آپ ﷺ کے ہمراہ آپ ﷺ کے کچھ اصحاب بھی تھے ان میں سے ایک صاحب نے اپنے ساتھی سے کہا تمہارے باپ کی قسم یہ شخص خسارے کا شکار ہونے والا ہے یہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کئی مرتبہ حاضر ہوا ہر مرتبہ نبی اکرم ﷺ اسے واپس کرتے رہے' یہاں تک کہ اسے یوں قتل کر دیا گیا جس طرح کتے کو مارا جاتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ ان دونوں کے حوالے سے خاموش رہے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کا گزر ایک گدھے کے مردار جسم کے پاس سے ہوا جس کا پاؤں اوپر کی طرف اٹھا ہوا تھا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دونوں اسے کھاؤ ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا گدھے کے مردار کو کھائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے اپنے بھائی کی عزت پر جو حملہ کیا ہے وہ اس سے زیادہ (بڑا گناہ ہے) اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے وہ شخص اب جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ تَقَمُّصِ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ فِي الْجَنَّةِ

## حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ جن کا ہم نے ذکر کیا ہے ان کا جنت میں (نہر میں) ڈبکی لگانے کا تذکرہ

**4401** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَجَمَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَتَخَضْخَضُ فِي اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو سنگسار کروایا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اسے دیکھا ہے' وہ جنت کی نہروں میں تیر رہا ہے۔

---

4401- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير موصوف بالتدليس وقد عنعن .وأورده السيوطي في "الجامع الكبير" 2/645، وزاد نسبته للضياء المقدسي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ الْحُدُوْدَ يَجِبُ اَنْ تُقَامَ عَلٰى مَنْ وَجَبَتْ شَرِيفًا كَانَ اَوْ وَضِيعًا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جس شخص کے لیے حد ثابت ہو جائے اس پر حد قائم کرنا واجب ہے خواہ وہ شخص بڑے خاندان کا ہو یا عام فرد ہو

**4402** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّتْهُمْ شَاْنُ الْمَرْاَةِ الْمَخْزُومِيَّةِ الَّتِي سَرَقَتْ، فَقَالُوا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: وَمَنْ يَجْتَرِءُ عَلَيْهِ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، حُبُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَلَّمَهُ اُسَامَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ، فَقَالَ: اِنَّمَا هَلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ، اَنَّهُمْ كَانُوا اِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَاِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ اَقَامُوا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا

❀❀ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قریش ایک مخزومی خاتون کے معاملے میں بہت پریشان تھے جس نے چوری کی تھی لوگوں نے کہا: اس خاتون کے بارے میں کون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات کرے گا' تو کسی نے کہا: یہ جرأت صرف اسامہ بن زید کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں جب حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کی ایک حد کے بارے میں سفارش کر رہے ہو؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے کے لوگ اس لیے ہلاکت کا شکار ہو گئے کہ جب ان میں سے بڑے خاندان کا کوئی شخص چوری کرتا تو وہ اسے چھوڑ دیتے تھے اور جب کسی کمزور خاندان کا شخص چوری کرتا تھا تو وہ اس پر حد جاری کر دیا کرتے تھے اللہ کی قسم! اگر محمد کی صاحبزادی فاطمہ نے چوری کی ہوتی' تو میں اس کا ہاتھ بھی ضرور کٹوا دیتا۔

4402– إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، روى له أصحاب السنن غير الترمذي، وهو ثقة، ومَن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أبو داوٗد 4373 في الحدود: باب في الحد يشفع فيه، عن يزيد بن . موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/173، والبخاري 3475 في أحاديث الأنبياء : باب رقم 54، و6887 في الحدود: باب إقامة الحدود على الشريف والوضيع، و 6788 باب كراهية الشفاعة في الحد إذا رُفع إلى السلطان، ومسلم 1688 8 في الحدود: باب قطع السارق الشريف وغيره والنهي عن الشفاعة والحدود، وأبو داوٗد 4373، والترمذي 1430 في الحدود: باب ما جاء في كريهة أن يشفع في الحدود، والنسائي 8/73–74 في قطع السارق: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر الزهري في المخزومية التي سرقت، وابن ماجة 2547 في الحدود: باب الشفاعة في الحدود، وابن الجارود 805، والبيهقي 8/253–254، والبغوي 2603 من طرق عن الليث بن سعد، بِهِ .وأخرجه مختصراً البخاري 3732 في فضائل الصحابة: باب ذكر أسامة بن زيد، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بِهِ .وفي هذا الحديث منع الشفاعة في الحدود إذا انتهى أمرها إلى الإمام، وفي حديث عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده رفعه "تعافوا الحدود فيما بينكم، فما بلغني من حدٍّ فقد وجب" رواه أبو داوٗد 4376 وترجم له: العفو عن الحد ما لم يبلغ السلطان، وسنده حسن، وصححه الحاكم 4/383 وأقره الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْحُدُوْدَ تَكُوْنُ كَفَّارَاتٍ لِاَهْلِهَا

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حدود ان لوگوں کے لیے کفارہ ہوتی ہیں (جن پر یہ قائم کی جاتی ہیں)

**4403** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا، فَقَالَ: اَحْسِنْ اِلَيْهَا حَتّٰى تَضَعَ مَا فِي بَطْنِهَا، فَاِذَا وَضَعَتْ فَاْتِنِي بِهَا، فَلَمَّا وَضَعَتْ اَتٰى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهَا، فَشُدَّ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتُصَلِّي عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ عَلٰى سَبْعِينَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ لَوَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَهِمَ الْاَوْزَاعِيُّ فِي كُنْيَةِ عَمِّ اَبِي قِلَابَةَ اِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ، فَقَالَ: عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهِ اَبِي الْمُهَاجِرِ، وَاِنَّمَا هُوَ اَبُو الْمُهَلَّبِ اسْمُهُ: عَمْرُو بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدٍ الْجَرْمِيُّ مِنْ ثِقَاتِ التَّابِعِينَ وَسَادَاتِ اَهْلِ الْبَصْرَةِ

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد قائم کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سرپرست کو بلوایا اور فرمایا: اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو جب تک یہ بچے کو جنم نہیں دیتی جب یہ بچے کو جنم دیدے تو تم اسے میرے پاس لے آنا جب اس عورت نے بچے کو جنم دے دیا' تو وہ شخص اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

---

4403- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . عم أبي قلابة: هو أبو المهلب الجرمي .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 18/476 عن إبراهيم بن دحيم، عن أبيه عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوٗد 4441 في الحدود: باب المرأة التي أمر النبي صلى الله عليه وسلم برجمها من جهينة، عن محمد بن الوزير الدمشقي، عن الوليد بن مسلم، بِهِ .وأخرجه الطبراني 18/475 و476 من طريقين عن الأوزاعي، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق 13348، والطيالسي 848، وابن أبي شيبة 10/87-88، وأحمد 4/429-430 و435-436 و437 و440، والدارمي 2/180-181، ومسلم 1696 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والترمذي 1435 في الحدود: باب تربُّص الرجم بالحُبلى حتى تضع، وأبو داوٗد 4440، والنسائي 4/63-64 في الجنائز: باب الصلاة على المرجوم، وابن الجارود 815، والدارقطني 3/101 و102، والبيهقي 8/225 من طرق عن يحيى بن أبي كثير، بِهِ .وأخرجه بنحوه عبد الرزاق 13347 عن معمر والثوري، عن أيوب، عن أبي قلابة، عن عمران مختصراً، ولم يذكر فيه أبا المهلب، فلعله سقط من المطبوع .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لے آیا نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس کے کپڑے کو مضبوطی سے باندھا گیا پھر آپ کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کی نماز جنازہ ادا کی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ ایک ایسی عورت کی نماز جنازہ ادا کریں گے جس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس نے ایک ایسی توبہ کی ہے اگر اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر افراد پر تقسیم کیا جائے، تو ان سب کے لیے کافی ہو کیا تمہیں اس سے زیادہ افضل اور کوئی شخص ملتا ہے اس نے اپنی ذات کو اللہ کے لیے قربان کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام اوزاعی کو ابوقلابہ کے چچا کی کنیت ذکر کرنے میں وہم ہوا ہے کیونکہ گھوڑا اٹھوکر کھا جاتا ہے انہوں نے یہ کہا ہے: یہ روایت ابوقلابہ کے حوالے سے ان کے چچا ابومہاجر کے حوالے سے منقول ہے حالانکہ ان کے چچا کی کنیت ابومہلب ہے اور ان کا نام عمرو بن معاویہ بن زید جرمی ہے یہ ثقہ تابعین میں سے ہیں اور اہل بصرہ کے سرداروں میں سے ہیں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ اِقَامَةَ الْحُدُوْدِ تُكَفِّرُ الْجِنَايَاتِ عَنْ مُرْتَكِبِهَا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے حدود کو قائم کرنا حدود کے مرتکب شخص سے گناہ کو ختم کر دیتا ہے

**4404** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَجَمَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَتَخَضْخَضُ فِي اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک کو سنگسار کروایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اسے جنت کی نہروں میں تیرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ عُجِّلَ لَهُ الْعُقُوبَةُ بِالْحُدُوْدِ تَكُوْنُ اِقَامَتُهَا كَفَّارَةً لَهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، جس شخص کو حدود کی شکل میں دنیا میں سزا مل جائے، تو حد کا قائم ہونا اس شخص کے حق میں (گناہ کا) کفارہ بن جاتا ہے

**4405** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِى قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى اَسْمَاءَ *، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

---

4404– رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير مدلس وقد عنعن، وهو مكرر 4401 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَخَذَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اَخَذَ عَلَى النِّسَاءِ مِنَّا، وَقَالَ: مَنْ اَصَابَ مِنْكُمْ مِنْهُنَّ حَدًّا فَعُجِّلَتْ لَهُ عُقُوبَتُهُ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ، وَمَنْ اُخِّرَ عَنْهُ فَاَمْرُهُ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ رَحِمَهُ، وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بھی اسی طرح بیعت لی جس طرح ہماری خواتین سے لی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص ان میں سے کسی ایک قابل حد چیز کا مرتکب ہو جائے اور اسے دنیا میں سزا دے دی جائے' تو یہ چیز اس کے لیے کفارہ ہوگی اور جس شخص سے یہ بات مؤخر ہو جائے (یعنی اسے دنیا میں سزا نہ ملے) تو اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا اگر وہ چاہے گا' تو اس پر رحم کر دے گا اور اگر چاہے گا' تو اسے عذاب دیدے گا۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْقَتْلِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهِ الْجَمَاعَةَ وَهُمْ جَمِيعٌ

## جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں (مسلمانوں کی) جماعت سے الگ ہو کر تفرقہ پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے' جبکہ وہ لوگ اس وقت اکٹھے ہوں ایسے شخص کو قتل کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

**4406** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَرْفَجَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّهَا سَتَكُوْنُ هَنَاتٌ وَّهَنَاتٌ، فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهُمْ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''عنقریب فساد ہی فساد ہوں گے' جو شخص اس امت میں تفرقہ پیدا کرنے کی کوشش کرے' جبکہ وہ لوگ اکٹھے ہوں' تو

---

4405- رجاله ثقات رجال الصحيح، أبو أسماء : اسمه عمرو بن مرثد الرحبي، وعند غير المصنف بدله أبو الأشعث الصنعاني .فقد أخرجه أحمد 5/320 من طريق شعبة، ومسلم 1709 43 في الحدود: باب الحدود كفارات لأهلها، من طريق هشيم، وابن ماجة 2603 في الحدود: باب الحد كفارة، من طريق عبد الوهاب وابن أبي عدى، أربعتهم عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ . وأبو الأشعث: اسمه شراحيل بن اٰدة .وأخرجه بنحوه مطولاً ومختصراً أحمد 5/214 و320، والدارمي 2/220، والحميدي 387، والشافعي في "مسنده" بترتيب الساعاتي 2/187-188، والبخاري 18 في الإيمان: باب رقم 11، و3892 في مناقب الأنصار: باب وفود الأنصار إلى النبي صلى الله عليه وسلم بمكة وبيعة العقبة، و4894 في التفسير: باب (اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ)، و6784 في الحدود: باب الحدود كفارة، و 6801 باب توبة السارق، و7213 في الأحكام: باب بيعة النساء، و 7468 في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، ومسلم 1709، والترمذي 1439 في الحدود: باب ما جاء أن الحدود كفارة لأهلها، . والنسائي 4/141-142 في البيعة: باب البيعة على الجهاد، و148 باب البيعة على فراق المشرك، و161-162 باب ثواب من وفّى ما بايع عليه، و 8/108-109 في الإيمان: باب البيعة على الإسلام، وابن الجارود 803، والبيهقي 8/328، والبغوي 29 من طرق عن الزهري، عن أبي إدريس عائذ الله بن عبد الله الخولاني .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسے تلوار کے ذریعے قتل کردو خواہ وہ جو کوئی بھی ہو"۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ قَتْلِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اِذَا ارْتَكَبَ اِحْدَى الْخِصَالِ الثَّلَاثِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُبِيحَ دَمُهُ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ ایسے مسلمان شخص کو قتل کردینا مباح ہوجاتا ہے جو تین میں سے کسی ایک چیز کا ارتکاب کرلے جس کی وجہ سے اس کا خون مباح ہوجاتا ہے

**4407** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ، لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا ثَلَاثَةَ نَفَرٍ: التَّارِكُ لِلْاِسْلَامِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، قَالَ الْاَعْمَشُ، فَحَدَّثْتُ بِهِ اِبْرَاهِيمَ، فَحَدَّثَنِي عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے ایسے کسی بھی شخص کو قتل کرنا جائز نہیں ہے جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں البتہ تین لوگوں کا حکم مختلف ہے اسلام کو ترک کرکے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص شادی شدہ زانی اور وہ شخص جسے کسی دوسرے (کے قتل کے بدلے میں) قتل کیا جائے"۔

---

4406- إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير أن صحابيَّ الحديث وهو عرفجة الأشجعي - لم يخرج له البخاري. وأخرجه الطيالسي 1224، وأحمد 4/261 و341 و5/23-24، ومسلم 1852 59 في الإمارة: باب حكم من فرق أمر المسلمين وهو مجتمع، وأبو داوٗد 4762 في السنة: باب في قتل الخوارج: والنسائي 7/93 في تحريم الدم: باب قتل من فارق الجماعة، والطبراني في "الكبير" 17/361، والبيهقي 8/168 من طريق شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي، وعبد الرزاق 20714، وأحمد 4/261 و341، ومسلم 1852، والنسائي 7/92 و93، والطبراني 17/353 و355 و356 و357 و358 و359 و360 و362 و363 و364، والبيهقي 8/168 من طرق عن زياد بن علاقة، به. وأخرجه بنحوه مسلم 1852 60، والطبراني 17/365 و366 و367 من طرق عن عرفجة.

4407- إسناده صحيح على شرط مسلم، أحمد بن إبراهيم الدروقي ثقة من رجاله، ومن فوقه ثقات على شرطهما. وسفيان: هو الثوري. وأخرجه أحمد 6/181، ومن طريقه أخرجه مسلم 1676 26 في القسامة: باب ما يباح به دم المسلم، والبيهقي 8/194-195 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، بهذا الإسناد، وقال: عبد الله ولم ينسبه وأخرجه النسائي 7/90-91 في تحريم الدم: باب ما يحل به دم المسلم، والدارقطني 3/82 و82-83 من طرق عن عبد الرحمٰن بن مهدي، به. وقال أيضاً: عبد الله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعمش بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت ابراہیم کو سنائی تو انہوں نے مجھے اسود کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول اسی کی مانند روایت سنائی۔

**4408** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِیْ، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهِ الْمُفَارِقُ الْجَمَاعَةَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی ایسے شخص کا خون بہانا جائز نہیں ہے' جو اس بات کی گواہی دیتا ہو' کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور ''میں'' اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں' البتہ تین لوگوں کا حکم مختلف ہے' شادی شدہ زانی' جان کے بدلے میں جان' اور اپنے دین (یعنی دین اسلام) کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص (یعنی انہیں قتل کیا جائے گا)''۔

---

(متن حدیث): اَنَّهُ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُتِيَ بِرَجُلٍ اَشْعَرَ، قَصِيرٍ، ذِي عَضَلَاتٍ، اَقَرَّ بِالزِّنَى فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ اَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ، وَقَالَ: كُلَّمَا نَفَرْنَا غَازِيْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ يَتَخَلَّفُ اَحَدُكُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ، يَمْنَحُ اِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ، اَمَا اِنِّي لَنْ اُوْتَى بِاَحَدٍ مِّنْهُمْ اِلَّا جَعَلْتُهُ نَكَالًا،

4436- إسناده حسن، سماك بن حرب من رجال مسلم وهو حسن الحديث، وباقي رجاله . . ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 1897 عن سليمان بن الحسن، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/103، وابن أبي شيبة 10/73، ومسلم 1692 18 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، وأبو داوٗد 4423 في الحدود: باب رجم ماعز بن مالك، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 2/158، والطحاوي 3/142 و143 من طرق عن شعبة، بِهِ .وفيه: فردّه مرتين، وفي رواية لمسلم والطحاوي: مرتين أو ثلاثاً . وأخرجه عبد الرزاق 13343، ومن طريقه أحمد 5/86 و87، والطبراني 1917 عن إسرائيل بن يونس، وأحمد 5/102 من طريق المسعودي، ومسلم 1692 17، وأبو داوٗد 4422، والطبراني 1979، والبيهقي 8/226-227 من طريق أبي عوانة، والطبراني 2049 من طريق الوليد بن أبي ثور، أربعتهم عن سماك بن حرب، بِهِ . في رواية إسرائيل والوليد ردّه له مرتين، وفي رواية أبي عوانة فشهد على نفسه أربع شهادات، وفي رواية المسعودي: فاعترف مراراً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَرُبَّمَا قَالَ سِمَاكٌ: اِلَّا نَكَّلْتُهُ، قَالَ سِمَاكٌ: فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: رَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، قَالَ شُعْبَةُ، وَقَالَ الْحَكَمُ يَنْبَغِي اَنْ يَّرُدَّهُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، وَقَالَ حَمَّادٌ: مَرَّةً

❁❁ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے ایک شخص آیا جس کے بال زیادہ تھے اس کا قد چھوٹا تھا اور جسم مضبوط تھا اس نے زنا کرنے کا اقرار کیا دو مرتبہ اسے واپس کر دیا گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہم جب بھی اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے جاتے ہیں' تو کوئی ایک شخص پیچھے رہ جاتا ہے' جو نر جانور کی طرح آواز نکالتا ہے (یعنی عورت کو بہلا پھسلا کر) یا کچھ دے کر اس کے ساتھ زنا کر لیتا ہے۔ اب اس طرح کا جو بھی شخص میرے پاس لایا گیا تو میں اسے عبرت کا نشان بنا دوں گا''۔

سماک نامی راوی نے بعض اوقات ایک لفظ مختلف بیان کیا ہے۔

سماک نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے سعید بن جبیر کے سامنے یہ روایت نقل کی تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو چار مرتبہ واپس کیا تھا۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: حکم نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے یہ بات مناسب ہے' ایسے شخص کو چار مرتبہ واپس کیا جائے۔

جب کہ حماد نامی راوی نے یہ بات ذکر کی ہے' اسے ایک مرتبہ واپس کیا جائے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِقْرَارَ بِالزِّنٰى يُوْجِبُ الرَّجْمَ عَلٰى مَنْ اَقَرَّ بِهٖ، وَكَانَ مُحْصِنًا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' زنا کا اقرار سنگسار کرنے کو اس شخص کے لیے واجب کر دیتا ہے' جس نے اس کا اقرار کیا ہو اور وہ محصن ہو

**4437** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُمَا قَالَا:

(متن حدیث): اِنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَعْرَابِ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اُنْشُدُكَ اللّٰهَ اِلَّا قَضَيْتَ لِي بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْخَصْمُ الْاٰخَرُ وَهُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ: نَعَمْ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَاْذَنْ لِي، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ، قَالَ: اِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيفًا عَلٰى هٰذَا، فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ، وَاِنِّي اُخْبِرْتُ اَنَّ عَلٰى ابْنِي الرَّجْمُ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِئَةِ شَاةٍ وَوَلِيدَةٍ، فَسَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ، فَاَخْبَرُوْنِي اَنَّ عَلٰى ابْنِي

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ، وَاَنَّ عَلٰى امْرَاَتِهِ الرَّجْمُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْوَلِيدَةُ وَالْغَنَمُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ، اغْدُ يَا اُنَيْسُ اِلٰى امْرَاَةِ هٰذَا، فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، قَالَ: فَغَدَا عَلَيْهَا، فَاعْتَرَفَتْ، فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ آپ میرے بارے میں اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ دیں۔ اس کے مخالف فریق نے' جو اس سے زیادہ سمجھدار تھا اس نے کہا: جی ہاں: آپ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے' لیکن مجھے آپ اجازت دیجئے (تاکہ میں مسئلہ بیان کردوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کہو۔ اس نے عرض

4437- إسناده صحيح، يزيد بن مَوهب ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه البخاري 2724 في الشروط: باب الشروط التي لا تحل في الحدود، ومسلم 1697 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 3/236، والطبراني 5193 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 2314 في الوكالة: باب الوكالة في الحدود، عن أبي الوليد، عن الليث، به مختصراً جداً .وأخرجه النسائي في ارجم، والطبراني 5191 من طريقين عن مالك والليث وسفيان بن عيينة، عن ابن شهاب، بِهِ . زاد سفيان في روايته مع أبي هريرة وزيد شبلاً .وأخرجه مالك 2/882 في الحدود: باب ما جاء في الرجم، ومن طريقه الشافعي في "مسنده" 2/78-79، والبخاري 6633 في الأيمان والنذور: . باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم، و 6842 في الحدود: باب إذا رمى امرأته أو امرأة غيره بالزنى عند الحاكم والناس . . .، وأبو داوُد 4445 في الحدود: باب المرأة التي أمر النبي صلى الله عليه وسلم برجمها من جهينة، والترمذي بعد الحديث 1433 في الحدود: باب ما جاء في الرجم على الثيب، والنسائي 8/240-241 في آداب القضاة: باب صون النساء عن مجلس الحكم، والطبراني 5190، والطحاوي 3/135، والبغوي 2579 .وأخرجه الشافعي 2/79، والبخاري 2827 في الحدود: باب الاعتراف بالزنى، و 6859 باب هل يأمر الإمام رجلاً فيضرب الحد غائباً عنه؟، من طرق سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/115-116، والحميدي 811، والدارمي 2/177، والترمذي 1433، والنسائي 8/241-242، وابن ماجة 2549 في الحدود: باب حد الزنى، والطحاوي 3/134-135، والطبراني 5192، وابن الجارود 811، والبيهقي 8/219 و222 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . زاد سفيان فيه مع زيد وأبي هريرة شبلاً .وأخرجه عبد الرزاق 13309، و13310، والإمام أحمد 4/115، والبخاري 2695 في الصلح: باب إذا اصطلحوا على صلح جَور فالصلح مردود، و 6835 في الحدود: باب من أمر غير الإمام بإقامة الحد غائباً عنه، و7193 في الأحكام: باب هل يجوز للحاكم أن يبعث رجلاً وحده للنظر في الأمور، و7258 في أخبار الآحاد: باب ما جاء في إجازة خبر الواحد الصدوق في الأذان والصلاة والصوم والفرائض والأحكام، ومسلم 1697، والطحاوي 3/135، والطبراني 5188 و5189 و5195 و5196 و5199 من طرق عن الزهري، بِهِ .وأخرجه البخاري 7260 في أخبار الآحاد، من طريق شعيب بن أبي حمزة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن أبي هريرة وحده .وأخرجه الطبراني 5200 من طريق سليمان بن كثير، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن زيد بن خالد .وأخرجه البخاري 2649 في الشهادات: باب شهادة القاذف والسارق والزاني، و 6831 في الحدود: باب البكران يجلدان وينفيان، والطبراني 5197 من طريقين عن الزهري، عن عبيد الله، عن زيد بن خالد .مختصراً بلفظ سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يأمر فيمن زنى ولم يحصن جلد مئة وتغريب عام .وأخرجه الطبراني 5194 من طريق الزهري، به مختصراً بنحوه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی: میرا بیٹا اس شخص کے ہاں ملازم تھا اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرلیا مجھے یہ بات بتائی گئی میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا' تو میں نے اس کے عوض میں ایک سو بکریاں اور ایک کنیز فدیے کے طور پر دے دی پھر میں نے اہل علم سے دریافت کیا: تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلا وطن کیا جائے گا اور اس کی بیوی کو سنگسار کیا جائے گا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ کنیز اور بکریاں تمہیں واپس مل جائیں گی تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلا وطن کیا جائے گا۔ اے انیس! تم اس شخص کی بیوی کے پاس جاؤ اگر وہ اعتراف کرتی ہے' تو اسے سنگسار کردو۔

راوی کہتے ہیں: اگلے دن وہ صاحب اس خاتون کے پاس گئے اس نے اعتراف کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عورت سے متعلق حکم کے مطابق اس عورت کو سنگسار کردیا گیا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَهَّمَ فِيْ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ قِلَّةَ عَقْلٍ، وَعِلْمٍ مِمَّا يَقُوْلُ فَلِذٰلِكَ رَدَّهٗ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ سوچا تھا شاید ان کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہے اور جو کچھ وہ بیان کررہے ہیں انہیں اس بارے میں پتہ نہیں ہے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چار مرتبہ واپس کردیا تھا

**4438** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ اَصَبْتُ فَاحِشَةً، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، قَالَ: فَسَاَلَ قَوْمَهُ: اَبِهٖ بَاْسٌ؟، فَقِيلَ: مَا بِهٖ بَاْسٌ غَيْرَ اَنَّهٗ اَتٰى اَمْرًا يَرٰى اَنَّهٗ لَا يُخْرِجُهُ مِنْهُ اِلَّا اَنْ يُقَامَ الْحَدُّ عَلَيْهِ، قَالَ: فَاَمَرَنَا فَانْطَلَقْنَا بِهٖ اِلٰى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، قَالَ: فَلَمْ نَحْفُرْ لَهٗ وَلَمْ نُوثِقْهُ، فَرَمَيْنَاهُ بِخَزَفٍ وَعِظَامٍ وَجَنْدَلٍ، قَالَ: فَاشْتَكٰى فَسَعٰى، فَاشْتَدَدْنَا خَلْفَهٗ، فَاَتَى الْحَرَّةَ فَانْتَصَبَ لَنَا، فَرَمَيْنَاهُ بِجَلَامِيدِهَا حَتّٰى سَكَنَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَشِيِّ خَطِيبًا، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، مَا بَالُ اَقْوَامٍ اِذَا غَزَوْنَا تَخَلَّفَ اَحَدُهُمْ فِيْ عِيَالِنَا لَهٗ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ، اَمَا اِنَّ عَلَيَّ اَنْ لَا اُوتٰى بِاَحَدٍ

4438– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطَعَة العبدى . وأخرجه مسلم 1694 21 فى الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، . وأبو داوٗد 4431 فى الحدود: باب رجم ماعز بن مالك، والنسائى فى الرجم كما فى "التحفة" 3/455، والحاكم 4/362–363 من طريق عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد . قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى!وأخرجه أحمد 3/61–62، والدارمى 2/178، ومسلم 1694، وأبو داوٗد 4431، والنسائى، والبيهقى 8/220–221 من طرق عن داوٗد بن أبى هند، به نحوه وبعضهم يزيد فى الحديث على بعض .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا نَكَّلْتُ بِهٖ، قَالَ: وَلَمْ يَسُبَّهُ، وَلَمْ يَسْتَغْفِرْ لَهُ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چند مرتبہ انہیں واپس کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی قوم کے افراد سے دریافت کیا: کیا اسے کوئی بیماری ہے؟ عرض کی گئی اسے کوئی بیماری نہیں ہے البتہ اس کی یہ کیفیت ہے یہ سمجھتا ہے' اس نے جو جرم کیا ہے اس کا کفارہ یہی ہوسکتا ہے' اس پر حد قائم کی جائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا' تو ہم اسے لے کر بقیع غرقد کی طرف آ گئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے اس کے لیے کوئی گڑھا نہیں کھودا اسے باندھا نہیں۔ ہم نے اسے پتھروں' ہڈیوں اور جندل کے ذریعے مارنا شروع کیا۔ راوی کہتے ہیں: جب انہیں تکلیف ہوئی تو وہ بھاگے ہم بھی ان کے پیچھے بھاگے' یہاں تک کہ پتھریلی زمین کے پاس پہنچ کر وہ رک گئے۔ ہم انہیں پتھر مارتے رہے' یہاں تک کہ وہ مر گئے۔ شام کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا:

اما بعد! ''لوگوں کو کیا ہوگیا ہے' جب ہم کسی غزوے میں شرکت کے لیے جاتے ہیں' تو ان میں سے کوئی ایک شخص ہمارے گھر والوں کے لیے پیچھے رہ جاتا ہے' جو نر جانور کی طرح آواز نکال کر (عورت کو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کرتا ہے) یہ بات میرے ذمے لازم ہے' اس طرح کا کوئی بھی شخص میرے پاس لایا گیا تو میں اسے عبرت ناک سزا دوں گا''۔

راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تو اس شخص کو برا کہا اور نہ ہی اس کے لیے دعائے مغفرت کی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى الْمُقِرِّ بِالزِّنٰى عَلٰى نَفْسِهٖ اِذَا رَجَعَ بَعْدَ اِقْرَارِهٖ يَجِبُ اَنْ يُّتْرَكَ وَلَا يُرْجَمُ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اپنی ذات کے بارے میں زنا کا اقرار کرنے والا شخص جب اقرار کرنے کے بعد واپس چلا جائے' تو یہ بات ضروری ہے' اسے چھوڑ دیا جائے اور اسے سنگسار نہ کیا جائے

**4439** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ مَاعِزٌ الْاَسْلَمِيُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَهُ مِنْ شِقِّهِ الْاٰخَرِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَجَاءَهُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّرْجَمَ، فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ، فَذَكَرُوْا فِرَارَهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ مَسَّتْهُ الْحِجَارَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیر لیا' پھر وہ دوسری طرف سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیر لیا۔ وہ چار مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں حکم دیا کہ انہیں سنگسار کر دیا جائے۔ جب انہیں پتھر لگے تو وہ بھاگے۔ لوگوں نے ان کے بھاگنے کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا کہ جب انہیں پتھر لگے تھے (تو وہ بھاگ پڑے تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے چھوڑ کیوں نہیں دیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ مُحْصِنًا حِيْنَ زَنٰى

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے جب زنا کیا تھا وہ اس وقت محصن تھے

**4440** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَهُ اَنَّهُ قَدْ زَنٰى، وَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ، وَكَانَ قَدْ اَحْصَنَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے اس نے اپنی ذات کے بارے میں چار مرتبہ یہ گواہی دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس شخص کو سنگسار کر دیا گیا وہ شخص شادی شدہ تھا۔

---

4439- إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو بن علقمة، فقد روى له البخاري تعليقاً ومقروناً ومسلم متابعة، وباقي رجال السند ثقات على شرطهما .وأخرجه ابن الجارود 819 عن علي بن خشرم، عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 1428 في الحدود: باب ما جاء في درء الحد عن المعترف إذا رجع، من طريق عبدة بن سليمان، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 11/20، والبغوي 2584 من طريق يزيد بن هارون، كلاهما عن محمد بن عمرو، به . قال الترمذي: هذا حديث حسن .وأخرجه بنحوه البخاري 5271 في الطلاق: باب الطلاق في الإغلاق والكره والسكران والمجنون . . .، و6815 في الحدود: باب لا يُرجم المجنون والمجنونة، و 6825 باب سؤال الإمام المقرّ: هل أحصنت؟ و 7167 في الأحكام: باب من حكم في المسجد . . .، ومسلم 1691 16 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 10/19 و34، والطحاوي 3/143، والبيهقي 8/219، والبغوي 2585 من طرق عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، وأبي سلمة، عن أبي هريرة . وانظر 4383 و4384 .

4440- إسناده صحيح على شرطهما .عبد الله: هو ابن المبارك، ويونس: هو ابن يزيد الأيلي .وأخرجه البخاري 6814 في الحدود: باب رجم المحصن، عن محمد بن مقاتل، والبيهقي 8/225 من طريق عبدان، كلاهما عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وانظر الحديث 3094 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَامِلَ اِذَا اَقَرَّتْ عَلٰى نَفْسِهَا بِالزِّنٰى يَجِبُ اَنْ يُّتَرَبَّصَ بِرَجْمِهَا اِلٰى اَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ جب حاملہ عورت اپنی ذات کے بارے میں زنا کا اعتراف کر لے تو یہ بات لازم ہے اسے سنگسار کرنے کو اس وقت تک ملتوی کیا جائے جب تک وہ بچے کو جنم نہیں دیتی

**4441** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَلِيِّهَا، فَقَالَ: اَحْسِنْ اِلَيْهَا حَتّٰى تَضَعَ مَا فِيْ بَطْنِهَا، فَاِذَا وَضَعَتْ فَاْتِنِيْ بِهَا، فَاَتٰى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهَا، فَشُدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتُصَلِّيْ عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ عَلٰى سَبْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ؟

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد جاری کریں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ولی کو بلوایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو یہاں تک کہ یہ اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم دے۔ جب یہ اسے جنم دیدے تو تم اسے میرے پاس لے آنا' پھر وہ شخص اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے بارے میں حکم دیا کہ اس کے کپڑوں کو باندھ دیا جائے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کی نماز جنازہ ادا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ اس کی نماز جنازہ ادا کرنے لگے ہیں جب کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اس نے ایسی توبہ کی ہے' اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر افراد پر تقسیم کیا جائے' تو ان سب کے لیے کافی ہو کیا تمہیں اس سے زیادہ افضل اور کوئی شخص ملتا ہے' اس نے اپنی جان اللہ تعالیٰ کے لیے قربان کر دی ہے۔

---

4441– إسناده صحيح على شرط الصحيح . عمر بن عبد الواحد المتابع للوليد بن مسلم في هذا السند ثقة، روى له أصحاب السنن غير الترمذي، وهو مكرر 4403 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَامِلَ الْمُقِرَّةَ بِالزِّنٰى عَلٰى نَفْسِهَا ثُمَّ وَلَدَتْ يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ التَّرَبُّصُ بِرَجْمِهَا اِلٰى اَنْ تَفْطِمَ وَلَدَهَا

### اس بات کے بیان کا تذکرہ حاملہ عورت جس نے اپنی ذات کے بارے میں

زنا کا اعتراف کیا ہو پھر وہ بچے کو جنم دے لے تو امام کے لیے یہ بات لازم ہے وہ اس کے سنگسار کرنے کو اس وقت تک ملتوی کرے جب تک وہ بچے کا دودھ نہیں چھڑا دیتی

**4442** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِى الْمَلِيْحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ تِ امْرَاَةٌ اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: قَدْ اَحْدَثْتُ وَهِيَ حُبْلٰى، فَاَمَرَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَذْهَبَ حَتّٰى تَضَعَ مَا فِيْ بَطْنِهَا، فَلَمَّا وَضَعَتْ جَاءَ تْ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَذْهَبَ فَتُرْضِعَهُ حَتّٰى تَفْطِمَهُ، فَفَعَلَتْ، ثُمَّ جَاءَ تْ فَاَمَرَهَا اَنْ تَدْفَعَ وَلَدَهَا اِلٰى اُنَاسٍ، فَفَعَلَتْ، ثُمَّ جَاءَ تْ، فَسَاَلَهَا اِلٰى مَنْ دَفَعَتْ، فَاَخْبَرَتْ اَنَّهَا دَفَعَتْهُ اِلٰى فُلَانٍ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَاْخُذَهُ وَتَدْفَعَهُ اِلٰى آلِ فُلَانٍ نَاسٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ اِنَّهَا جَاءَ تْ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَشُدَّ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا، ثُمَّ اِنَّهُ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ اِنَّهُ كَفَّنَهَا وَصَلّٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ دَفَنَهَا، فَقَالَ النَّاسُ: رَجَمَهَا، ثُمَّ كَفَّنَهَا وَصَلّٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ دَفَنَهَا، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ، فَقَالَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ تَوْبَتُهَا بَيْنَ سَبْعِيْنَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے بتایا: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے اور وہ حاملہ بھی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وہ جائے اور جا کر پہلے اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم دے۔ جب اس نے جنم دے دیا' تو وہ پھر آ گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جائے اور اس بچے کو دودھ پلائے جب تک بچہ دودھ چھوڑ نہیں دیتا اس عورت نے ایسا ہی کیا وہ پھر آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وہ اپنے بچے کو کسی کے سپرد کر کے آئے' تو اس عورت نے ایسا ہی کیا۔ وہ پھر آ گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: اس نے بچے کو کس کے سپرد کیا ہے؟ اس عورت نے بتایا: میں نے اسے فلاں کے سپرد کر دیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ حکم دیا کہ وہ ان سے بچے کو لے اور آل فلاں کے حوالے کرے۔ یہ انصار کے کچھ لوگوں کے بارے میں حکم دیا پھر وہ عورت آئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا وہ اپنے کپڑے کو مضبوطی سے باندھ لے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے سنگسار کر دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کفن دیا اور اس کی نماز

4442– حديث صحيح، رجاله ثقات على شرط مسلم غير محمد بن وهب بن أبي كريمة فقد روى له النسائي وهو صدوق صالح . عبد الملك بن عمير وصفه المؤلف في "الثقات" 5/117 بالتدليس، وقد عنعن، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي يزيد الحراني .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جنازہ ادا کی پھر آپ ﷺ نے اسے دفن کیا۔ لوگوں نے کہا: نبی اکرم ﷺ نے پہلے اسے سنگسار کروایا پھر اسے کفن دیا پھر اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی پھر اسے دفن بھی کروایا۔ جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ تک پہنچی کہ لوگ یہ کہہ رہے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے' اگر اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر آدمیوں کے درمیان تقسیم کر دیا جائے' تو ان سب کے لیے کافی ہو۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

**4443** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بَحْرِ بْنِ مُعَاذٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَخِي بَنِيْ رَقَاشٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ كُرِبَ لِذٰلِكَ، وَتَرَبَّدَ لَهُ وَجْهُهُ، فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ ذَاتَ يَوْمٍ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ، الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ رَجْمٌ بِالْحِجَارَةِ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ نَفْيُ سَنَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ دَالٌّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْحُكْمَ كَانَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى لِسَانِ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَوَّلِ مَا اَنْزَلَ حُكْمَ الزَّانِيَيْنِ، فَلَمَّا رُفِعَ اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الزِّنٰى وَاَقَرَّ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ وَغَيْرُهُ بِهَا، اَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهِمْ وَلَمْ يَجْلِدْهُمْ، فَذٰلِكَ مَا وَصَفْتُ عَلٰى اَنَّ هٰذَا اٰخِرُ الْاَمْرَيْنِ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْهِ نَسْخُ الْاَمْرِ بِالْجَلْدِ لِلثَّيِّبَيْنِ وَالْاِقْتِصَارُ عَلٰى رَجْمِهِمَا

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی' تو آپ ﷺ کو مشکل

4443- حديث صحيح، شعيب بن إسحاق ثقة من رجال الشيخين وهو وإن كان سماعه من أبي عروبة بآخَرَةٍ- قد تُوبع، وهو مكرر 4425 و4426 و4427 .وأخرجه أحمد 5/318 و320-321، ومسلم 1690 13 في الحدود: باب حد الزنى، وأبو داوُد 4415 في الحدود: باب في الرجم، والنسائي في "فضائل القرآن" 5، وفي الرجم كما في "التحفة" 4/247 من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/317 من طريق حماد، عن قتادة وحميد، عن الحسن، به .وأخرجه ابن ماجة 2550 في الحدود: باب حد الزنى، من طريق يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عروبة، به .وقال فيه عن يونس بن جبير بدل الحسن، قال الحافظ المزي في "تحفة الأشراف" 4/247: وهو وهم والله أعلم، فإن المحفوظ بهذا الإسناد حديث حِطَّان عن أبي موسى في التشهد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درپیش ہوتی تھی اور آپ ﷺ کا چہرہ مبارک متغیر ہو جاتا تھا ایک دن آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی جب آپ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھ سے (حکم) حاصل کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حکم بیان کر دیا ہے۔ شادی شدہ شخص کا شادی شدہ کے ساتھ زنا کرنا اور کنوارے کا کنواری کے ساتھ زنا کرنا۔

شادی شدہ شخص کے شادی شدہ کے ساتھ زنا کرنے کے نتیجے میں ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور پھر پتھروں کے ذریعے سنگسار کر دیا جائے گا۔

اور کنوارے کے کنواری کے ساتھ زنا کرنے کی صورت میں ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کر دیا جائے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے جو اس کے محبوب ﷺ کی زبانی ہے اور زنا کرنے والوں کے بارے میں یہ سب سے پہلا حکم ہے۔

یہی وجہ ہے جب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں زنا کا معاملہ پیش ہوا اور حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کے سامنے زنا کا اقرار کیا تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ آپ ﷺ نے انہیں کوڑے نہیں لگوائے۔ اس لیے میں نے جو چیز بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ سے دو طرح کے حکم منقول ہیں ان میں سے آخری چیز وہ ہے اور اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے شادی شدہ کو کوڑے مارنے کا حکم منسوخ ہے اور انہیں سنگسار کرنے پر اکتفاء کیا جائے گا۔

## ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَلْدِ عَلَى الْاَمَةِ الزَّانِيَةِ لِمَوْلَاهَا وَاِنْ عَادَتْ فِيهِ مِرَارًا

## زنا کرنے والی کنیز کے آقا کے لیے یہ بات لازم ہونے کا تذکرہ وہ اسے کوڑے لگائے اگرچہ وہ متعدد بار یہ حرکت کرے

**4444** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ

4444- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/826 في الحدود: باب جامع ما جاء في حد الزنى . وزاد في آخره قال ابن شهاب: لا أدرى أبعد الثالثة أو الرابعة . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "مسنده" 2/200-201 بترتيب الساعاتي، وأحمد 4/117، والدارمي 2/181، والبخاري 2153 في البيوع: باب بيع العبد الزاني، و6837 في الحدود: باب إذا زنت الأمة، ومسلم 1704 33 في الحدود: باب رجم اليهود أهل الذمة في الزنى، وأبو داوُد 4469 في الحدود: باب في الأمة تزني ولم تحصن، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/237، وابن الجارود 821، والبيهقي 8/242 و244 .وأخرجه عبد الرزاق 13598 في "المصنف"، والطيالسي 1334 و2513، بهذا الإسناد، عن أبي هريرة وحده .وأخرجه عبد الرزاق 13598، والطيالسي 1334 و2513، والبخاري 2232 في البيوع: باب بيع المدبَّر، و 2555 في العتق: باب كراهية التطاول على الرقيق، ومسلم 1704 من طرق عن الزهري، به عنهما .وأخرجه الشافعي 2/200، والحميدي 812، وأحمد 4/116، وابن أبي شيبة 9/513، والنسائي في الرجم، وابن ماجة 2565 في الحدود: باب إقامة الحدود على الإماء، والبيهقي 8/244 من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . زاد في إسناده مع أبي هريرة وزيد شبلاً .وأخرجه البخاري، 2152 و2234 و6839، ومسلم 1703 30 و31، وأبو داوُد 4470 و4471 من طريق المقبري، عن أبي هريرة قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: " .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْاَمَةِ اِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصَنْ فَقَالَ: اِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ بِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی کنیز کے بارے میں دریافت کیا گیا جو زنا کا ارتکاب کرتی ہے اور شادی شدہ نہیں ہوتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو تم اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے مارو پھر اسے فروخت کر دو خواہ ایک رسی کے عوض میں کرو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ حَدِّ الشُّرْبِ

## شراب پینے کی حد کا بیان

4445 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ، وَمَنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ، فَاِنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ، فَاِنْ عَادَ فَاقْتُلُوْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْعِلَّةُ الْمَعْلُوْمَةُ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ يُشْبِهُ اَنْ تَكُوْنَ، فَاِنْ عَادَ عَلٰى اَنْ لَا يَقْبَلَ تَحْرِيْمَ اللّٰهِ فَاقْتُلُوْهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص شراب پیے اسے کوڑے مارو جو دوبارہ پیے اسے پھر کوڑے مارو اگر وہ پھر پیے تو پھر کوڑے مارو اگر وہ پھر ایسا کرے تو اسے قتل کر دو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں مذکور متعین علت ہو سکتا ہے یہ ہو کہ اگر وہ پھر شراب پیے تو اس کا مطلب یہ ہوگا: اس نے اللہ تعالیٰ کے حرام قرار دینے کے حکم کو قبول نہیں کیا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں ابوبکر بن عیاش نامی راوی منفرد ہے

4446 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ ذَكْوَانَ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا شَرِبُوْهَا فَاجْلِدُوْهُمْ، ثُمَّ اِذَا شَرِبُوْهَا فَاجْلِدُوْهُمْ، ثُمَّ اِذَا شَرِبُوْهَا فَاجْلِدُوْهُمْ، ثُمَّ اِذَا

---

4445– إسناده حسن من أجل عاصم بن أبي النجود . وانظر مابعده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شَرِبُوهَا فَاقْتُلُوهُمْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ اَبُو صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، وَاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ جَمِيعًا

❀❀ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب لوگ اسے (یعنی شراب کو) پئیں' تو انہیں کوڑے مارو پھر جب اسے پئیں' تو انہیں مارو پھر جب وہ اسے پئیں' تو انہیں کوڑے مارو پھر اگر وہ اسے پئیں' تو انہیں قتل کر دو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوصالح نے یہ روایت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ دونوں سے سنی ہے۔

## ذِكْرُ الْاَمْرِ بِقَتْلِ مَنْ عَادَ فِي شُرْبِ الْخَمْرِ بَعْدَ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ فَسَكِرَ مِنْهَا

## جو شخص تین مرتبہ (سزا ملنے کے بعد بھی) شراب پیتا ہے اور اسے نشہ ہو جاتا ہے اسے قتل کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

**4447** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

4446– حديث صحيح . شعيب بن إسحاق ثقة من رجال الشيخين غير أن روايته عن أبي عروبة بأخرة .وأخرجه ابن ماجة 2573 في الحدود: باب من شرب الخمر مراراً، عن هشام بن عمار، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 19/768 من طريق عبد الأعلى، والطحاوي 3/159، والحاكم 4/372 من طريق عبد الوهاب بن عطاء، كلاهما عن سعيد بن أبي عروبة، بِهِ . سكت عنه الحاكم، وقال الذهبي: صحيح .وأخرجه عبد الرزاق 17087، وأحمد 4/95 و96 و101، وأبو داوُد 4482 في الحدود: باب إذا تتابع في شرب الخمر، والترمذي 1444 في الحدود: باب ما جاء من شرب الخمر فاجلدوه ومن عاد في الرابعة فاقتلوه، والنسائي في الحدود كما في "التحفة" 8/439، والطبراني 19/767، والبيهقي 8/313 من طرق عن عاصم بن أبي النجود، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/93 و97، والنسائي في الحدود كما في "التحفة" 8/444، والطحاوي 3/159، والطبراني 19/843 و844 و845 و846 من طريق عبد الرحمٰن بن عبد الجدلي، عن معاوية بن أبي سفيان .وانظر "المستدرك" 4/371–373، و"نصب الراية" 3/346–349، و"فتح الباري" 12/80–82، و"مسند أحمد" بتحقيق أحمد محمد شاكر 9/49 وما بعدها .

4447– إسناده جيد، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحارث بن عبد الرحمٰن روى له أصحاب السنن وهو صدوق .وأخرجه النسائي 8/314 في الأشربة: باب ذكر الروايات المغلظات في شرب الخمر، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن ماجة 2572 في الحدود: باب من شرب الخمر مراراً، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن شبابة بن سوار، بِهِ .وأخرجه الطيالسي 2337، وأحمد 2/291 و504، وأبو داوُد 4484 في الحدود: باب إذا تتابع في شرب الخمر، وابن الجارود 831، والطحاوي 3/159، والحاكم 4/371، والبيهقي 8/313 من طرق عن ابن أبي ذئب، بِهِ .ولفظه عند الطيالسي والطحاوي والحاكم من شرب الخمر . . ، وزاد أحمد في الموضع الأول منه قال الزهري: فأتي رسول الله صلى الله عليه وسلم برجل سكران في الرابعة فخلّى سبيله قلت: وقول الزهري: هذا مرسل، ضعيف لا تقوم به حجة . وصحح الحاكم إسناد الحديث على شرط مسلم، ووافقه الذهبي! مع أن خال ابن أبي ذئب لم يخرج له مسلم .وأخرجه أحمد 2/519 عن سليمان بن داوُد، عن أبي عوانة، عن عمر بن أبي سلمة، عن أبيه، بِهِ . ولفظه "إذا شرب الخمر . . . " .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اِذَا سَكِرَ الرَّجُلُ فَاجْلِدُوْهُ، ثُمَّ اِنْ سَكِرَ فَاجْلِدُوْهُ، ثُمَّ اِنْ سَكِرَ فَاجْلِدُوْهُ، ثُمَّ اِنْ سَكِرَ الرَّابِعَةَ فَاضْرِبُوا عُنُقَهُ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَاهُ اِذَا اسْتَحَلَّ شُرْبَهُ وَلَمْ یَقْبَلْ تَحْرِیْمَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص مدہوش ہو جائے' تو اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ مدہوش ہو جائے' تو اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ مدہوش ہو جائے' تو اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ چوتھی مرتبہ مدہوش ہو جائے' تو اس کی گردن اڑا دو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب یہ ہے: جب وہ شراب نوشی کو حلال سمجھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مقرر کردہ حرمت کو قبول نہ کرے (تو اسے قتل کر دو)

## ذِكْرُ وَصْفِ ضَرْبِ الْحَدِّ الَّذِیْ كَانَ فِیْ اَیَّامِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

## حد لگانے کی اس صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں لگائی جاتی تھی

**4448** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ یَحْیَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِی الْحَدِّ بِالْجَرِیْدِ وَالنِّعَالِ، فَلَمَّا كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِ جَلَدَ اَرْبَعِیْنَ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ دَنَا النَّاسُ مِنَ الرِّیْفِ وَالْقُرَى فَذُكِرَ لِاَصْحَابِهِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: اجْعَلْهَا كَاَخَفِّ الْحُدُوْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (شراب نوشی کی) حد میں کھجور کی شاخوں اور جوتوں کے ذریعے پٹائی کروائی تھی۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا' تو انہوں نے چالیس کوڑے لگوائے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور لوگ مختلف بستیوں اور علاقوں میں آباد ہو گئے' تو ان کے اصحاب کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا تو حضرت عبدالرحمٰن

4448- إسناده صحيح على شرط البخاري، مسدّد على شرطه، ومن فوقه على شرطهما .يحيى: هو ابن سعيد القطان، وهشام: هو ابن أبي عبد الله الدستوائي . وأخرجه أبو داؤد 4479 في الحدود: باب الحد في الخمر، عن مسدد، بهذا الإسناد .وفيه: فلما ولي عمر دعا الناس فقال لهم: إن الناس قد دنوا من القرى والريف، فما ترون في حد الخمر؟ فقال له عبد الرحمٰن بن عوف: نرى أن تجعله كأخف الحدود، فجلد فيه ثمانين .وأخرجه مسلم 1706 36 في الحدود: باب حد الخمر، عن محمد بن المثنى، وأبو يعلى 3127 عن عبيد الله بن عمر القواريري، وأحمد 3/115 ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد، به .وأخرجه الطيالسي 1970، وأحمد 3/115 و180، والبخاري 6773 في الحدود: باب ما جاء في ضرب شارب الخمر، و6776 في الحدود: باب الضرب بالجريد والنعال، ومسلم 1706 36 و37، وأبو داؤد 4479، والنسائي في الحدود كما في "التحفة" 1/348، وأبو يعلى 3015، والطحاوي 3/157، والبيهقي 8/319 من طريق هشام، به وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اسے سب سے کم حدود کی مانند کر دیں (یعنی اس کے مطابق سزا دیں)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَدَّ الَّذِي وَصَفْنَاهُ كَانَ لِشَارِبِ الْخَمْرِ

## وہ حد جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ شراب پینے والے شخص کے لیے ہوتی تھی

**4449** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ جَلَدَا فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ، فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ دَنَا النَّاسُ مِنَ الرِّيفِ وَالْقُرَى فَاسْتَشَارَ عُمَرُ النَّاسَ فِي جَلْدِ الْخَمْرِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَتٰى مَا يَشْرَبُهَا يُهَجِّرْ، وَمَتٰى مَا يُهَجِّرْ يُقْذِفْ، فَنَرٰى اَنْ تَجْعَلَهٗ كَاَخَفِّ الْحُدُوْدِ، فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ ثَمَانِينَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ شراب نوشی کی سزا میں کھجور کی شاخوں اور جوتوں سے پٹائی کرواتے تھے۔ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت آیا اور لوگ مختلف علاقوں اور بستیوں میں آباد ہو گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شراب نوشی کی سزا کے بارے میں لوگوں سے مشورہ کیا' تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین! جب کوئی شخص شراب پیے گا' تو وہ فحش باتیں کرے گا اور جب وہ فحش باتیں کرے گا' تو زنا کا جھوٹا الزام لگائے گا' تو اس لیے ہم یہ چاہتے ہیں کہ آپ اس کی سزا کو سب سے کم ترین حد کی مانند کر دیں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شراب نوشی کی سزا میں **80** کوڑے لگوائے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْعِدَّةِ الَّتِي ضَرَبَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمْرِ

## اس تعداد کی صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب نوشی کی (سزا میں) مقرر کی ہے

**4450** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

4449- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وانظر ما قبله وما بعده .

4450- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "مسند أبي يعلى " 3053، وأخرجه النسائي في الحدود كما في "التحفة" 1/327، وأبو يعلى 3219 من طريقين عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/175، والبخاري 6773 في الحدود: باب ما جاء في ضرب شارب الخمر، ومسلم 1706 35 في الحدود: باب حد الخمر، والترمذي 1443 في الحدود: باب ما جاء في حد السكران، والنسائي في "الكبرى"، والطحاوي 3/157، وابن الجارود 829، والبيهقي 8/319، والبغوي 2604من طرق عن شعبة، به . قال الترمذي: حديث أنس حديث حسن صحيح، والعمل على هذا عند أهل العلم مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وغيرهم أن حد السكران ثمانون .وأخرجه ابن الجارود 830 من طريق شبابة، عن شعبة، عن قتادة، عن الحسن، عن أنس . فزاد في إسناده الحسن البصري بين قتادة وأنس .وأخرجه الطحاوي 3/158، والبيهقي 8/319 من طريقين عن همام، عن قتادة، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/247، وأبو يعلى 2894 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): أَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ بِنَعْلَيْنِ أَرْبَعِينَ، ثُمَّ أُتِيَ أَبُو بَكْرٍ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَصَنَعَ بِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أُتِيَ عُمَرُ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاسْتَشَارَ النَّاسَ فِي ذٰلِكَ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَخَفَّ الْحُدُوْدِ ثَمَانِيْنَ، فَضَرَبَهُ عُمَرُ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ ثَمَانِيْنَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے شراب پی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے چالیس جوتے مارے گئے پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد میں ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے یہی سزا دی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں لوگوں سے مشورہ کیا' تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سب سے ہلکی حد **80** کوڑے ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو **80** کوڑے لگوائے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ حَدِّ الْقَذْفِ

# باب: حدقذف کا بیان

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَاذِفَ امْرَاَتَهُ عِنْدَ عَدِمِ الشُّهُودَ الْاَرْبَعَةَ بِقَذْفِهِ اِيَّاهَا اَوْ تَلَكُّئِهِ عَنِ اللِّعَانِ يَجِبُ عَلَيْهِ الْحَدُّ لِقَذْفِهِ امْرَاَتَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' چار گواہوں کی غیر موجودگی میں اپنی بیوی پر زنا کا الزام لگانے والا شخص

جب اس عورت پر زنا کا الزام لگادے اور پھر لعان کرنے پر بھی تیار نہ ہو' تو یہ بات لازم ہے' اپنی بیوی پر الزام لگانے کی وجہ سے اس پر حد قذف جاری کی جائے

**4451** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِىْ مُسْلِمِ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَوَّلُ لِعَانٍ فِي الْاِسْلَامِ اَنَّ شَرِيكَ بْنَ سَحْمَاءَ اَقْذَفَهُ هِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ بِامْرَاَتِهِ، فَرَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا هِلَالُ، اَرْبَعَةُ شُهُودٍ وَاِلَّا فَحَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ اَنِّيْ صَادِقٌ، وَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَا يُبَرِّءُ ظَهْرِي مِنَ الْجَلْدِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ) (النور: 6)، اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَشْهَدُ بِاللّٰهِ

4451– حديث صحيح، مسلم بن أبي مسلم الجرمي، ويقال له أيضاً: مسلم بن عبد الرحمٰن الجرمي، روى عن جمع وروى عنه جمع، أورده ابن أبي حاتم 8/188 وقال: مِن الغُزاة، روى عن مخلد بن حسين، روى عنه المنذر بن شاذان الرازي وقال: إنه قتل من الروم مئة ألف! وذكره المؤلف في "ثقاته" 9/158 وقال: ربما أخطأ، مات سنة أربعين ومئتين، ونقل الحافظ في "لسان الميزان" 6/32 عن الأزدي قوله: حدث بأحاديث لا يُتابع عليها وكان إماماً بطرسوس، وعن البيهقي: إنه غير قوي . ووثقه الخطيب في "تاريخه" 13/100، وقد توبع، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير .ز مخلد بن الحسين فمن رجال مسلم وحده . وهو في مسند أبي يعلى 224 .وأخرجه النسائي 6/172–173 في الطلاق: باب كيف اللعان، عن عمران بن يزيد، والطحاوي 3/101–102 من طريق محمد بن كثير، كلاهما عن مخلد بن حسين، بهذا الإسناد .وأخرجه مختصراً أحمد 3/142، ومسلم 1496 في اللعان، وأبو يعلى 2825، والطحاوي 3/102، والبيهقي 7/405–406 من طرق عن هشام بن حسان، به .وفي الباب عن ابن عباس عند البخاري 2671 و4747، وأبي داوُد 2254، والترمذي 3179، وابن ماجة 2067، والبيهقي 7/393–394، والبغوي 2370 من طريق محمد بن بشار، عن ابن أبي عدي، عن هشام بن حسان، عن عكرمة، عنه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِنَّكَ لِمَنِ الصَّادِقِيْنَ فِيمَا رَمَيْتَهَا بِهِ مِنَ الزِّنٰى، فَشَهِدَ بِذٰلِكَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، ثُمَّ قَالَ لَهُ فِي الْخَامِسَةِ: وَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ فِيمَا رَمَيْتَهَا بِهِ مِنَ الزِّنٰى، فَفَعَلَ، ثُمَّ دَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قُوْمِي اشْهَدِي بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ فِيمَا رَمَاكِ بِهِ مِنَ الزِّنٰى، فَشَهِدَتْ بِذٰلِكَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، ثُمَّ قَالَ لَهَا فِي الْخَامِسَةِ: وَغَضَبُ اللّٰهِ عَلَيْكِ اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ فِيمَا رَمَاكِ بِهِ مِنَ الزِّنٰى، فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ اَوِ الْخَامِسَةِ فَسَكَتَتْ سَكْتَةً حَتّٰى ظَنُّوا اَنَّهَا سَتَعْتَرِفُ، ثُمَّ قَالَتْ: لَا اَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ، فَمَضَتْ عَلَى الْقَوْلِ، فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا، وَقَالَ: انْظُرُوا اِنْ جَاءَتْ بِهِ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ، وَاِنْ جَاءَتْ بِهِ اَبْيَضَ سَبِطًا قَضِءَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ اُمَيَّةَ، فَجَاءَتْ بِهِ آدَمَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا مَا نَزَلَ فِيهِمَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِي وَلَهُمَا شَاْنٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلام میں لعان کا واقعہ پہلی مرتبہ اس وقت پیش آیا جب ہلال بن امیہ نے شریک بن سحماء پر اپنی بیوی کے ساتھ زنا کا الزام لگایا انہوں نے یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ہلال چار گواہ لے کر آؤ ورنہ تمہاری پشت پر حد جاری ہوگی۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے' میں سچا ہوں اور اللہ تعالیٰ ضرور آپ پر وہ چیز نازل کر دے گا' جو میری پشت پر کوڑے لگنے سے روک دے گی' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''جو لوگ اپنی بیویوں پر الزام عائد کرتے ہیں''۔

یہ آیت کے آخر تک ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلوایا اور فرمایا: تم اللہ کے نام کی گواہی دے کر کہو کہ تم سچے ہو اس حوالے سے جو تم نے اس عورت پر زنا کا الزام لگایا ہے' تو انہوں نے چار مرتبہ اس بات کی گواہی دی پھر پانچویں مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: (کہ تم یہ کہو) اللہ تعالیٰ کی تم پر لعنت ہے' اگر تم جھوٹے ہوئے اس چیز کے بارے میں جو تم نے اس عورت پر زنا کا الزام لگایا ہے' تو ان صاحب نے ایسا ہی کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو بلوایا اور فرمایا: تم اٹھو اور اللہ کے نام کی گواہی دے کر کہو کہ یہ مرد جھوٹا ہے اس چیز کے بارے میں جو اس نے تم پر زنا کا الزام لگایا ہے' تو اس عورت نے چار مرتبہ اس بات کی گواہی دی تو پانچویں مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: (تم یہ کہو) اللہ تعالیٰ کا غضب تم پر نازل ہو اگر وہ مرد سچا ہو اس چیز کے بارے میں جو اس نے تم پر زنا کا الزام لگایا ہے' تو چوتھی مرتبہ یا پانچویں مرتبہ وہ عورت کچھ دیر کے لیے خاموش ہوئی' یہاں تک کہ لوگوں نے یہ گمان کیا کہ وہ اعتراف کر لے گی پھر اس عورت نے کہا: میں اپنی قوم کو کبھی رسوائی کا شکار نہیں کروں گی پھر اس نے اپنی بات کو جاری رکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروا دی اور پھر ارشاد فرمایا: تم لوگ اس بات کا جائزہ لینا اگر اس نے گھنگریالے بالوں والے' موٹی پنڈلیوں والے بچے کو جنم دیا' تو وہ شریک بن سحماء کا ہوگا اگر اس نے سفید رنگ کے سیدھے بالوں والے بڑی آنکھوں والے بچے کو جنم دیا' تو وہ ہلال بن امیہ کا ہوگا۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس عورت نے گندمی رنگت کے گھنگریالے بالوں والے اور موٹی پنڈلیوں والے بچے کو جنم دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر ان دونوں کے بارے میں اللہ کی کتاب کا حکم نازل نہ ہو چکا ہوتا تو میں اس معاملے کو دوسری طرح سے نمٹاتا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ التَّعْزِيرِ

## باب: تعزیر کا بیان

### ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْأُمَرَاءِ مِنَ الْجَلْدِ فِي تَأْدِيبِ مَنْ أَسَاءَ مِنَ الرَّعِيَّةِ فِيمَا دُوْنَ حَدٍّ مِّنَ الْحُدُوْدِ

### اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، حکمرانوں پر یہ بات لازم ہے، کہ ان کی رعایا میں سے

جو شخص برائی کا ارتکاب کرتا ہے جو برائی حدود کے علاوہ ہوتی ہے تو وہ حکمران اسے بھی ادب سکھانے کے لیے کوڑے لگا سکتا ہے

**4452** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): لَا جَلْدَ فَوْقَ عَشَرَةِ أَسْوَاطٍ فِيمَا دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ

❀❀ حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

**4478** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّهُ قِيلَ لَهُ: أَلَا تَسْتَخْلِفُ؟ فَقَالَ: إِنْ أَتْرُكْ، فَقَدْ تَرَكَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي أَبُو بَكْرٍ فَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: إِنِّي وَدِدْتُ أَنْ أَتَخَلَّصَ مِنْهَا لَا عَلَيَّ وَلَا لِي

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی گئی آپ کسی کو اپنا جانشین مقرر کیوں نہیں کرتے انہوں نے فرمایا: اگر میں اس چیز کو ترک کرتا ہوں' تو اس ہستی نے اسے ترک کیا تھا جو مجھ سے بہتر ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور اگر میں کسی کو اپنا جانشین مقرر کر دیتا ہوں' تو اس شخصیت نے اپنا جانشین مقرر کیا تھا جو مجھ سے بہتر ہیں اور وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تعریف کی اور یہ بات ارشاد فرمائی: میری یہ خواہش ہے' میں اس معاملے سے خلاصی حاصل کرلوں نہ میرے ذمے کچھ ہو اور نہ میرے حق میں کچھ ہو۔

---

4478- إسناده صحيح على شرط مسلم، إسحاق بن موسى الأنصاري، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه أحمد 1/43، والبخاري 7218 في الأحكام: باب الاستخلاف، ومسلم 1823 11 في الإمامة: باب الاستخلاف وتركه، وأبو يعلى 206، والبيهقي 8/148، والبغوي 2489 من طريق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 9763، ومن طريق أحمد 1/47، ومسلم 1823 12، وأبو داوٗد 2939 في الخراج والإمارة: باب في الخليفة يستخلف، والترمذي 2225 في الفتن: باب ما جاء في الخلافة، والبيهقي . 8/148-149 عن معمر، عن الزهري، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عن أبيه وبعضهم يزيد فيه على بعض . قال الترمذي: حديث صحيح .وأخرجه بنحوه في قصة طويلة أحمد 1/46 من طريق أبي عوانة، عن داوٗد بن عبد اللّٰه الأودي، عن حميد بن عبد الرحمٰن الحميري، عن ابن عباس، عن ابن عمر .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ طَلَبِ الْإِمَارَةِ حَذَرَ قِلَّةِ الْمَعُوْنَةِ عَلَيْهَا

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ حکومتی عہدہ طلب نہ کرے اس بات سے بچتے ہوئے کہ اس بارے میں اس کی مدد نہیں کی جائے گی

**4479** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، وَحُمَیْدٌ الطَّوِیلُ، وَیُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ، جَمِیعًا عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ الْقُرَشِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُوتِیتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَیْهَا، وَاِنْ اُوتِیتَهَا عَنْ غَیْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا، وَاِذَا آلَیْتَ عَلٰی یَمِیْنٍ وَرَاَیْتَ غَیْرَهَا خَیْرًا فَاْتِ الَّذِی هُوَ خَیْرٌ وَكَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے عبدالرحمٰن! تم حکومتی عہدے کو طلب نہ کرنا' کیونکہ اگر تمہیں یہ مانگنے سے ملا تو تمہیں اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اگر یہ تمہیں مانگے بغیر ملا تو اس بارے میں تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم کوئی قسم اٹھالو اور پھر اس کے علاوہ (دوسری) صورت حال کو بہتر سمجھو تو وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْمَرْءِ الْاِمَارَةَ لِئَلَّا یُوكَلَ اِلَیْهَا اِذَا كَانَ سَائِلًا لَهَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی حکومتی عہدہ کو مانگے' کیونکہ جب وہ اسے مانگے گا' تو کہیں اسے اس کے سپرد نہ کر دیا جائے

**4480** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُوتِیتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَیْهَا، وَاِنْ اُوتِیتَهَا عَنْ غَیْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا، وَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰی یَمِیْنٍ وَرَاَیْتَ غَیْرَهَا خَیْرًا مِنْهَا فَاْتِ الَّذِی هُوَ خَیْرٌ وَكَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومتی عہدے کو نہ مانگنا' کیونکہ اگر تمہیں یہ مانگنے سے ملا تو تمہیں اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور اگر تمہیں مانگے بغیر ملا تو اس بارے میں تمہاری مدد کی

4479- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "صحيح مسلم" 1652 في الأيمان: باب ندب من حلف يميناً فرأى غيرها خيراً منها أن يأتي الذي هو خير ويكفر عن يمينه، عن علي بن حُجر السعدي، بهذا الإسناد، وقد تقدم برقم 4348 .

4480- حديث صحيح، وهو مكرر 4348 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے گی اور جب تم کوئی قسم اٹھاؤ اور اس کے برخلاف صورت کو اس سے زیادہ بہتر سمجھو تو وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دو۔

**4481** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِىْ عَمِّىْ، فَقَالَ اَحَدُ الرَّجُلَيْنِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمِّرْنَا عَلٰى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّىْ عَلٰى هٰذَا الْعَمَلِ اَحَدًا سَاَلَهُ، وَلَا اَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ

❀❀ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرے دو چچازاد بھائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دو میں سے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو حکومت عطا کی ہے اس میں سے کسی معاملے کا ہمیں بھی اہل کار مقرر کر دیں دوسرے شخص نے بھی اس کی مانند بات کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! ہم اس کام کا نگران کسی ایسے شخص کو مقرر نہیں کریں گے جو اسے مانگتا ہے اور نہ ہی کسی ایسے شخص کو مقرر کریں گے جو اس کا لالچ کرتا ہو۔

## ذِكْرُ مَا يَكُوْنُ مُتَعَقِّبُ الْاِمَارَةِ فِى الْقِيَامَةِ اِذَا حَرَصَ عَلَيْهَا فِى الدُّنْيَا

## اس بات کا تذکرہ‘ قیامت میں اس شخص کا انجام کیا ہوگا‘ جو دنیا میں حکومتی عہدے کا لالچ رکھتا تھا

**4482** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّكُمْ سَتَحْرِصُوْنَ عَلَى الْاِمَارَةِ، وَاِنَّهَا سَتَكُوْنُ نَدَامَةً وَحَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَنِعْمَتِ الْمُرْضِعَةُ، وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

4481- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وبُريد: هو ابن عبد الله بن أبي بردة، وأبو كريب: هم محمد بن العلاء بن كريب الهمداني . وأخرجه البخاري 7149 في الأحكام: باب ما يُكره من الحرص على الإمارة، ومسلم 14 3/1456 في الإمارة: باب النهي عن طلب الإمارة والحرص عليها، عن أبي كريب، بهذا الإسناد وأخرجه مسلم، والبيهقي 10/100، والبغوي 2466 من طريقين عن أبي أسامة، به . وانظر الحديث 1072 .

4482- إسناده صحيح على شرطهما . المقبري: هو سعيد بن أبي سعيد، وابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمٰن، وعبد الله: هو ابن المبارك، وحبّان: هو ابن موسى المروزي . وأخرجه النسائي 7/162 في البيعة: باب ما يكره من الحرص على الإمارة، و8/225-226 في آداب القضاة: باب النهي عن مسألة الإمارة، وفي السير كما في "التحفة" 9/487 عن محمد بن آدم بن سليمان، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/448 و476، والبخاري 7148 في الأحكام: باب ما يكره من الحرص على الإمارة، والبيهقي 3/129 و10/95، والبغوي 2465 من طرق عن ابن أبي ذئب، به . وقع عند أحمد في الموضع الأول من طريق يزيد بن هارون عن ابن أبي ذئب: "فبئست المرضعة، ونعمت الفاطمة" وهو خطأ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''عنقریب تم حکومتی عہدوں کا لالچ کرو گے اور قیامت کے دن یہ چیز ندامت اور حسرت کا باعث ہوگی' تو دودھ پلانے والی اچھی شمار ہوتی ہے اور دودھ چھڑوانے والی بری شمار ہوتی ہے''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَتَمَنَّى الْأُمَرَاءُ أَنَّهُمْ مَا وَلَّوْا مِمَّا وُلُّوْا شَيْئًا

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حکمران یہ آرزو کریں گے کہ انہیں (دنیا میں) کسی بھی چیز کا نگران نہ بنایا گیا ہوتا

**4483** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، بِحِرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ مَوْلٰى اَبِیْ رُهْمٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ لِلْاُمَرَاءِ، لَيَتَمَنَّيَنَّ اَقْوَامٌ اَنَّهُمْ كَانُوا مُعَلَّقِيْنَ بِذَوَائِبِهِمْ بِالثُّرَيَّا، وَاَنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوا وُلُّوْا شَيْئًا قَطُّ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سرکاری اہلکاروں کے لیے خرابی ہے عنقریب کچھ لوگ اس بات کی آرزو کریں گے کہ انہیں ان کے بالوں کے ساتھ اوج ثریا پر لٹکا دیا جاتا' لیکن انہیں کسی (حکومتی عہدے) کا اہلکار مقرر نہ کیا جاتا''۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْاَئِمَّةِ فِي الْقِيَامَةِ اِذَا كَانُوا عُدُولًا فِي الدُّنْيَا

## قیامت کے دن حکمرانوں کی صفت کا تذکرہ جب وہ دنیا میں انصاف سے کام لیتے رہے ہوں

**4484** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

---

4483- إسناده صحيح، النفيلي: هو عبد الله بن محمد بن علي بن نفيل، ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين غير أبي حازم مولى أبي رُهم وهو ثقة روى له النسائي. وأخرجه بنحوه الطيالسي 2523، وأحمد 2/352، والحاكم 4/91، والبيهقي 10/97، والبغوي 2468 من طريق هشام الدستوائي، عن عباد بن أبي علي، عن أبي حازم، عن أبي هريرة. وهذا إسناد حسن، عباد بن أبي علي حسن الحديث، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

4484- حديث صحيح، ابن أبي السري: وهو محمد بن المتوكل صدوق له أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي 588، وأحمد 2/160، ومسلم 1827 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر..، والنسائي 8/221 في آداب القضاة: باب فضل الحاكم العادل في حكمه، والبيهقي في "السنن" 10/87-88، وفي "الأسماء والصفات" ص324، والآجري في "الشريعة" ص322، والبغوي 2470 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/159 و203، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/300، والحاكم 4/88 من طريقين عن معمر، عن الزهري وقد سقط من المستدرك، عن سعيد بن المسيب، عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "المقسطون في الدنيا على منابر من لؤلؤ يوم القيامة بين يدي الرحمن عز وجل بما أقسطوا في الدنيا" وإسناده صحيح على شرطهما. وانظر "أقاويل الثقات" لمرعي يوسف الحنبلي ص156-157.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): الْمُقْسِطُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ عَنْ يَمِينِ الرَّحْمٰنِ، وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ الْمُقْسِطُونَ عَلَى أَهْلِيهِمْ، وَأَوْلَادِهِمْ، وَمَا وَلُّوا

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ مِنَ الْأَلْفَاظِ التَّعَارُفِ أُطْلِقَ لَفْظُهُ عَلَى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ فِيمَا بَيْنَهُمْ، لَا عَلَى الْحَقِيقَةِ لِعَدَمِ وُقُوفِهِمْ عَلَى الْمُرَادِ مِنْهُ إِلَّا بِهٰذَا الْخِطَابِ الْمَذْكُورِ وَالْمُقْسِطُ: الْعَدْلُ، وَالْقَاسِطُ: الْعَادِلُ عَنِ الطَّرِيقِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''(دنیا میں) انصاف کرنے والے لوگ قیامت کے دن رحمان کے دائیں طرف نور کے منبروں پر ہوں گے حالانکہ اس (رحمٰن) کے دونوں طرف دائیں ہیں وہ لوگ جو اپنی بیویوں کے ساتھ اپنی اولاد کے ساتھ اور جس معاملے کے وہ نگران بنتے ہیں اس کے ساتھ انصاف سے کام لیتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کے الفاظ لوگوں کے عام محاورے کے مطابق ہیں اور یہاں وہ لفظ استعمال ہوئے ہیں جو لوگ اپنے محاورے میں استعمال کرتے ہیں اس کا حقیقی مفہوم مراد نہیں ہے' کیونکہ اس کی مراد سے واقفیت حاصل نہیں کی جاسکتی وہ واقفیت صرف انہی الفاظ میں حاصل کی جاسکتی ہے' جو اس روایت میں ذکر ہوئے ہیں۔

لفظ ''مقسط'' کا مطلب انصاف کرنا ہے اور لفظ ''قاسط'' مطلب راستے سے ہٹ جانے والا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ أَمْكِنَةِ الْأَئِمَّةِ الْعَادِلَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن انصاف کرنے والے حکمرانوں کی حیثیت کیا ہوگی

**4485** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الْمُقْسِطُونَ عَنْ يَمِينِ الرَّحْمٰنِ، وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ الَّذِينَ يَعْدِلُونَ فِي حُكْمِهِمْ وَأَهْلِيهِمْ وَمَا وَلُّوا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''انصاف کرنے والے لوگ رحمان کے دائیں طرف ہوں گے ویسے اس کے دونوں طرف ہی دائیں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اپنا فیصلہ کرنے میں اپنے بیوی بچوں کے ساتھ تعلقات میں اور اپنی ذمے داریوں میں انصاف سے کام لیتے ہیں''۔

4485- حديث صحيح، هشام بن عمار حسن الحديث وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرطهما . وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ اِظْلَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاِمَامَ الْعَادِلَ فِیْ ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ

## اللہ تعالیٰ کا عادل حکمران کو اس دن اپنا سایہ نصیب کرنے کا تذکرہ' جس دن اس کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا

**4486** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ: اِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَاَ فِیْ عِبَادَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، وَرَجُلٌ كَانَ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ فِی الْمَسْجِدِ، وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتَ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ اِلٰى نَفْسِهَا فَقَالَ: اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهٗ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهٗ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سات لوگ ایسے ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ اس دن اپنا سایہ نصیب کرے گا' جس دن اس کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ عادل حکمران' وہ نوجوان جس کی نشوونما اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہوئے ہوئی' وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کا ذکر کر رہا ہو' تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں' وہ شخص جس کا دل مسجد کے ساتھ معلق رہتا ہو وہ دو افراد جو اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں اسی وجہ سے وہ ملتے ہیں اسی وجہ سے جدا ہوتے ہیں۔ ایک وہ شخص کوئی صاحب حیثیت اور خوب صورت عورت اپنی ذات کی طرف (گناہ کی) دعوت دیتی ہے اور وہ شخص یہ کہتا ہے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور وہ شخص جو کوئی صدقہ کرتے ہوئے اسے اتنا پوشیدہ رکھتا ہے' بائیں ہاتھ کو یہ پتہ نہیں چلتا

4486- إسناده صحيح على شرطهما . عُبيد الله بن عمر: هو ابن حفص بن عاصم العمري المدني، وعبد الله: هو ابن المبارك، وهو في "الزهد".له 1342 .وأخرجه البخاري 6806 في الحدود: باب فضل من ترك الفواحش، والنسائي 222/8-223 في اداب القضاة: الإمام العادل، والبيهقي 65/3-66 من طرق عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 439/2، والبخاري 660 في الأذان: باب من جلس في المسجد ينتظر الصلاة وفضل المساجد، و1423 في الزكاة: باب الصدقة . باليمين، و6479 في الرقاق: باب البكاء من خشية الله عز وجل، ومسلم 1031 91 في الزكاة: باب فضل إخفاء الصدقة، والترمذي بعد الحديث 2391 في الزهد: باب ما جاء في الحبّ في الله، وابن خزيمة في "صحيحه" 358، والبيهقي 190/4 و162/8 من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن عبيد الله بن عمر، به . وبعض الرواة عن يحيى قال فيه: "لا تعلم يمينه ما تنفق شماله "، وسائر الرواة قالوا فيه: "لا تعلم شماله ما تنفق يمينه " وهو الصواب، لأن السنة المعهودة في الصدقة إعطاؤها باليمين، وانظر "الفتح" 146/2 .وأخرجه الطيالسي 2462 عن ابن فضالة، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص371 من طريق شعبة، كلاهما عن خبيب بن عبد الرحمٰن، به . وانظر 7294 .والمقصود من قوله: حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه: المبالغة في إخفاء الصدقة بحيث إن شماله مع قُربها وتلازمها لو تصوَّر أنها تعلم لما علمت ما فعلت اليمين لشدة إخفائها، فهو على هذا من مَجاز التشبيه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے"۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ لُزُوْمُ الْعَدْلِ فِي رَعِيَّتِهِ مَعَ الرَّأْفَةِ بِهِمْ وَالشَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ

## اس بات کا تذکرہ حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی رعایا کے ساتھ نرمی اور شفقت کرنے کے ساتھ ان میں انصاف کو بھی قائم رکھے

**4487** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَيَّاضُ بْنُ زُهَيْرٍ *، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا جَهْمِ بْنِ حُذَيْفَةَ مُصَدِّقًا فَلَاجَّهُ رَجُلٌ فِي صَدَقَتِهِ، فَضَرَبَهُ اَبُوْ جَهْمٍ فَشَجَّهُ، فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: الْقَوَدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا، فَلَمْ يَرْضَوْا، فَقَالَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا، فَلَمْ يَرْضَوْا، فَقَالَ: لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَرَضُوْا، وَقَالَ: اَرَضِيتُمْ؟، قَالُوْا: نَعَمْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوجہم بن حذیفہ رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا تو زکوٰۃ کی ادائیگی کرتے ہوئے ایک شخص کی ان کے ساتھ بحث ہوگئی۔ حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے اسے مارا اور زخمی کر دیا۔ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمیں قصاص دلوائیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ چیزیں لے لو (اور اس پر راضی ہو جاؤ)' لیکن وہ لوگ اس پر راضی نہیں ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ یہ چیزیں مزید لے لو وہ اس پر بھی راضی نہیں ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ یہ چیزیں مزید لے لو تو وہ اس بات پر راضی ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم راضی ہو گئے ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ لُزُوْمُ الْاِحْتِيَاطِ لِرَعِيَّتِهِ فِي الْاَشْيَاءِ الَّتِي يَخَافُ عَلَيْهِمْ مِنْ مُتَعَقَّبِهَا

## اس بات کا تذکرہ حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی رعایا کے حوالے سے ان چیزوں کے بارے میں احتیاط کو لازم پکڑے جن کے بارے میں اسے آگے چل کر خرابی کا اندیشہ ہو

4487- إسناده صحيح، فياض بن زهير من أهل نسا، روى عنه غير واحد، وذكره المؤلف في "الثقات" 9/11، ومن فوقه ثقات على شرطهما . وهو في "المصنف" 18032، وزاد: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنِّي خاطب على الناس، ومخبرهم برضابكم" . قالوا: نعم، فخطب النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اِنَّ هؤلاء الليثيين اتوني يريدون القودَ، فعرضت عليهم كذا وكذا فرضوا، أرضيتم؟ " قالوا: لا، فهمَّ المهاجرون بهم، فَاَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يكفوا، فكفوا، ثم دعاهم فزادهم، وقال: "أرضيتم؟ "، قالوا: نعم . ومن طريق عبد الرزاق بهذا الزيادة أخرجه أحمد 6/232، وأبو داوٗد 4534 في الديات: باب العامل يُصاب على يده خطأ، والنسائي 8/35 في القسامة: باب السلطان يصاب على يده، وابن ماجة 2638 في الديات: باب الجارح يفتدى بالقود، والبيهقي 8/49 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



31
31

**4488** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ هِيتًا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَزْوَاجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يَعُدُّونَهُ مِنْ أُولِي الْإِرْبَةِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ يَنْعَتُ امْرَأَةً، وَهُوَ يَقُولُ: إِنَّهَا إِذَا أَقْبَلَتْ أَقْبَلَتْ بِأَرْبَعٍ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ أَدْبَرَتْ بِثَمَانٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَرَى هَذَا يَعْلَمُ مَا هَا هُنَا؟ لَا يَدْخُلْ عَلَيْكُمْ وَأَخْرَجَهُ، فَكَانَ بِالْبَيْدَاءِ يَدْخُلُ كُلَّ يَوْمِ جُمُعَةٍ يَسْتَطْعِمُ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہیت نبی اکرم ﷺ کی ازواج کے ہاں آیا جایا کرتا تھا لوگ یہ سمجھتے تھے کہ اس میں نفسانی خواہش نہیں ہے۔ ایک دن نبی اکرم ﷺ اس کے پاس آئے' تو وہ کسی عورت کی خوبصورتی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ جب وہ آتی ہے' تو اس کی چار سلوٹیں پڑتی ہیں اور جب وہ جاتی ہے' تو اس کی آٹھ سلوٹیں ہوتی ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں یہ نہیں دیکھ رہا کہ اسے ان چیزوں کا پتہ ہے۔ یہ تمہارے ہاں نہ آیا کرے۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے وہاں سے نکلوا دیا' تو وہ کھلے میدان میں رہا کرتا تھا اور ہر جمعے کے دن کھانا لینے کے لیے آیا کرتا تھا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ مَنْ كَانَ تَحْتَ يَدِهِ أَخُوهُ الْمُسْلِمُ عَلَيْهِ رِعَايَتُهُ وَالتَّحَفُّظُ عَلَى أَسْبَابِهِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جس کا کوئی مسلمان بھائی اس کا ماتحت ہو اسے اس کا خیال رکھنا چاہئے اور اس کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہئے

**4489** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

4488– إسناده قوى مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم .وأخرجه أبو داوٗد 4109 فى اللباس: باب فى قوله: (غَيْرِ أُولِي الْأَرْبَةِ)، عن أحمد بن صالح، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/152، وابن جرير الطبرى 18/123، ومسلم 2181 فى السلام: باب منع المخنث من الدخول على النساء الأجانب، وأبو داوٗد 4107 و4108، والنسائى فى "عِشرة النساء " 365، والبيهقى 7/96، والبغوى 3209 من طرق عن معمر، به، وليس عندهم أنه أخرجه إلى البيداء، ولكن قالوا فيه: فحجبوه، وقد تابع الزهريَّ عليه هشامُ بن عروة عند أبى داوٗد فى الموضع الأول .وفى الباب عن أم سلمة عند أحمد 6/290، والبخارى 4324 و5235 و5887، ومسلم 2180، وأبى داوٗد 4929، وابن ماجة 1902 و2614 ولفظه أن مخنثاً كان عندهم ورسول الله صلى الله عليه وسلم فى البيت، فقال أى المخنث لأخى أم سلمة: يا عبد الله بن أمية، إن فتح الله عليكم الطائف غداً، فإنى أدلك على بنت غيلان، فإنها تقبل بأربع، وتدبر بثمان .فسمعه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: "لا يَدْخل هؤلاءِ عليكم" .

4489– إسناده صحيح على شرطهما .أيوب: هو ابن أبى تميمة السختيانى .وأخرجه البخارى 5188 فى النكاح: باب (قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَاراً)، ومسلم 1829 فى الإمارة: باب فضيلة الإمام العال . . .، والبيهقى 7/291 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/5 عن إسماعيل، عن أيوب، به .وأخرجه أحمد 2/54–55، والبخارى 2554 فى العتق: باب كراهية التطاول على الرقيق، و 5200 فى النكاح: باب المرأة راعية فى بيت زوجها، ومسلم 1829، والترمذى 1705 فى الجهاد: باب ما جاء فى الإمام، من طرق عن نافع، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زَیْدٍ، عَنْ اَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): کُلُّکُمْ رَاعٍ، وَکُلُّکُمْ مَسْؤُوْلٌ: فَالْاَمِیْرُ رَاعٍ عَلَی النَّاسِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِیَةٌ عَلٰی بَیْتِ زَوْجِهَا وَهِیَ مَسْؤُوْلَةٌ، وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلٰی مَالِ سَیِّدِهٖ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ، اَلَا فَکُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْؤُوْلٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے حساب لیا جائے گا۔ حکمران اپنی رعایا کا نگران ہے اور اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا اور غلام اپنے آقا کے مال کے بارے میں نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا خبردار تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک شخص سے حساب لیا جائے گا''۔

## ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ عَلٰی کُلِّ رَاعٍ حِفْظَ رَعِیَّتِهٖ صَغُرَ فِیْ نَفْسِهٖ اَمْ کَبُرَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر نگران اپنی اپنی نگرانی کی حفاظت کرے خواہ وہ اپنے طور پر چھوٹا نگران ہو یا بڑا ہو

**4490** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

(متن حدیث): کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِهٖ: فَالْاِمَامُ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِهٖ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِیْ اَهْلِهٖ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ اَهْلِهٖ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِیَةٌ فِیْ بَیْتِ زَوْجِهَا وَمَسْؤُوْلَةٌ عَنْ رَعِیَّتِهَا، وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِیْ مَالِ سَیِّدِهٖ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِهٖ، وَکُلُّکُمْ رَاعٍ وَمَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِهٖ

❁❁ سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا حاکم نگران

---

4490- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم. وهو في صحيحه 1829 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 893 في الجمعة: باب الجمعة في القرى والمدن، و 2751 في الوصايا: باب تأويل قوله تعالى: (مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا اَوْ دَيْنٍ) من طريق عبد الله بن المبارك، عن يونس، بِهِ. وأخرجه البخاري 2409 في الاستقراض: باب العبد راع في مال سيده ولا يعمل إلا بإذنه، و 2558 في العتق: باب العبد راع في مال سيده، والبيهقي 6/287 من طريق شعيب عن الزهري، بِهِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس سے اس کی رعایا کے بارے میں حساب لیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے اس کے گھر والوں کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگران ہے اس سے اس کے ماتحت چیزوں کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ خادم اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور اس سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِمَامَ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ الَّتِي هُوَ عَلَيْهِمْ رَاعِي

## اس بات کے بیان کا تذکرہ حاکم سے اس کی رعایا کے بارے میں حساب لیا جائے گا جن کا وہ نگران تھا

**4491** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْاَمِيرُ الَّذِي عَلَى النَّاسِ رَاعٍ عَلَيْهِمْ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالرَّجُلُ رَاعِي اَهْلَ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ بَعْلِهَا وَوَلَدِهِ وَهِيَ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْهُمْ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْؤُوْلٌ عَنْهُ، فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا لوگوں کا حکمران ان لوگوں کا نگران ہے اور اس سے ان لوگوں کے بارے میں حساب کیا جائے گا آدمی اپنے گھر والوں کا نگران ہے اس سے ان کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی اور اس کی اولاد کی نگران ہے اس سے ان کے بارے میں حساب لیا جائے گا اور آدمی کا غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس سے اس بارے میں حساب لیا جائے گا تم میں سے ہر ایک شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لیا جائے گا''۔

---

4491– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابري فمن رجال مسلم . وهو في "صحيحه" 1829 عن يحيى بن أيوب المقابري، بهذا الإسناد . وتابعه عنده يحيى بن يحيى وقتيبة بن سعيد وعلي بن حُجر . وأخرجه البغوي في "شرح السنة " 2469 من طريق علي بن حُجر، عن إسماعيل بن جعفر، به . وأخرجه مالك في "الموطأ992" برواية محمد بن الحسن الشيباني، ومن طريقه أخرجه البخاري 7138 في الأحكام: باب وقل الله تعالى: (اَطِيعُوا اللّٰهَ وَاَطِيعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنكُمْ)، وأبو داوٗد 2928 في الخراج والإمارة: باب ما يلزم الإمام من حق الرعية، عن عبد الله بن دينار، به . وأخرجه أحمد 2/111 من طريق سفيان، عن عبد الله بن دينار، به

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا كُلَّ مَنِ اسْتَرْعَى رَعِيَّةً عَنْ رَعِيَّتِهِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ ہر شخص سے اس نگرانی کے بارے میں حساب لے گا

4492 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ اَحَفِظَ اَمْ ضَيَّعَ؟

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ ہر نگران سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لے گا کیا اس نے اس کی حفاظت کی ہے یا اس نے اسے ضائع کر دیا''۔

4493 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ، فِيْ عَقِبِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ، اَحَفِظَ اَمْ ضَيَّعَ، حَتّٰى يَسْاَلَ الرَّجُلَ عَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ

❀❀ حضرت حسن رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ ہر نگران سے اس کی نگرانی کے بارے میں حساب لے گا کہ اس نے اس کی حفاظت کی ہے یا اسے ضائع کر دیا ہے' یہاں تک کہ وہ آدمی سے اس کے گھر والوں کے بارے میں بھی حساب لے گا''۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْوَالِي الَّذِي يُرِيدُ اللّٰهُ بِهِ الْخَيْرَ اَوِ الشَّرَّ

## نگران کی اس صفت کا تذکرہ' جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ بھلائی یا برائی کا ارادہ کر لیتا ہے

4494 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِالْاَمِيرِ خَيْرًا جَعَلَ لَهُ وَزِيرَ صِدْقٍ، اِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ، وَاِنْ ذَكَرَ اَعَانَهُ، وَاِذَا

---

4492– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه النسائي في "عشرة النساء " 292 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وقال الترمذي 4/208 في الجهاد: باب ما جاء في الإمام: قال محمد يعني . ابن إسماعيل البخاري: وروى إسحاق بن إبراهيم: عن معاذ بن هشام . . . فذكره بإسناده ومتنه مرفوعاً، ثم قال الترمذي: سمعت محمداً يقول: هذا غيرُ محفوظ، وإنما الصحيح: عن مُعَاذِ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عن الحسن، عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً .

4493– رجاله رجال الشيخين، وهو مرسل .وأخرجه النسائي في "عشرة النساء " 293 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وانظر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اَرَادَ اللّٰهُ بِهٖ غَيْرَ ذٰلِكَ جَعَلَ لَهٗ وَزِيرَ سُوْءٍ، اِنْ نَسِيَ لَمْ يُذَكِّرْهُ، وَاِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' جب اللہ تعالیٰ کسی حکمران کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرے تو اسے سچا وزیر عطا کرتا ہے' اگر وہ حکمران بھول جائے' تو وہ وزیر اسے یاد کرواتا ہے اور اگر اس حکمران کو یاد ہو' تو وہ وزیر اس کی مدد کرتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی کے بارے میں اس کے علاوہ کا ارادہ کر لے' تو اسے برا وزیر عطا کر دیتا ہے' اگر وہ حکمران بھول جائے' تو وہ وزیر اسے یاد دہانی نہیں کرواتا اگر اس حکمران کو یاد ہو' تو وہ وزیر اس کی معاونت نہیں کرتا۔

## ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْإِمَامِ الْغَاشِّ لِرَعِيَّتِهٖ فِيمَا يَتَقَلَّدُ مِنْ اُمُورِهِمْ

## ایسے شخص سے جنت کی نفی کا تذکرہ جو حکمران اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ دیتا ہو ان کے جس معاملے کے بارے میں وہ نگران ہے

**4495** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ الْعُطَارِدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَقَالَ مَعْقِلٌ: اِنِّي

---

4494- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير موسى بن مروان الرقي، فقد روى له أصحاب السنن وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وزهير بن محمد وإن كانت رواية أهل الشام عنه غير مستقيمة، وهذا منها، قد جاء معنى حديثه هذا من طريق آخر صحيح عند النسائي كما سيأتي فيتقوى ويصح .وأخرجه أبو داوُد 2932 في الخراج والإمارة: باب في اتخاذ الوزير، وابن عدي في "الكامل" 3/1076، والبيهقي 10/111-112 من طرق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد، وقد صرح الوليد بن مسلم عندهم بالتحديث .وأخرجه النسائي 7/159 في البيعة: باب وزير الإمام، والبيهقي 10/111 من طريقين عن بقية بن الوليد، حدثنا ابن المبارك، عن ابن أبي حسين وهو عمر بن سعيد بن أبي حسين النوفلي عن القاسم بن محمد، قال: سمعت عمتي يعني عائشة تقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من ولي منكم عملاً، فأراد الله به خيراً جعل له وزيراً صالحاً، إن نسي ذكره، وإن ذكر أعانه" وهذا إسناد صحيح .

4495- إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة: وهو شيبان بن فروخ الحبطي، من رجال مسلم وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه مسلم 142 227 في الإيمان: باب استحقاق الوالي الغاش لرعيته النارَ، و 3/1460 21 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل، وعقوبة الجائر، والحث على الرفق بالرعية . . .، والطبراني 20/474، والبيهقي 9/41 من طريق شيبان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه البغوي في "الجعديات" 3261، والطيالسي 929، والدارمي 2/324، والبخاري 7150 في الأحكام: باب من استُرعي رعية فلم يَنصح، والطبراني 20/474، والبغوي في "شرح السنة " 2478 من طريق أبي الأشهب، بِهِ .وأخرجه بنحوه الطيالسي 928 و929، وأحمد 5/25 و27، والبخاري 7151، ومسلم 142 228 و229 و3/21، والطبراني 20/449 و455 و456 و457 و458 و459 و469 و472 و473 و476 و478 من طرق عن الحسن البصري، بِهِ .وأخرجه من طرق وبألفاظ عن معقل بن يسار: أحمد 5/25، ومسلم 142 و3/22، والطبراني 20/506 و513 و514 و515 و516 و517 و518 و519 و524 و533 و534، والبيهقي 9/41 .وقع في بعض روايات الطبراني أن الذي جاء لزيارة معقل هو زياد والد عبيد الله، وهو خطأ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مُحَدِّثُكَ بِحَدِيْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ عَلِمْتَ اَنَّ لِيْ حَيَاةً مَا حَدَّثْتُكَ بِهٖ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً، يَمُوْتُ يَوْمَ يَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهٖ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

حسن بصری بیان کرتے ہیں: عبید اللہ بن زیاد حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی بیماری کے دوران ان کی عیادت کرنے کے لیے آیا یہ اس بیماری کی بات ہے' جس میں ان کا انتقال ہو گیا تھا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں ایک حدیث بیان کرنے لگا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے' اگر مجھے یہ پتہ ہوتا کہ ابھی میں اور زندہ رہوں گا' تو میں تمہیں یہ حدیث بیان نہ کرتا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس بھی بندے کو اللہ تعالیٰ کسی کی نگرانی کا کام سونپے اور وہ ایسی حالت میں مر جائے کہ وہ اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ کرتا ہو' تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر جنت کو حرام قرار دے دیتا ہے''۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ تَرْكُ الدُّخُولِ فِي الْاُمُوْرِ الَّتِيْ يَتَهَيَّا الْقَدْحُ فِيْهَا وَاِنْ كَانَتْ تِلْكَ الْاُمُوْرُ مُبَاحَةً

## اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ ان امور میں دخل دینے کو ترک کر دے جن کے حوالے سے اس کی عزت پر حرف آ سکتا ہو حالانکہ ویسے وہ امور مباح ہوں

**4496** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَحَدَّثْتُ عِنْدَهٗ وَهُوَ عَاكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَامَ مَعِيْ لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِيْ يُبَلِّغُنِيْ بَيْتِيْ، فَلَقِيَهٗ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَلَمَّا رَاَيَاهُ اسْتَحْيَا فَرَجَعَا، فَقَالَ: تَعَالَيَا، فَاِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اَقُوْلُ لَكُمَا هٰذَا اَنْ تَكُوْنَا تَظُنَّانِ سُوْءًا، وَلٰكِنْ عَلِمْتُ اَنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنِ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں کچھ دیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بات چیت کرتی رہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں اعتکاف کیے ہوئے تھے رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے گھر تک پہنچانے کے لیے میرے ساتھ اٹھے راستے میں دو انصاری

---

4496- إسناده حسن، على شرط مسلم، عبد الرحمٰن بن إسحاق: هو ابن عبد الله بن كنانة القرشي المدني، حسن الحديث، وخالد: هو ابن عبد الله الواسطي، وقد تقدم تخريجه برقم 3671 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


افراد کی ملاقات آپ ﷺ سے ہوئی جب ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو وہ شرما گئے اور واپس پلٹ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دونوں آگے آؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں: (ہم آپ ﷺ کے بارے میں برا گمان کیسے رکھ سکتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تم دونوں سے یہ نہیں کہہ رہا کہ تم دونوں نے کوئی برا گمان کیا ہوگا' لیکن مجھے یہ بات پتہ ہے' شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے (وہ تمہارے ذہن میں کوئی غلط خیال ڈال سکتا تھا)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا وَجَّهَ صَفِيَّةَ اِلٰى بَيْتِهٖ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ اِلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، لَا اَنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ لَرَدِّهَا اِلَى الْبَيْتِ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ اعتکاف کے دوران سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو

گھر واپس بھیجنے کے لیے مسجد کے دروازے تک تشریف لائے تھے آپ ﷺ ان کو گھر تک پہنچانے کے لیے مسجد سے باہر نہیں نکلے تھے

**4497** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، اَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، ثُمَّ قَامَتْ تَنْطَلِقُ، فَقَامَ مَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْلِبُهَا حَتّٰى اِذَا بَلَغَ قَرِيْبًا مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، عِنْدَ بَابِ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَعُدَا، فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى رِسْلِكُمَا اِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الْاِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَاِنِّيْ خِفْتُ اَنْ يَّقْذِفَ فِيْ قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ ایک مرتبہ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں نبی اکرم ﷺ اس وقت رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیے ہوئے تھے جب سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا واپس جانے کے لیے اٹھیں' تو نبی اکرم ﷺ بھی انہیں واپس پہنچانے کے لیے ان کے ساتھ کھڑے ہوگئے' یہاں تک کہ

4497– إسناده صحيح، محمد بن عبد الله بن البرقي ثقة روى له أبو داوُد والنسائي، ومن فوقهما على شرطهما . سعيد بن عفير: هو سعيد بن كثير بن عفير .وأخرجه البخاري 2038 في الاعتكاف: باب زيارة المرأة زوجها في اعتكافه، و 3101 في فرض الخمس: باب ما جاء في بُيُوتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما نسب من البيوت إليهن، عن سعيد بن عفير، بهذا الإسناد . وهو مكرر 3671 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جب آپ ﷺ مسجد کے دروازے کے قریب پہنچے وہ دروازہ جو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے کے پاس تھا تو وہاں سے دو انصاری افراد گزرے ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا اور پھر ایک طرف ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا: ٹھہر جاؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: سبحان اللہ یارسول اللہ ﷺ! (ہم آپ ﷺ کے بارے میں ایسا سوچ سکتے ہیں) یہ بات ان دونوں کو بہت گراں گزری تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دل میں کوئی غلط خیال نہ ڈال دے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَسْمُ مَا يَمْلِكُ بَيْنَ رَعِيَّتِهِ وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ الشَّيْءُ يَسِيرًا لَا يَسَعُهُمْ كُلَّهُمْ

## اس بات کا تذکرہ حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ جس چیز کا مالک بنتا ہے وہ اپنی رعایا کے درمیان اسے تقسیم کر دے اگر چہ وہ تھوڑی سی چیز ہو اور ان سب کو پوری نہ آتی ہو

**4498** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا تَمْرًا فَأَصَابَنِي مِنْهَا خَمْسٌ أَوْ أَرْبَعُ تَمَرَاتٍ، قَالَ: فَرَأَيْتُ الْحَشَفَةَ هِيَ أَشَدُّ لِضِرْسِي

قَالَ: فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: إِنَّ أَبْخَلَ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ، وَأَعْجَزَ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعَاءِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان کھجوریں تقسیم کیں، تو مجھے ان میں سے پانچ یا شاید چھ کھجوریں ملیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس میں سے ایک کھجور میری داڑھ کے لیے انتہائی سخت تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ شخص ہے جو سلام کرنے میں کنجوسی سے کام لے اور لوگوں میں سب سے عاجز وہ شخص ہے جو دعا بھی نہ کر سکے۔

---

4498– إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن بكار: هو ابن الرّيّان، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه على شرط الشيخين، أبو عثمان النهدي: هو عبد الرحمٰن بن ملّ . وأخرجه بدون الزيادة عن أبي هريرة: البخاري 5441 في الأطعمة: باب رقم 40 عن محمد بن الصباح، عن إسماعيل بن زكريا، بهذا الإسناد . إلا أنه قال فيه: أصابني منه خمس: أربع تمرات وحشفة .وأخرجه بنحوه كذلك البخاري 5411 في الأطعمة: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه يأكلون، و 5441، من طريقين عن حماد بن زيد، وأحمد 2/298، والترمذي 2474 في صفة القيامة: باب رقم 34، والنسائي في الوليمة كما في "التحفة" 10/152، وابن ماجة 4157 في الزهد: باب معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، من طرق عن شعبة، كلاهما عن عباس الجريري، عن أبي عثمان النهدي، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاَئِمَّةِ اسْتِمَالَةُ قُلُوبِ رَعِيَّتِهِمْ بِاِقْطَاعِ الْاَرَضِينَ لَهُمْ

## اس بات کا کہ حکمرانوں کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رعایا کو زمین کے قطعات دے کر ان کے قلوب کو (اسلام کی طرف) مائل کریں

**4499** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَاْرِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمَدَانِ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ فَاَقْطَعَهُ الْمِلْحَ، فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتَدْرِي مَا اَقْطَعْتَهُ؟ اِنَّمَا اَقْطَعْتَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ، قَالَ: فَرَجَعَ فِيهِ، وَقَالَ سَاَلْتُهُ عَمَّا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ، فَقَالَ: مَا لَمْ تَبْلُغْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

❀❀ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ وفد کی شکل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی زمین عطا کرنے کی درخواست کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ''ملح'' کے مقام والی زمین عطا کر دی جب وہ واپس چلے گئے' تو ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کون سی زمین دی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک ایسی زمین دی ہے جہاں پانی وافر مقدار میں ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ زمین واپس لے لی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''اراک'' نامی جگہ میں زمین کی درخواست کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (یہ اس وقت تک تمہیں دی جاتی ہے) جب تک اونٹوں کے پاؤں وہاں تک نہیں پہنچتے۔

**4500** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَنِي الزُّبَيْرُ وَمَا لَهُ فِي الْاَرْضِ مَالٌ وَّلَا مَمْلُوكٌ، غَيْرُ نَاضِحٍ، وَغَيْرُ فَرَسِهِ، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَعْلِفُ فَرَسَهُ، وَاَكْفِيهِ مُؤْنَتَهُ، وَاَسُوسُهُ وَاَدُقُّ النَّوَى لِنَاضِحِهِ، وَاَعْلِفُهُ، وَاَسْتَقِي الْمَاءَ، وَاَخْرُزُ غَرْبَهُ، - قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ: يَعْنِي الدَّلْوَ - وَاَعْجِنُ وَلَمْ اَكُنْ اُحْسِنُ اَخْبِزُ، فَتَخْبِزُ لِي جَارَاتٌ لِي مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكُنَّ نِسْوَةَ

4499–وأخرجه الطبراني في "الكبير" 810 عن أبي خليفة بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد 3064 في الخراج والإمارة: باب في إقطاع الأرضين، والترمذي 1380 في الأحكام: باب ما جاء في القطائع، وحميد بن زنجوية في "الأموال" 1017، وأبو عبيد في "الأموال" 684، والدارقطني 4/221 و245، والبغوي 2193 من طرق عن محمد بن يحيى بن قيس المأربي، بهذا الإسناد .وأخرجه يحيى بن آدم في "الخراج" 346 من طريق ابن المبارك، عن معمر، عن يحيى بن قيس المأربي، عن رجل، عن أبيض بن حمال .وأخرجه ابن ماجة 2475 في الرهون: باب إقطاع الأنهر والعيون، والدارقطني 4/221، وابن سعد 5/382 والطبراني 808 من طريق فرج بن سعيد بن علقمة بن سعيد بن أبيض بن حمال، عن عمه أي: عم أبيه– عن ثابت ابن سعيد بن أبيض، عن أبيه، عن جده، وثابت وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف، فلعله يتقوى بالطريقين ويحسن .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صِدْقٍ، وَكُنْتُ أَنْقُلُ النَّوٰى مِنْ أَرْضِ الزُّبَيْرِ الَّتِيْ أَقْطَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَأْسِي وَهِيَ ثُلُثَا فَرْسَخٍ، قَالَتْ: فَجِئْتُ يَوْمًا وَالنَّوٰى عَلٰى رَأْسِي، فَلَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ، فَدَعَانِيْ، ثُمَّ قَالَ: إِخْ إِخْ، لِيَحْمِلَنِيْ خَلْفَهُ، قَالَتْ: فَاسْتَحْيَيْتُ أَنْ أَمْشِيَ مَعَ الرِّجَالِ، وَذَكَرْتُ الزُّبَيْرَ وَغَيْرَتَهُ، وَكَانَ أَغْيَرَ النَّاسِ، قَالَ: فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّيْ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ فَمَضَى، فَجِئْتُ الزُّبَيْرَ، فَقُلْتُ: لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى رَأْسِي النَّوٰى، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ، فَأَنَاخَ لِأَرْكَبَ مَعَهُ، فَاسْتَحْيَيْتُ وَعَرَفْتُ غَيْرَتَكَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَحَمْلُكِ النَّوٰى كَانَ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ رُكُوْبِكِ مَعَهُ، قَالَتْ: حَتّٰى أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ بِخَادِمٍ، فَكَفَتْنِيْ سِيَاسَةَ الْفَرَسِ، فَكَأَنَّمَا أَعْتَقَتْنِيْ

سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے میرے ساتھ شادی کی اس وقت نہ ان کے پاس کوئی زمین تھی نہ کوئی غلام تھا ان کے پاس صرف ایک اونٹ تھا اور ایک گھوڑا تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان کے گھوڑے کو چارا کھلایا کرتی تھی اور اس کی دیکھ بھال کیا کرتی تھی میں ان کے اونٹ کے لیے گٹھلیاں چنا کرتی تھی اور اسے چارا فراہم کیا کرتی تھی اور اسے پانی پلایا کرتی تھی اور اس کے لیے (پانی کا) ڈول تیار کیا کرتی تھی میں آٹا گوندھ لیتی تھی' لیکن مجھ سے روٹی اچھی طرح سے نہیں بنائی جاتی تھی' تو میری انصاری پڑوسنیں مجھے روٹی بنا دیا کرتی تھیں وہ بڑی مخلص خواتین تھیں میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی زمین سے اپنے سر پر گٹھلیاں رکھ کر لایا کرتی تھی وہ زمین جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی تھی اور وہ دو تہائی فرسخ کے فاصلے پر تھی۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک دن میں آ رہی تھی میرے سر پر گٹھلیاں موجود تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مجھ سے سامنا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا اور فرمایا: اخ اخ (یعنی آپ نے اونٹ کو ٹھہرایا) تاکہ آپ مجھے اپنے پیچھے سوار کر لیں۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے مردوں کے ساتھ جاتے ہوئے شرم آ گئی مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آیا' کیونکہ ان میں غصہ بہت زیادہ تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ ہو گیا تھا کہ میں شرما رہی ہوں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور میں نے انہیں بتایا کہ میری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تھی میرے سر پر گٹھلیاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے کچھ اصحاب بھی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

---

4500- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق بن إسرائيل وهو ثقة روى له أبو داوٗد والنسائي . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة .وأخرجه أحمد 6/347، والبخاري 5224 في النكاح: باب الغيرة، ومسلم 2182 34 في السلام: باب جواز إرداف المرأة الأجنبية إذا أعيت في الطريق، والنسائي في "عشرة النساء " 288، والبيهقي 7/293 من طريق أبي أسامة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 3151 في فرض الخمس: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، عن محمود بن غيلان، عن أبي أسامة، به مختصراً بقصة النوى . وزاد: وقال أبو ضمرة: عن هشام، عن أبيه أن النبي صلى الله عليه وسلم أقطع الزبير أرضاً من أموال بني النضير .وأخرجه مختصراً أحمد 6/352، ومسلم 2182 35، والطبراني 24/250 من طريق حماد بن زيد، عن أيوب، عن ابن أبي مليكة، عن أسماء . وزادوا فيه أنها أصابت خادماً، جاء النبي صلى الله عليه وسلم سبيٌ فأعطاها خادماً، وزاد مسلم في آخر القصة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اونٹ کو روکا تھا تاکہ میں آپ ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جاؤں' تو مجھے شرم آ گئی تو مجھے آپ کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آ گیا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تمہارا گٹھلیاں اٹھانا میرے نزدیک تمہارے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جانے سے زیادہ گراں ہے۔

سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' یہاں تک کہ اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے خادم بھجوایا جو میری جگہ گھوڑے کی دیکھ بھال کرلیا کرتا تھا تو انہوں نے گویا مجھے آزاد کروا دیا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْأَئِمَّةِ تَأَلُّفُ مَنْ رُجِيَ مِنْهُمُ الدِّيْنُ وَالْإِسْلَامُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جن لوگوں کی طرف سے دین اور اسلام (کی خدمات کی انجام دہی) کی امید کی جاسکتی ہے' ان کی تالیف قلب ہے حکمرانوں کے لیے مستحب ہے

**4501** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ قُرَيْشًا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَاَلَّفَهُمْ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اَفِيكُمْ اَحَدٌ مِّنْ غَيْرِكُمْ؟، قَالُوا: ابْنُ اُخْتٍ لَنَا، قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''قریش زمانہ جاہلیت سے قریب ہیں اس لیے میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں انہیں مانوس کروں' پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تمہارے درمیان تمہارے علاوہ کوئی اور ہے لوگوں نے بتایا: ہمارا ایک بھانجا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا بھانجا ان کا حصہ ہوتا ہے''۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَذْلُ الْمَالِ لِمَنْ يَّرْجُو اِسْلَامَهُ

## اس بات کا تذکرہ' جس شخص کے اسلام (قبول کرنے کی) امید ہو' حاکم کے لیے یہ مستحب ہے' وہ اس شخص پر مال خرچ کرے

4501- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البخاري 3146 في فرض الخمس: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس وغيره، و 6762 في الفرائض: باب مولى القوم من أنفسهم وابن الأخت منهم عن ابي الوليد الطيالسي بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 3528 في المناقب: باب ابن أخت القوم منهم ومولى القوم منهم، عن سليمان بن حرب، وأحمد 3/172 و275، ومسلم 1059 133 في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على لإسلام وتصبر من قوي إيمانه، والترمذي 3901 في المناقب: باب في فضل الأنصار، عن غندر محمد بن جعفر، والنسائي 5/106 في الزكاة: باب ابن أخت القوم منهم، من طريق وكيع، وأبو القاسم البغوي في الجعديات 971، ومن طريقه أبو محمد البغوي في "شرح السنة" 2228 عن علي بن الجعد، أربعتهم عن شعبة، به

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4502 - سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْخٍ بِوَاسِطَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ لَهُ بِغَنَمٍ - ذَكَرَ ابْنُ عَائِشَةَ كَثْرَتَهَا - فَاَتَى الْاَعْرَابِيُّ قَوْمَهُ، وَقَالَ: يَا قَوْمِ اَسْلِمُوا، فَاِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِي عَطَاءَ مَنْ لَا يَخَافُ الْفَقْرَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بکریاں دینے کا حکم دیا یہاں ابن عائشہ نامی راوی نے ان بکریوں کی کثرت کا ذکر کیا ہے وہ دیہاتی اپنی قوم کے افراد کے پاس آیا اور بولا اے میری قوم کے لوگو اسلام قبول کرلو' کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتنا کچھ عطا کر دیتے ہیں کہ اس کے بعد غربت کا خوف نہیں رہتا۔

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءَ اَهْلِ الشِّرْكِ الْهَدَايَا اِذَا طَمِعَ فِيْ اِسْلَامِهِمْ

## امام کے لیے بات مباح ہونے کا تذکرہ' کہ وہ مشرکین کو تحائف دے' جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو۔

4503 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوْكَ، حَتّٰى جِئْنَا وَادِي الْقُرَى، فَاِذَا امْرَاَةٌ فِيْ حَدِيْقَةٍ لَهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ: اخْرُصُوا، فَخَرَصَ الْقَوْمُ وَخَرَصَ

---

4502– إسناده صحيح، عبيد الله بن محمد بن عائشة روى له أبو داوُد والترمذى والنسائى وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 2312 58 فى الفضائل: باب ما سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئًا قط فقال: لا و كثرة عطائه، والبيهقى 7/19 من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وفيه أن الرجل سأل غنماً بين جبلين، وفى آخره: فقال أنس: إن كان الرجل ليسلم ما يُريد إلا الدنيا، فما يسلم حتى يكون الإسلامُ أحبُّ إليه من الدنيا وما عليها .وأخرجه مسلم 2312 57، والبيهقى 7/19 من طريقين عن حميد الطويل، عن موسى بن أبى أنس بن مالك، عن أبيه .ولم يرد فى البيهقى عن أبيه .

4503– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعفان: هو . . . ابن مسلم الباهلى، ووهيب: هو ابن خالد .وأخرجه أحمد 5/424، وابن أبى شيبة 14/539–540، وعنه مسلم 4/1786 12 فى الفضائل: باب فى معجزات النبى صلى الله عليه وسلم، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 1481 فى الزكاة: باب خَرص التمر، وأبو داوُد 3079 فى الخراج والإمارة: باب فى إحياء الموات، عن سهل بن بكار، ومسلم 4/1786 12 من طريق المغيرة بن سلمة المخزومى، كلاهما عن وهيب بن خالد، به ببعض اختصار .وأخرجه البخارى 3161 فى الجزية الموادعة: باب إذا وادع الإمامُ ملكَ القرية هل يكون ذلك لبقيتهم؟ عن سهل بن بكار، عن وهيب، به بقصد ملك أيلة، وعلقها البخارى 5/272 فى الهبة: باب قبول الهدية من المشركين، عن أبى حميد .وأخرجه مقطعاً البخارى 1872 فى فضائل المدينة: باب المدينة طابة، و 3791 فى مناقب الأنصار: باب فضل دور الأنصار، و 4422 فى المغازى: باب رقم 81، عن خالد بن مخلد، ومسلم 1392 فى الحج: باب أُحُد جبل يحبنا ونحبه، و4/1785 11 فى الفضائل، والبيهقى 4/122 من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبى، كلاهما عن سليمان بن بلال، عن عمرو بن يحيى، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَةَ اَوْسُقٍ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَرْاَةِ: اَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَدِمَ تَبُوْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَهُبُّ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيْدَةٌ فَلَا يَقُوْمَنَّ فِيْهَا رَجُلٌ، وَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيْرٌ فَلْيُوْثِقْ عِقَالَهُ، قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ: فَعَقَلْنَاهَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ هَبَّتْ عَلَيْنَا رِيحٌ، فَقَامَ فِيْهَا رَجُلٌ فَاَلْقَتْهُ فِي جَبَلِ طَيِّءٍ، ثُمَّ جَاءَهُ مَلِكُ اَيْلَةَ وَاَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ، فَكَسَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدًا، وَكَتَبَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ وَاَقْبَلْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا وَادِي الْقُرٰى، فَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: كَمْ جَاءَ حَدِيْقَتُكِ؟ قَالَتْ عَشْرَةُ اَوْسُقٍ، خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي مُتَعَجِّلٌ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَفْعَلْ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ، حَتّٰى اِذَا اَوْفٰى عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: هٰذِهٖ طَابَةُ، فَلَمَّا رَاٰى اُحُدًا، قَالَ: هٰذَا اُحُدٌ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ؟، قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ سَاعِدَةَ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ تبوک کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم ایک وادی میں آئے وہاں ایک عورت کا باغ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اس کی پیداوار کا اندازہ لگاؤ لوگوں نے اس کا اندازہ لگایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اندازہ لگایا اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: اس کی جو پیداوار ہوگی تم اسے شمار کر کے رکھنا اگر اللہ نے چاہا تو ہم واپسی پر تمہارے پاس آئیں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک تشریف لے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات تم پر انتہائی تیز آندھی آئے گی' تو اس آندھی کے دوران کوئی شخص کھڑا ہرگز نہ رہے' جس شخص کے ساتھ اونٹ موجود ہے وہ اس کی رسی کو باندھ لے۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے انہیں باندھ لیا جب رات ہوئی تو تیز ہوا چلنا شروع ہوگئی ہم میں سے ایک شخص کھڑا ہوا تو ہوا نے اسے اٹھا کر طے کے پہاڑ پر پھینک دیا پھر ایلہ (نامی جگہ) کا حکمران آیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سفید خچر تحفے کے طور پر پیش کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہننے کے لیے ایک چادر دی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے ایک تحریر لکھوا دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم اس وادی میں آئے (جہاں سے پہلے گزرے تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جلدی سفر کرنا چاہتا ہوں تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جلدی سفر کرنا چاہے وہ کرے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (یعنی مدینہ منورہ) طابہ (یعنی پاکیزہ) ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ کو ملاحظہ فرمایا تو ارشاد فرمایا: یہ احد ہے یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں کیا میں تمہیں انصار کے بہترین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں (بتائیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار کا سب سے بہترین گھرانہ بنونجار ہے پھر بنوعبدالاشہل ہے پھر بنوحارث کا گھرانہ ہے پھر بنوساعدہ کا گھرانہ ہے ویسے انصار کے تمام گھرانے بہترین ہیں۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِذَا طَمِعَ فِي إِسْلَامِهِمْ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، کہ وہ مشرکین کے تحائف کو قبول کرے جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو

**4504** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ صَاعِقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ يَنْطَلِقُ بِصَحِيفَتِي هٰذِهِ إِلَى قَيْصَرَ وَلَهُ الْجَنَّةُ؟، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَإِنْ لَمْ أُقْتَلْ؟، قَالَ: وَإِنْ لَمْ تُقْتَلْ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ بِهِ فَوَافَقَ قَيْصَرَ وَهُوَ يَأْتِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ قَدْ جُعِلَ لَهُ بِسَاطٌ لَا يَمْشِي عَلَيْهِ غَيْرُهُ، فَرَمَى بِالْكِتَابِ عَلَى الْبِسَاطِ وَتَنَحَّى، فَلَمَّا انْتَهَى قَيْصَرُ إِلَى الْكِتَابِ أَخَذَهُ، ثُمَّ دَعَا رَأْسَ الْجَاثَلِيقِ، فَأَقْرَأَهُ، فَقَالَ: مَا عِلْمِي فِي هٰذَا الْكِتَابِ إِلَّا كَعِلْمِكَ، فَنَادَى قَيْصَرُ: مَنْ صَاحِبُ الْكِتَابِ؟، فَهُوَ آمِنٌ فَجَاءَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: إِذَا أَنَا قَدِمْتُ فَأْتِنِي، فَلَمَّا قَدِمَ أَتَاهُ، فَأَمَرَ قَيْصَرُ بِأَبْوَابِ قَصْرِهِ فَغُلِّقَتْ، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا يُنَادِي أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدِ اتَّبَعَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ النَّصْرَانِيَّةَ، فَأَقْبَلَ جُنْدُهُ وَقَدْ تَسَلَّحُوا حَتَّى أَطَافُوا بِقَصْرِهِ، فَقَالَ لِرَسُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ تَرَى أَنِّي خَائِفٌ عَلَى مَمْلَكَتِي، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدْ رَضِيَ عَنْكُمْ، وَإِنَّمَا خَبَرَكُمْ لِيَنْظُرَ كَيْفَ صَبْرُكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَارْجِعُوا، فَانْصَرَفُوا، وَكَتَبَ قَيْصَرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي مُسْلِمٌ وَبَعَثَ إِلَيْهِ بِدَنَانِيرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَرَأَ الْكِتَابَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللَّهِ لَيْسَ بِمُسْلِمٍ وَهُوَ عَلَى النَّصْرَانِيَّةِ، وَقَسَّمَ الدَّنَانِيرَ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص میرے اس مکتوب کو لے کر قیصر کے پاس جائے گا اسے جنت ملے گی۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا: اگرچہ مجھے قتل نہ کیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگرچہ تمہیں قتل نہ کیا جائے (پھر بھی تمہیں جنت ملے گی) تو وہ شخص اس خط کو لے کر روانہ ہو گیا وہ قیصر کے پاس اس وقت پہنچا جب قیصر بیت المقدس آیا ہوا تھا اور اس کے لیے ایک قالین بچھایا گیا تھا اس قالین پر قیصر کے علاوہ اور کوئی نہیں چلتا تھا اس شخص نے وہ مکتوب اس قالین پر رکھ دیا اور خود ایک طرف ہٹ گیا جب قیصر اس

4504- إسناده صحيح، رجاله على شرط البخاري غير علي بن بحر فقد روى له تعليقاً، واحتج به أبو داوٗد والنسائي، وهو ثقة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مکتوب تک پہنچا تو اس نے اسے حاصل کیا اور پھر اپنے معتمد خصوصی کو بلوا کر اس سے وہ خط پڑھایا تو اس نے جواب دیا: اس مکتوب کے بارے میں مجھے بھی وہی علم ہے' جو آپ کو علم ہے' تو قیصر نے بلند آواز میں کہا اس خط کو لانے والا شخص کون ہے اسے امان دی جاتی ہے' تو وہ شخص آ گیا قیصر نے کہا: جب میں آ جاؤں' تو تم میرے پاس آ جانا جب قیصر آیا' تو وہ شخص اس کے پاس آیا قیصر نے اپنے دروازوں کے بارے میں حکم دیا انہیں بند کر دیا گیا پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کے لیے کہا کہ قیصر نے حضرت محمد ﷺ کی پیروی کر لی ہے اور عیسائیت کو ترک کر دیا ہے' تو اس کے سپاہی آگے بڑھے انہوں نے اسلحہ اٹھایا ہوا تھا انہوں نے اس کے محل کا محاصرہ کر لیا تو قیصر نے نبی اکرم ﷺ کے ایلچی سے کہا تم نے دیکھ لیا ہے مجھے اپنی حکومت کے حوالے سے خوف ہے پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کو کہا: خبردار قیصر تم لوگوں سے راضی ہے اس نے تم لوگوں کا امتحان لینا چاہا تھا کہ تم اپنے دین کے بارے میں کتنے پختہ ہو تم لوگ واپس چلے جاؤ تو وہ لوگ واپس چلے گئے پھر قیصر نے نبی اکرم ﷺ کو خط لکھا کہ میں مسلمان ہوں اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ دینار بھی بھجوائے نبی اکرم ﷺ نے جب اس کا مکتوب پڑھا تو ارشاد فرمایا: اللہ کے دشمن نے غلط کہا ہے یہ مسلمان نہیں ہے یہ عیسائیت پر قائم ہے نبی اکرم ﷺ نے وہ دینار تقسیم کروا دیئے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنْ رَعِيَّتِهِ فِي الْأَوْقَاتِ وَبَذْلُ الْأَمْوَالِ لَهُمْ عِنْدَ فَتْحِ اللّٰهِ الدُّنْيَا عَلَيْهِمْ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ بعض اوقات اپنی رعایا سے تحائف قبول کر لے' اور جب اللہ تعالیٰ اسے فتوحات عطا کرے' تو (امام) ان اموال کو رعایا پر خرچ کرے

**4505** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ مِنْ اَرْضِهِ حَتّٰى فُتِحَتْ عَلَيْهِ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ، فَجَعَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مَا كَانَ اَعْطَاهُ، قَالَ اَنَسٌ: وَاِنَّ اَهْلِيْ اَمَرُوْنِيْ اَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَهُ مَا كَانَ اَعْطَاهُ اَوْ بَعْضَهُ، وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ اُمَّ اَيْمَنَ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيهِنَّ، فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِيْ عُنُقِيْ، وَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا

4505– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "مسند أبي يعلى " 4080 .وأخرجه مسلم 1771 71 في الجهاد والسير: باب ردّ المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والثمر حين استغنوا عنها بالفتوح، عن ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 8/255، وأحمد 3/219، والبخاري 3128 في فرض الخمس: باب كيف قسم النبي صلى الله عليه وسلم قريظة والنضير، و 4030 في المغازي: باب حديث بني النضير، و 4120 باب مرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الأحزاب . . .، ومسلم 1771 71، وأبو يعلى 4079 من طرق عن معتمر بن سليمان، به . وبعض روايات البخاري مختصرة . وانظر البخاري 2630، ومسلماً 1771 71 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



يُعْطِيكُهُنَّ وَقَدْ اَعْطَانِيهِنَّ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ اَيْمَنَ، اتْرُكِي وَلَكِ كَذَا وَكَذَا، فَتَقُولُ: كَلَّا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، حَتّٰى اَعْطَاهَا عَشَرَةَ اَمْثَالِهِ - اَوْ قَرِيبًا مِنْ عَشَرَةِ اَمْثَالِهِ -

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی زمین کی کھجوروں (کی پیداوار) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا کرتا تھا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ اور نضیر کو فتح کر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا تحفہ واپس کر دیا جو اس نے آپ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے گھر والے مجھے یہ ہدایت کرتے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں اور آپ سے وہ چیز مانگ لوں جو آپ کسی کو دیتے ہیں' یا اس کا کچھ حصہ مانگ لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو کوئی چیز دے رہے تھے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے وہ (کھجوریں' یا چیزیں) مجھے عطا کر دیں' تو ام ایمن رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے کپڑا میری گردن میں ڈالا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) یہ (کھجوریں' یا چیزیں) تمہیں نہیں دے سکتے جب کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ہی مجھے دے چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام ایمن تم اسے چھوڑ دو تمہیں یہ یہ چیزیں ملتی ہیں' تو وہ خاتون یہی کہتی رہیں ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (میں اسے نہیں چھوڑوں گی) حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کھجوروں (یا چیزوں) سے دس گنا زیادہ یا دس گنا کے قریب چیزیں انہیں عطا کیں (تو انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو چھوڑا)

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اتِّخَاذُ الْكَاتِبِ لِنَفْسِهِ لِمَا يَقَعُ مِنَ الْحَوَادِثِ وَالْاَسْبَابِ فِي اُمُورِ الْمُسْلِمِينَ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' مسلمانوں کی امور (میں مختلف نوعیت کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے) کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

**4506** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ

4506– إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك . وأخرجه إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر الطبراني 4903 عن أبي خليفة الفاضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 2/41 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن أبي الوليد الطيالسي، بِهِ .وأخرجه البخاري 4986 و4987 و4988 في فضائل القرآن: باب جمع القرآن، والترمذي 3103 و3104 في التفسير: باب ومن سورة التوبة، والنسائي في فضائل القرآن 13 و20 و27، والبيهقي 2/40–41 و41 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .وأخرجه مختصراً ومقطعاً أحمد 1/10 و5/188–189، والبخاري 7191 في الأحكام: باب يستحب للكاتب أن يكون أميناً عاقلاً، و7425 في التوحيد: باب وكان عرشه على الماء وهو رب العرش العظيم، وأبو يعلى 64 و65، وابن أبي داوُد في "المصاحف" ص12–13 و13–14 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْهِ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ عُمَرَ جَاءَ نِي، فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا فَيَذْهَبُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيْرٌ، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَأَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِي رَأَى، فَقَالَ لِيْ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ، لَا نَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِيْ بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: فَكَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ أَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَاللِّخَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰى، وَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ أَجِدْهَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ: (لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ) (التوبة: 128)، خَاتِمَةَ بَرَاءَةَ، قَالَ: فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

قَالَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ: وَحَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ حُذَيْفَةَ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَكَانَ يُغَازِي أَهْلَ الشَّامِ، وَأَهْلَ الْعِرَاقِ، وَفَتَحَ أَرْمِيْنِيَةَ، وَأَذْرَبِيْجَانَ، فَأَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِي الْقِرَاءَةِ، فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَدْرِكْ هٰذِهِ الْأُمَّةَ قَبْلَ أَنْ يَّخْتَلِفُوْا فِي الْكِتَابِ كَمَا اخْتَلَفَ الْيَهُوْدُ، وَالنَّصَارٰى، فَبَعَثَ عُثْمَانُ إِلٰى حَفْصَةَ: أَنْ أَرْسِلِي الصُّحُفَ لِنَنْسَخَهَا فِي الْمَصَاحِفِ، ثُمَّ نَرُدُّهَا إِلَيْكِ، فَبَعَثَتْ بِهَا إِلَيْهِ، فَدَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَّنْسَخُوا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لَهُمْ: مَا اخْتَلَفْتُمْ أَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ شَيْءٍ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّهُ نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، وَكَتَبَ الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ، وَبَعَثَ إِلٰى كُلِّ أُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوا، وَأَمَرَ مِمَّا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْقُرْآنِ فِيْ كُلِّ صَحِيْفَةٍ أَوْ مُصْحَفٍ أَنْ يُّمْحٰى أَوْ يُحْرَقَ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ: فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْأَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْتُ الْمُصْحَفَ، كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا، فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ: (مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الأحزاب: 23)، فَأَلْحَقْتُهَا فِيْ سُوْرَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: اخْتَلَفُوْا يَوْمَئِذٍ فِي التَّابُوْتِ، فَقَالَ زَيْدٌ: التَّابُوْهُ، وَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ: التَّابُوْتُ، فَرُفِعَ اخْتِلَافُهُمْ إِلٰى عُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اكْتُبُوْهُ التَّابُوْتُ، فَإِنَّهُ لِسَانُ قُرَيْشٍ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ یمامہ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا اور اس نے کہا: جنگ یمامہ میں قرآن کے بہت سے حافظ شہید ہو گئے ہیں مجھے یہ اندیشہ ہے' اگر مختلف جگہوں پر اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے' تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو سکتا ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جواب دیا: میں ایک ایسا کام کیسے کر سکتا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا: تو اس نے کہا: اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے اس کے بعد یہ اس بارے میں مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو عمر کو عطا کیا ہے اور میری بھی وہی رائے ہو گئی جو عمر کی رائے ہے (حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم نوجوان بھی ہو سمجھدار بھی ہو ہم تم پر کوئی تہمت عائد نہیں کرتے اور تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی نوٹ بھی کرتے رہتے ہو' تو تم قرآن کو تلاش کرواور اسے ایک جگہ جمع کر دو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا حکم دیتے تو یہ میرے لیے اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا وہ حکم تھا جو انہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کے حوالے سے دیا تھا میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ اس بارے میں بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے قرآن کی تلاش شروع کی اور اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کرنا شروع کیا' یہاں تک کہ مجھے سورۃ توبہ کی آخری آیتیں حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے ان کے علاوہ اور کسی کے پاس یہ آیات نہیں ملیں۔

''تحقیق تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے' جو تم میں سے ہے تمہارا پریشانی کا شکار ہونا اسے بہت گراں گزرتا ہے''۔

یہ سورت توبہ کی آخری آیات ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر وہ صحیفہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ سیّدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اہل شام اور اہل عراق کی جنگوں میں شریک ہوئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اس حوالے سے پریشان تھے کہ لوگوں کا قرأت میں اختلاف ہو رہا ہے انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ اس امت کی خبر لیجیے اس سے پہلے کہ یہ کتاب اللہ کے بارے میں اسی طرح اختلاف کا شکار ہو جائے جس طرح یہودیوں اور عیسائیوں میں اختلاف ہو گیا تھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا کہ آپ اپنا مصحف مجھے بھجوائیے تاکہ ہم اس کی مختلف نقلیں تیار کریں یہ پھر ہم آپ کو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واپس کر دیں گے تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے وہ نسخہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف بھجوایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اس مصحف کی مختلف نقلیں تیار کرلیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: جہاں تمہارے اور زید بن ثابت کے درمیان کسی لفظ کے بارے میں اختلاف ہو' تو تم لوگ اسے قریش کے محاورے کے مطابق نوٹ کرو' کیونکہ یہ ان کے محاورے میں نازل ہوا ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مختلف مصاحف تیار کروا ... مختلف علاقوں میں بھیجا اور انہوں نے یہ حکم دیا کہ اس کے علاوہ قرآن جس بھی صحیفے اور مصحف کی شکل میں موجود ہے اسے مٹا دیا جائے یا جلا دیا جائے۔

ابن شہاب زہری ... کرتے ہیں: خارجہ بن زید نے مجھے یہ بات بتائی ہے' انہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جب میں مصحف کو نقل کر رہا تھا تو مجھے اس میں سورۃ الاحزاب کی ایک آیت نہیں ملی جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی تھی میں' نے اس آیت کو تلاش کیا' تو وہ مجھے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی (وہ آیت یہ ہے)

''اہل ایمان میں سے کچھ لوگ وہ ہیں' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو سچ ثابت کر دکھایا''۔

تو میں نے اس آیت کو اس سورت میں مصحف میں شامل کر لیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اس موقع پر لوگوں کے درمیان تابوت کے بارے میں اختلاف ہوا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا تھا کہ اس کی قرأت تابوہ ہوگی جبکہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا یہ لفظ تابوت ہے' جب ان کے اختلاف کا معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ اسے تابوت لکھو' کیونکہ یہ قریش کے محاورے کے مطابق ہے۔

## ذِكْرُ الْجَوَازِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَّخِذَ الْكَاتِبَ لِنَفْسِهِ لِمَا يَعْتَرِضُهُ مِنْ اَحْوَالِ الدِّيْنِ فِي الْاَسْبَابِ

## آدمی کے لیے یہ بات جائز ہونے کا تذکرہ' کہ کسی دینی ضرورت کی تکمیل کے لیے کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

**4507** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، قَالَ:

4507– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى . . فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 1/13، وابن أبي داوُد في "المصاحف" ص14–15 من طريق عثمان بن عمر، والبخاري 4989 في فضائل القرآن: باب كاتب النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني 4902 من طريق الليث، كلاهما عن يونس، بهذا الإسناد . رواية الليث عند البخاري مختصرة، ورواية عثمان بن عمر مطلوبة وهي عند ابن أبي داوُد أطول– إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .وأخرجه البخاري 4679 في التفسير: باب ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ . . .﴾ من طرق شعيب، والطبراني 4901 من طريق عبد الرحمٰن بن خالد بن مسافر، كلاهما عن الزهري، به إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَرْسَلَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِلَيَّ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِيْ فَقَالَ لِيْ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنِّيْ اَخْشَى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبُ كَثِيْرٌ مِّنَ الْقُرْآنِ لَا يُوْعَى، وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ بِذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ لِذٰلِكَ صَدْرِيْ وَرَاَيْتُ فِيْهِ الَّذِيْ رَاٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تُكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ: قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ بِاَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا اَمَرَنِيْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَكَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَقُمْتُ اَتَتَبَّعُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَالْاَكْتَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ غَيْرِهٖ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ) (التوبة: 128)، وَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِيْ جَمَعْتُ فِيْهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ حَيَاتَهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کے بعد مجھے بلوایا وہاں ان کے پاس حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھ سے کہا کہ جنگ یمامہ میں بہت سے مسلمان شہید ہو گئے مجھے یہ اندیشہ ہے اگر مختلف علاقوں میں اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو جائے گا جسے محفوظ نہیں کیا گیا میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے کہا: تم ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہو جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد یہ مسلسل اس بارے میں بات چیت کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے شرح صدر عطا کر دیا اور اس بارے میں میری بھی وہی رائے ہوئی جو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ہے (حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کوئی بات نہیں کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایک نوجوان اور عقلمند آدمی ہو ہم تم پر کوئی الزام عائد نہیں کرتے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی کو نوٹ کرتے رہے ہو تو تم قرآن کو تلاش کر کے اس کو جمع کرو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر مجھے وہ کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا پابند کر دیتے تو میرے لیے یہ اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا ان کا قرآن جمع کرنے کا حکم دینا مشکل تھا۔ میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ کام زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ بات چیت کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو میں نے قرآن کو تلاش کرنے کا کام شروع کر دیا۔

میں نے اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کیا' یہاں تک کہ سورۃ توبہ کی آخری آیات مجھے حضرت خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے یہ آیات ان کے علاوہ اور کسی کے پاس نہیں ملیں۔

''تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے' جو تم میں سے ہے''۔

وہ صحیفہ جسے میں نے جمع کیا تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی زندگی میں رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آ گیا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

**4507/1** - (متن حدیث): قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، وَاَخْبَرَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّهٗ اجْتَمَعَ لِغَزْوَةِ اَذْرِبِيجَانَ، وَارْمِينِيَةَ اَهْلِ الشَّامِ، وَاَهْلِ الْعِرَاقِ، فَتَذَاكَرُوا الْقُرْآنَ، فَاخْتَلَفُوا فِيْهِ حَتّٰى كَادَ يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ، قَالَ: فَرَكِبَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ لَمَّا رَاٰى اخْتِلَافَهُمْ فِي الْقُرْآنِ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوا فِي الْقُرْآنِ، حَتّٰى اِنِّیْ وَاللّٰهِ لَاَخْشٰى اَنْ يُّصِيبَهُمْ مَا اَصَابَ الْيَهُودَ وَالنَّصَارٰى مِنَ الاخْتِلَافِ، فَفَزِعَ لِذٰلِكَ عُثْمَانُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَزَعًا شَدِيْدًا، وَاَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ فَاسْتَخْرَجَ الصُّحُفَ الَّتِیْ كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ اَمَرَ زَيْدًا بِجَمْعِهَا، فَنَسَخَ مِنْهَا الْمَصَاحِفَ، فَبَعَثَ بِهَا اِلَى الْاٰفَاقِ، ثُمَّ لَمَّا كَانَ مَرْوَانُ اَمِيرَ الْمَدِيْنَةِ اَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ يَسْاَلُهَا عَنِ الصُّحُفِ لِيُمَزِّقَهَا وَخَشِيَ اَنْ يُّخَالِفَ بَعْضُ الْعَامِ بَعْضًا، فَمَنَعَتْهُ اِيَّاهَا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَحَدَّثَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَتْ حَفْصَةُ اَرْسَلَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِعَزِيْمَةٍ لِيُرْسِلَ بِهَا، فَسَاعَةَ رَجَعُوا مِنْ جَنَازَةِ حَفْصَةَ اَرْسَلَ ابْنُ عُمَرَ اِلٰى مَرْوَانَ فَحَرَّقَهَا مَخَافَةَ اَنْ يَّكُوْنَ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ اخْتِلَافٌ لَمَّا نَسَخَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' وہ آذربائیجان اور آرمینیا کے ساتھ لڑائی اور اہل شام اور اہل عراق کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے انہوں نے قرآن کے بارے میں بات چیت کی تو اس بارے میں ان کے درمیان اختلاف ہو گیا' یہاں تک کہ اس بات کا امکان موجود تھا کہ ان کے درمیان جنگ شروع ہو جائے جب حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے درمیان قرآن کے بارے میں اختلاف دیکھا تو وہ سوار ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے اور بولے: لوگوں کا قرآن کے بارے میں اختلاف ہو گیا ہے مجھے یہ اندیشہ ہے' انہیں بھی وہی صورت لاحق ہو جائے گی جو یہودیوں اور عیسائیوں کو اختلاف کی وجہ سے لاحق ہوئی تھی' تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس بات پر انتہائی پریشان ہو گئے انہوں نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھجوایا اور وہ صحیفہ نکالا جسے جمع کرنے کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس صحیفے کی مختلف نقلیں تیار کروائیں اور انہیں مختلف علاقوں میں بھجوایا پھر جب مروان مدینہ منورہ کا گورنر بنا تو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا اور ان سے وہ مصحف منگوایا تا کہ اسے پھاڑ دے اسے یہ اندیشہ تھا کہ بعض لوگ اس حوالے سے بعض کی مخالفت کریں گے تو میں نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: سالم بن عبداللہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا جب انتقال ہو گیا تو مروان نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو قسم دے کر یہ پیغام بھجوایا (کہ وہ اس مصحف کو مجھے بھجوا دیں) تو جس وقت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے جنازے سے واپس آ رہے تھے اس وقت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے وہ نسخہ مروان کو بھجوا دیا' تو مروان نے اسے جلوا دیا اس اندیشے کے تحت کہ کہیں اس میں اختلاف نہ ہو یعنی اس نسخے سے اختلاف نہ ہو' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نقل تیار کروائی تھی۔

## ذِكْرُ احْتِرَازِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فِيْ مَجْلِسِهِ اِذَا دَخَلُوْا عَلَيْهِ

## مشرکین جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی محافل میں مشرکین سے احتراز کرنے کا تذکرہ

**4508** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ بْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلَةَ صَاحِبِ الشَّرَطِ مِنَ الْاَمِيرِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وہی نسبت حاصل تھی جو کوتوال کو گورنر کے ساتھ ہوتی ہے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّقْصِيَ مِنْ نَفْسِهِ آكِلَ الْبَصَلِ مِنْ رَعِيَّتِهِ اِلٰى اَنْ يَّذْهَبَ رِيحُهَا

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' کہ وہ اپنی رعایا میں سے پیاز کھانے والے شخص کو اس وقت تک کے لیے اپنے قریب آنے سے روک دے' جب تک اس کی بو ختم نہیں ہو جاتی

4508– إسناده حسن، بشر بن آدم صدوق فيه لين، روى له أصحاب السنن وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الله بن المثنى والد محمد الأنصاري فمن رجال البخاري . ثمامة: هو ابن عبد الله بن أنيس بن مالك .وأخرجه البخاري 7155 في الأحكام: باب الحاكم يحكم بالقتل على من وجب عليه دون الإمام الذي فوقه، والترمذي 3850 في المناقب: باب في مناقب قيس بن سعد بن عبادة، والبيهقي 8/155، والبغوي 2485 من طرق عن محمد بن عبد الله الأنصاري، بهذا الإسناد . وفي إحدى روايتي الترمذي زاد فيه قول الأنصاري: يعني مما يلي من أموره، وعند البيهقي والبغوي: يعني ينظر من أموره . وقال الترمذي: حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث الأنصاري . والشُّرَط: هم أعوان الأمير، قال الأزهري: شرط كل شيء : خياره، ومنه الشرَط، لأنهم نخبة الجند، وقيل: سموا شرطاً، لأن لهم علامات يعرفون بها من هيئة وملبس، وهو اختيار الأصمعي، وقيل: لأنهم أعدوا أنفسهم لذلك، يقال: أشرط فلان نفسه لأمر كذا: إذا أعدها . قاله أبو عبيدة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4509 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى زَرَّاعَةِ بَصَلٍ هُوَ وَاَصْحَابُهُ، فَنَزَلَ نَاسٌ فَاَكَلُوْا مِنْهُ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ اٰخَرُوْنَ، فَرُحْنَا اِلَيْهِ، فَدَعَا الَّذِيْنَ لَمْ يَاْكُلُوا الْبَصَلَ، وَاَخَّرَ الْاٰخَرِيْنَ حَتّٰى ذَهَبَ رِيحُهَا

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیاز کے کھیت کے پاس سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بھی تھے لوگوں نے وہاں پڑاؤ کیا کچھ لوگوں نے پیاز کو کھا لیا اور کچھ نے نہیں کھایا جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بلوایا جنہوں نے پیاز نہیں کھایا تھا اور دوسرے لوگوں کو پیچھے کر دیا اس وقت تک جب تک ان کی بو ختم نہیں ہوگئی۔

## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْاِمَامِ اَنْ لَا تَكُوْنَ هِمَّتُهُ فِيْ جَمْعِ الدُّنْيَا لِنَفْسِهِ

## امام کے لیے یہ بات واجب ہونے کا تذکرہ' کہ وہ اپنے لیے دنیا جمع کرنے کی طرف ہی متوجہ نہ رہے

4510 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ وَكَانَ يُكْنَى اَبَا هَاشِمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): قَالَ: كُنْتُ فِيْ وَفْدِ بَنِي الْمُنْتَفِقِ فَبَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رَفَعَ الرَّاعِي غَنَمَهُ اِلَى الْمُرَاحِ، فَاِذَا سَخْلَةٌ تَيْعَرُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاذَا وَلَدَتْ؟، فَقَالَ الرَّاعِي: بَهْمَةٌ، فَقَالَ: اذْبَحْ مَكَانَهَا شَاةً، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْسِبَنَّ بِالْخَفْضِ، وَلَمْ يَقُلْ لَا تَحْسَبَنَّ بِالنَّصْبِ، اَنَّا مِنْ اَجْلِكَ ذَبَحْنَاهَا، اِنَّ لَنَا غَنَمًا مِئَةٌ، فَاِذَا وَلَدَ الرَّاعِي بَهْمَةً ذَبَحْنَا مَكَانَهَا شَاةً قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي امْرَاَةً وَفِي لِسَانِهَا شَيْءٌ - يَعْنِي الْبَذَاءَ - قَالَ: طَلِّقْهَا اِذًا، فَقَالَ: اِنَّ لَهَا صُحْبَةً، وَلِيْ مِنْهَا وَلَدٌ، قَالَ: فَمُرْهَا بِقَوْلٍ فَعِظْهَا لَعَلَّهَا اَنْ تَعْقِلَ، وَلَا تَضْرِبْ ظَعِينَتَكَ كَضَرْبِكَ اِبِلَكَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوءِ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَاَسْبِغِ الْوُضُوءَ، وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ، وَبَالِغْ فِي الِاسْتِنْشَاقِ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا

---

4509- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم . عبد الله بن خباب: هو المدني مولى بني عدي بن النجار . وأخرجه مسلم 566 في المساجد: باب نهي من أكل ثوماً أو بصلاً أو كراثاً أو نحوها، عن هارون بن سعيد الأيلي وأحمد بن عيسى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وانظر حديث أبي سعيد المتقدم عند المؤلف برقم 2082 . والزراعة: هي الأرض المزروعة .

4510- إسناده جيد، وهو مكرر الحديث 1054 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں بنو منتفق کے وفد میں شامل تھا ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران ایک چرواہا اپنی بکری کو اٹھا کر باڑے کی طرف لے گیا وہ آوازیں نکال رہی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اس نے کیا جنم دیا ہے چرواہے نے جواب دیا: بچے کو جنم دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی جگہ کوئی اور بکری ذبح کر دو پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ گمان نہ کرنا کہ ہم نے تمہاری وجہ سے اسے ذبح کیا ہے (راوی بیان کرتے ہیں: یہاں نبی اکرم ﷺ نے لفظ پر زیر پڑھی تھی زبر نہیں پڑھی تھی)

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) ہمارے پاس ایک سو بکریاں ہیں جب کوئی ایک بکری بچہ دیتی ہے' تو ہم اس کی جگہ ایک بکری کو ذبح کر دیتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میری بیوی کی زبان میں کچھ خرابی ہے یعنی وہ بدزبانی کا مظاہرہ کرتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے طلاق دے دو انہوں نے عرض کی: اس کے ساتھ بڑا پرانا ساتھ ہے پھر اس سے میری اولاد بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے زبانی طور پر وعظ و نصیحت کر کے سمجھاؤ ہو سکتا ہے اسے سمجھ آ جائے تم اپنی بیوی کو اس طرح نہ مارو جس طرح تم اپنے اونٹ کو مارتے ہو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ مجھے وضو کے بارے میں بتائیے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم وضو کرو تو اچھی طرح وضو کرو اور اپنی انگلیوں کے درمیان خلال کرو اور اچھی طرح ناک میں پانی ڈالو البتہ اگر تمہارا روزہ ہو (تو پھر مبالغہ نہ کرو)

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ انْهِمَاكِ الْاُمَرَاءِ فِیْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ بِمَا لَا يَسَعُهُمْ وَلَا يَحِلُّ لَهُمُ ارْتِكَابُهُ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کہ امراء (یعنی حکمران اور سرکاری اہل کار) مسلمانوں کے اموال کے بارے میں ایسے کاموں میں منہمک رہیں' جس کی ان کے لیے گنجائش نہیں ہے اور جن کا ارتکاب ان کے لیے حلال نہیں ہے

**4511** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، فَقَالَ: اَیْ بُنَیَّ، اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ شَرَّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةُ، فَاِيَّاكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَاِنَّمَا اَنْتَ مِنْ نُخَالَةِ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ كَانَتْ لَهُمْ نُخَالَةٌ، اِنَّمَا كَانَتِ النُّخَالَةُ بَعْدَهُمْ، وَفِیْ غَيْرِهِمْ

---

4511– إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة: هو ابن فروخ من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه مسلم 1830 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية والنهي عن إدخال المشقة عليهم، والطبراني في "الكبير" 18/26، والبيهقي 8/161 من طريق شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد .لكن وقع في الطبراني أنه دخل على زياد وهو خطأ .وأخرجه أحمد 5/64، والطبراني 18/26 من طرق عن جرير بن حازم، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں وہ عبیداللہ بن زیاد کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"بے شک سب سے برا حکمران ظالم حکمران ہوتا ہے"۔

تو تم اس بات سے بچنے کی کوشش کرو کہ تم ان میں شامل ہو جاؤ۔ عبیداللہ بن زیاد نے کہا: آپ تشریف رکھیں آپ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے برے افراد میں سے ایک ہیں' تو انہوں نے فرمایا: کیا ان اصحاب کے اندر خرابی ہوگی خرابی تو ان کے بعد والے لوگوں میں اور ان کے علاوہ لوگوں میں ہے۔

## ذِكْرُ اِيجَابِ النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنهَا لِمَنْ تَقَلَّدَ شَيْئًا مِنْ اُمُورِ الْمُسْلِمِينَ، وَانْبَسَطَ فِي اَمْوَالِهِمْ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ

## ایسے شخص کے لیے جہنم واجب ہونے' ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' کا تذکرہ' جو مسلمانوں کی کسی معاملے کا نگران بنتا ہے' اور ان کی اجازت کے بغیر ان کے اموال میں دست اندازی کرتا ہے

**4512** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُبَيْدَ سَنُوطَا حَدَّثَهُ، اَنَّهُ، سَمِعَ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسِ بْنِ قَهْدٍ تَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِي مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُولِهِ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

سیدہ خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے' جو شخص اس کے حق کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی

---

4512- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عُبيد سنوطا روى له الترمذى، وهو ثقة . يحيى بن سعيد: هو الأنصارى .وأخرجه عبد الرزاق 6962، وأحمد 6/364 و410، والحميدى 353، وابن أبى شيبة 13/242، والطبرانى فى "الكبير" 24/580 و581 و582 و583 و584 و585 و587 من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصارى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/378، والترمذى 2374 فى الزهد: باب ما جاء فى أخذ المال، والطبرانى 24/577 و578 و579 من طرق عن سعيد المقبرى، عن أبى الوليد عبيد سنوطا، به .وقال الترمذى: حديث حسن صحيح، ووقع فى "المسند": عبيد عن الوليد، وفى رواية للطبرانى 578: عبيد بن الوليد، وهو تحريف .وأخرجه البخارى 3118 فى فرض الخمس: باب قول الله تعالى: (فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ) عن عبد الله بن يزيد، عن سعيد بن أبى أيوب، عن أبى الأسود محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل، عن النعمان بن أبى عياش، عن خولة الأنصارية، به مختصراً بلفظ إن رجالاً يتخوّضون فى مال الله بغير حق، فلهم النار يوم القيامة . فى رواية الإسماعيلى خولة بنت ثامر الأنصارية، وزاد فى أوله الدنيا خضرة حلوة . . . .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتی ہے اور بعض اوقات کوئی شخص اللہ اور اس کے رسول کے مال کو حاصل کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کے لیے جہنم ہوگی''۔

## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ اَنْ لَا يَأْخُذَ هٰذَا الْمَالَ اِلَّا بِحَقِّهِ كَيْ يُبَارَكَ لَهُ فِيهِ

## امام پر یہ بات لازم ہے' کہ وہ مال کو صرف حق کے ہمراہ ہی حاصل کرے تاکہ اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی جائے

**4513** - سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ اَوْ زُهْرَةُ الدُّنْيَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَاْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، فَاَخَذَهُ عِرْقٌ اَوْ بُهْرٌ، ثُمَّ اَفَاقَ، فَقَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ؟، فَقَالَ: هَا اَنَا ذَا وَلَمْ اُرِدْ اِلَّا خَيْرًا، فَقَالَ: اِنَّ الْخَيْرَ لَا يَاْتِي اِلَّا بِالْخَيْرِ، وَاِنَّ كُلَّ مَا اَنْبَتَ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ حَبَطًا اَوْ يُلِمُّ اِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ، فَاِنَّهَا اَكَلَتْ، فَلَمَّا اشْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَثَلَطَتْ، ثُمَّ بَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ، ثُمَّ اَفَاضَتْ فَاجْتَرَّتْ، وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ فَمَنْ اَخَذَهُ بِحَقِّهِ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، قَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ زَعَمَ سُفْيَانُ اَنَّ الْاَعْمَشَ سَاَلَهُ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے تمہارے بارے میں سب سے زیادہ اندیشہ اس چیز کا ہے' جسے زمین پیدا کرے گی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) دنیاوی زیب وزینت کا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا بھلائی برائی کو لے کر آئے گی۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' یہاں تک کہ ہمیں اندازہ ہو گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسینہ آ گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سانس تیز ہو گیا پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: میں یہاں ہوں۔ میں نے اس سوال کے ذریعے صرف بھلائی کا ارادہ کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بھلائی صرف بھلائی کو لے کر آتی ہے بہار کا موسم جو کچھ اگاتا ہے وہ کسی جانور کو مار دیتا ہے اور کسی کو تکلیف کا شکار کر دیتا ہے صرف سبزہ کھانے والے جانور کا حکم مختلف ہے' کیونکہ وہ کھاتا ہے' یہاں تک کہ اس کی کوکھ پھول جاتی ہے' تو وہ دھوپ میں آ جاتا ہے وہاں وہ لید کرتا ہے'

4513- إسناده حسن من أجل ابن عجلان . وهو مكرر الحديث 3226 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح کر لیا تو حضرت حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مکہ میں میری زمین ہے اور میرے بال بچے بھی وہاں ہیں میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان کے پاس چلا جاؤں آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں (جھوٹ موٹ کے طور پر) آپ کے خلاف بات کروں' یا کوئی بات کہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی کہ وہ جو چاہیں کہہ دیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب وہ اپنی بیوی کے پاس آئے' تو انہوں نے کہا: تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ اکٹھا کر کے مجھے دو میں یہ چاہتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب سے بکریاں خرید لوں' کیونکہ انہیں اس کی ضرورت ہے اور ان کے اموال تباہ ہو گئے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: یہ بات مکہ میں پھیل گئی اس سے مسلمانوں کو بہت افسوس ہوا اور مشرکین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی یہ اطلاع حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تک بھی پہنچی تو وہ جہاں تھے وہیں بیٹھے رہ گئے ان سے کھڑا بھی نہ ہوا گیا۔

مقسم نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے قثم کو لیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت رکھتے تھے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنے ساتھ لٹا لیا انہیں اپنے سینے پر رکھا اور یہ کہا۔

''میرا محبوب قثم جو مرتبے والی شخصیت (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے' جو اس پروردگار کے بھیجے ہوئے نبی ہیں جو نعمتیں عطا کرتا ہے خواہ کسی کو یہ کتنا ہی برا لگے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر انہوں نے اپنے لڑکے کو حضرت حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور کہا تمہارا ستیاناس ہو تم کیا اطلاع لے کر آئے ہو اور کیا کہتے پھر رہے ہو تم جو اطلاع لے کر آئے ہو اللہ تعالیٰ نے اس شکل میں بھلائی کا وعدہ نہیں کیا تھا۔ تو حجاج نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام سے کہا تم حضرت ابوالفضل رضی اللہ عنہ (یعنی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ) کو میری طرف سے سلام کہہ دینا اور ان سے یہ کہنا کہ وہ اپنے گھر میں مجھ سے تنہائی میں ملنے کا موقع دیں انہیں ایسی اطلاع ملے گی جو انہیں خوش کر دے گی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا غلام آیا اور جب وہ دروازے پر پہنچا تو بولا اے ابوالفضل آپ خوشخبری قبول کیجئے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ انتہائی خوش ہوئے' یہاں تک کہ انہوں نے اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بتایا جو حجاج نے اسے بتایا تھا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس غلام کو آزاد کر دیا پھر حجاج آئے انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو صورت حال کے بارے میں بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کر لیا ہے اور ان لوگوں کا مالِ غنیمت حاصل کر لیا ہے اور ان کے اموال میں اللہ تعالیٰ کا حصہ بھی جاری ہوا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو اپنے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ اختیار دیا ہے' اگر وہ چاہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں آزاد کر کے ان کے ساتھ شادی کر لیں ورنہ وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلی جائے' تو اس خاتون نے اس بات کو اختیار کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے آزاد کر کے اس کے ساتھ شادی کر لیں۔

(حضرت حجاج نے بتایا) میں اپنے مال کی وجہ سے یہاں آیا ہوں جو یہاں ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے اکٹھا کروں اور اسے ساتھ لے کر چلا جاؤں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت مانگی' تو آپ نے مجھے اجازت دے دی کہ میں جو چاہوں وہ بیان کر دوں آپ تین دن تک اس بات کو خفیہ رکھیں اس کے بعد آپ جیسے مناسب سمجھیں اس کا ذکر کر دیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



راوی بیان کرتے ہیں: ان کی اہلیہ نے جو کچھ موجود تھا اس سب کو اکٹھا کیا جس کا تعلق زیورات اور ساز وسامان سے تھا اس خاتون نے اسے اکٹھا کیا اور ان کے سپرد کیا' تو وہ اس سامان کو ساتھ لے کر روانہ ہو گئے۔

تین دن گزرنے کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت حجاج رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کے پاس آئے اور دریافت کیا: تمہارے شوہر کا کیا حال ہے اس خاتون نے انہیں بتایا وہ تو چلے گئے ہیں اس خاتون نے کہا: اے ابوالفضل اللہ تعالیٰ آپ کو رسوائی سے محفوظ رکھے آپ تک جو اطلاع پہنچی ہے وہ ہمیں بہت گراں گزری ہے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں اللہ تعالیٰ مجھے رسوائی سے محفوظ رکھے' لیکن اللہ کے فضل سے جو ہم پسند کرتے ہیں وہی ہو گا۔ حجاج نے مجھے بتادیا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کر لیا ہے اور خیبر میں اللہ تعالیٰ کا حصہ بھی مقرر ہو گیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنی ذات کے لیے مخصوص کر لیا ہے اور اگر تم اپنے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہو' تو اس کے پاس چلی جاؤ۔ اس خاتون نے کہا: اللہ کی قسم! آپ کے بارے میں میرا یہی گمان ہے' آپ سچ بول رہے ہیں' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سچ ہی بول رہا ہوں اور صورت حال اسی طرح ہے' جس طرح میں نے تمہیں بتائی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ وہاں سے چلے گئے اور قریش کی محفل میں تشریف لے آئے وہ لوگ یہ کہہ رہے تھے اے ابوالفضل آپ کو تو ہمیشہ بھلائی ہی لاحق ہوئی ہے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اب بھی اللہ کے فضل سے مجھے صرف بھلائی ہی لاحق ہوئی ہے۔ حجاج نے مجھے یہ بات بتائی ہے' اللہ تعالیٰ نے خیبر کو اپنے رسول کے لیے فتح کر دیا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا حصہ مقرر ہوا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنی ذات کے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ حجاج نے مجھ سے یہ کہا تھا: میں تین دن تک اس بات کو پوشیدہ رکھوں۔ حجاج یہاں اس لیے آیا تھا تاکہ اس کی جو چیزیں یہاں ہیں وہ انہیں حاصل کر لے اس کے بعد وہ چلا گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو مسلمانوں کو مشرکین کے حوالے سے جو پریشانی تھی اللہ تعالیٰ نے اسے ختم کر دیا اور جو بھی مسلمان اپنے گھر میں چھپ کے بیٹھے ہوئے تھے وہ باہر نکل آئے' یہاں تک کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں اصل صورت حال بتائی تو مسلمان اس سے بہت خوش ہوئے اور انہیں جو دکھ اور پریشانی اور مشرکین کے حوالے سے جو تکلیف تھی وہ اللہ تعالیٰ نے ختم کر دی۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَذْلُ النَّفْسِ لِلْمِهَنِ الَّتِي مِنْهَا صَلَاحُ أَحْوَالِ رَعِيَّتِهِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ ایسے کام بذات خود کرے جو رعایا کی صورتحال کی بہتری کے لیے ہوں

**4531** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَهَبْتُ بِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيِّ حِينَ وُلِدَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَسَلَّمَ فِيْ عَبَاءَةٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْنَأُ بَعِيْرًا لَهُ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ تَمْرٌ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَنَاوَلْتُهُ تَمَرَاتٍ، فَأَلْقَاهُنَّ فِيْ فِيْهِ فَلَاكَهُنَّ، ثُمَّ فَغَرَفَا الصَّبِيِّ فَمَجَّهُ فِيْ فِيْهِ، فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حِبُّ الْاَنْصَارِ التَّمْرُ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں صاحب زادے عبداللہ کی پیدائش پر اسے ساتھ لے کر ایک چادر میں لپیٹ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت (صدقے کے) اونٹوں پر نشان لگا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کھجور ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے کچھ کھجوریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے منہ میں ڈالا انہیں چبایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بچے کے منہ میں ڈال دی بچے نے اسے چوسنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انصار کھجوروں سے محبت کرتے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کا نام عبداللہ تجویز کیا۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَقُوْمَ فِيْ اِصْلَاحِ الظَّهْرِ الَّتِيْ هِيَ لَهُ اَوْ لِلصَّدَقَةِ بِنَفْسِهِ

## اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اونٹوں کی دیکھ بھال خود کرے خواہ اس کے اپنے ہوں' یا صدقے کے اونٹ ہوں

**4532** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

4531– إسناده صحيح على شرط مسلم، حماد بن سلمة ثقة من رجاله، وباقي رجال السند ثقات على شرطهما .وأخرجه البيهقي 9/305 من طريق أبي النضر الفقيه، عن أبي عبد الله محمد بن نصر الإمام، وتميم بن محمد، والحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 2144 22 في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، وحمله إلى صالح يحنكه وجواز تسميته يوم ولادته . . .، وأبو يعلى 3283 عن عبد الأعلى بن حماد، به .وأخرجه الطيالسي 2056، وأحمد 3/175 و212 و287–288، وأبو داؤد 4951 في الأدب: باب في تغيير الأسماء، من طرق عن حماد، به . وفي رواية الطيالسي وأحمد 3/287–288 قصة لأم سليم أم أنس مع أبي طلحة، وانظر 7143 .قوله: يهنأ بعيراً يقال: هنأت البعير أهنؤه: إذا طليته بالهناء، وهو القَطِران . وقوله: فجعل الصبي يتلمظه أي: يدير لسانه في فيه ويحركه ويتتبع أثر التمر . وحِبّ، أي: محبوب .

4532– إسناده صحيح على شرطهما . محمد: هو ابن سيرين، وابن عون: هو . عبد الله، وابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم .وأخرجه البخاري بإثر الحديث 5470 في العقيقة: باب تسمية المولود غَداة يولد لمن لم يعق عنه وتحنيكه، و 5824 في اللباس: باب الخميصة السوداء، ومسلم 2119 109 في اللباس والزينة: باب جواز وسم الحيوان غير الآدمي في غير الوجه . . .، والبيهقي 7/35 من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه أحمد 3/106 عن محمد بن بشار، عن ابن أبي عدي، بِه .وأخرجه مسلم 2144 23 في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته . . .، من طريق حماد بن مسعدة، عن ابن عون، به بنحوه .وأخرجه أحمد 3/106 من طريق هشام بن حسان، عن ابن سيرين، به مطولاً .وأخرجه البخاري 5470 عن مطر بن الفضل، ومسلم 2144 23 عن أبي بكر بن أبي شيبة، كلاهما عن يزيد بن هارون، عن ابن عون، بِه . في رواية البخاري عن أنس بن سيرين، وفي رواية مسلم عن ابن سيرين . وانظر "الفتح" 9/503 .وأخرجه أحمد 3/105–106 مطولاً من طريق ابن أبي عدي، عن حميد، عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَبِیْ عَدِیٍّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متنِ حدیث):لَمَّا وَلَدَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ قَالَتْ: يَا اَنَسُ، انْظُرْ هٰذَا الْغُلَامَ فَلَا يُصِيبَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَغْدُوَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُحَنِّكُهُ، قَالَ: فَغَدَوْتُ بِهٖ، فَاِذَا هُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَائِطِ وَعَلَيْهِ خَمِيصَةٌ، وَهُوَ يَسِمُ الظَّهْرَ الَّذِي قَدِمَ عَلَيْهِ فِي الْفَتْحِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے بچے کو جنم دیا' تو انہوں نے فرمایا: اے انس! تم اس بچے کا دھیان رکھنا یہ کوئی چیز نہ کھائے جب تک یہ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جاتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے گھٹی نہیں دیتے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس بچے کو لے کر روانہ ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ایک باغ میں موجود تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اوڑھی ہوئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان اونٹوں پر نشان لگا رہے تھے جو فتح کے نتیجے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ اَنَّ قَوْلَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: وَهُوَ يَسِمُ اَرَادَ بِهٖ بِنَفْسِهٖ دُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ هُوَ الْآمِرُ بِهٖ

### اس بات کا تذکرہ' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم داغ لگا رہے تھے''

اس کے ذریعے ان کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود ایسا کر رہے تھے ایسا نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے کا حکم دیا تھا

**4533** - (سندِ حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متنِ حدیث):اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهُ، فَوَافَيْتُهُ بِيَدِهِ الْمِيسَمُ يَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَةِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہ کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تاکہ آپ اسے گھٹی دیں' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں نشان لگانے والا آلہ تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ذریعے زکوٰۃ کے اونٹوں کو نشان لگا رہے تھے۔

---

4533- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم من رجاله، ومن . فوقه على شرطهما . وقد صرح الوليد بالتحديث عند البخاري، فانتفت شبهة تدليسه . وأخرجه البيهقي 7/34-35 من طريق محمد بن إسماعيل، عن عبد الرحمٰن بن إسماعيل، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم دحيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 1502 في الزكاة: باب وَسْم الإمام إبلَ الصدقة بيده، ومسلم 2119 112 في اللباس: باب جواز وسم الحيوان . . .، من طريقين عن الوليد بن مسلم، بِه . ورواية مسلم أخصر مما عند البخاري . وأخرجه أحمد 3/284 من طريق أبي إسحاق الفزاري، عن الأوزاعي، بِه .وأخرجه بنحوه البخاري 5542 في الذبائح والصيد: باب الوسم والعلَم في الصورة، ومسلم 2119 110 و111، وأبو داوُد 2563 في الجهاد: باب في وسم الدواب، من طريق هشام بن زيد، عن أنس . وقال فيه: يسم غنماً في مربد له في آذانها .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِعْطَاءُ رَعِيَّتِهِ مَا يَأْمُلُونَهُ مِنَ الْأَسْبَابِ الَّتِي بِهَا يَتَبَرَّكُونَ مِنْ نَاحِيَتِهِ

### اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کو وہ کچھ عطا کرے جس کے وہ لوگ اس امام سے خواہش مند ہوں جس کے ذریعے وہ اپنے گوشے میں ہی برکت حاصل کرے

**4534** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): عَقَلْتُ مَجَّةً مَجَّهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجْهِي مِنْ دَلْوٍ مُعَلَّقَةٍ فِي دَارِنَا، قَالَ مَحْمُودٌ: فَحَدَّثَنِي عِتْبَانُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ بَصَرِي قَدْ سَاءَ، وَإِنَّ الْأَمْطَارَ إِذَا اشْتَدَّتْ سَالَ الْوَادِي فَحَالَ بَيْنِي وَبَيْنَ الصَّلَاةِ فِي مَسْجِدِ قَوْمِي، فَلَوْ صَلَّيْتَ فِي مَنْزِلِي مَكَانًا أَتَّخِذُهُ مُصَلًّى، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، قَالَ: فَغَدَا عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، فَاسْتَأْذَنَا، فَأَذِنْتُ لَهُمَا، قَالَ: فَمَا جَلَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَالَ: أَيْنَ تُحِبُّ أَنْ أُصَلِّيَ فِي مَنْزِلِكَ؟، فَأَشَرْتُ لَهُ إِلَى نَاحِيَةٍ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَحَبَسْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَزِيرَةٍ صَنَعْنَاهَا لَهُ

❁❁ حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات یاد ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر کلی کی تھی اس ڈول میں سے پانی لے کر جو ہمارے گھر میں لٹکا ہوا تھا۔ حضرت محمود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نظر کمزور ہوگئی ہے' جب بارشیں زیادہ ہو جائیں' تو نشیبی علاقے میں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے' جو میرے اور میرے محلے کی مسجد کے درمیان رکاوٹ بن جاتا ہے' تو آپ اگر میرے گھر میں کسی جگہ نماز ادا کرلیں' تو میں اس جگہ کو جائے نماز بنالوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے ان دونوں نے اندر آنے کی اجازت طلب کی میں نے ان دونوں کی خدمت میں اجازت پیش کی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما نہیں ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے یہ دریافت کیا: تم کہاں یہ پسند کرتے ہو کہ میں تمہارے گھر میں اس جگہ نماز ادا کروں؟ میں نے گھر کے ایک گوشے کی طرف اشارہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک صف بنالی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات ادا کی پھر ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خزیرہ کھانے کے لیے روک لیا جو ہم نے آپ کے لیے تیار کیا تھا۔

---

4534– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عمرو بن عثمان: هو ابن سعيد بن كثير الحمصي، وهو صدوق روى له أصحاب السنن غير الترمذي . وأخرجه مسلم 33 265 في المساجد: باب الرخصة في التخلّف عن الجماعة بعذر، عن إسحاق بن إبراهيم، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . ولتمام تخريجه انظر 223 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ مَعُونَةُ رَعِيَّتِهِ فِي أَسْبَابِهِمْ بِنَفْسِهِ، وَإِنْ كَانَ مِنَ الْقَوْمِ مَنْ يَكْفِيهِ ذٰلِكَ

## اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رعایا کے کام بذاتِ خود سرانجام دے' اگرچہ لوگوں میں ایسے افراد موجود ہوں جو اس کام میں کفایت کر سکتے ہوں

**4535** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُولُ:

(متنِ حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ، وَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ، وَهُوَ يَقُولُ:

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ... وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا ... وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

إِنَّ الْأُلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ... وَإِنْ أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا

يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ احزاب کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہمراہ مٹی منتقل کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیٹ کی سفیدی کو مٹی نے ڈھانپ لیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

''اے اللہ! اگر تیری ذات نہ ہوتی' تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ دیتے ہم نماز نہ پڑھتے تو ہم پر سکینت نازل کر اور جب ہمارا دشمن سے سامنا ہو' تو ہمیں ثابت قدم رکھنا بے شک ان لوگوں نے ہم پر حملہ کیا ہے وہ لوگ اگر آزمائش کا ارادہ کریں گے تو ہم اسے تسلیم نہیں کریں گے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

---

4535- اسناده صحيح على شرطهما . أبو إسحاق: هو السَّبيعي عمرو بن عبد الله، وأبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي .وأخرجه الدارمي 2/221، والبخاري 2836 في الجهاد: باب حفر الخندق . والبيهقي 7/43 من طريق أبي الوليد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 712، وأحمد 4/285، والبخاري 2837 في الجهاد، و 4104 في المغازي: باب غزوة الخندق وهي الأحزاب، و7236 في التمني: باب قول الرجل: لولا الله ما اهتدينا، ومسلم 1803 في الجهاد: باب غزوة الأحزاب وهي الخندق، والنسائي في السير كما في "التحفة" 2/54، وأبو يعلى 1716، والبغوي 3792 من طرق عن شعبة، بِهِ .وأخرجه البخاري 3034 في الجهاد: باب الرجز في الحرب، و 4106 في المغازي: باب غزوة الخندق، و 6620 في القدر: باب (وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ . . .)، والبيهقي 7/43 من طرق عن أبي إسحاق، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ أَنْ يُغْضِيَ عَنْ هَفَوَاتِ ذَوِي الْهَيْئَاتِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ صاحب حیثیت لوگوں کی کوتاہیوں سے درگزر کرے

**4536** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ:

(متن حدیث): أَصَبْتُ شَارِفًا فِي مَغْنَمِ بَدْرٍ، وَأَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِفًا، فَأَنَخْتُهُمَا عَلَى بَابِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أُرِيدُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَيْهِمَا إِذْخِرًا أَبِيعُهُ أَسْتَعِينُ بِهِ عَلَى وَلِيمَةِ فَاطِمَةَ، وَمَعِي رَجُلٌ مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ، وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِي الْبَيْتِ، وَمَعَهُ قَيْنَةٌ تُغَنِّيهِ، فَقَالَتْ:

أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ

فَثَارَ إِلَيْهِمَا بِالسَّيْفِ، فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، - فَقُلْتُ: السَّنَامُ، فَقَالَ: ذَهَبَ بِهِ كُلِّهِ -، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَى مَنْظَرٍ أَفْظَعَنِي، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَخَرَجَ وَمَعَهُ زَيْدٌ، فَمَشَيْتُ مَعَهُ حَتَّى قَامَ عَلَى رَأْسِهِ، أَوْ قَالَ: عَلَى رَأْسِ حَمْزَةَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ، وَقَالَ: أَلَسْتُمْ عَبِيدَ آبَائِي؟، قَالَ: فَرَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَهْقِرُ

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوۂ بدر کے مالِ غنیمت میں مجھے ایک اونٹنی ملی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک اور اونٹنی بھی عطا کردی میں نے ان دونوں اونٹنیوں کو ایک انصاری کے دروازے کے پاس باندھ دیا میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں ان دونوں اونٹنیوں پر اذخر (نامی گھاس) لادکر لاؤں گا پھر اسے فروخت کروں گا اور اس کے ذریعے فاطمہ کے ساتھ شادی کے ولیمے کی تیاری کروں گا میرے ساتھ بنوقینقاع کا ایک آدمی بھی تھا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اس گھر میں موجود تھے وہاں ایک کنیز گانا گارہی تھی وہ یہ گارہی تھی۔

''اے حمزہ! عمدہ قسم کی اونٹنیوں (پر حملہ کردو)''

---

4536- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي فمن رجال البخاري .وأخرجه أحمد 1/142، والبخاري 2375 في الشرب والمساقات: باب بيع الحطب والكلأ، ومسلم 1979 1 في الأشربة: تحريم الخمر . . .، من طريق عن ابن جريج، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه البخاري 2089 في البيوع: باب ما قيل في الصوّاغ، و 3091 في فرض الخمس: باب فرض الخمس، و 4003 في المغازي: باب رقم 12، و5793 في اللباس: باب الأردية، ومسلم 1979 2، وأبو داؤد 2986 في الخراج والإمارة: باب في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى، والبيهقي 6/153 و 341-342 من طريق يونس، عن الزهري، به وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے تلوار کے ذریعے ان دونوں پر حملہ کر کے ان کی کوہانیں کاٹ دیں ان کے پہلو چھیل دیئے اور ان کے کلیجے نکال لیے (راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: کوہان کا کیا بنا تو انہوں نے جواب دیا: وہ تو ساری ختم کر دی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ سب دیکھا تو مجھے بڑا دکھ ہوا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی تھے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت زید رضی اللہ عنہ بھی تھے میں بھی ان کے ساتھ چلتا ہوا آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے سرہانے کھڑے ہوئے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے سر اٹھایا اور بولے: کیا تم سب لوگ میرے باپ دادا کے غلام نہیں ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم الٹے پاؤں واپس تشریف لے گئے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَرْكُ عُقُوبَةِ مَنْ اَسَاءَ اَدَبَهُ عَلَيْهِ مِنْ رَعِيَّتِهِ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اس کی رعایا میں جو شخص اس کی بے ادبی کرے وہ اسے سزا نہ دے

**4537** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانَ بْنِ اَبِیْ سِنَانَ الدُّؤَلِيِّ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ: غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةً قِبَلَ نَجْدٍ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ يَوْمًا فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ يَسْتَظِلُّوْنَ فِي الشَّجَرِ، وَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَعَلَّقَ سَيْفَهُ بِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ: اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ، وَهُوَ فِيْ يَدِهِ، فَقَالَ لِيْ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟، فَقُلْتُ لَهُ: اللّٰهُ، قَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ؟، قُلْتُ: اللّٰهُ، فَشَامَ السَّيْفَ، وَجَلَسَ فَهُوَ هٰذَا جَالِسٌ، ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ

---

4537– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري 2913 في الجهاد: باب تفرق الناس عن الإمام عند القائلة والاستظلال بالشجر، ومسلم 4/1786 13 في الفضائل: باب توكله على الله تعالى وعصمة الله تعالى له من الناس، والنسائي في السير كما في "التحفة" 2/188 من طريق إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/311، والبخاري 2910 في الجهاد: باب من علّق سيفه بالشجر في السفر عند القائلة، و2913، ومسلم 4/14، والنسائي في السير، والبيهقي في "السنن" 6/319، وفي "الدلائل" 3/373 من طريق شعيب بن أبي حمزة، والبخاري 4135 في المغازي: باب غزوة ذات الرّقاع، من طرق محمد بن أبي عتيق، كلاهما عن الزهري، بِهِ .وفي حديث شعيب: عن الزهري، عن أبي سنان بن أبي سنان وأبي سلمة بن عبد الرحمن .وأخرجه البخاري 4139 في المغازي: باب غزوة بني المصطلق . .، ومسلم 4/13، والبيهقي في "الدلائل" 3/374 من طريق معمر، عن الزهري، عن أبي سلمة، عن جابر .وأخرجه أحمد 3/364، ومسلم 843 و4/14، والبيهقي في "الدلائل" 3/375 من طريق يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة، عن جابر .وانظر 2882 و2883 و2884 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نجد کی سمت ایک غزوے میں شرکت کی ایک دن انہیں دوپہر کے آرام کا وقت ایک ایسی وادی میں آیا جہاں درخت بہت زیادہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کیا لوگ مختلف درختوں کے سائے حاصل کرنے کے لیے اِدھر اُدھر پھیل گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایک درخت کے نیچے آرام فرما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تلوار اس درخت کے ساتھ لٹکا دی (بعد میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس موجود شخص کے بارے میں بتایا کہ اس شخص نے مجھ پر تلوار سونت لی تھی میں اس وقت سویا ہوا تھا میں بیدار ہوا تو تلوار اس کے ہاتھ میں تھی اس نے مجھ سے دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے اسے جواب دیا: اللہ تعالیٰ۔ اس نے پھر دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ تو اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی اور یہ بیٹھ گیا اب یہ بیٹھا ہوا ہے (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی سزا نہیں دی۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ لُزُوْمَ الْمُدَارَاةِ مَعَ رَعِيَّتِهِ، وَإِنْ عَلِمَ مِنْ بَعْضِهِمْ ضِدَّ مَا يُوْجِبُ الْحَقُّ مِنْ ذٰلِكَ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا کا خاص خیال رکھے

اگر چہ رعایا کے بعض افراد کی طرف سے اسے اس بات کا علم ہو کہ وہ ایسی حیثیت کے مالک نہیں ہے وہ اس مدارات کا حقدار ہو

**4538** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُوْلُ:

---

4538- إسناده صحيح على شرط البخاري، على بن المديني من رجاله، ومن فوقه على شرطهما. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد 6/38، والحميدي 249، والبخاري 6054 في الأدب: باب ما يجوز من اغتياب أهل الفساد والرِّيب، و 6131 باب المداراة مع الناس، ومسلم 2591 73 في البر والصلة: باب مداراة من يُتقى فحشه، وأبو داوُد 4791 في الأدب: باب في حسن العشرة، والترمذي 1996 في البر والصلة: باب ما جاء في المداراة، والبيهقي 10/245، والخطيب البغدادي في الأسماء المبهمة ص372، وفي "الكفاية" ص38-39، والبغوي 3563 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 6032 في الأدب: باب لم يكن النبي صلى الله عليه وسلم فاحشاً ولا متفاحشاً، من طريق روح بن القاسم، عن محمد بن المنكدر، به. وأخرجه عبد الرزاق 20144، ومن طريقه أخرجه مسلم 2591، والخطيب في "المبهمات" ص373 عن معمر، عن ابن المنكدر، به. زاد الخطيب قال معمر: بلغني أن الرجل كان عيينة بن حصن. وأخرجه مختصرا القضاعي في "مسند الشهاب" 1123 من طريق عبد الرحمٰن بن دينار، عن عروة، به دون ذكر للقصة. وأخرجه بنحوه مطولاً أحمد 6/158-159، والبخاري في "الأدب المفرد" 338، والقضاعي 1124 من طريق فليح بن سليمان، عن عبد الله بن عبد الرحمٰن بن معمر، عن أبي يونس مولى عائشة، عن عائشة. وأخرجه أبو داوُد 4792 من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن عائشة. لكن قال في آخره: "يا عائشة: إن الله لا يحب الفحش والمتفحش". وأخرجه الخطيب في "المبهمات" ص373 من طريق أبي عامر الخزاز، عن أبي يزيد المدني، عن عائشة قالت: جاء مخرمة بن نوفل . . . فذكره. وأخبره مالك في "الموطأ" 2/903-904.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):اِسْتَاْذَنَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: ائْذَنِیْ لَهُ، فَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ اَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيْرَةِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ اَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ، فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ: اَیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلْتَ لَهُ الَّذِیْ قُلْتَ، فَلَمَّا دَخَلَ اَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ، قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَیْ عَائِشَةُ، اِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ، اَوْ وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهٖ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اندر آنے کی اجازت دے دو یہ اپنے خاندان کا بہت برا شخص ہے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) جب وہ شخص اندر آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ نرمی کے ساتھ بات چیت کی جب وہ چلا گیا تو میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اس کے بارے میں پہلے' تو یہ بات ارشاد فرمائی تھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ نرمی کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قدر و منزلت کے اعتبار سے لوگوں میں سب سے برا شخص وہ ہوگا' جسے لوگ اس کے شر سے بچنے کے لیے (اس کے حال پر) چھوڑ دیں (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ لَا يَتَكَبَّرَ عَلٰی رَعِيَّتِهٖ بِتَرْكِ اِجَابَةِ دَعْوَتِهِمْ، وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الدَّاعِیْ لَهُ شَرِيْفًا

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا میں سے کسی کی دعوت قبول نہ کر' رعایا کے سامنے بڑائی کا اظہار نہ کرے' اگرچہ اسے دعوت دینے والا شخص بڑے خاندان کا نہ ہو

**4539** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):اِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهٗ، قَالَ اَنَسٌ: فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَّبَ اِلَيْهِ خُبْزًا مِنْ شَعِيْرٍ، وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ، وَقَدِيْدٌ، قَالَ اَنَسٌ: فَرَاَيْتُ

4539- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 1/546-547 في النكاح: باب ما جاء في الوليمة . ومن طريق مالك أخرجه الدارمي 2/101، والبخاري 2092 في البيوع: باب الخياط، و 5379 في الأطعمة: باب من تتبع حوالي القصعة مع صاحبه إذا لم يعرف منه كراهية، و5436 باب المرق، و 5437 باب القديد، و 5439 باب من ناول أو قدم إلى صاحبه على المائدة شيئاً، ومسلم 2041 145 في الأشربة: باب جواز أكل المرق واستحباب أكل اليقطين . . .، وأبو داوٗد 3782 في الأطعمة: باب في أكل الدباء، والترمذي 1850 في الأطعمة: باب ما جاء في أكل الدباء، وفي "الشمائل" 163، والبيهقي 7/273-274 . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض . وأخرجه بنحوه البخاري 5420 في الأطعمة: باب الثريد، و 5433 باب الدباء، و 5435 باب من أضاف رجلاً إلى طعام وأقبل هو على عمله، ومسلم 2041 145، والترمذي في "الشمائل" 334، والنسائي في الوليمة كما في "التحفة" 1/159 من طرق عن أنس . وسيرد عند المؤلف برقم 5269 من طريق قتادة عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّبِعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيِ الْقَصْعَةِ، قَالَ: فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک درزی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھانا تیار کیا تھا حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ''جو'' کی بنی ہوئی روٹی اور شوربا پیش کیا جس میں کدو تھا اور گوشت تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیالے میں کدو تلاش کر رہے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس دن کے بعد میں ہمیشہ کدو کو پسند کرتا ہوں۔

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ تَخْوِيفَ رَعِيَّتِهِ بِمَا لَيْسَ فِيْ خَلْدِهِ اِمْضَاؤُهُ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اپنی رعایا کو اس چیز سے ڈراتا رہے' جس کا جاری رہنا اس کے حق میں بہتر نہ ہو

**4540** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ فِيْ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، فَسَاَلَهُ اَصْحَابُهُ اَنْ يُوقِدُوْا نَارًا، فَمَنَعَهُمْ، فَكَلَّمُوْا اَبَا بَكْرٍ، فَكَلَّمَهُ فِيْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَا يُوقِدُ اَحَدٌ مِّنْهُمْ نَارًا اِلَّا قَذَفْتُهُ فِيْهَا، قَالَ: فَلَقُوْا الْعَدُوَّ فَهَزَمُوهُمْ، فَاَرَادُوْا اَنْ يَتَّبِعُوهُمْ، فَمَنَعَهُمْ، فَلَمَّا انْصَرَفَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ ذَكَرُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَشَكَوْهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ آذَنَ لَهُمْ اَنْ يُوقِدُوْا نَارًا فَيَرَى عَدُوُّهُمْ قِلَّتَهُمْ، وَكَرِهْتُ اَنْ يَتَّبِعُوهُمْ فَيَكُوْنُ لَهُمْ مَدَدٌ فَيَعْطِفُوا عَلَيْهِمْ، فَحَمِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهُ، فَقَالَ:

---

4540– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحسن بن حماد الحضرمي وهو ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي . يحيى بن سعيد: هو ابن أبان بن سعيد بن العاص الأموي .وأخرجه الترمذي 3886 في المناقب: باب فضل عائشة رضي اللّٰه عنها، عن إبراهيم بن سعيد الجوهري، عن يحيى بن سعيد الأموي، بهذا الإسناد مختصراً . وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث إسماعيل، عن قيس . وأخرجه مختصراً أيضاً أحمد في "فضائل الصحابة" 1637، والنائب في "فضائل الصحابة" 5، والحاكم 4/12 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به .وأخرجه كذلك أحمد في "المسند" 4/203، والبخاري 3662 في فضائل الصحابة باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لو كنت متخذاً خليلاً"، و4358 في المغازي: باب غزوة ذات السلاسل وهي غزوة لخم وجُذام، ومسلم 2384 في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، والترمذي 3885، والبيهقي 10/233، والبغوي 3869 من طريق خالد الحذّاء، عن أبي عثمان النهدي، عن عمرو بن العاص، مختصراً، وزاد في آخره قلت: ثم مَن؟ قال: "ثم عمر بن الخطاب"، فعدّ رجالاً .وأخرجه الحاكم 4/12 بنحوه من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، عن مغيرة، عن الشعبي، عن عمرو بن العاص .وسيأتي عند المؤلف برقم 6959 من طريق عبد اللّٰه بن شقيق عن عمرو بن العاص، و7062 من طريق علي بن مسهر، عن إسماعيل بن أبي خالد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيْكَ؟ قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: لَاُحِبَّ مَنْ تُحِبُّ، قَالَ: عَائِشَةُ، قَالَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ*

❀❀ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جنگ ذات سلاسل میں بھیجا ان کے ساتھیوں نے ان سے درخواست کی کہ وہ آگ جلالیں تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے انہیں ایسا کرنے سے منع کر دیا لوگوں نے اس بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بات کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں حضرت عمرو رضی اللہ عنہ سے بات کی تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو بھی شخص آگ جلائے گا میں اسے اس آگ میں ڈال دوں گا۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب ان لوگوں کا دشمن سے سامنا ہوا تو انہوں نے دشمن کو شکست دے دی (دشمن بھاگ کھڑا ہوا) ان لوگوں نے ان کے پیچھے جانے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے انہیں روک لیا جب یہ لشکر واپس آیا تو لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا اور حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کی شکایت لگائی تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اس لیے انہیں آگ جلانے کی اجازت نہیں دی کیونکہ دشمن کو ان کی تعداد کی کمی کا اندازہ ہو جاتا تھا اور میں نے اس لیے انہیں دشمن کے پیچھے نہیں جانے دیا کہ اگر دشمن کو کہیں سے مدد حاصل ہوگئی تو وہ ان پر غالب آجائے گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے فیصلے کی تعریف کی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم یہ کیوں پوچھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: اس لیے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس سے محبت کرتے ہیں میں بھی اس سے محبت رکھوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ۔ انہوں نے دریافت کیا: مردوں میں کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّعَلِّمَ الْوَفْدَ اِذَا وَفَدَ عَلَيْهِ شُعَبَ الْاِسْلَامِ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب کوئی وفد اس کے پاس آئے تو وہ انہیں اسلام کے مختلف شعبوں کی تعلیم دے

**4541** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا غَيْرُ وَاحِدٍ مِمَّنْ لَقِيَ الْوَفْدَ، وَذَكَرَ اَبَا نَضْرَةَ اَنَّهُ حَدَّثَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

4541- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن المقدام العجلي وهو ثقة من رجال البخاري . سعيد: هو ابن أبي عروبة، وخالد بن الحارث ممن سمع منه قبل اختلاطه .وأخرجه الخطيب في "الأسماء المبهمة" ص442-443 من طريق الحسين بن يحيى بن عياش القطان، عن أحمد بن القطان، عن أحمد بن المقدام العجلي، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 18 26 في الإيمان: باب الأمر بالإيمان بالله تعالى ورسوله صلى الله عليه وسلم وشرائع الدين . . .، من طريق إسماعيل ابن عليّة، و 27 من طريق ابن أبي عدي، وابن منده في "الإيمان" 155 من طريق عبد الوهاب بن عطاء، ثلاثتهم عن سعيد بن أبي عروبة، بِهِ .وأخرجه مختصراً مسلم أيضاً 18 28 من طريق عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِيْ قَزْعة، عن أبي نضرة، بِهِ . وقد تقدم تخريجه من حديث ابن عباس وأبي هريرة برقم 157 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): أَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ، لَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا حَيٌّ مِنْ رَبِيعَةَ، وَبَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، وَإِنَّا لَا نَقْدِرُ عَلَيْكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ نَدْعُو لَهُ مَنْ وَرَائَنَا مِنْ قَوْمِنَا، وَنَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ إِذَا نَحْنُ أَخَذْنَا بِهِ أَوْ عَمِلْنَا، فَقَالَ: آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: أَنْ تَعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، وَتَصُومُوا رَمَضَانَ، وَتُعْطُوا الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَالنَّقِيرِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَا عِلْمُكَ بِالنَّقِيرِ؟، قَالَ: الْجِذْعُ تَنْقُرُونَهُ وَتُلْقُونَ فِيهِ مِنَ الْقُطَيْعَاءِ، أَوِ التَّمْرِ، ثُمَّ تَصُبُّونَ عَلَيْهِ الْمَاءَ كَيْ يَغْلِيَ، فَإِذَا سَكَنَ شَرِبْتُمُوهُ، فَعَسَى أَحَدُكُمْ أَنْ يَضْرِبَ ابْنَ عَمِّهِ بِالسَّيْفِ، قَالَ: وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ بِهِ ضَرْبَةٌ كَذَلِكَ، قَالَ: كُنْتُ أُخَبِّأُهَا حَيَاءً مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: فَفِيمَ تَأْمُرُنَا أَنْ نَشْرَبَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قَالَ: اشْرَبُوا فِي أَسْقِيَةِ الْأَدَمِ الَّتِي تُلَاثُ عَلَى أَفْوَاهِهَا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرْضُنَا كَثِيرُ الْجِرْذَانِ لَا يَبْقَى بِهَا أَسْقِيَةُ الْأَدَمِ، قَالَ: وَإِنْ أَكَلَهَا الْجِرْذَانُ، مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: إِنَّ فِيكَ لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللَّهُ: الْحِلْمُ، وَالْأَنَاةُ

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عبدالقیس قبیلے کا وفد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ربیعہ قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں ہمارے اور آپ کے درمیان مضر قبیلے کے کفار رہتے ہیں اس لیے ہم صرف حرمت والے مہینے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوسکتے ہیں آپ ہمیں ایسی چیز کا حکم دیجئے جس کی ہم اپنے پیچھے موجود اپنی قوم کے افراد کو تعلیم دیں اور اس وقت جب ہم اس کو اختیار کریں اور اس پر عمل کریں۔ اس کے ذریعے جنت میں داخل ہو جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور چار چیزوں سے منع کرتا ہوں (میں تمہیں یہ حکم دیتا ہوں) تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ' نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو اور مالِ غنیمت میں سے خمس ادا کرو اور میں چار چیزوں سے تمہیں منع کرتا ہوں دباء' حنتم' مزفت' نقیر۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نقیر کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجور کے تنے کو سوراخ کر کے اس میں تم لوگ چھوہارے یا کھجور ڈال دیتے ہو پھر تم اس پر پانی انڈیل دیتے ہو تا کہ اس میں جوش آ جائے پھر جب وہ پرسکون ہو جائے' تو تم اسے پی لیتے ہو' تو ہوسکتا ہے (اسے پینے کے بعد نشے کی حالت میں) کوئی شخص اپنے چچازاد کو اپنی تلوار کے ذریعے قتل کر دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حاضرین میں سے ایک شخص نے ایسا کیا ہوا تھا وہ صاحب کہتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیا کرتے ہوئے اس بات کو چھپایا ہوا تھا۔

لوگوں نے عرض کی: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا حکم دیتے ہیں اللہ کے نبی ہم کیا پئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ چمڑے سے بنے ہوئے مشکیزے میں پانی پیو جس کے منہ کو بند کیا گیا ہو۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہماری سرزمین پر چوہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بہت زیادہ ہیں وہ چمڑے کی کسی چیز کو باقی نہیں رہنے دیتے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر چہ اسے چوہے نے کاٹ لیا ہو یہ بات آپ ﷺ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے عبدالقیس قبیلے کے سردار سے فرمایا: تمہارے اندر دو خصوصیات ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے بردباری اور مروت۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَعْلِيمُ رَعِيَّتِهِ دِينَهُمْ بِالْأَفْعَالِ إِذَا جَهِلُوا

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ افعال کے ذریعے اپنی رعایا کو ان کے دین کے بارے میں تعلیم دے جب کہ وہ (رعایا) اس سے ناواقف ہو

**4542** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْتَقَ سِتَّةَ أَعْبُدٍ عِنْدَ مَوْتِهِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، قَالَ: فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيدًا، قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِهِمْ فَجَزَّأَهُمْ، ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ، وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے مرنے کے قریب چھ غلام آزاد کر دیئے اس شخص کے پاس ان غلاموں کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ کو ملی تو نبی اکرم ﷺ نے اس بارے میں شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے انہیں بلایا ان کے حصے کیے پھر ان کے درمیان قرعہ اندازی کی اور دو کو آزاد قرار دیا اور چار کو غلام رہنے دیا۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِذَا عَزَمَ عَلَى إِمْضَاءِ أَمْرٍ مِّنَ الْأُمُورِ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ مَنْ يَّثِقُ بِهِ مِنْ رَعِيَّتِهِ بِضِدِّهِ أَنْ يَّتْرُكَ مَا عَزَمَ عَلَيْهِ مِنْ إِمْضَاءِ ذٰلِكَ الْأَمْرِ

4542- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو المهلب من رجاله، وباقي السند على شرطهما ۔ أبو قِلابة: هو عبد الله بن زيد بن عمرو الجرمي، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني .وأخرجه مسلم 1668 57 في الأيمان: باب من أعتق شركاً له في عبد، والترمذي 1364 في الأحكام: باب ما جاء فيمن يعتق مماليكه عند موته وليس له مال غيرهم، والنسائي في العتق كما في "التحفة" 8/201، والبيهقي 10/285 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد 3958 في العتق: باب من أعتق عبيداً له لم يبلغهم الثلث، عن سليمان بن حرب، عن حماد بن زيد، بِه .وأخرجه أحمد 4/426، ومسلم 1668 56 و57، والبيهقي 10/285 من طريقين عن أيوب، بِه .وأخرجه أبو داوُد 3959، والنسائي في العتق 8/201، وابن ماجة 2345 في الأحكام: باب القضاء بالقرعة، من طرق عن خالد الحذاء، عن أبي قلابة، بِه . وانظر 4320 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب وہ کسی چیز کو باقی رکھنا چاہتا ہو

اوراس کی رعایا میں سے کوئی قابل اعتماد شخص اسے یہ مشورہ دے کہ وہ اس کے برعکس کرے (تو امام کے لیے مستحب یہ ہے: اس نے جس کام کو باقی رکھنے کا ارادہ کیا تھا اسے ترک کردے)

**4543** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ الْحَنَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كُنَّا قُعُوْدًا حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَنَا اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا فِيْ نَفَرٍ، فَقَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ ظَهْرَيْنَا، فَاَبْطَاَ عَلَيْنَا، وَخَشِيْنَا اَنْ يُقْتَطَعَ دُوْنَنَا، وَفَزِعْنَا، فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَزِعَ، فَخَرَجْتُ اَتْبَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتَيْتُ حَائِطًا لِلْاَنْصَارِ لِبَنِي النَّجَّارِ، فَدُرْتُ لَهُ هَلْ اَجِدُ لَهُ بَابًا، فَاِذَا رَبِيْعٌ يَدْخُلُ فِيْ جَوْفِ الْحَائِطِ مِنْ خَارِجِهِ، وَالرَّبِيْعُ: الْجَدْوَلُ، فَاحْتَفَزْتُ، فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَبُوْ هُرَيْرَةَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟، قُلْتُ: قُمْتَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا، فَاَبْطَاْتَ عَلَيْنَا، فَخَشِيْنَا اَنْ تُقْتَطَعَ دُوْنَنَا وَفَزِعْنَا، وَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَزِعَ، فَاَتَيْتُ هٰذَا الْحَائِطَ، فَاحْتَفَزْتُ كَمَا يَحْتَفِزُ الثَّعْلَبُ، وَهٰؤُلَاءِ النَّاسُ وَرَائِيْ، فَقَالَ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ وَاَعْطَانِيْ نَعْلَيْهِ، وَقَالَ: اذْهَبْ بِنَعْلَيَّ هَاتَيْنِ فَمَنْ لَقِيْتَ مِنْ وَرَاءِ هٰذَا الْحَائِطِ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ فَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ لَقِيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَاتَانِ النَّعْلَانِ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ؟ قُلْتُ: هَاتَانِ نَعْلَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَنِيْ بِهِمَا فَمَنْ لَقِيْتُ مِنْ وَرَاءِ هٰذَا الْحَائِطِ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ بَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، قَالَ: فَضَرَبَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِيَدِهِ بَيْنَ ثَدْيَيَّ خَرَرْتُ لِاسْتِيْ، فَقَالَ: ارْجِعْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، فَرَجَعْتُ اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَجْهَشْتُ بِالْبُكَاءِ، وَاَدْرَكَنِيْ عُمَرُ عَلٰى اَثَرِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: مَا لَكَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ؟، قُلْتُ: لَقِيْتُ عُمَرَ، فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ بَعَثْتَنِيْ بِهِ، فَضَرَبَنِيْ بَيْنَ ثَدْيَيَّ ضَرْبَةً خَرَرْتُ لِاسْتِيْ، فَقَالَ: ارْجِعْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُمَرُ، مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ؟، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ، بَعَثْتَ اَبَا هُرَيْرَةَ بِنَعْلَيْكَ: مَنْ لَقِيَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ يُبَشِّرُهُ بِالْجَنَّةِ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ، فَاِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يَتَّكِلَ النَّاسُ عَلَيْهَا فَخَلِّهِمْ يَعْمَلُوْنَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَخَلِّهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بیٹھے ہوئے تھے ہمارے ساتھ حضرت

4543- إسناده حسن على شرط مسلم، عكرمة بن عمار لا يرقى حديثه إلى الصحة . أبو . . . . كثير: هو السحيمي، قيل: هو يزيد بن عبد الرحمٰن، وقيل: يزيد بن عبد الله بن أذينة أو ابن غُفيلة . وأخرجه مسلم 31 في الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعاً، عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه بنحوه ابن مندة في "الإيمان" 88 من طريق النضر بن محمد، عن عكرمة بن عمار، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے ہم چھ افراد تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے اٹھ کر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آنے میں تاخیر ہوگئی تو ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو روک نہ دیا گیا ہو (یعنی کوئی نقصان نہ پہنچایا گیا ہو) ہم گھبرا گئے سب سے پہلے میں گھبرا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے گیا' یہاں تک کہ میں بنونجار سے تعلق رکھنے والے ایک انصاری کے باغ کے پاس آیا میں نے اس کے اردگرد چکر لگایا کہ کیا مجھے اس کے اندر جانے کا دروازہ ملتا ہے' تو وہاں ایک درخت کی شاخ باغ کی دیوار میں سے اندر جا رہی تھی۔

(راوی کہتے ہیں:) ربعی جدول کو کہتے ہیں۔

میں نے اسے ہٹایا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم ابوہریرہ ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے اٹھ کر تشریف لے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کافی دیر تک ہمارے پاس تشریف نہیں لائے' تو ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو راستے میں روک نہ لیا گیا ہو' تو ہم گھبرا گئے سب سے پہلے میں گھبرا کر اٹھا اور اس باغ میں آ گیا میں اس میں یوں داخل ہوا ہوں جس طرح لومڑی داخل ہوتی ہے لوگ میرے پیچھے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ! آپ نے اپنے نعلین مجھے عطا کیے اور آپ نے فرمایا: میرے یہ نعلین لے کر جاؤ اور اس سے باغ سے باہر تمہیں جو بھی ایسا شخص ملتا ہے' جو دل کے یقین کے ساتھ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اسے جنت کی خوشخبری دے دو۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) سب سے پہلے میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی انہوں نے دریافت کیا: اے ابوہریرہ! یہ نعلین کس کے ہیں؟ میں نے جواب دیا: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ نشانی کے طور پر مجھے دیئے ہیں) اور مجھے ان کے ہمراہ بھیجا ہے' اس باغ کے باہر مجھے جو بھی ایسا شخص ملتا ہے' جو یقین قلب کے ساتھ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو میں اسے جنت کی خوشخبری دے دوں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر مارا تو میں الٹا ہو کر پیچھے گر گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! واپس جاؤ۔ میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا؟ میں نے عرض کی: اور میں رو رہا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی میرے پاس آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ابوہریرہ کیا ہوا میری ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے انہیں اس پیغام کے بارے میں بتایا جس کے ہمراہ آپ نے مجھے بھیجا تھا تو انہوں نے میرے سینے پر ہاتھ مارا کہ میں الٹا ہو کر گر گیا انہوں نے کہا: تم واپس جاؤ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! تم نے ایسا کیوں کیا؟ انہوں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوہریرہ کو اپنے نعلین شریفین کے ہمراہ یہ پیغام دے کر بھیجا تھا کہ ان کی ملاقات جس بھی ایسے شخص سے ہو' جو یقین قلب کے ساتھ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے یہ اسے جنت کی بشارت دیدے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ ایسا نہ کیجئے' کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے' اس صورت میں لوگ اسی پر تکیہ کر لیں گے آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں عمل کرنے دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم انہیں کرنے دو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ أَنْ يَّشْتَغِلَ بِحَوَائِجِ بَعْضِ رَعِيَّتِهِ، وَإِنْ أَدَّاهُ ذٰلِكَ إِلٰى تَأْخِيرِ الصَّلَاةِ عَنْ أَوَّلِ وَقْتِهَا

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا کی ضروریات پوری کرنے میں مشغول رہے اگرچہ اس کے نتیجے میں نماز اپنے ابتدائی وقت سے موخر ہو جائے

**4544** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أُقِيمَتْ صَلَاةُ الْعِشَاءِ، فَقَامَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ لِي إِلَيْكَ حَاجَةً، فَقَامَ بِنَاحِيَةٍ حَتّٰى نَعَسَ الْقَوْمُ - أَوْ بَعْضُ الْقَوْمِ -، ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى، فَصَلُّوا، وَلَمْ يَذْكُرْ أَنَّهُمْ تَوَضَّؤُوا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) عشاء کی نماز قائم ہوگئی ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کھڑا ہوا اس نے عرض کی: مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک کام ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مسجد کے) ایک گوشے میں (اس شخص کے ہمراہ) کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ لوگ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کچھ لوگ اونگھنے لگے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی لوگوں نے بھی نماز ادا کی۔

راوی نے یہ بات ذکر نہیں کی کہ ان لوگوں نے ازسرنو وضو کیا تھا (یا وضو نہیں کیا تھا)۔

---

4544– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أبو يعلى 3310 عن هُدبة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/160 و268، ومسلم 376 126 في الحيض: باب الدليل على أن نوم الجالس لا ينقض الوضوء، وأبو داوُد 201 في الطهارة: باب الوضوء من النوم، وأبو يعلى 3306 و3309، والبيهقي 1/120 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ . ولتمام تخريجه انظر 2033 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ بَيْعَةِ الْاَئِمَّةِ وَمَا يُسْتَحَبُّ لَهُمْ

# ائمہ کی بیعت کرنا اوران کے لیے کیا چیزیں مستحب ہیں

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَخْذُ الْبَيْعَةِ مِنَ النَّاسِ عَلٰى شَرَائِطَ مَعْلُومَةٍ

## اس بات کا تذکرہ‘ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے‘ متعین شرائط پرلوگوں سے بیعت لے

**4545** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

✿✿ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر نماز قائم کرنے‘ زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے کی بیعت کی تھی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فِي الْبَيْعَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا كَانَ ذٰلِكَ مَعَ الْاِقْرَارِ بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ‘ وہ بیعت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس میں ہر مسلمان کے ساتھ

4545– إسناده صحيح على شرطهما . قيس: هو ابن أبي حازم البجلي الأحمسي، ويحيى بن سعيد: هو القطان .وأخرجه أحمد 4/365، والبخاري 57 في الإيمان: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "الدين النصيحة . . . "، و524 في مواقيت الصلاة: باب البيعة على إقام الصلاة، و 2715 في الشروط: باب ما يجوز من الشروط في الإسلام . . .، والترمذي 1925 في البر والصلة: باب ما جاء في النصيحة، والطبراني 2246 من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/361، والحميدي 795، والبخاري 1401 في الزكاة: باب البيعة على إيتاء الزكاة، و 2157 في البيوع: باب ما يبيع حاضر لباد بغير أجر؟ وهل يعينه أو ينصحه؟ ومسلم 56 97 في الإيمان: باب بيان أن . الدين النصيحة، والطبراني 2244 و2245 و2247 و2248 و2249 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بِهِ .وأخرجه بنحوه أحمد 4/357 و358 و360 و363 و364 و365 و366، والبخاري 58 و2714 و7204، ومسلم 56 98 و99، والنسائي 7/140، والطبراني 2303 و2317 و2342 و2351 و2354 و2356، والبيهقي 8/145–146 من طرق عن جرير، به–وبعضهم يزيد فيه على بعض . وانظر ما بعده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خیر خواہی (کی بیعت لی جائے) اور اس کے ہمراہ اطاعت و فرمانبرداری کا اقرار بھی کرنا ہوگا

**4546** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، فَكَانَ اِذَا اشْتَرَى شَيْئًا اَوْ بَاعَهُ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهِ: اعْلَمْ اَنَّ مَا اَخَذْنَا مِنْكَ اَحَبُّ اِلَيْنَا مِمَّا اَعْطَيْنَاكَهُ فَاخْتَرْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت و فرمانبرداری کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی رکھنے کی بیعت کی تھی۔

(راوی کہتے ہیں) ان کا (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یا شاید حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا) یہ معمول تھا کہ جب وہ کوئی چیز خریدتے تھے یا کوئی چیز فروخت کرتے تھے تو دوسرے فریق یہ کہتے تھے: یہ بات جان لو کہ ہم نے جو چیز تم سے حاصل کی ہے وہ ہمارے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے جو ہم نے تمہیں دی ہے تو اب تمہیں اختیار ہے (یعنی تم سودا مکمل کرلو)

## ذِكْرُ وَصْفِ السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ اللَّذَيْنِ يُبَايِعُ الْإِمَامُ رَعِيَّتَهُ عَلَيْهِمَا

## اطاعت و فرمانبرداری کی اس صفت کا تذکرہ جس پر امام اپنی رعایا سے بیعت لے گا

**4547** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَنِي عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ،

(متن حدیث): قَالَ: بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ فِي الْيُسْرِ وَالْعُسْرِ، وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ، وَاَنْ لَا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهُ، وَاَنْ نَقُوْمَ، اَوْ نَقُوْلَ بِالْحَقِّ حَيْثُ مَا كُنَّا، لَا نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ

4546- إسناده صحيح على شرط الصحيح . أبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير . وأخرجه الطبراني في "الكبير" 2414 عن معاذ بن المثنى وأبي خليفة، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد 4945 في الأدب: باب في النصيحة، والنسائي 7/140 في البيعة: باب البيعة على النصح لكل مسلم، والطبراني 2410 و2415 و2416، والبيهقي 5/271 من طرق عن يونس بن عبيد، به .

4547- إسناده صحيح على شرطهما، وعبادة بن الوليد وإن كان سَمِعَ من جده عبادة بن الصامت، لكن الصواب في هذا الإسناد عند رواة الموطأ زيادة عن أبيه بين عبادة بن الوليد وبين عبادة بن الصامت، فقد أخرجه البغوي 2456 من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر وهي الطريق التي أخرجه منها المؤلف عن مالك، عن عبادة بن الوليد بن عبادة أن أباه أخبره، عن عبادة بن الصامت . وهو في "الموطأ" 2/445-446 في الجهاد: باب الترغيب في الجهاد، بهذا الإسناد، وكذلك أخرجه من طريق مالك البخاري 7199 و7200 في الأحكام: باب كيف يبايع الإمام الناس، والنسائي 7/138 في البيعة: باب البيعة على أن لا ننازع الأمر أهله، وفي السير كما في "التحفة" 4/260، والبيهقي 8/145 . وأخرجه أحمد 5/316، والبيهقي 8/145 من طرق عن عبادة بن الوليد، عن جده . وأخرجه أحمد 5/321، والبيهقي 8/145 من طريق جنادة بن أبي أمية، عن عبادة بن الصامت . وأخرجه أحمد 5/318 من طريق الأعمش، عن الوليد بن عبادة، عن عبادة . وأخرجه أحمد 5/314 و319 من طريقين عن عبادة بن الوليد، عن جده عبادة بن الصامت .2 وروى هذا الحديث عنه من غير واسطة، لكن عند غير مالك كما تقدم .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لَائِمٍ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ: سَمِعَ عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ .

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر آسانی، تنگی اور پسندیدگی اور زبردستی ہر حال میں فرمانبرداری کرنے کی بیعت کی تھی اور اس بات کی بیعت کی تھی کہ ہم حکومت کے معاملے میں حکمرانوں سے کوئی جھگڑا نہیں کریں گے اور ہم حق کو قائم رکھیں گے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) حق کے مطابق بات کہیں گے خواہ ہم جہاں کہیں بھی ہوں اور ہم اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اندیشہ نہیں کریں گے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عبادہ بن ولید نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ السَّبَبِ الَّذِي تَقَعُ الْبَيْعَةُ فِي السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ اللَّذَيْنِ وَصَفْنَاهُمَا

## اس سبب کی صفت کا تذکرہ، جس پر اطاعت وفرمانبرداری کے بارے میں وہ بیعت واقع ہوگی جن کی صفت ہم نے بیان کی ہے

**4548** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث):كُنَّا اِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، يَقُوْلُ لَنَا: فِيْمَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت وفرمانبرداری کی بیعت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: جہاں تک تمہاری استطاعت ہو (تم اس پر عمل کرو گے)

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**4549** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ:

4548– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 2/982 في البيعة: باب ما جاء في البيعة .ومن طريق مالك أخرجه البخاري 7202 في الأحكام: باب كيف يبايع الإمام الناس، والبيهقي 8/145، والبغوي 2454 .وأخرجه أحمد 2/9، والنسائي 7/152 في البيعة: باب البيعة فيما يستطيع الإنسان، من طريق سفيان، عن عبد الله بن دينار، به . وانظر 4552 .

4549– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب فمن رجال مسلم .وأخرج مسلم 1867 في الإمارة: باب البيعة على السمع والطاعة فيما استطاع، والترمذي 1593 في السير: باب ما جاء في بيعة النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي 7/152، وفي "الكبرى" كما في "التحفة" 5/446 من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): كُنَّا نُبَايِعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، يَقُولُ لَنَا: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت وفرمانبرداری کی بیعت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: جہاں تک تمہاری استطاعت ہو (تم اس پر عمل کرو گے)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَيْعَةَ اِنَّمَا يَجِبُ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاِمَامِ مِنَ النَّاسِ مِنَ الْاَحْرَارِ مِنْهُمْ دُوْنَ الْعَبِيدِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ 'بیعت کے لیے یہ بات ضروری ہے' وہ لوگوں میں سے آزاد افراد کی طرف سے امام (کے ہاتھ) پر واقع ہو' غلاموں کی طرف سے نہ ہو

4550 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدًا بَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَاَتَاهُ سَيِّدُهُ يُرِيدُهُ، قَالَ: فَاشْتَرَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ، ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا عَلَى الْهِجْرَةِ حَتَّى يَسْاَلَهُ: اَعَبْدٌ هُوَ؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک غلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر ہجرت کی بیعت کی پھر اس کا مالک اسے تلاش کرتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سیاہ فام غلاموں کے عوض میں اس غلام کو خرید لیا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی شخص کی بیعت اس وقت تک نہیں کی جب تک اس سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دریافت نہیں کر لیتے تھے کہ کیا وہ غلام ہے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ اَنْ تَكُوْنَ بَيْعَةُ الرَّعِيَّةِ اِمَامَهُمْ عَلَيْهِ

## اس بات کا تذکرہ 'یہ بات مستحب ہے' رعایا سے بیعت امام لے

4550- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير أخرج له البخاري مقروناً، وفي "الميزان" 4/37: ويحتج ابن حزم بأبي الزبير إذا قال: عن مما رواه عنه الليث بن سعد خاصة، وذلك لأن سعيد بن أبي مريم قال: حدثنا الليث، قال: جئت أبا الزبير فدفع إلي كتابين، فانقلبت بهما، ثم قلت في نفسي: لو أنني عاودته فسألته: أسمع هذا كله من جابر؟ فسألته، فقال: منه ما سمعت، ومنه ما حُدِّثت عنه، فقلت له: أعلم لي على ما سمعت منه، فأعلم لي على هذا الذي عندي .وأخرجه مسلم 1602 في المساقاة: باب جواز بيع الحيوان بالحيوان من جنسه متفاضلاً، وأحمد 3/349-350، والنسائي 7/150 في البيعة: باب بيعة المماليك، و 292 في البيوع: باب بيع الحيوان بالحيوان يداً بيد متفاضلاً، والترمذي 1239 في البيوع: باب ما جاء في شراء العبد بالعبدين، و1596 في السير: باب ما جاء في بيعة العبد، وأبو داود 3358 في البيوع، والبيهقي 5/286-287 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4551 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّحَّانُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَاَنَا اَرْفَعُ غُصْنَ الشَّجَرَةِ عَنْ وَجْهِهٖ، فَبَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ لَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ، قُلْنَا لَهُ: كَمْ كُنْتُمْ؟، قَالَ: اَلْفٌ وَّاَرْبَعُ مِائَةٍ

❀❀ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ کے دن ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک سے درخت کی ایک شاخ کو اٹھا رہا تھا ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی کہ ہم فرار نہیں ہوں گے ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت معقل رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اس وقت آپ کی تعداد کتنی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: ایک ہزار چار سو۔

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي عَلَيْهِ تَقَعُ الْبَيْعَةُ مِنَ الرَّعِيَّةِ عَلَى الْاَئِمَّةِ

## اس سبب کا تذکرہ جس کی بنیاد پر رعایا کی طرف سے ائمہ پر بیعت واقع ہوگی

4552 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، وَالْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَقِّنُنَا: عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِيمَا اسْتَطَعْنَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر ہم بیعت کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ تلقین کرتے تھے: (تم یہ کہو) ہم اپنی استطاعت کے مطابق اطاعت و فرمانبرداری کرنے (کی بیعت کرتے ہیں)

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَخْذُ الْبَيْعَةِ مِنْ نِسَاءِ رَعِيَّتِهٖ عَلٰى نَفْسِهٖ اِذَا اَحَبَّ ذٰلِكَ

## اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی رعایا میں سے خواتین سے بذات خود

4551- إسناده صحيح، مسدّد من رجال البخاري، والحكم وهو ابن عبد الله بن إسحاق- من رجال مسلم، وباقي السند من رجال الشيخين . خالد الحذّاء : هو خالد بن مهران البصري .وأخرجه الطبراني 20/530 من طريق مسدد، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 8/146 من طريق خالد بن عبد الله الطحان، به .وأخرجه مسلم 1858 76 في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال، والطبراني 20/531 و532 من طريقين عن خالد الحذاء . به .

4552- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك، والحوضي: هو حفص بن عمر بن الحارث ثقة ثبت روى له البخاري .وأخرجه أحمد 2/62 و81 و101 و139، وأبو داوُد 2940 في الخارج: باب ما جاء في البيعة، والطيالسي 1880 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . وانظر 4548 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بیعت لے جب وہ اس بات کو پسند کرے (یعنی جب وہ اسے مناسب سمجھے)

**4553** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نِسْوَةٍ يُبَايِعْنَهُ، فَقُلْنَ: نُبَايِعُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَى اَنْ لَا نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا نَسْرِقَ، وَلَا نَزْنِيَ، وَلَا نَقْتُلَ اَوْلَادَنَا، وَلَا نَاْتِيَ بِبُهْتَانٍ نَفْتَرِيهِ بَيْنَ اَيْدِينَا وَاَرْجُلِنَا، وَلَا نَعْصِيَكَ فِي مَعْرُوفٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَرْحَمُ بِنَا مِنْ اَنْفُسِنَا، هَلُمَّ نُبَايِعُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَا اُصَافِحُ النِّسَاءَ، اِنَّمَا قَوْلِي لِمِائَةِ امْرَاَةٍ كَقَوْلِي لِامْرَاَةٍ وَاحِدَةٍ، اَوْ مِثْلُ قَوْلِي لِامْرَاَةٍ وَاحِدَةٍ

❁❁ سیّدہ امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ خواتین کے ہمراہ حاضر ہوئی جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کرنی تھی ان خواتین نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم آپ کے دست اقدس پر اس بات کی بیعت کرتی ہیں کہ ہم کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہرائیں گی ہم چوری نہیں کریں گی ہم زنا نہیں کریں گی ہم اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی ہم اپنی طرف سے بنا کر کسی پر جھوٹا الزام نہیں لگائیں گی اور ہم نیکی کے کام میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نہیں کریں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی استطاعت کے مطابق اور طاقت کے مطابق (اس پر عمل کرنا)

وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول ہماری اپنی جان سے زیادہ ہمارے بارے میں رحم دل ہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ آگے ہاتھ بڑھایئے تاکہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں خواتین کے ساتھ مصافحہ نہیں کرتا میں ایک سو خواتین کے ساتھ جس طرح بات کرتا ہوں اسی طرح ایک خاتون کے ساتھ بات کرتا ہوں (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

## ذِكْرُ الْاَسْبَابِ الَّتِي كَانَتْ بَيْعَةُ النِّسَاءِ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا

## ان اسباب کا تذکرہ جن کی وجہ سے خواتین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کی تھی

**4554** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

4553– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 2/982–983 في البيعة: باب ما جاء في البيعة .وأخرجه من طريق مالك أحمد 6/357، والطبراني 24/471، والبيهقي 8/146 .وأخرجه من طرق عن محمد بن المنكدر، به: أحمد 6/357، والنسائي 7/149 في البيعة: باب بيعة النساء، والترمذي 1597 في السير: باب ما جاء في بيعة النساء، وابن ماجة 2874 في الجهاد: باب بيعة النساء، والحميدي 341، والطيالسي 1621، والطبراني 24/470 و472 و473 و475 و476، والحاكم 4/71 . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): جَاءَ تْ فَاطِمَةُ بِنْتُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ تُبَايِعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ عَلَيْهَا اَنْ (لَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ) (الممتحنة: 12)، اَلْآيَةُ، قَالَتْ: فَوَضَعَتْ يَدَهَا عَلٰى رَاْسِهَا حَيَاءً، فَاَعْجَبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاٰى مِنْهَا، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: قِرِّى اَيَّتُهَا الْمَرْاَةُ، فَوَاللّٰهِ مَا بَايَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا عَلٰى هٰذَا، فَبَايَعَهَا بِالْآيَةِ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ فاطمہ بنت عتبہ بن ربیعہ بیعت کرنے کے لیے آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اس بات کی بیعت لی کہ وہ چوری نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس خاتون نے اپنا ہاتھ شرم کی وجہ سے اپنے سر پر رکھ لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اس حرکت پر حیرانگی ہوئی تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس خاتون سے فرمایا: اے خاتون آپ اس بات کا اقرار کیجئے اللہ کی قسم! ہم خواتین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسی بات کی بیعت کرتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے آیت کے (حکم کے) مطابق بیعت لی۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ بَيْعَةِ الْاُمَرَاءِ وَالْخُلَفَاءِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' امراء اور خلفاء کی بیعت کے وقت آدمی پر کیا چیز لازم ہے

**4555** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَتْ تَسُوْسُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ كُلَّمَا مَاتَ نَبِيٌّ قَامَ نَبِيٌّ، وَاَنَّهُ لَيْسَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا يَكُوْنُ بَعْدَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: خُلَفَاءُ وَيَكْثُرُوْنَ، قَالَ: فَكَيْفَ تَاْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: اَدُّوْا بَيْعَةَ الْاَوَّلِ فَالْاَوَّلِ، وَاَدُّوْا اِلَيْهِمْ مَا لَهُمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ عَنِ الَّذِيْ لَكُمْ

---

4554– حديث صحيح، ابن أبى السرى متابع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . وهو فى "مصنف عبد الرزاق" 21020 .ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 6/151، والبزار 70 . وأورده الهيثمى فى "المجمع" 6/37، ونسبه لأحمد والبزار، وقال: رجاله رجال الصحيح .

4555– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير جعفر بن مهران السباك فقد ذكره المؤلف فى "الثقات" 8/160–161، وروى عنه جمع، وترجمه ابن أبى حاتم 2/491 . عبد الوارث: هو عبد الوارث بن سعيد بن ذكوان التميمى العنبرى، وأبو حازم: هو سلمان الأشجعى .وأخرجه البخارى، 3455 فى أحاديث الأنبياء : باب ما ذكره عن بنى إسرائيل، ومسلم 1842 فى الإمارة: باب وجوب الوفاء ببيعة الخلفاء الأول فالأول، وأحمد 2/297، والبيهقى 8/144، والبغوى 2464 من طرق عن شعبة، عن فرات القزاز، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1842، وابن ماجة 2871 فى الجهاد: باب الوفاء بالبيعة من طريق الحسن بن فرات، عن أبيه، به . وانظر "الفتح" 6/573–574 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”بنی اسرائیل میں یکے بعد دیگرے انبیاء تشریف لاتے رہے، جب کسی ایک نبی کا انتقال ہوتا تو دوسرے نبی تشریف لے آتے، لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے بعد کیا ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خلفاء ہوں گے اور (خلیفہ ہونے کے دعوے دار) بہت سے لوگ ہوں گے۔ ان صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پھر آپ اس صورت حال میں ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی بیعت کو ادا کرنا جس کی پہلے بیعت کی گئی ہو، ان کا جو حق ہے اسے تم ادا کر دینا اور تمہارا جو حق ہے اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ حساب لے گا“۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ طَاعَةِ الْاَئِمَّةِ

## ائمہ کی فرمانبرداری کرنا

**4556** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، بِالْفُسْطَاطِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَطَاعَنِي فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ اَطَاعَ الْاَمِيرَ فَقَدْ اَطَاعَنِي، وَمَنْ عَصَى الْاَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص نے میری اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور جس شخص نے حاکم وقت کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے حاکم وقت کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی''۔

## ذِكْرُ اَحَدِ التَّخْصِيصَيْنِ الَّذِي يَخُصُّ عُمُومَ الْخِطَابِ الَّذِي فِي خَبَرِ اَبِي هُرَيْرَةَ

## ان دو تخصیصوں میں سے ایک تخصیص کا تذکرہ جو اس خطاب کے عموم کو خاص کر دیتی ہیں'

---

4556- إسناده حسن، ابن عجلان روى له مسلم متابعة، والبخاري تعليقاً وهو صدوق، وباقي السند رجاله ثقات على شرط الصحيح . أبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز .وأخرجه البخاري 2957 في الجهاد: باب يقاتل من وراء الإمام ويتقى به، ومسلم 1835 35 في الإمارة: باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية، وأحمد 2/144، وابن أبي شيبة 12/212، والبغوي 2477 من طرق عن أبي الزناد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/342 من طريق موسى بن عقبة، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ .وأخرجه عبد الرزاق 20679، وأحمد 2/270 و511، والبخاري 7137 في الأحكام: باب قوله: (اَطِيعُوا اللّٰهَ وَاَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ) . ومسلم 1835 33، والنسائي 7/154 في البيعة: باب الترغيب في طاعة الإمام، والبيهقي 8/155 من طرق عن الزهري، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة .وأخرجه مسلم 1835 33، وأحمد 6/146 و467، والطيالسي 2577، وأبو عوانة 2/109 من طرق عن أبي علقمة، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/313، ومسلم 1835 33، والبغوي 2451 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبي هريرة .وأخرجه مسلم 1835 34 من طريق أبي يونس مولى أبي هريرة، عنه .وأخرجه أحمد 2/252 و4/171، وابن أبي شيبة 12/212، وابن ماجة 3 في المقدمة: باب أتباع سنة رسول الله، و2859 في الجهاد: باب طاعة الإمام، والبغوي 2450 من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جو خطاب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں ہے

4557 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، يَقُوْلُ لَنَا: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر جب اطاعت و فرمانبرداری کی بیعت کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے یہ فرما دیتے تھے: جہاں تک تمہاری استطاعت ہو (تم اس پر عمل کرنا)

## ذِكْرُ التَّخْصِيصِ الثَّانِي الَّذِي يَخُصُّ عُمُومَ الْخِطَابِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

## اس دوسری تخصیص کا تذکرہ جو اس خطاب کے عموم کو خاص کر دیتی ہے، جس کا ذکر ہم نے پہلے کیا ہے

4558 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلْقَمَةَ بْنَ مَجَزِّزٍ الْمُدْلِجِيَّ عَلٰى بَعْثٍ اَنَا فِيهِمْ، فَخَرَجْنَا حَتّٰى اِذَا كُنَّا عَلٰى رَاْسِ غَزَاتِنَا اَوْ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ اسْتَاْذَنَتْهُ طَائِفَةٌ، فَاَذِنَ لَهُمْ، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حُذَافَةَ السَّهْمِيَّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ بَدْرٍ، وَكَانَتْ فِيهِ دُعَابَةٌ، فَكُنْتُ فِيمَنْ رَجَعَ مَعَهُ، فَبَيْنَا نَحْنُ فِي الطَّرِيقِ نَزَلْنَا مَنْزِلًا، وَاَوْقَدَ الْقَوْمُ نَارًا يَصْطَلُونَ بِهَا، اَوْ يَصْنَعُوْنَ عَلَيْهَا صَنِيعًا لَهُمْ، اِذْ قَالَ لَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ: اَلَيْسَ لِي عَلَيْكُمُ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ؟، قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: فَاَنَا آمُرُكُمْ بِشَيْءٍ اَلَا فَعَلْتُمُوهُ؟، قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنِّي اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّي وَطَاعَتِي اِلَّا تَوَاثَبْتُمْ فِي هٰذِهِ النَّارِ، قَالَ: فَقَامَ نَاسٌ حَتّٰى اِذَا ظَنَّ اَنَّهُمْ وَاثِبُونَ فِيهَا، قَالَ: اَمْسِكُوا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ، اِنَّمَا كُنْتُ اَضْحَكُ مَعَكُمْ، فَلَمَّا قَدِمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرُوا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَمَرَكُمْ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا تُطِيعُوهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علقمہ بن مجزر مدلجی رضی اللہ عنہ کو ایک مہم پر روانہ کیا جس میں، میں بھی شامل تھا ہم لوگ روانہ ہوئے، یہاں تک کہ جب ہم جنگ کے مقام پر یا شاید راستے میں کسی جگہ پر پہنچے تو ایک گروہ

---

4557– إسناده صحيح على شرطهما . وقد تقدم برقم 4548 .

4558– إسناده حسن، محمد بن عمرو وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي– روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق له أوهام، وباقي السند ثقات من رجال الصحيح . وهو عند أبي يعلى 1349 .وأخرجه أحمد 3/67، وابن ماجة 2863 في الجهاد: باب لا طاعة في معصية الله، من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد . وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 183: إسناده صحيح .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے ان سے اجازت مانگی۔ انہوں نے ان لوگوں کو اجازت دے دی اور حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کو ان کا امیر مقرر کر دیا' وہ غزوۂ بدر میں شرکت کرنے کا شرف رکھتے تھے ان کے مزاج میں کچھ شوخی تھی میں ان لوگوں میں شامل تھا جو ان کے ساتھ واپس چلے گئے تھے راستے میں ایک جگہ ہم نے پڑاؤ کیا لوگوں نے آگ جلائی اور اس کے ذریعے اپنے کام کاج کیے اسی دوران حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کیا تم لوگوں پر میری فرمانبرداری لازم نہیں ہے ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو انہوں نے کہا: میں تم لوگوں کو جس بات کا حکم دوں گا تم اس پر عمل کرو گے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو انہوں نے کہا: میں تم لوگوں کو اپنے حق اور اپنی فرمانبرداری کے حوالے سے تاکید کرتا ہوں کہ تم اس آگ میں کود جاؤ۔ راوی کہتے ہیں' تو کچھ لوگ کھڑے ہوئے' یہاں تک کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو یہ لگا کہ وہ اس میں کود جائیں گے تو انہوں نے کہا: تم لوگ رک جاؤ میں تو تمہارے ساتھ مذاق کر رہا تھا پھر جب ''لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو (حکمران یا امیر) تمہیں معصیت کا حکم دے تم اس کی فرمانبرداری نہ کرو۔

**4559** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِئٍ، عَنْ اَبِيْ عَلِيٍّ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الْجَنْبِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا يُسْاَلُ عَنْهُمْ: رَجُلٌ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ، وَعَصَى اِمَامَهُ، وَمَاتَ عَاصِيًا، وَاَمَةٌ اَوْ عَبْدٌ اَبَقَ مِنْ سَيِّدِهٖ فَمَاتَ، وَامْرَاَةٌ غَابَ زَوْجُهَا وَقَدْ كَفَاهَا مُؤْنَةَ الدُّنْيَا فَخَانَتْهُ بَعْدَهُ، وَثَلَاثَةٌ لَا يُسْاَلُ عَنْهُمْ: رَجُلٌ يُنَازِعُ اللّٰهَ رِدَاءَهُ، فَاِنَّ رِدَاءَهُ الْكِبْرُ وَاِزَارَهُ الْعِزُّ، وَرَجُلٌ فِيْ شَكٍّ مِّنْ اَمْرِ اللّٰهِ، وَالْقَانِطُ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ

✿✿ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگ ایسے ہیں' جن کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا' ایک وہ شخص (جو مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہو جائے اور اپنے حاکم کی نافرمانی کرے اور نافرمان ہونے کے عالم میں ہی فوت ہو جائے ایک وہ کنیز جو اپنے آقا کو چھوڑ کر بھاگ جائے اور اسی حالت میں فوت ہو جائے ایک وہ عورت جس کا شوہر موجود نہ ہو' وہ شوہر اس عورت کی دنیاوی ضروریات کو پورا کرتا ہو اور وہ عورت اس کی غیر موجودگی میں اس کے ساتھ خیانت کرے۔ تین لوگ ایسے ہیں' جن کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا۔ ایک وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی چادر کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے مقابلہ کرتا ہے' کیونکہ اس کی چادر کبریائی ہے اور اس کا ازار عزت ہے ایک وہ شخص جو اللہ کے حکم کے بارے میں شک کرتا ہے اور ایک وہ شخص جو اللہ کی رحمت سے مایوس ہو''۔

4559– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبي علي عمرو بن مالك الجنبي فقد روى له أصحابه السنن وهو ثقة . المقرء: هو عبد الله بن يزيد أبو عبد الرحمٰن، وحيوة: هو ابن شريح، وأبو هانء: هو حميد بن هانيء .وأخرجه أحمد 6/19، والطبراني 18/788، والبزار 85، والحاكم 1/119 من طرق عن أبي عبد الرحمٰن عبد الله بن يزيد المقرء، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" 590، وابنُ أَبِيْ عاصم في "السنة" 89 من طرقِ عبد الله بن وهب، عن أبي هانء الخولاني، بِهٖ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**4560** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ، أَنَّ سُهَيْلَ بْنَ ذَكْوَانَ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): آمُرُكُمْ بِثَلَاثٍ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ آمُرُكُمْ: أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ، وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَتَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَتَفَرَّقُوا، وَتُطِيعُوا لِمَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ أَمْرَكُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ: قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةِ الْمَالِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، أَمْرٌ فَرْضٌ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي كُلِّ الْأَحْوَالِ، وَقَوْلُهُ: وَتَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا، أَرَادَ بِهِ كِتَابَ اللّٰهِ، وَهُوَ فَرْضٌ عَلَى بَعْضِ الْمُخَاطَبِينَ الَّذِينَ تَقَعُ بِهِمُ الْحَاجَةُ إِلَى اسْتِعْمَالِهِ فِي حَالٍ دُوْنَ حَالٍ، وَتُطِيعُوا لِمَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ أَمْرَكُمْ، لَفْظُهُ عَامٌّ لَهُ تَخْصِيصَانِ أَحَدُهُمَا: أَنْ يُؤْمَرَ الْمَرْءُ بِمَا لَهُ فِيهِ رِضًى، وَالثَّانِي إِذَا أُمِرَ مَا اسْتَطَاعَ دُوْنَ مَا لَا يَسْتَطِيعُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں تمہیں تین باتوں کا حکم دیتا ہوں اور تمہیں تین چیزوں سے منع کرتا ہوں میں تمہیں اس بات کا حکم دیتا ہوں کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ تم سب لوگ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور فرقہ بندی کا شکار نہ ہو اور تم لوگ اس شخص کی اطاعت کرو جس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے معاملے کا نگران (یعنی حاکم وقت) بنایا ہے اور میں تمہیں فضول بحث کرنے' بکثرت (غیر ضروری) سوالات کرنے اور مال کو ضائع کرنے سے منع کرتا ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ ''تم اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ'' یہ ایک ایسا فرض حکم ہے' جو تمام مخاطب لوگوں پر ہر حالت میں فرض ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ ''تم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو''۔ اللہ کی رسی سے مراد اللہ کی کتاب ہے اور یہ حکم بعض مخاطب افراد پر فرض ہے اس حکم پر عمل کرنے کی انہیں بعض صورتوں میں ضرورت پیش آتی ہے' جو کسی حالت میں ہوتی ہے کسی حالت میں نہیں ہوتی اور ''جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے معاملے کا نگران بنایا ہو اس کی تم اطاعت کرو''۔ یہاں الفاظ عام ہیں' لیکن اس میں دو قسم کی تخصیص پائی جاتی ہے ایک یہ کہ آدمی کو اس بات کا حکم دیا جائے جس میں (اللہ تعالیٰ کی) رضا مندی پائی جاتی ہو اور دوسرا یہ کہ آدمی کو وہ حکم دیا جائے جس کو پورا کرنے کی اس میں استطاعت ہو' وہ حکم نہ دیا جائے جو اس کی استطاعت سے باہر ہو۔

4560– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مالك 2/990 في الكلام: باب ما جاء في إضاعة المال وذي الوجهين، وأحمد 2/327 و360 و367، ومسلم 1715 10 و11 في . الأقضية: باب النهي عن كثرة المسائل من غير حاجة، والبيهقي 8/163، والبغوي 101 من طرق عن سهيل، بِهِ .قال البغوي في "شرح السنة" 1/203: قوله: قيل وقال يريد: قيل وقول، جعل القال مصدراً، يقال: قلت قولاً وقيلاً وقالاً، وفي قراءة عبد الله بن مسعود قلت: وهي قراءة شاذة ذلك عيسى ابنُ مريمَ قالُ الحقِّ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ اَحَدِ التَّخْصِيصَيْنِ اللَّذَيْنِ يَخُصَّانِ عُمُومَ تِلْكَ اللَّفْظَةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

## ان دو تخصیصوں میں سے ایک کا تذکرہ جو ان الفاظ کے عموم کو خاص کر دیتی ہیں' جن کا ذکر ہم نے پہلے کیا ہے

**4561** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، يَقُولُ لَنَا: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت اور فرمانبرداری کی بیعت کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے یہ فرماتے تھے۔

''جتنی تم میں استطاعت ہو'' (اس کے مطابق تم اس پر عمل کرو گے)۔

## ذِكْرُ التَّخْصِيصِ الثَّانِي الَّذِي يَخُصُّ عُمُومَ تِلْكَ اللَّفْظَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا

## اس دوسری تخصیص کا تذکرہ جو ان الفاظ کے عموم کو خاص کر دیتی ہے' جس کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

**4562** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا مُدْرِكُ بْنُ سَعْدٍ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ حَيَّانَ اَبَا النَّضْرِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي جُنَادَةُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اسْمَعْ وَاَطِعْ فِي عُسْرِكَ وَيُسْرِكَ، وَمَنْشَطِكَ وَمَكْرَهِكَ، وَاَثَرَةٍ عَلَيْكَ، وَاِنْ اَكَلُوا مَالَكَ وَضَرَبُوا ظَهْرَكَ، اِلَّا اَنْ يَكُونَ مَعْصِيَةً

❁❁ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم تنگی اور آسانی' پسندیدگی اور ناپسندیدگی اپنے ساتھ کیے جانے والے ترجیحی سلوک (ہر حال میں حاکم وقت کی) اطاعت کرو' اگر وہ تمہارا مال کھا لے اور تمہاری پشت پر مارے (تو بھی اس کی اطاعت کرو) البتہ اگر کوئی گناہ کا کام ہو' تو اس کی اطاعت نہ کرو''۔

---

4561- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم 4557 .

4562- إسناده حسن . حيان أبو النضر ذكره المؤلف في "الثقات" 4/171، ووثقه ابن معين، وقال أبو حاتم: صالح، كما في الجرح والتعديل 3/244-245، وسيأتي برقم 4566، وانظر 4547، وقوله: وأثرة عليك من الاستئثار، وهو أن يستأثر عليه بأمور الدنيا ويفضل عليه غيره .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4563 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ يَقُولُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَطَبَنَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْجَدْعَاءِ، وَتَطَاوَلَ فِي غَرْزِ الرَّحْلِ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، فَقَالَ رَجُلٌ فِي اٰخِرِ النَّاسِ: مَا تَقُولُ، اَوْ مَا تُرِيدُ؟ فَقَالَ: اَلَا تَسْمَعُونَ، اَطِيعُوا رَبَّكُمْ، وَصَلُّوا خَمْسَكُمْ، وَاَدُّوا زَكَاةَ اَمْوَالِكُمْ، وَاَطِيعُوا اُمَرَائَكُمْ تَدْخُلُوا جَنَّةَ رَبِّكُمْ، فَقُلْتُ لِاَبِي اُمَامَةَ: ابْنَ كَمْ كُنْتَ يَوْمَئِذٍ حِينَ سَمِعْتَ هٰذَا؟، قَالَ: سَمِعْتُ وَاَنَا ابْنُ ثَلَاثِينَ سَنَةً

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار ہو کر ہمیں خطبہ دے رہے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تو لوگوں کے پیچھے سے ایک صاحب نے دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرما رہے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم لوگ سن نہیں رہے ہو تم اپنے پروردگار کی اطاعت کرو، پانچ نمازیں ادا کرو، اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو، اپنے حکمرانوں کی اطاعت کرو اور اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہو جاؤ۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: جب آپ نے یہ بات سنی تھی اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: اس وقت میری عمر تیس سال تھی۔

## ذِكْرُ اَحَدِ التَّخْصِيصَيْنِ اللَّذَيْنِ يَخُصَّانِ عُمُومَ تِلْكَ اللَّفْظَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا فِي خَبَرِ اَبِي اُمَامَةَ

## ان دو تخصیصوں میں سے ایک تخصیص کا تذکرہ جو ان الفاظ کے عموم کو خاص کرتی ہیں جن کا ذکر ہم نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں کیا ہے

4564 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ اَبُو طَالِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اُمِّ الْحُصَيْنِ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ، قَالَتْ:

(متن حدیث): حَجَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَرَاَيْتُ اُسَامَةَ اَوْ بِلَالًا يَقُودُ بِخِطَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْاٰخَرُ رَافِعٌ ثَوْبَهُ يَسْتُرُهُ بِهِ مِنَ الْحَرِّ، حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ

4563– إسناده قوي على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 5/251، والترمذي 616 في الصلاة: باب ما ذكر في فضل الصلاة، من طريق زيد بن الحباب، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم 1/9 من طريق سعيد بن أبي مريم، عن معاوية بن صالح به، على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْعَقَبَةِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَوَقَفَ النَّاسُ وَقَدْ جَعَلَ ثَوْبَهُ مِنْ تَحْتِ اِبْطِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، قَالَ: فَرَاَيْتُ تَحْتَ غُضْرُوْفِهِ الْاَيْمَنِ كَهَيْئَةِ جُمْعٍ، ثُمَّ ذَكَرَ قَوْلًا كَثِيْرًا، وَكَانَ فِيمَا يَقُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ اُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ مُّجَدَّعٌ اَسْوَدُ يَقُودُكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَاسْمَعُوا وَاَطِيعُوا، ثُمَّ قَالَ: هَلْ بَلَّغْتُ؟

❀❀ سیّدہ ام حصین رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حجۃ الوداع کیا میں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی لگام تھام کر چل رہے تھے ان میں سے ایک نے لگام تھامی ہوئی تھی دوسرے نے اپنی چادر کو بلند کیا ہوا تھا تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دھوپ سے بچا کے رکھیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبہ کی رمی کر لی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور لوگ ٹھہرے رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر اپنے بائیں کندھے پر رکھی ہوئی تھی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں بغل کے نیچے سے گزر رہی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں کندھے کے ابھار کے نیچے ایک ابھری ہوئی چیز دیکھی (شاید اس سے مراد مہر نبوت ہو)

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی باتیں کیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بات ارشاد فرمائی اس میں ایک بات یہ بھی تھی۔

''اگر تم پر کسی ایسے حبشی کو امیر مقرر کر دیا جائے جس کے ناک' کان کٹے ہوئے ہوں اور وہ تمہیں اللہ کی کتاب کے مطابق لے کر چلے' تو تم اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کرو''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے۔

## ذِكْرُ التَّخْصِيصِ الثَّانِي الَّذِي يَخُصُّ عُمُومَ اللَّفْظَةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

## اس دوسری تخصیص کا تذکرہ جو اس لفظ کے عموم کو خاص کرتی ہے' جس کا ذکر ہم نے پہلے کیا ہے

**4565** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، بِالرَّيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

4564– إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الجبار بن عاصم وهو ثقة، وثقه ابن معين والدارقطني، وذكره المؤلف في "الثقات" 8/418، له ترجمة في "تاريخ بغداد" 11/111–112 . والغضروف: رأس لوح الكتف، وقوله: كهيئة جمع يريد مثل جمع الكف، وهو أن يجمع الأصابع ويضمها، يقال: ضربه بجُمع كفِّه، بضم الجيم . وأخرجه الطبراني 25/380 من طريق عبد الله بن جعفر الرقي، عن عبيد الله بن عمرو، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/402، ومسلم 1298 311 و312 في الحج: باب استحباب رمي جمرة العقبة يوم النحر راكباً، و 1838 في الإمارة: باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية، من طريقين عن زيد بن أبي أنيسة، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/402 و403، ومسلم 1838، والنسائي 7/154 في البيعة: باب الحض على طاعة الإمام، وابن ماجة 1861 في الجهاد: باب . طاعة الإمام، والطبراني 25/377 و378 و379 و384، وابن أبي عاصم في "السنة" 1062، والبيهقي 7/155 من طريقين عن يحيى بن حصين، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/402 و403، والترمذي 1706 في الجهاد: باب ما جاء في طاعة الإمام، والطبراني 25/381 و382، وابن أبي عاصم 1063 من طرق عن العيزار بن حريث، عن أم الحصين . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَجْلَانَ مَوْلَى مُرَّةَ الطَّيِّبِ وَلَقَبُهُ جَبْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، ثُمَّ يُلَقِّنُنَا: فِيمَا اسْتَطَعْتَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اطاعت وفرمانبرداری پر ہم سے بیعت لیتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تلقین کرتے تھے ''جتنی تمہارے اندر استطاعت ہو (تم اس پر عمل کرنا)''

## ذِكْرُ خَبَرٍ يُصَرِّحُ بِالتَّخْصِيصَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

## اس روایت کا تذکرہ جو ان دو تخصیصوں کی صراحت کرتی ہے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

4566 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوفِيُّ، بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُدْرِكُ بْنُ سَعْدٍ الْفَزَارِيُّ اَبُوْ سَعْدٍ، عَنْ حَيَّانَ اَبِي النَّضْرِ، سَمِعَ جُنَادَةَ بْنَ اَبِي اُمَيَّةَ، سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُبَادَةُ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ، قَالَ: اسْمَعْ وَاَطِعْ فِي عُسْرِكَ وَيُسْرِكَ، وَمَكْرَهِكَ، وَاَثَرَةٍ عَلَيْكَ، وَاِنْ اَكَلُوا مَالَكَ، وَضَرَبُوا ظَهْرَكَ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ مَعْصِيَةً لِلّٰهِ بَوَاحًا

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبادہ! میں نے عرض کی: میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی تنگی اور آسانی' پسندیدگی اور اپنے ساتھ ترجیحی سلوک (ہر حالت میں) اطاعت کرنا اگرچہ وہ لوگ تمہارا مال کھالیں اور تمہاری پشت پر ماریں البتہ جب وہ کھلم کھلا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کریں (تو پھر ان کی اطاعت نہ کرنا)

## ذِكْرُ نَفْيِ اِيجَابِ الطَّاعَةِ لِلْمَرْءِ اِذَا دَعَا اِلَى مَعْصِيَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## آدمی کے لیے (اس وقت) اطاعت لازم ہونے کی نفی کا تذکرہ جب (حاکم) اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی طرف بلائے

4567 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ،

(متن حدیث): قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا، فَاَوْقَدَ نَارًا،

---

4565– محمد بن عاصم بن يزيد ذكره ابن أبي حاتم 8/53، ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وأبوه عصام ذكره المؤلف في الثقات 8/520، وابن أبي حاتم 7/26، وقد سلف برقم 3062 ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين، وانظر 4557 .

4566– إسناده حسن، وهو مكرر 4562 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَقَالَ: ادْخُلُوهَا، فَاَرَادَ نَاسٌ اَنْ يَّدْخُلُوهَا، وَقَالَ آخَرُونَ: اِنَّا فَرَرْنَا مِنْهَا، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِلَّذِيْنَ اَرَادُوْا اَنْ يَّدْخُلُوهَا: لَوْ دَخَلْتُمُوهَا لَمْ تَزَالُوْا فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، اَوْ قَالَ: اَبَدًا، وَقَالَ لِلْاٰخَرِيْنَ: خَيْرًا، وَقَالَ: اَحْسَنْتُمْ، لَا طَاعَةَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ

✿✿ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی اور ایک شخص کو ان کا امیر مقرر کیا ان لوگوں نے آگ جلائی تو اس امیر نے کہا: تم لوگ اس میں داخل ہو جاؤ کچھ لوگوں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا' تو کچھ دوسرے لوگوں نے کہا: ہم اس سے بچنے کے لیے ہی (مسلمان ہوئے ہیں) بعد میں اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا تو جن لوگوں نے آگ میں داخل ہونے کا ارادہ کیا تھا' ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اس میں داخل ہو جاتے تو قیامت کے دن تک اس میں رہتے (راوی کو شک ہے) شاید یہ الفاظ ہیں: ہمیشہ اس میں رہتے' جبکہ دوسرے لوگوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اچھا کیا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) تم نے احسن اقدام کیا۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے بارے میں (حاکم وقت کی) کوئی فرمانبرداری نہیں ہوگی فرمانبرداری صرف نیکی کے کام میں ہوگی۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ طَاعَةِ الْمَرْءِ لِمَنْ دَعَاهُ اِلٰى مَعْصِيَةِ الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اس شخص کی فرمانبرداری کرے جو اسے اپنے خالق کی نافرمانی کی طرف بلائے

**4568** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ، بِطَرَسُوْسَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا نُوْحُ بْنُ حَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

---

4567– إسناده صحيح على شرط الشيخين . حِبان: هو ابن موسى بن سوار السلمي المروزي، وعبد الله: هو ابن المبارك، وزبيد: هو ابن الحارث اليامي، وأبو عبد الرحمٰن السلمي: هو عبد الله بن حبيب بن رُبَيِّعة الكوفي المقرء . وأخرجه أحمد 1/94، والبخاري 7257 في أخبار الآحاد: باب ما جاء في إجازة خبر الواحد الصدوق، ومسلم 1840 في الإمارة: باب وجوب في إجازة خبر الواحد الصدوق، ومسلم 1840 في الإمارة: باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية، وأبو داوٗد 2625 في الجهاد: باب في الطاعة، . والنسائي 7/109 في البيعة: باب جزاء من أمر بمعصية فأطاع، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/82، و124، والبخاري 4340 في المغازي: باب سرية عبد الله بن حذافة السهمي، و7145 في الأحكام: باب السمع والطاعة للحكام ما لم تكن معصية، ومسلم 1840 40 من طرق عن الأعمش، عن سعد بن عبيدة، بِهِ . وانظر 4558 .

4568– إسناده صحيح . نوح بن حبيب ثقة روى له أبو داوٗد والنسائي، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . وأخرج أبو يعلى 279 عن زهير بن حرب، عن عبد الرحمن بن مهدي، بهذا الإسناد . وانظر ما قبله . 1 في "الأنساب" 2/113: البَذشي، بفتح الباء والذال المعجمتين بواحدة، وفي آخر الشين المعجمة: هذه النسبة إلى بذش وهي قرية على فرسخين من بسطام وهي من قومس نزلت بها مع القافلة، وخرجت منها إلى بسطام، ورجعت إليها .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَا طَاعَةَ لِبَشَرٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے بارے میں کسی انسان کی فرمانبرداری نہیں ہوگی۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّطِيعَ الْمَرْءُ اَحَدًا مِنْ اَوْلَادِ آدَمَ إِذَا اَمَرَهُ بِمَا لَيْسَ لِلّٰهِ فِيهِ رِضًى

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اولاد آدم میں سے کسی بھی شخص کی اطاعت کرے اس وقت جب وہ اسے ایسی بات کا حکم دے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی نہ ہو

**4569** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ، بِطَرَسُوسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ الْبَذَشِيُّ، وَهِيَ قَرْيَةٌ بِقُومَسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا طَاعَةَ لِبَشَرٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے بارے میں کسی انسان کی اطاعت نہیں کی جائے گی''۔

## ذِكْرُ تَخَوُّفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهِ مُجَانَبَتِهِمُ الطَّرِيقَ الْمُسْتَقِيمَ بِانْقِيَادِهِمْ لِلْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّينَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی امت کی طرف سے اس اندیشے کا شکار ہونا کہ وہ گمراہ حکمرانوں کی پیروی کرتے ہوئے' سیدھے راستے سے ہٹ جائیں گے

**4570** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ اَبُو حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُويَهْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ شَدَّادِ

---

4569– إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

4570– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن عبد الملك بن زنجوية، فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة . أبو الأشعث الصنعاني: هو شراحيل بن آدة . وأخرجه أحمد 4/123 بأطول مما هنا– عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . إلا أنه زاد بين أبي الأشعث وبين شداد أبا أسماء الرحبي واسمه عمر بن مرثد، وهو ثقة من رجال مسلم . وأخرجه مطولاً أحمد 5/278 و284، وأبو داوُد 4252 في الفتن: باب ذكر الفتن ودلائلها، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/527 من طرق عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثوبان .وأخرجه ابن ماجة 3952 في الفتن: باب ما يكون من الفتن، عن قتادة، عن أبي قلابة عبد الله بن زيد، عن أبي أسماء، عن ثوبان .وأخرجه أحمد 6/441 من حديث أبي الدرداء .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بْنِ اَوْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ اِلَّا الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ، وَاِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ اُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے اپنی امت کے بارے میں صرف گمراہ کرنے والے حکمرانوں کا اندیشہ ہے' جب میری امت میں تلوار رکھ دی جائے گی (یعنی جب ان کے درمیان لڑائی شروع ہو جائے گی) تو وہ قیامت کے دن تک ان سے اٹھائی نہیں جائے گی (یعنی ان کی آپس کی لڑائی ختم نہیں ہوگی)''

## ذِكْرُ وَصْفِ الْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّيْنَ الَّتِيْ كَانَ يَتَخَوَّفُهَا عَلٰى اُمَّتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ان گمراہ حکمرانوں کی صفت کا تذکرہ' جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے حوالے سے اندیشہ تھا

**4571** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ الْمُقْرِئُ اَبُو الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْاَصْفَهَانِيُّ رُسْتَهْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ، وَلٰكِنْ يَّقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتّٰى اِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُؤُسَاءَ جُهَّالًا، فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا، فَلَقِيْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو بِسَنَةٍ فَحَدَّثَنِيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ اس علم کو یوں نہیں اٹھائے گا اسے الگ کر لے' بلکہ علماء کو اٹھانے کے ذریعے علم کو اٹھا لے گا' یہاں تک کہ جب وہ کسی عالم کو باقی نہیں رہنے دے گا تو لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنا لیں گے ان لوگوں سے سوال کیے جائیں گے تو وہ علم نہ ہونے کے باوجود فتویٰ دیں گے وہ لوگ گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) اس کے ایک سال بعد حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے پھر مجھے یہ

4571- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير الربيع بن سليمان فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة .وأخرجه النسائي في العلم من "الكبرى" كما في "التحفة" 8/211 من طريق ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني 18/75، والبزار 232 من طريقين عن الليث، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/26-27 من طريق محمد بن حمير الحمصي، عن إبراهيم بن أبي عبلة، به وله شاهد من حديث أبي الدرداء عند الترمذي 2653 من طريق مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أبي الدرداء، وقال الترمذي: هذا حسن غريب .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حدیث بیان کی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الضَّلَالَةِ الَّتِي كَانَ يَتَخَوَّفُهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهِ

## گمراہی کی اس صفت کا تذکرہ، جس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کو اپنی امت کے حوالے سے اندیشہ تھا

**4572** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَدِيٍّ اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَحَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، سَمِعْتُ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ عَبْلَةَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، اَنَّهٗ قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: هٰذَا اَوَانُ رَفْعِ الْعِلْمِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهٗ: لَبِيْدُ بْنُ زِيَادٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يُرْفَعُ الْعِلْمُ وَقَدْ اُثْبِتَ وَوَعَتْهُ الْقُلُوْبُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتُ لَاَحْسِبُكَ اَفْقَهَ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ ذَكَرَ ضَلَالَةَ الْيَهُوْدِ، وَالنَّصَارٰى عَلٰى مَا فِيْ اَيْدِيْهِمْ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَقِيْتُ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ، وَحَدَّثْتُهٗ بِحَدِيْثِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ: صَدَقَ عَوْفٌ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَوَّلِ ذٰلِكَ يُرْفَعُ؟، قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: اَلْخُشُوْعُ حَتّٰى لَا تَرٰى خَاشِعًا

❀❀ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے آسمان کی طرف دیکھا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وہ وقت ہے، جب علم کو اٹھالیا جائے گا انصار میں سے ایک صاحب جن کا نام لبید بن زیاد تھا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا علم کو اٹھالیا جائے گا، جبکہ اسے ثابت کیا جاچکا ہے اور دلوں نے اسے محفوظ کرلیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں، تو تمہیں اہل مدینہ کا سب سے زیادہ سمجھدار شخص سمجھتا ہوں (راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے عیسائیوں اور یہودیوں کے پاس اللہ کی کتاب ہونے کے باوجود، ان کے گمراہ ہونے کا ذکر کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر میری ملاقات حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے ہوئی اور میں نے انہیں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ حدیث بیان کی تو انہوں نے فرمایا: حضرت عوف رضی اللہ عنہ نے ٹھیک بیان کیا ہے پھر انہوں نے فرمایا: کیا میں تمہیں یہ نہ بتاؤں کہ سب سے پہلے کون سے علم کو اٹھایا جائے گا؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ انہوں نے فرمایا: پرہیز گاری کو، یہاں تک کہ تم کسی بھی پرہیز گار شخص کو نہیں دیکھو گے۔

---

4572– حديث صحيح، محمد بن يزيد بن رفاعة: هو محمد بن يزيد بن محمد بن كثير العجلي مختلف فيه، وقد توبع، وعاصم بن أبي النجود حسن الحديث، وباقي السند رجاله رجال الصحيح . أبو صالح: هو ذكوان السمان المدني . وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 345/1 .وأخرجه أحمد 4/96 عن أسود بن عامر، والطبراني 19/769 من طريق يحيى بن الحماني، كلاهما عن أبي بكر بن عياش، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ اعْتِقَادِ الْمَرْءِ الْإِمَامَ الَّذِي يُطِيعُ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا فِي اَسْبَابِهِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی ایسے حکمران پر اعتقاد کو ترک کر دے جو اپنے معاملات میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتا ہو

**4573** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رِفَاعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ مَاتَ وَلَيْسَ لَهُ اِمَامٌ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاتَ مِيْتَةً الْجَاهِلِيَّةِ مَعْنَاهُ: مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَعْتَقِدْ اَنَّ لَهُ اِمَامًا يَدْعُو النَّاسَ اِلٰى طَاعَةِ اللّٰهِ حَتّٰى يَكُوْنَ قِوَامُ الْاِسْلَامِ بِهِ عِنْدَ الْحَوَادِثِ، وَالنَّوَازِلِ، مُقْتَنِعًا فِي الْاِنْقِيَادِ عَلٰى مَنْ لَيْسَ نَعْتُهُ مَا وَصَفْنَا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: ظَاهِرُ الْخَبَرِ اَنَّ مَنْ مَاتَ وَلَيْسَ لَهُ اِمَامٌ، يُرِيْدُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ مِيْتَةً الْجَاهِلِيَّةِ، لِاَنَّ اِمَامَ اَهْلِ الْاَرْضِ فِي الدُّنْيَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ اِمَامَتَهُ اَوِ اعْتَقَدَ اِمَامًا غَيْرَهُ مُؤْثِرًا قَوْلَهُ عَلٰى قَوْلِهِ ثُمَّ مَاتَ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً

❁❁ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص ایسی حالت میں مرے اس کا کوئی امام نہ ہو (یعنی وہ کسی مسلمان حکمران کا فرمانبردار نہ ہو) تو وہ شخص زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "وہ شخص زمانہ جاہلیت کی سی موت مرتا ہے" اس سے مراد یہ ہے: جو شخص ایسی حالت میں انتقال کرے کہ وہ اس بات کا اعتقاد نہ رکھتا ہو کہ اس کا کوئی ایسا امام ہے' جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی طرف دعوت دیتا ہے اور حادثات اور مشکلات پیش آنے پر اسلام کی بنیادوں کی حفاظت کرتا ہے اور وہ شخص اس کی پیروی کرتا ہے' جس کی وہ صفت نہ ہو' جو ہم نے بیان کی ہے' تو ایسا شخص زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے' جو شخص ایسی حالت میں انتقال کر جائے کہ اس کا کوئی امام نہ ہو اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: وہ شخص زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے اس کی وجہ یہ ہے: اہل زمین کے امام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت کا علم نہیں رکھتا یا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی دوسرے امام کا معتقد ہوتا ہے اور اس کے قول کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر ترجیح دیتا ہے پھر وہ شخص اسی حالت میں مر جاتا ہے' تو ایسا شخص زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ النَّصِيحَةِ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ لِنَفْسِهِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں اپنی ذات اور عام مسلمانوں کی خیر خواہی کو لازم پکڑے

**4574** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ مِنْ بَنِیْ لَيْثٍ، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): اَلدِّيْنُ النَّصِيحَةُ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهٖ، وَلِرَسُوْلِهٖ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ، اَوْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ، وَعَامَّتِهِمْ

❁❁ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"دین خیر خواہی کا نام ہے"۔ یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی لوگوں نے دریافت کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کس کی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی اس کی کتاب کی اس کے رسول کی مسلمانوں کے حکمرانوں کی (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) مومنوں کے حکمرانوں کی اور ان کے عام افراد کی (خیر خواہی کرنا)"

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ النَّصِيحَةِ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ لِنَفْسِهِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' اللہ کے دین کے بارے میں اپنی ذات اور عامۃ المسلمین کے لیے خیر خواہی کو لازم پکڑے

**4575** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ بَنَانَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ بَنَانَ، بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُون

---

4574– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أبو عوانة 1/37، والطبرانى 1261 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوٗد 4944 فى الأدب: باب فى نصيحة، وأبو عوانة 1/37، والطبرانى 1262 و1264 و1265 و1266 و1267 من طرق عن سيل بن أبى صالح، بِهٖ . وانظر ما بعده .

4575– إسناده صحيح، محمد بن ميمون البزار روى له الترمذى والنسائى وابن ماجة، وهو صدوق، ومن فوقه من رجال الصحيح، وانظر ما قبله . وأخرجه الحميدى 837، وأحمد 4/102، ومسلم 55 فى الإيمان: باب بيان أن الدين النصيحة، والنسائى 7/156 و156–157 فى البيعة: باب النصيحة للإمام، وأبو عوانة 1/36 و37، والطبرانى 1260 و1263، والبغوى 3514 من طرق عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْبَزَّازُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، قَالَ: ثُمَّ لَقِيتُ سُهَيْلًا، فَقُلْتُ لَهُ: اَرَاَيْتَ حَدِيثًا كَانَ يُحَدِّثُ عَمْرٌو، عَنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيكَ، سَمِعْتَهُ مِنْ اَبِيكَ، قَالَ سَمِعْتُهُ مِنَ الَّذِي سَمِعَهُ مِنْهُ اَبِي، صِدِّيقٍ لِاَبِي، كَانَ يَاتِي مِنَ الشَّامِ، يُقَالُ لَهُ: عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ سَمِعْتُهُ اَخْبَرَ ذٰلِكَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلَا اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، اَلَا اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، اَلَا اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ؟، قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''خبردار! دین خیرخواہی کا نام ہے خبردار بے شک دین خیرخواہی کا نام ہے۔ خبردار! بے شک دین خیرخواہی کا نام ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کس کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی' اس کی کتاب کی' اس کے رسول کی' مسلمان حکمرانوں کی اور ان کے عام افراد کی (خیرخواہی کرنا)''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ مَا عَلَيْهِ جَمَاعَةُ الْمُسْلِمِينَ وَتَرْكِ الِانْفِرَادِ عَنْهُمْ بِتَرْكِ الْجَمَاعَاتِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنے کو لازمی طور پر اختیار کرے اور جماعت کو چھوڑ کر انفرادی طور پر رہنے کو ترک کرے

**4576** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْزَةَ الْمَعْوَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَامِي فِيكُمُ الْيَوْمَ، فَقَالَ: اَلَا اَحْسِنُوا اِلٰى اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَشْهَدَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّهَادَةِ لَا يُسْاَلُهَا، وَيَحْلِفُ الرَّجُلُ عَلَى الْيَمِينِ لَا يُسْاَلُهَا، فَمَنْ اَرَادَ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ

4576- علي بن حمزة المعولي ترجم له المؤلف في "الثقات8/466"، وقال: مستقيم الحديث. والمَعْوَلي: نسبة إلى مَعولة بن شمس بن عمرو بن غنم بن غالب بن عثمان بطن من الأزد، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وقد صرح عبد الملك بن عمير بالتحديث عند أبي يعلى فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه الطيالسي ص7، وأحمد 1/26، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 8/15 من طرق عن جرير بن حازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/18، والترمذي 2165 في الفتن: باب ما جاء في لزوم الجماعة، والحاكم 1/114 من طريق عن محمد بن سوقة، عن عبد الله بن دينار، عن ابن عمر، عن أبيه، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه الحاكم 1/114-115 من طريق عامر بن سعد بن أبي وقاص، عن أبيه، عن عمر، به. وأخرجه الحميدي 32 من طريق سليمان بن يسار، عن أبيه، عن عمر، به. وأخرج قطعة منه أبو يعلى 201 و202 من طريقين عن حماد، عن عبد الله بن المختار، عن عبد الملك بن عمير، عن عبد الله بن الزبير، عن عمر.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْجَمَاعَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ أَبْعَدُ، وَلَا يَخْلُوَنَّ أَحَدُكُمْ بِامْرَأَةٍ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا، وَمَنْ سَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ، وَسَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

✿✿ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ''جابیہ'' کے مقام پر ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ہمارے درمیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کھڑے ہوئے تھے جس طرح آج میں تمہارے درمیان کھڑا ہوا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار! میرے ساتھیوں کے ساتھ اچھائی کرنا پھر ان کے بعد والے لوگ ہیں پھر ان کے بعد جھوٹ پھیل جائے گا' یہاں تک کہ کوئی آدمی گواہی دے گا حالانکہ اس سے گواہی نہیں مانگی گئی ہوگی اور کوئی شخص قسم اٹھالے گا حالانکہ اس سے اس کا مطالبہ نہیں کیا گیا ہوگا' تو تم میں سے جو شخص جنت میں داخل ہونا چاہتا ہو وہ (مسلمانوں کی) جماعت کو لازم پکڑ لے' کیونکہ شیطان ایک شخص کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دو آدمیوں سے زیادہ دور ہوتا ہے اور کوئی بھی شخص کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں ہرگز نہ ہو' کیونکہ ان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوگا اور جس شخص کو برائی بری لگتی ہو اور اچھائی اچھی لگتی ہو وہ مومن ہے۔

## ذِكْرُ إِثْبَاتِ مَعُونَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَمَاعَةَ، وَإِعَانَةِ الشَّيْطَانِ مَنْ فَارَقَهَا

## اللہ تعالیٰ کا جماعت کی مدد کرنے کے اثبات کا تذکرہ اور جو شخص جماعت سے الگ ہوتا ہے شیطان کا اس کی مدد کرنا

**4577** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَرْفَجَةَ بْنِ شُرَيْحٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): سَيَكُونُ بَعْدِي هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ، فَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ أَوْ يُرِيدُ أَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمْرُهُمْ جَمِيعٌ، فَاقْتُلُوهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ، فَإِنَّ يَدَ اللّٰهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ، وَإِنَّ الشَّيْطَانَ

4577- إسناده صحيح، موسى بن عبد الرحمٰن المسروقي روى له أصحاب السنن وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الصحيح، ويحيى بن أيوب: هو ابن أبي زرعة البجلي علق له البخاري وروى له أبو داوٗد والترمذي، وقال ابن معين ويعقوب بن سفيان: لا بأس به، ووثقه الآجري والبزار، وباقي السند من رجال الصحيح . عرفجة بن شريح ويقال: ابن صريح، ويقال: ابن شريك، ويقال: ابن شراحيل: صحابي نزل الكوفة، وليس له في الكتب الستة غير هذا الحديث .وأخرجه مسلم 1852 في الإمارة: باب حكم من فرق أمر المسلمين وهو مجتمع، والنسائي 7/92-93 في تحريم: باب قتل من فارق الجماعة، وأبو داوٗد 4762 في السنة: باب في قتل الخوارج، وابن أبي عاصم في "الآحاد والمثاني "، وأحمد 4/261 و341 و5/23، وعبد الرزاق 20714، والطبراني 17/354 و355 و356 و357 و358 و359 و360 و361 و362 و363 و364 و368 من طرق عن زياد بن علاقة، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 2/156، ووافقه البيهقي .وله طرق أخرى عن عرفجة عند الطبراني 17/365 و366 و367 .وهنات: أي حوادث وفتن وشرور وفساد .قال الإمام النووي في "شرح مسلم" 12/241: فيه الأمر بقتال من خرج على الإمام، أو أراد تفريق كلمة المسلمين ونحو ذلك، وينهى عن ذلك، فإن لم ينته قُتِلَ، وإن لم يندفع شرُّه إلا بقتله، فَقُتِلَ كان هدراً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَعَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ يَرْتَكِضُ

حضرت عرفجہ بن شریح اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''عنقریب میرے بعد مختلف طرح کے فتنے ہوں گے تو جس شخص کو تم دیکھو کہ (مسلمانوں کی) جماعت سے الگ ہو گیا ہے یا وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے درمیان تفرقہ پیدا کرنا چاہتا ہے جب کہ وہ لوگ اکٹھے ہوں تو تم اسے قتل کر دو خواہ وہ جہاں کہیں بھی ہو بے شک اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور بے شک شیطان اس شخص کے ساتھ ہوتا ہے جو (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدگی اختیار کرتا ہے''۔

## ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَوْتِ الْجَاهِلِيَّةِ بِالْمُفَارِقِ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ

## مسلمانوں کی جماعت سے علیحدگی اختیار کرنے والے کے لیے جاہلیت کی موت کے اثبات کا تذکرہ

**4578** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، اَتَى ابْنَ مُطِيعٍ لَيَالِيَ الْحَرَّةِ، فَقَالَ: ضَعُوا لِاَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وِسَادَةً، فَقَالَ: اِنِّي لَمْ آتِ لِاَجْلِسَ، اِنَّمَا جِئْتُ لِاُكَلِّمَكَ كَلِمَتَيْنِ سَمِعْتُهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ نَزَعَ يَدًا مِنْ طَاعَةٍ لَمْ تَكُنْ لَهُ حُجَّةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ مَاتَ مُفَارِقَ الْجَمَاعَةِ، فَاِنَّهُ يَمُوْتُ مَوْتَةَ الْجَاهِلِيَّةِ

زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ''حرہ'' کی راتوں میں ابن مطیع کے پاس تشریف لائے تو انہوں نے کہا: ابوعبدالرحمٰن (یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کیلئے تکیہ لگاؤ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہاں بیٹھنے کیلئے نہیں آیا ہوں میں تمہارے ساتھ دو باتیں کرنے کیلئے آیا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص (حاکم وقت کی) اطاعت وفرمانبرداری سے ہاتھ کھینچ لے قیامت کے دن اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی اور جو شخص (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہو کر مرے وہ زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے''۔

---

4578- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير ابن عجلان، فقد روى له مسلم متابعة، والبخاري تعليقاً، وهو صدوق . وابن مطيع: هو عبد الله بن مطيع بن الأسود العدوي القرشي، ولد فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وجاء به أبوه فحنكه بتمرة وسماه عبد الله، ودعا له بالبركة، وكان من رجال قريش شجاعة ونجدة وجلداً وأخرجه أيضاً 2/93 عن عفان، عن خالد بن الحارث، عن ابن عجلان، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/70 و83 و123 و133 و154، ومسلم 1851 من طرق عن زيد بن أسلم، بِهِ . وأخرجه أحمد 2/111، ومسلم 1851، والحاكم 1/77 و177 من طرق عن نافع، عن ابن عمر .وأخرجه البيهقي 8/156 من طريق نافع وسالم، عن ابن عمر .وأخرجه الطبراني 13278 من طريق عبد الله بن مسلم بن جندب، عن أبيه، عن ابن عمر .وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 5/144 من طريق العطاف بن خالد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

## ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَوْتِ الْجَاهِلِيَّةِ عَلٰى مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ

## ایسے شخص کے لیے جاہلیت کی موت کے اثبات کا تذکرہ جو کسی گمراہی کے جھنڈے تلے مارا جاتا ہے

**4579** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ جُنْدُبٍ الْبَجَلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ:

(متن حدیث): مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ فَقَتْلُهُ قِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

✿✿ حضرت جندب بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص گمراہی کے جھنڈے تلے مارا جائے وہ زمانہ جاہلیت کی موت مارا جاتا ہے''۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الرَّايَةِ الْعِمِّيَّةِ الَّتِي اَثْبَتَ لِمَنْ قُتِلَ تَحْتَهَا بِهٰذَا الِاسْمِ

## گمراہی کے جھنڈے کی اس صفت کا تذکرہ جس کے نیچے مارے جانے والے شخص کے لیے اس نام کا اثبات کیا گیا

**4580** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَهُوَ شَاكٍ، فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي حَدِيثَ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ سَمِعْتُ غَيْلَانَ وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ، وَلٰكِنْ حَدَّثَنِي اَيُّوبُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ الْقَيْسِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ، وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ فَمِيتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ، وَمَنْ خَرَجَ عَلٰى اُمَّتِي

---

4579– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عمران القطان، وهو عمران بن داوُد العمى البصرى، فقد علّق له البخارى، وروى له أصحاب السنن، وهو حسن الحديث . أبو داوُد: هو الطيالسى سليمان بن داوُد، والحديث فى "مسنده" 1259، ومن طريقه أخرجه الطبرانى 1671 . وأبو مجلز: هو لاحق بن حميد . وأخرجه النسائى 7/123 فى تحريم الدم: باب التغليظ فيمن قاتل تحت راية عمية، من طريق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، بِهِ . وأخرجه مسلم 1850 من طريق المعتمر: عن أبيه، عن أبى مجلز، عن جندب، وعِمية: فِعْلية من العماء : الضلالة كالقتال فى العصبية والأهواء . قال الإمام أحمد: إنها كالأمر الأعمى لا يستبين وجهه

4580– إسناده صحيح، عمر بن يزيد اليسارى، روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات" 8/446 وقال: مستقيم الحديث، وذكر أنه مات سنة بضع وأربعين ومئتين، وقال الدارقطنى: لا بأس به، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير زياد بن رِياح فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم 1848 فى الإمارة: باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين . . .، عن عبيد الله بن عمر القواريرى، عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/296 و306 و488، ومسلم 1848 54، والنسائى 7/123 فى تحريم الدم: باب التغليظ فى من قاتل تحت راية عميّة، وابن ماجة 3948 فى الفتن: باب العصبية، والبيهقى 8/156 من طرق عن غيلان بن جرير، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


يَضْرِبُ بَرَّهَا، وَفَاجِرَهَا، لَا يَتَحَاشَى مِنْ مُؤْمِنِهَا، وَلَا يَفِي بِذِي عَهْدِهَا، فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ، وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يُقَاتِلُ لِعَصَبَةٍ، اَوْ يَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ، فَقَتْلُهُ قِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص (حاکم وقت کی) اطاعت سے نکل گیا اور اس نے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدگی اختیار کی اور پھر وہ (اسی حالت میں) مرجائے' تو وہ زمانہ جاہلیت کی موت مرتا ہے اور جو شخص میری امت پر خروج کر کے ہر نیک اور گنہگار کو مارنا شروع کر دیتا ہے وہ مومن کو چھوڑتا نہیں ہے اور معاہدے (یعنی ذمی کے ساتھ کیے جانے والے معاہدے کو) پورا نہیں کرتا تو ایسا شخص زمانہ جاہلیت کی طرح قتل ہوتا ہے اور جو شخص کسی گمراہی کے جھنڈے تلے کسی گروہ کی تائید میں لڑائی کرتا ہے یا کسی گروہ کے حق میں ناراض ہوتا ہے (اور جنگ کرتے ہوئے مارا جاتا ہے) تو اس کا قتل زمانہ جاہلیت کا قتل ہوگا''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ طَاعَةَ الْقُرَشِيِّينَ مِنَ الْاَئِمَّةِ اِذَا عَدَلُوا فِي الرَّعِيَّةِ وَاَقَامُوا الْحَقَّ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ قریشی حکمرانوں کی فرمانبرداری کرے جب وہ اپنی رعایا کے بارے میں انصاف سے کام لیتے ہوں اور حق کو قائم رکھیں

**4581** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَيَّاضُ بْنُ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِي عَلَى قُرَيْشٍ حَقًّا، وَاِنَّ لِقُرَيْشٍ عَلَيْكُمْ حَقًّا مَا حَكَمُوا، وَعَدَلُوا، وَائْتُمِنُوا، فَاَدَّوْا وَاسْتُرْحِمُوا، فَرَحِمُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک میرا قریش پر حق ہے اور قریش کا تم لوگوں پر حق ہے' جب وہ فیصلہ کرتے ہوئے انصاف سے کام لیں اور انہیں امانت سپرد کی جائے' تو اسے ادا کریں اور جب ان سے رحم مانگا جائے' تو وہ رحم کریں' جو شخص ایسا نہیں کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی''۔

---

4581– فياض بن زهير ذكره المؤلف في "الثقات" 9/11، فقال: من أهل نسا، يروي عن وكيع بن الجراح، وجعفر بن عون، حدثنا عنه محمد بن أحمد بن أبي عون وغيره منْ شيوخنا، مات بعد سنة خمسين ومئتين، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" 19902. ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/270، وذكره الهيثمي في "المجمع" 5/192 وزاد نسبته إلى الطبراني في "الأوسط"، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح. وسيرد عند المصنف برقم 4584.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّفْدِىَ اِمَامَهُ بِنَفْسِهِ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی ذات کو اپنے امام پر فدا کرے

**4582** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ كَانَ يَرْمِى بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنْ خَلْفِهِ لِيَنْظُرَ اَيْنَ يَقَعُ نَبْلُهُ، فَيَتَطَاوَلُ اَبُوْ طَلْحَةَ بِصَدْرِهٖ يَتَّقِى بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: هٰكَذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ جَعَلَنِى اللّٰهُ فِدَاكَ نَحْرِى دُوْنَ نَحْرِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کھڑے ہو کر تیر پھینک رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے سے سر اٹھا کر یہ دیکھنا چاہا کہ ان کا تیر کہاں گرتا ہے تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے سینے کو پھیلا لیا تا کہ اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچائیں انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح رہیں (یعنی میرے پیچھے رہیں) اللہ تعالیٰ مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے میں ان کے سامنے رہتا ہوں۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّوَقِّرَ اِمَامَهُ وَيُعَظِّمَهُ جُهْدَهُ، وَاِنْ كَانَ فِىْ قَوْلِهٖ لِمَنْ قَصَدَ ضِدَّهُ مَا لَا يُوْجِبُ الْحُكْمَ ذٰلِكَ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنے امام کی تعظیم وتوقیر میں بھرپور کوشش کرے

اگرچہ اس کے قول میں کوئی ایسی چیز ہو جو اس حکم کو لازم نہ کرتی ہو اس شخص کے لیے جس نے اس کے برعکس (یعنی تعظیم وتوقیر کے برعکس) کا قصد کیا ہو

**4583** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ،

---

4582- إسناده صحيح على شرط مسلم . الحسن بن عيسى: هو ابن ماسَرْجس النيسابوري مولى عبد الله بن المبارك من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الحاكم 3/353 من طريق علي ين الحسن بن شقيق، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد، وصححه على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 3/105 و206، وأبو يعلى 3778 من طريقين عن حميد، به . وأخرجه مطولاً البخاري 3811 في مناقب الأنصار: باب مناقب أبي طلحة رضي الله عنه، و 4064 في المغازي: باب ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا﴾، ومسلم 1811 في الجهاد: باب غزوة النساء مع الرجال، وأبو يعلى 3921، والبيهقي 9/30 من طريق عبد الوارث، عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس . وأخرجه ابن سعد 3/506، وأحمد 3/286-287، وأبو يعلى 3412 من طريقين عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس . وأخرجه أحمد 3/265، والبخاري 2902 في الجهاد: باب المجن ومن يتّرس بترس صاحبه، من طريق ابن المبارك، عن الأوزاعي، عن إسحاق بن أبي طلحة، عن أنس . وسيأتي برقم 7137 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّـهُ كَـانَ قَائِمًا عَلٰى رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسَّيْفِ، وَهُوَ مُلَثَّمٌ، وَعِنْدَهُ عُرْوَةُ، قَالَ: فَجَعَلَ عُرْوَةُ يَتَنَاوَلُ لِحْيَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُحَدِّثُهُ، قَالَ: فَقَالَ الْمُغِيرَةُ لِعُرْوَةَ: لَتَكُفَّنَّ يَدَكَ عَنْ لِحْيَتِهِ، اَوْ لَا تَرْجِعُ اِلَيْكَ، قَالَ: فَقَالَ عُرْوَةُ: مَنْ هٰذَا؟، قَالَ: هٰذَا ابْنُ اَخِيكَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَقَالَ عُرْوَةُ: يَا غُدَرُ، مَا غَسَلْتَ رَاْسَكَ مِنْ غَدْرَتِكَ بَعْدُ

❀❀ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ تلوار لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوئے انہوں نے منہ پر کپڑا لپیٹا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (قریش کا سردار) عروہ موجود تھا عروہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی کی طرف ہاتھ بڑھایا تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے عروہ سے کہا: یا تو تم اپنا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی سے پیچھے کرلو یا پھر یہ تمہارے پاس صحیح سلامت واپس نہیں جائے گا۔ عروہ نے دریافت کیا: یہ کون شخص ہے' تو انہوں نے کہا: یہ تمہارا بھتیجا مغیرہ بن شعبہ ہے' تو عروہ نے کہا: اے وعدہ خلاف! تم نے اپنی وعدہ خلافی کے بعد اپنا سر نہیں دھویا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَقَّ اِنَّمَا يَجِبُ لِلْاُمَرَاءِ عَلَى الرَّعِيَّةِ اِذَا رَعَوْهُمْ فِي الْاَسْبَابِ وَالْاَوْقَاتِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' حکمرانوں کا رعایا پر حق ہوتا ہے جب وہ ان کے معاملات اور امور زندگی میں ان کا خیال رکھیں

**4584** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِي عَلَى قُرَيْشٍ حَقًّا، وَاِنَّ لِقُرَيْشٍ عَلَيْكُمْ حَقًّا، مَا حَكَمُوْا فَعَدَلُوْا، وَائْتُمِنُوْا فَاَدَّوْا، وَاسْتُرْحِمُوْا فَرَحِمُوْا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"میرا قریش پر حق ہے اور قریش کا تم لوگوں پر ہے' جب تک وہ فیصلہ کرتے ہوئے انصاف سے کام لیں اور جب ان کے سپرد امانت کی جائے تو اسے ادا کریں اور جب ان سے رحم طلب کیا جائے' تو رحم کریں"۔

---

4583- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو عمار: هو الحسين بن حريث الخزاعي .وهو قطعة من حديث مطول أخرجه عبد الرزاق في "المصنف9720"، ومن طريق أخرجه أحمد 4/328-331، والبخاري 2731 في الشروط، والبيهقي في "السنن" 5/215 و9/218-221، وفي "الدلائل" 4/99-108 عن معمر، عن الزهري، عن عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ومروان . . . وفيه: وكان المغيرة صَحِبَ قَوْمًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَتَلَهُمْ وَاَخَذَ اَمْوَالَهُمْ، ثم جاء فأسلم، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَمَّا الْإِسْلَامُ فَاَقْبَلُ، وَاَمَّا الْمَالُ، فَلَسْتُ مِنْهُ فِي شَيْءٍ " .وأخرجه مطولاً ومختصراً أبو داوُد 2765 و4655، والنسائي 5/169-170 من طريق محمد بن ثور، عن معمر، به .

4584- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر 4581 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ اسْتِعْمَالَ مَا يَقُوْلُ الْاُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ مِّنَ الْخَيْرِ وَتَرْكَ اَفْعَالِهِمْ اِذَا خَالَفُوْهُمْ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ، قریش کے حکمران جو بھی بھلائی کی بات کہتے ہیں آدمی کو اس پر عمل کرنا چاہئے اور جب وہ اس کے برخلاف بات کریں' تو ان کے افعال کو ترک کردینا چاہئے

**4585** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَهْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَيْنِ سَمِعْتُهُمَا مَا اُحِبُّ اَنَّ لِيْ بِوَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، اِحْدَاهُمَا مِنَ النَّجَاشِيِّ، وَالْاُخْرَى مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَّا الَّتِيْ سَمِعْتُهَا مِنَ النَّجَاشِيِّ: فَاِنَّا كُنَّا عِنْدَهُ اِذْ جَاءَهُ ابْنٌ لَهُ مِنَ الْكُتَّابِ، فَعَرَضَ لَوْحَهُ، قَالَ: وَكُنْتُ اَفْهَمُ بَعْضَ كَلَامِهِمْ، فَمَرَّ بِآيَةٍ، فَضَحِكْتُ، فَقَالَ: مَا الَّذِيْ اَضْحَكَكَ؟ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، لَاُنْزِلَتْ مِنْ عِنْدِ ذِي الْعَرْشِ اِنَّ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَالَ: اِنَّ اللَّعْنَةَ تَكُوْنُ فِي الْاَرْضِ اِذَا كَانَتْ اِمَارَةُ الصِّبْيَانِ، وَالَّذِيْ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: اسْمَعُوْا مِنْ قُرَيْشٍ وَدَعُوْا فِعْلَهُمْ

❀❀ حضرت عامر بن شہر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے دو کلمات سنے ہیں مجھے یہ بات پسند نہیں ہے' ان میں سے کسی ایک کلمے کے عوض میں مجھے دنیا اور اس میں موجود سب چیزیں مل جائیں ان میں سے ایک نجاشی کی زبانی سنا ہے اور دوسرا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنا ہے' جہاں تک اس کلمے کا تعلق ہے جو میں نے نجاشی کی زبانی سنا ہے' تو وہ یوں ہے' میں نجاشی کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسی دوران اس کا بیٹا مدرسے سے اس کے پاس آیا اس لڑکے نے اپنی تختی اس کے سامنے پیش کی حضرت عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ان کا کچھ کلام سمجھ لیتا تھا جب وہ ایک آیت کے پاس سے گزرے تو مجھے ہنسی آ گئی نجاشی نے دریافت کیا: تم کس بات پر ہنسے ہو؟ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے عرش والی ذات کی طرف سے یہ بات نازل ہوئی ہے' حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اس سرزمین پر لعنت ہوتی ہے جہاں بچوں کی حکومت ہو۔

---

4585– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . وأخرجه أحمد 3/428 من طريق محمد بن مسلم بن أبي الوضاح، عن إسماعيل بن أبي خالد ومجالد بن سعيد، كلاهما عن الشعبي، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو يعلى 6864 من طريق أبي أسامة، عن مجالد، عن الشعبي، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/260 عن عبد الرزاق، عن ابن عيينة، عن مجالد، عن الشعبي . وأخرجه أيضا من طريق شريك عن إسماعيل، عن عطاء، عن عامر بن شهر .وعامر بن شهر: هو الهمداني، ويقال: البكيلي، ويقال: الناعطي: وهما بطنان من همدان، يكنى أبا شهر، كان أحد عمال النبي صلى الله عليه وسلم على اليمن، وهو أول من اعترض على الأسود العنسي لما ادَّعى النبوة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

(حضرت عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''قریش کی فرمانبرداری کرو اور ان کے ذاتی عمل کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ ظُهُوْرِ أُمَرَاءِ السُّوْءِ مُجَانَبَتِهِمْ فِي الْأَحْوَالِ وَالْأَسْبَابِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے برے حکمرانوں کے ظہور کے وقت احوال اور اسباب میں لاتعلقی اختیار کرے

**4586** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِيَاسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيَأْتِيَنَّ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُقَرِّبُونَ شِرَارَ النَّاسِ، وَيُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَلَا يَكُونَنَّ عَرِيفًا، وَلَا شُرْطِيًّا، وَلَا جَابِيًا، وَلَا خَازِنًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب تم پر ایسے حکمران آئیں گے جو لوگوں میں سے برے لوگوں کو اپنا مقرب بنائیں گے وہ نماز کو اس کے وقت سے مؤخر کر کے ادا کریں گے تم میں سے جو شخص ان کا زمانہ پالے' تو وہ سرکاری اہل کار یا سپاہی یا ملازم یا خزانچی نہ بنے''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ ظُهُوْرِ الْجَوْرِ أَدَاءَ الْحَقِّ الَّذِي عَلَيْهِ دُوْنَ الْاِمْتِنَاعِ عَلَى الْأُمَرَاءِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' ظلم کے ظہور کے وقت وہ اس حق کو ادا کرے جو اس کے ذمے لازم ہے اور حکمرانوں کے خلاف بغاوت نہ کرے

4586- إسناده ضعيف، عبد الرحمٰن بن مسعود: هو اليشكري، لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلِّف . 5/106، ولم يرو عنه غير جعفر بن إياس، مترجم عند ابن أبي حاتم 5/285، و"التعجيل" ص258، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح . وهو في "مسند أبي يعلى" 115 . وتوثيق الهيثمي في "المجمع" 5/240 لعبد الرحمٰن بن مسعود لا سلف له بذلك غير المؤلف . ووقع اسمه في "موارد الظمآن" 1558: عبد الرحمٰن بن عبد الله بن مسعود وهو تحريف، ولم يتنبه له الشيخ ناصر في "صحيحه" 360 فوثّقه بناءً على ذلك .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4587 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّهَا سَتَكُوْنُ اَثَرَةٌ وَّاُمُورٌ تُنْكِرُونَهَا، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا تَاْمُرُنَا؟، قَالَ: تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْكُمْ، وَتَسْاَلُوْنَ الَّذِي لَكُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب (تمہارے ساتھ) ترجیحی سلوک بھی ہوگا اور کچھ ایسی چیزیں بھی آئیں گی جو تمہیں ناپسند ہوں گی۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (ایسی صورت حال کے بارے میں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس فرض کو ادا کرنا جو تمہارے ذمے لازم ہے اور جو تمہارا حق ہے اس کا تم مطالبہ کرنا''۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْخُرُوجِ عَلَى الْاَئِمَّةِ بِالسِّلَاحِ وَاِنْ جَارُوا

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی ہتھیار لے کر حکمرانوں کے خلاف بغاوت کرے' اگرچہ وہ حکمران ظلم کرتے ہوں

4588 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4587– حديث صحيح، محمد بن عصام بن يزيد ذكره ابن أبي حاتم 8/53، ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وقال أبو نعيم في "تاريخ أصبهان" 2/186: ولم يرو عن غير أبيه شيئاً، وكان عند أبيه أربعون صحيفة ولم يسمع منها ابنه محمد إلا أربع صحائف، وأبوه ذكره المصنف في "ثقاته" 8/520، فقال: عِصَامِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ . عجلان مولى مرة الطيب من أهل الكوفة، سكن أصبهان، ولقب عصام جبّر يروي عن الثوري ومالك بن مغول، روى عنه ابنه محمد بن عصام، يتفرد ويخالف، وكان صدوقاً حديثه عند الأصبهانيين . قلت: له ترجمة في "تاريخ أصبهان" لأبي الشيخ ورقة 92، وفي "أخبار أصبهان" 2/138 لأبي نعيم، والجرح والتعديل 7/26 لابن أبي حاتم، وكان من أجلة أصحاب الثوري، يقوم بخدمته، ويسأله عن المسائل، وقد بعث به الثور إلى المهدي في رسالة، فعرض عليه المهدي تِبراً فلم يقبله، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه البخاري 3603 في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، عن محمد بن كثير، وأحمد 1/428، والطبراني 1073 من طريق مؤمل، كلاهما عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 7052 في الفتن: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "سترون بعدي أموراً تكرهونها"، ومسلم 1843 في الإمارة: باب وجوب الوفاء ببيعة الخلفاء الأول فالأول، والترمذي 2190 في الفتن: باب الأثرة وما جاء فيها، وأحمد 1/384 و433، والبيهقي 8/157، والبغوي 2462 من طرق عن الأعمش، بِهِ .

4588– إسناده حسن على شرط مسلم، عكرمة بن عمار فيه كلام ينزله عن رتبة . الصحيح، وأبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك .وأخرجه الطبراني 6242 عن أبي خليفة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 99 في الإيمان: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "مَن حمل علينا السلاح فليس منا"، عن أبي بكر بن أبي شيبة وابن نمير، عن مصعب بن المقدام، عن عكرمة بن عمار، بِهِ . ولفظه "من سلّ علينا السيف فليس منا" .وأخرجه أحمد 4/46 و54، والطبراني 6249 و6251، والبغوي 2565 من طرق عن إياس بن سلمة، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِیَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَکْوَعِ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَمَلَ عَلَیْنَا السِّلَاحَ فَلَیْسَ مِنَّا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو ہم پر ہتھیار اٹھاتا ہے وہ ہم میں سے نہیں"۔

## ذِکْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْخُرُوْجِ عَلٰی اُمَرَاءِ السُّوْءِ، وَاِنْ جَارُوْا بَعْدَ اَنْ یُّکْرَهُ بِالْخَلَدِ مَا یَاْتُوْنَ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، برے حکمرانوں کے خلاف خروج کیا جائے، اگرچہ وہ ظلم کرتے ہوں اس کے بعد اسے ان کے کیے ہوئے عمل کو قبول کرنے پر مجبور کیا جائے

**4589** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِیْعَةَ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ قَرَظَةَ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خِیَارُکُمْ وَخِیَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَیُحِبُّوْنَکُمْ، وَیُصَلُّوْنَ عَلَیْکُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَیْهِمْ، وَشِرَارُکُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَیُبْغِضُوْنَکُمْ، وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَیَلْعَنُوْنَکُمْ، قِیْلَ: اَفَلَا نُنَابِذُهُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، مَا اَقَامُوا الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، اَلَا وَمَنْ لَهُ وَالٍ فَیَرَاهُ یَاْتِیْ شَیْئًا مِنْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ فَلْیَکْرَهْ مَا یَاْتِیْ مِنْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ، وَلَا یَنْزِعْ یَدًا مِنْ طَاعَتِهِ

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم میں سے بہترین لوگ اور تمہارے بہترین حکمران وہ لوگ ہیں، جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں وہ تمہارے لیے دعا رحمت کریں اور تم ان کے لیے دعاء رحمت کرو جبکہ تمہارے برے ترین افراد اور تمہارے برے حکمران وہ لوگ ہیں، جنہیں تم ناپسند کرو اور وہ تمہیں ناپسند کریں تم ان پر لعنت کرو اور وہ تم پر لعنت کریں۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم ان سے الگ نہ ہو جائیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں اس وقت تک (الگ نہ ہونا) جب تک وہ پانچ نمازیں ادا کریں۔ خبردار جس شخص کا کوئی نگران ہو اور وہ اس نگران کو دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا مرتکب ہو رہا ہے، تو وہ شخص اس نافرمانی کے ارتکاب کو ناپسند کرے، لیکن اس کی فرمانبرداری سے ہاتھ نہ کھینچے"۔

4589– إسناده قوی علی شرط مسلم .وأخرجه أحمد 6/24 و28، والدارمی 2/324، ومسلم 1855 فی الإمارة: باب خیار الأئمة وشرارها، وابن أبی عاصم فی "السنة" 1071 و1072، والبیهقی 8/158 من طریقین عن مسلم بن قرظة، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ الْخُرُوجِ عَلَى الْأُمَرَاءِ وَإِنْ جَارُوا

## اس بات کا تذکرہ، آدمی پر یہ بات لازم ہے، حکمرانوں کے خلاف خروج کو ترک کردے اگرچہ وہ لوگ ظلم کرتے ہوں

**4590** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ صَالِحٍ، بِاَنْطَاكِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُورُسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعَنُ بْنُ عِيسٰى، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قُورُسُ: قَرْيَةٌ مِّنْ قُرَى اِنْطَاكِيَةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس نے ہم پر ہتھیار اٹھایا وہ ہم میں سے نہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) قورس انطاکیہ کی ایک بستی ہے۔

---

4590- إسناده صحيح، من فوق إبراهيم بن محمد القُورسي ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 2/3 و16 و53 و142 و150، والطيالسي 1828، والبخاري 6874 في الديات: باب قول الله تعالى: (وَمَنْ اَحْيَاهَا)، و 7070 في الفتن: باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السلاح فليس منا "، ومسلم 98 في الإيمان: باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السلاح فليس منا"، والنسائي 7/117-118 في تحريم الدم: باب من شهر سيفه ثم وضعه في الناس، وابن ماجة 2576 في الحدود: باب من شهر السلاح، والطحاوي في "مشكل الآثار" 2/132-133، والبيهقي 8/20 من طرق عن نافع، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ فَضْلِ الْجِهَادِ

# باب: جہاد کی فضیلت

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ جِهَادَ الْفَرْضِ وَالنَّفَقَةِ فِيْهِ اَفْضَلُ مِنَ الطَّاعَاتِ الْاُخَرِ، وَاِنْ كَانَ فِيْ بَعْضِهَا فَرْضٌ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' فرض جہاد کرنا اور اس میں خرچ کرنا' دوسری تمام نیکیوں سے افضل عمل ہے' اگرچہ ان میں سے بعض نیکیاں فرض ہیں

**4591** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيرٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كُنْتُ عِنْدَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا اُبَالِيْ اَنْ (لَا) اَعْمَلَ عَمَلًا بَعْدَ (الْاِسْلَامِ اِلَّا اَنْ اَسْقِيَ الْحَاجَّ، وَقَالَ اٰخَرُ: مَا اُبَالِيْ اَنْ لَا اَعْمَلَ عَمَلًا بَعْدَ) الْاِسْلَامِ اِلَّا (اَنْ) اَعْمُرَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ، وَقَالَ اٰخَرُ: الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِمَّا قُلْتُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَوُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ) (التوبة: 19)

---

4591– حديث صحيح، محمد بن خالف الدارى روى عنه أبو داؤد وأبو مسهر وأبو حاتم الرازى، وأبو بكر بن أبى داؤد، وأبو الحسن بن جوصاء . ومعمر بن يعمر روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 1879 فى الإمارة: باب فضل الشهادة فى سبيل الله. .عن حسن بن على الحلوانى، عن أبى توبة، عن معاوية بن سلام، بهذا الإسناد .وأخرجه من طريق آخر عن معاوية بن سلام، به .وأخرجه البغوى فى "معالم التنزيل " 2/275 من طريق أبى داؤد السجستانى، عن أبى توبة، عن معاوية بن سلام، به .وأخرجه الطبرى فى "جامع البيان " 16557 عن أبى الوليد الدمشقى أحمد بن عبد الرحمٰن، حدثنا الوليد بن مسلم، حدثنا معاوية بن سلام، عن جده أبى سلام الأسود، عن النعمان بن بشير .وأورده السيوطى فى "الدر المنثور " 4/144، وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبى حاتم، والطبرانى، وأبى الشيخ، وابن مردويه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر کے پاس موجود تھا ایک شخص بولا: میں اس بات کی کوئی پروا نہیں کرتا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد میں کوئی اور عمل (نہ) کروں' ماسوائے اس بات کے کہ میں مسجد حرام کو آباد کروں' بیت اللہ کا حج کرنے یا عمرہ کرنے کیلئے جاؤں دوسرے شخص نے کہا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا اس چیز پر زیادہ فضیلت رکھتا ہے' جو تم نے بیان کی ہے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے کو اور مسجد حرام کو آباد کرنے کو اس شخص کی مانند قرار دے دیا ہے' جو اللہ پر ایمان رکھتا ہو اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اور اللہ کی راہ میں جہاد کرے' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ برابر نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نصیب نہیں کرتا''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْجِهَادَ لِمَنْ صَحَّتْ نِيَّتُهُ فِيْهِ يَقُوْمُ مَقَامَ الْهِجْرَةِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جس شخص کی نیت درست ہو اس کے لیے جہاد کرنا ہجرت کے قائم مقام ہے

**4592** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(مکہ کے) فتح ہونے کے بعد ہجرت باقی نہیں رہی البتہ جہاد اور نیت (باقی ہیں)''۔

---

4592- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيحين غير هشام بن خالد الأزرق، فقد روى له أبو داوٗد وابن ماجة، وهو صدوق .وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" 97/1، والقضاعي في "مسند الشهاب" 845 من طريق أبي الوليد القرشي، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 9713، وأحمد 1/226 و266 و315-316 و355، والدارمي 2/239، والبخاري 1834 في جزاء الصيد: باب لا يحل القتال بمكة، و2783 في الجهاد: باب فضل الجهاد، و 2825 باب وجوب النفير، و 3077 باب لا هجرة بعد الفتح، ومسلم 1353 في الحج: باب تحريم مكة وصيدها . . .، وفي الإمارة: باب المبايعة بعد فتح مكة، وأبو داوٗد 2480 في الجهاد: باب في الهجرة هل انقطعت؟ والترمذي 1590 في السير: باب ما جاء في الهجرة، والنسائي 7/146 في الجهاد: باب ذكر . الاختلاف في انقطاع الهجرة، وابن الجارود 1030، والطبراني 10944، والبيهقي 5/195 و9/16، والبغوي 2003، والقضاعي في "مسند الشهاب" 844 من طرق عن منصور، عن مجاهد، عن طاووس، عن ابن عباس .وفي الباب عن عائشة عند البخاري 3080 و3900 و4312، ومسلم 1864 .وعَنِ ابْنِ عُمَرَ عند البخاري 3899 و4309 و4310 و4311 .وعن أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/22 و5/187، والطيالسي 601 و967 و2205 . وعن مجاشع بن مسعود عند أحمد 3/468 و469، والبخاري 2962، ومسلم 1863 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِلْمُهَاجِرِ وَالْغَازِي عَلٰى اَيَّةِ حَالَةٍ اَدْرَكَتْهُمَا الْمَنِيَّةُ فِي قَصْدِهِمَا

## ہجرت کرنے والے شخص اور جنگ میں حصہ لینے والے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ' اگرچہ ان کے اس ارادے کے دوران انہیں کسی بھی حالت میں موت آجائے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور اس کے ہمراہ وہ دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسے شخص کو اجر نہیں ملے گا لوگوں کیلئے یہ بات بڑی پریشانی کا باعث بنی لوگوں نے اس شخص سے کہا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوبارہ یہ سوال کرو' ہوسکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمہارے مفہوم کا اندازہ نہ ہوسکا ہو۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کا ارادہ کرتا ہے اور دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کوئی اجر نہیں ملے گا لوگوں کیلئے یہ بات بڑی پریشانی کا باعث بنی انہوں نے اس شخص سے کہا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر یہ سوال کرو اس شخص نے تیسری مرتبہ سوال کیا کہ ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور وہ اس کے ذریعے دنیاوی فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کوئی اجر نہیں ملے گا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَاصِدَ فِیْ غَزَاتِهِ شَيْئًا مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ لَهُ مَقْصُوْدُهُ دُوْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ عَلَيْهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' اپنی جنگ میں (حصہ لیتے ہوئے) اس فنا ہو جانے والی دنیا کے ساز و سامان میں سے کسی بھی چیز کا قصد کرنے والے شخص کو اس کا مقصود ملتا ہے' اسے آخرت میں اس کا اجر نہیں ملے گا

**4638** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

4638- حديث حسن بشواهده، رجاله ثقات غير يحيى بن الوليد فلم يُوثّقهُ غير المؤلّف 5/523، ولم يروِ عنه غيرُ جبلة بن عطية، وقال ابن القطان: مجهول .

ـلـ هذا وهم من المؤلف رحمه الله، فإن يحيى بن الوليد هذا: هو حفيد عبادة بن الصامت لا ابن أخيه، فقد رواه أحمد 5/315 و230 و239، والدارمي 2/208، والنسائي 6/24 في الجهاد: باب من غزا في سبيل الله ولم ينو من غزاته إلا عقالاً، والحاكم 2/109، والبيهقي 6/331 من طرق عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ، عن يحيى بن الوليد عبادة بن الصامت، عن جده . . .وقد نقل الحافظ في "تهذيب التهذيب" 11/296 قول المؤلف هذا، وتعقبه بقوله: وفيما قاله نظر .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سَلَمَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ غَزَا وَلَا يَنْوِي فِي غَزَاتِهِ إِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوَى

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: هٰذَا يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الصَّامِتِ ابْنُ أَخِي عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص جنگ میں حصہ لے اور جنگ میں حصہ لیتے ہوئے اس کی نیت صرف ایک رسی کا حصول ہو' تو اسے وہی چیز ملے گی' جس کی اس نے نیت کی تھی"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کے راوی یحییٰ بن ولید بن صامت حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے بھتیجے ہیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ أَفْضَلَ الْجِهَادِ مَا رُزِقَ الْمَرْءُ فِيهِ الشَّهَادَةَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' سب سے افضل جہاد وہ ہے' جس میں آدمی کو شہادت نصیب ہو

4639 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْجِهَادِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَنْ يُعْقَرَ جَوَادُكَ، وَيُهْرَاقَ دَمُكَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا جہاد زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تمہارے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور تمہارا خون بہا دیا جائے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُعْطِي مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ، وَأُهْرِيقَ دَمُهُ مَا يُؤْتِي عِبَادَهُ الصَّالِحِينَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جس شخص کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں' اس کا خون بہا دیا جائے اللہ تعالیٰ اسے وہی اجر و ثواب عطا کرتا ہے' جو اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو عطا کرتا ہے

4640 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَائِذٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ،

4639– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي سفيان وهو طلحة بن نافع فمن رجال مسلم–، وأخرجه له البخاري مقروناً . وأخرجه أحمد 3/300 و302، والدارمي 2/20، والطيالسي 1777، والطبراني في "الصغير" 713 من طرق عن أبي سفيان، عن جابر .وأخرجه الحميدي 1276، وأبو يعلى 2081 عن سفيان، عن أبي الزبير، عن جابر .وأخرجه أحمد 3/346 و391 من طريقين عن أبي الزبير، به . وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/290–291 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُصَلِّی بِنَا، فَقَالَ حِینَ انْتَهٰی اِلَی الصَّفِّ: اللّٰهُمَّ آتِنِی اَفْضَلَ مَا تُؤْتِی عِبَادَكَ الصَّالِحِینَ، فَلَمَّا قَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ آنِفًا؟، فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا یَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِذًا یُعْقَرُ جَوَادُكَ، وَتُسْتَشْهَدُ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ

عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ہمیں نماز پڑھا رہے تھے جب وہ شخص صف تک پہنچا تو اس نے یہ دعا کی۔

"اے اللہ! تو نے اپنے نیک بندوں کو جو کچھ عطا کیا ہے اس میں سب سے زیادہ فضیلت والی چیز مجھے بھی عطا کر (یعنی مجھے سب سے زیادہ فضیلت والی چیز عطا کر) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: ابھی کس شخص نے کلام کیا تھا؟ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس صورت میں تمہارے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیے جائیں گے اور تمہیں اللہ کی راہ میں شہید کر دیا جائے گا"۔

4640– محمد بن مسلم بن عائذ ذكره المؤلف فی "الثقات"، وقال أبو حاتم: مجهول، وقال العجلی: ثقة، وأخرج حديثه ابن خزيمة والحاكم، وباقی السند رجاله رجال الصحيح . الدراوردی: هو عبد العزيز بن محمد .وأخرجه البخاری فی "التاريخ الكبير" 1/222، والنسائی فی "اليوم والليلة" 93، وأبو يعلى 697 و769، وابن السنی 105 من طرق عن عبد العزيز الدراوردی، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 1/207 بإسقاط محمد بن مسلم بن عائذ من سنده، من طريق إبراهيم بن حمزة الزبيری، حدثنا عبد العزيز بن محمد الدراوردی، عن سهيل بن أبی صالح، عن عامر بن سعد بن أبی وقاص، عن أبيه سعد . . . وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبی .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ فَضْلِ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت

**4641** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (متن حدیث): قَالَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ مَالِهٖ، دَعَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ اَیْ فُلُ هَلُمَّ هٰذَا خَيْرٌ مِرَارًا، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذَا الَّذِیْ لَا تَوٰی عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنِّیْ اَرْجُو اَنْ تَدْعُوكَ الْحَجَبَةُ كُلُّهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے (کسی بھی چیز کا) جوڑا خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان اسے پکار کر کہتے ہیں: اے فلاں دھیان کرو یہ چیز زیادہ بہتر ہے وہ ایسا کئی مرتبہ کہتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص پر تو کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے' تمہیں جنت کے تمام دربان بلائیں گے''۔

## ذِكْرُ مُنَافَسَةِ خَزَنَةِ الْجِنَّانِ عَلَى الْمُنْفِقِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهٖ لِيَكُوْنَ دُخُوْلُهٗ مِنَ الْبَابِ الَّذِیْ مِنْ نَاحِيَتِهٖ

## اس بات کا تذکرہ' اپنے مال میں سے اللہ کی راہ میں کسی چیز کا جوڑا خرچ کرنے والے شخص کے بارے میں جنت کے دربانوں کے درمیان مقابلہ ہوجاتا ہے' تاکہ اس شخص کا داخلہ اس دروازے سے ہو' جو اس دربان کے لیے مخصوص ہے

**4642** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: قَالَ

---

4641– إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو، وباقي رجاله ثقات، وله طريق اٰخر صحيح عند البخاري 2841 و3216، ومسلم 1027 86 . وقد تقدم برقم 308 .

4642– إسناده صحيح على شرط مسلم .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سُفْيَانُ: سَمِعَهُ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، مَعِي مِنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سَأَلَ النَّاسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟، قَالَ: هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِي سَحَابٍ؟، قَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ عِنْدَ الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي سَحَابٍ؟، قَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ، كَمَا لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَتِهِمَا، فَيَلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُولُ: أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ، أَلَمْ أُسَوِّدْكَ، أَلَمْ أُزَوِّجْكَ، أَلَمْ أُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ وَأَتْرُكْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ، قَالَ: فَيَقُولُ بَلَى يَا رَبِّ، قَالَ: فَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ، قَالَ: لَا يَا رَبِّ، قَالَ: فَالْيَوْمَ أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِي فَيَقُولُ: أَلَمْ أُكْرِمْكَ، أَلَمْ أُسَوِّدْكَ، أَلَمْ أُزَوِّجْكَ، أَلَمْ أُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ وَأَتْرُكْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ، قَالَ: فَيَقُولُ بَلَى يَا رَبِّ، قَالَ: فَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ قَالَ: لَا يَا رَبِّ، قَالَ: فَالْيَوْمَ أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُولُ: مَا أَنْتَ؟، فَيَقُولُ: أَنَا عَبْدُكَ آمَنْتُ بِكَ، وَبِنَبِيِّكَ، وَبِكِتَابِكَ، وَصُمْتُ، وَصَلَّيْتُ، وَتَصَدَّقْتُ، وَيُثْنِي بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: أَفَلَا نَبْعَثُ عَلَيْكَ شَاهِدَنَا؟، قَالَ: فَيُفَكِّرُ فِي نَفْسِهِ مَنِ الَّذِي يَشْهَدُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِمَا كَانَ يَعْمَلُ، فَذٰلِكَ الْمُنَافِقُ، وَذٰلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ، وَذٰلِكَ الَّذِي سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ: ثُمَّ يُنَادِي مُنَادِي أَلَا اتَّبَعَتْ كُلُّ أُمَّةٍ مَا كَانَتْ تَعْبُدُ، قَالَ: فَيَتْبَعُ أَوْلِيَاءُ الشَّيَاطِينِ الشَّيَاطِينَ، قَالَ: وَاتَّبَعَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاءَ هُمْ إِلَى جَهَنَّمَ، ثُمَّ قَالَ: ثُمَّ يَبْقَى الْمُؤْمِنُونَ، ثُمَّ نَبْقَى أَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ، فَيَأْتِينَا رَبُّنَا وَهُوَ رَبُّنَا، فَيَقُولُ: عَلَى مَا هٰؤُلَاءِ قِيَامٌ؟، فَيَقُولُونَ: نَحْنُ عِبَادُ اللّٰهِ الْمُؤْمِنُونَ وَعَبَدْنَاهُ وَهُوَ رَبُّنَا وَهُوَ آتِينَا، وَمُثِيبُنَا، وَهٰذَا مَقَامُنَا، قَالَ: فَيَقُولُ: أَنَا رَبُّكُمْ فَامْضُوا، قَالَ: فَيُوضَعُ الْجِسْرُ وَعَلَيْهِ كَلَالِيبُ مِنْ نَارٍ تَخْطَفُ النَّاسَ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ حَلَّتِ الشَّفَاعَةُ، اللّٰهُمَّ سَلِّمِ اللّٰهُمَّ سَلِّمْ، فَإِذَا جَاوَزَ الْجِسْرَ، فَكُلُّ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجًا مِنَ الْمَالِ مِمَّا يَمْلِكُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَكُلُّ خَزَنَةِ الْجَنَّةِ تَدْعُوهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، يَا مُسْلِمُ، هٰذَا خَيْرٌ، فَيُقَالُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، يَا مُسْلِمُ، هٰذَا خَيْرٌ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ ذٰلِكَ لَعَبْدٌ لَا تَوَى عَلَيْهِ يَدَعُ بَابًا وَيَلِجُ مِنْ آخَرَ، قَالَ: فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَنْكِبَيْهِ وَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ، قَالَ عَبْدُ الْجَبَّارِ: أَمْلَاهُ عَلَيَّ سُفْيَانُ إِمْلَاءً

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں چودھویں رات میں جس میں بادل نہ ہو کیا تمہیں چاند کو دیکھنے میں کچھ مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں دوپہر کے وقت جب کوئی بادل نہ ہو سورج کو دیکھنے میں کوئی مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تمہیں اپنے پروردگار کا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیدار کرنے میں اسی طرح کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی' جس طرح تمہیں ان دونوں کو دیکھنے میں مشکل پیش نہیں آتی ہے۔ بندے کو (پروردگار کی بارگاہ میں) پیش کیا جائے گا' تو پروردگار فرمائے گا: اے فلاں کیا میں نے تمہیں عزت عطا نہیں کی تھی کیا میں نے تمہیں سردار نہیں بنایا تھا کیا میں نے تمہاری شادی نہیں کروائی تھی میں نے تمہارے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا تھا کیا میں نے تمہیں ہر طرح کی نعمتیں عطا نہیں کی تھیں۔ بندہ عرض کرے گا جی ہاں میرے پروردگار (ایسا ہی ہوا تھا) پروردگار فرمائے گا تمہیں اس بات کا یقین تھا کہ تم میری بارگاہ میں حاضر ہوگے وہ جواب دے گا جی نہیں اے میرے پروردگار! تو پروردگار فرمائے گا آج میں تمہیں اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تم مجھے بھول گئے تھے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر دوسرے شخص کو پیش کیا جائے گا پروردگار فرمائے گا کیا میں نے تمہیں عزت نہیں دی تھی کیا میں نے تمہیں سردار نہیں بنایا تھا کیا میں نے تمہاری شادی نہیں کروائی تھی کیا میں نے تمہارے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا تھا کیا میں نے تمہیں کشادگی اور فراخی عطا نہیں کی تھی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ بندہ جواب دے گا: جی ہاں۔ اے میرے پروردگار! پروردگار دریافت کرے گا: کیا تمہیں اس بات کا یقین تھا کہ تم میری بارگاہ میں حاضر ہو گے۔ بندہ جواب دے گا: جی نہیں۔ اے میرے پروردگار! تو پروردگار فرمائے گا میں تمہیں اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تم مجھے بھول گئے تھے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر تیسرے شخص کو پیش کیا جائے گا' تو پروردگار دریافت کرے گا تم کون ہو وہ جواب دے گا میں تیرا بندہ ہوں میں تجھ پر ایمان لایا تیرے نبی پر تیری کتابوں پر ایمان لایا میں نے روزے رکھے' میں نے نماز پڑھی' میں نے صدقہ کیا وہ جہاں تک ہو سکے گا بھلائی کا تذکرہ کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں اس شخص سے کہا جائے گا کیا ہم نے تم پر گواہ کو نہیں بھیجا تھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ شخص ذہن میں سوچے گا کہ اس کے خلاف کون گواہی دے سکتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اس کے زانوں سے کہا جائے گا تم کلام کرو تو اس کا زانو اس کا گوشت اس کی ہڈیاں کلام کریں گے اس چیز کے بارے میں جو وہ عمل کرتا رہا تھا یہ منافق شخص ہوگا اس کی وجہ یہ ہوگی تاکہ وہ شخص اپنی طرف سے کوئی عذر نہ پیش کر سکے اور تاکہ اللہ تعالیٰ اس پر ناراضگی کا اظہار کر سکے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر ایک اعلان کرنے والا یہ اعلان کرے گا ہر گروہ اس کے پیچھے چلا جائے جس کی وہ عبادت کیا کرتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو شیاطین کے ماننے والے شیاطین کے پیچھے چلے جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں یہودی اور عیسائی اپنے بڑوں کے ہمراہ جہنم کی طرف چلے جائیں گے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر مومن باقی رہ جائیں گے۔ اے اہل ایمان! پھر ہم باقی رہ جائیں گے ہمارا پروردگار ہمارے پاس تشریف لائے گا وہ ہمارا پروردگار ہی ہوگا وہ فرمائے گا تم کس کے لیے کھڑے ہوئے ہو' تو وہ بندے عرض کریں گے ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے بندے ہیں ہم اس کی عبادت کرتے ہیں وہ ہمارا پروردگار ہے وہ ہمارے پاس آئے گا اور ہمیں ثواب عطا کرے گا ہم تو اسی جگہ کھڑے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو پروردگار کہے گا میں تمہارا پروردگار ہوں تم لوگ روانہ ہو جاؤ۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر پل صراط کو رکھا جائے گا' جس پر آگ کے بنے ہوئے آنکڑے ہوں گے جو لوگوں کو اچک لیں گے اس مقام پر شفاعت کی اجازت دی جائے گی (اور میں یہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دعا کروں گا)

''اے اللہ! سلامت رکھنا اے اللہ! سلامت رکھنا''۔

جب آدمی اس پل کو پار کر لے گا' تو ہر وہ شخص جس نے اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں دیا ہوگا' تو جنت کے دربان اسے بلائیں گے اے اللہ کے بندے اے مسلمان یہ بھلائی ہے' تو اسے کہا جائے گا اے اللہ کے بندے اے مسلمان یہ بھلائی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کو کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ اگر وہ کوئی ایک دروازے کو چھوڑ دے اور دوسرے دروازے سے داخل ہو جائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کندھے پر ہاتھ مارا اور ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے مجھے یہ امید ہے' تم بھی ان لوگوں میں سے ایک ہو گے''۔

عبدالجبار نامی راوی بیان کرتے ہیں: سفیان نامی راوی نے یہ روایت مجھے املا کروائی تھی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَنَّ اسْمَ الزَّوْجِ تُوقِعُ الْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا عَلَى الْوَاحِدِ اِذَا قُرِنَ بِجِنْسِهِ

### اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے' عربوں کے محاورے میں لفظ ''زوج'' کا اطلاق اس ایک چیز پر ہوتا ہے' جس کے جیسی دوسری چیز اس کے ساتھ موجود ہو

**4643** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْتُ الرَّبَذَةَ فَلَقِيتُ اَبَا ذَرٍّ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، مَا مَالُكَ؟، قَالَ: مَالِيْ عَمَلِي، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا تُحَدِّثُنِيْ حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: بَلٰى، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوْتُ لَهُمَا ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ اِيَّاهُمْ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ رَجُلٍ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، قُلْتُ: وَمَا زَوْجَانِ مِنْ مَالِهِ؟، قَالَ: عَبْدَانِ مِنْ رَقِيقِهِ، فَرَسَانِ مِنْ خَيْلِهِ بَعِيْرَانِ مِنْ اِبِلِهِ

❀❀ صعصعہ بن معاویہ جو احنف بن قیس کے چچا ہیں وہ بیان کرتے ہیں: میں ربذہ آیا وہاں میری ملاقات حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے دریافت کیا: اے ابوذر! آپ کا مال کیا ہے انہوں نے جواب دیا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا:

4643- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صعصعة بن معاوية، فقد روى له البخاري في "الأدب المفرد" والنسائي وابن ماجة، وله صحبة، وقيل: إنه مخضرم، مات في ولاية الحجاج على العراق . وقد تقدم برقم 2940 وله شواهد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اے ابوذر مجھے کوئی ایسی حدیث بیان نہیں کریں گے جو آپ نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنی ہو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جن بھی دو مسلمانوں (یعنی مسلمان میاں بیوی) کے تین بچے فوت ہو جائیں جو ابھی بالغ نہ ہوئے ہوں اللہ تعالیٰ ان بچوں پر اپنے فضل کی وجہ سے ان دونوں (میاں بیوی) کو جنت میں داخل کر دے گا''۔

میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو بھی شخص اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی بارگاہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: مال میں سے کسی چیز کے جوڑے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کہ اپنے غلاموں میں سے دو غلام آزاد کر دے یا اپنے گھوڑوں میں سے دو گھوڑے دیدے یا اپنے اونٹوں میں سے دو اونٹ دیدے۔

## ذِكْرُ ابْتِدَارِ خَزَنَةِ الْجِنَّانِ فِي الْقِيَامَةِ عِنْدَ نِدَاءِ مَنْ اَنْفَقَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ

## جنت کے دربانوں کا قیامت کے دن اس پکار کے وقت لپکنے کا تذکرہ ''جس شخص نے اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا خرچ کیا ہو''

**4644** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: قَالَ صَعْصَعَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَمُّ الْاَحْنَفِ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا مَالُكَ؟، قَالَ: مَالِي عَمَلِي، فَقُلْتُ: حَدِّثْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ابْتَدَرَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا زَوْجَانِ؟ قَالَ: فَرَسَانِ مِنْ خَيْلِهِ بَعِيرَانِ مِنْ اِبِلِهِ، عَبْدَانِ مِنْ رَقِيقِهِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: الْعَرَبُ فِي لُغَتِهَا تُسَمِّي الْفَرْدَيْنِ الْمُتَلَازِمَيْنِ زَوْجَيْنِ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ) (الذاریات: 49)

صعصعہ بن معاویہ جو حضرت احنف بن قیس رضی اللہ عنہ کے چچا ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: میں ''ربذہ'' میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے کہا: اے حضرت ابوذر آپ کا مال کیا ہے انہوں نے جواب دیا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا: آپ ہمیں نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کیجئے جو آپ نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنی ہو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4644- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''جو شخص اپنے مال میں سے کسی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا: جوڑے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کہ اپنے گھوڑوں میں سے دو گھوڑے دیدے یا اپنے اونٹوں میں سے دو اونٹ دیدے یا اپنے غلاموں میں سے دو غلام دیدے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عرب اپنے محاورے میں ایک ہی جیسی دو چیزوں کیلئے لفظ جوڑا استعمال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بھی ارشاد فرمایا ہے:

''اور ہم نے ہر چیز میں سے جوڑے پیدا کیے ہیں''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْتَدَرَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ اَرَادَ بِهٖ حَجَبَةَ الْجَنَّةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جنت کے خزانچی اس کی طرف لپکتے ہیں'' اس کے ذریعے آپ کی مراد جنت کے دربان ہیں

**4645** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ صَعْصَعَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ وَقَدْ اَوْرَدَ رَوَاحِلَ لَهُ، فَسَقَاهَا، ثُمَّ اَصْدَرَهَا وَقَدْ عَلَّقَ قِرْبَةً فِيْ عُنُقِ رَاحِلَةٍ لَهُ مِنْهَا، لِيَشْرَبَ مِنْهَا، وَيَسْقِي اَصْحَابَهُ، وَذٰلِكَ خُلُقٌ مِّنْ اَخْلَاقِ الْعَرَبِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ: مَا مَالُكَ؟ قَالَ: مَالِيْ عَمَلِيْ، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا هٰذَانِ الزَّوْجَانِ؟، فَقَالَ: اِنْ كَانَ رِجَالًا فَرَجُلَانِ، وَاِنْ كَانَتْ خَيْلًا فَفَرَسَانِ، وَاِنْ كَانَتْ اِبِلًا فَبَعِيْرَانِ، حَتّٰى عَدَّ اَصْنَافَ الْمَالِ كُلَّهُ قُلْتُ: اِيهٍ يَا اَبَا ذَرٍّ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوْتُ لَهُمَا ثَلَاثَةُ اَوْلَادٍ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ

صعصعہ بن معاویہ بیان کرتے ہیں: ''ربذہ'' کے مقام پر میری ملاقات حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی وہ اپنے اونٹوں کو (پانی کے پاس) لائے ہوئے تھے اور انہیں پانی پلا رہے تھے پھر وہ اپنی سواری کی طرف بڑھے انہوں نے اپنی سواری کی گردن میں مشکیزہ لٹکایا ہوا تھا تا کہ اس سے پانی پی لیا کریں انہوں نے پہلے اپنے ساتھیوں کو پانی پلایا۔ یہ بات عربوں کی روایات میں شامل تھی میں نے کہا: اے ابوذر آپ کا مال کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا: اے ابوذر آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

4645– إسناده صحيح، وانظر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''جو شخص اپنے مال میں سے جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت کے دربان تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں''۔

میں نے دریافت کیا: اے ابوذر جوڑے سے مراد کیا ہے انہوں نے فرمایا: اگر غلام ہو' تو دو غلام اگر گھوڑے ہوں' تو دو گھوڑے اگر اونٹ ہوں' تو دو اونٹ (اللہ کی راہ میں خرچ کیے جائیں)' یہاں تک کہ انہوں نے مال کی تمام اصناف گنوا دیں۔ میں نے کہا: اے ابوذر! مزید (کوئی حدیث بیان کیجئے) تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جن بھی دو مسلمانوں (یعنی مسلمان میاں بیوی) کے تین بچے فوت ہو جائیں' تو اللہ تعالیٰ ان (بچوں) پر اپنی رحمت کے فضل کی وجہ سے ان دونوں (میاں بیوی) کو جنت میں داخل کر دے گا''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰى دَابَّتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ اَفْضَلِ النَّفَقَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اللہ کی راہ میں اپنی سواری اور اپنے ساتھیوں پر خرچ کرنا سب سے افضل خرچ ہے

**4646** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَفْضَلُ دِيْنَارٍ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰى عِيَالِهٖ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

✿✿ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے زیادہ فضیلت والا دینار وہ دینار ہے' جسے آدمی اپنی بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے''۔

## ذِكْرُ تَضْعِيْفِ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِهٖ مِنَ الطَّاعَاتِ

## اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے اجر کا دوسری نیکیوں سے کئی گنا زیادہ ہونے کا تذکرہ

**4647** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيْلَةَ يَعْنِيْ اَبَاهُ، عَنْ يُسَيْرِ بْنِ عَمِيْلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَ لَهٗ سَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ

---

4646- إسناده صحيح، عمران بن موسى القزاز روى له أصحاب السنن وهو ثقة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي أسماء الرحبي، فمن رجال مسلم، وقد تقدم برقم 4242 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”جو شخص اللہ کی راہ میں کچھ خرچ کرتا ہے تو اس کیلئے اس کا ثواب سات سو گنا تک نوٹ کیا جاتا ہے“۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بِتَفَضُّلِهٖ قَدْ يُضَعِّفُ الْمُنْفِقَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثَوَابَهٗ عَلٰى هٰذَا الْعَدَدِ الْمَذْكُوْرِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے بعض اوقات اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اس مذکورہ عدد سے زیادہ اجر و ثواب عطا کرے گا

**4648** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ الْفَرْغَانِيُّ اَبُو الْعَبَّاسِ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الدُّوْرِيُّ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ عِيْسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ)، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَبِّ زِدْ اُمَّتِيْ، فَنَزَلَتْ: (مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً) (البقرة: 245)، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَبِّ زِدْ اُمَّتِيْ، فَنَزَلَتْ: (اِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ) (الزمر: 10)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

---

4647- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يُسر بن عميله، فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة، وخُريم بن فاتك صحابيه روى له الأربعة. وأخرجه أحمد 4/345، والترمذي 1625 في فضائل الجهاد: باب ما جاء في فضل النفقة في سبيل الله، والطبراني 4155، والحاكم 2/87 من طريقين عن زائدة، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي، وقال الترمذي: هذا حديث حسن. وأخرجه مطولاً أحمد 4/322 من طريق المسعودي، عن الركين بن الربيع، عن رجل، عن خريم بن فاتك. وأخرجه أيضاً 4/345 من طريق شيبان بن عبد الرحمٰن، عن الركين بن الربيع، عن عمه فلان بن عميلة، عن خريم بن فاتك. وهو عنده أيضاً 4/346 من طريق المسعودي، عن الركين بن الربيع، عن أبيه، عن خريم بن فاتك. وأخرجه الطبراني 4151 من طريق مسلمة بن إسحاق، والحاكم 2/87 عن الركين بن الربيع، حدثني عمي، عن أبي يحيى خريم بن فاتك. وأخرجه أيضاً 4152 من طريق عمرو بن قيس الملائي، عن الركين بن الربيع، عن الربيع بن عميلة، عن خريم بن فاتك. وأخرجه أيضاً 4153 من طريق شيبان، و4154 من طريق سفيان، والحاكم 2/87 من طريق زائدة، ثلاثتهم عن الركين بن الربيع، عن أبيه، عن عمه يُسير بن عُميلة، عن خريم بن فاتك.

4648- حفص بن عمر بن عبد العزيز لا بأس به، وأبو إسماعيل المؤدب وهو إبراهيم بن سليمان بن رزين- صدوق يغرب، وعيسى بن المسيب ذكره المؤلف في "الثقات" 7/232، وقال: من أهل مكة. وأخرجه ابن أبي حاتم فيما ذكره ابن كثير 1/442 عن أبي زرعة، عن إسماعيل بن إبراهيم بن بسام، عن أبي إسماعيل المؤدب، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن مردويه فيما قاله ابن كثير أيضاً 1/469 عن عبد الله بن عبيد الله بن العسكري البزار، عن الحسن بن علي بن شعيب، عن محمود بن خالد الدمشقي، عن أبيه، عن عيسى بن المسيب، بِهِ. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 1/747، وزاد نسبته إلى ابن المنذر والبيهقي في "شعب الإيمان".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے اموال کو خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایک ایسے دانے کی طرح ہے جو سات بالیاں اگاتا ہے جن میں سے ہر ایک بالی میں ایک سو دانے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جس کیلئے چاہے اجر کو دوگنا کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ وسعت والا اور علم والا ہے"۔

تو نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا کی: اے میرے پروردگار! میری امت کو مزید عطا کر تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"جو شخص اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے لیے کئی گنا زیادہ کر دیتا ہے"۔

نبی اکرم ﷺ نے دعا کی: اے میرے پروردگار! میری امت کو مزید عطا کر تو یہ آیت نازل ہوئی۔

"بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر کسی حساب کے بغیر پورا دیا جائے گا"۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَا اَنْفَقَ الْمَرْءُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنَ الْاَشْيَاءِ اُعْطِي فِي الْجَنَّةِ مِثْلَهَا بِعَدَدِهَا، وَاَعْيَانُهَا عَلَى التَّضْعِيفِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اللہ کی راہ میں جو بھی چیزیں خرچ کرتا ہے اسے جنت میں اس کی مانند اتنی ہی تعداد میں ویسی ہی چیزیں کئی گنا عطا کی جائیں گی

**4649** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَخْطُوْمَةٍ، فَقَالَ: هٰذِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ

❀❀ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نکیل والی اونٹنی لے کر آیا اس نے عرض کی: یہ اللہ کی راہ میں ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہیں قیامت کے دن اس کے بدلے میں سات سو اونٹنیاں ملیں گی جو نکیل والی ہوں گی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ الْاَعْمَشُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے'

4649- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو عمرو الشيباني: هو سعد بن إياس . وأخرجه مسلم 1892 في الإمارة: باب فضل الصدقة في سبيل الله وتضعيفها، ومن طريقه أخرجه البغوي 2625 عن إسحاق بن إبراهيم الحنظلي، عن جرير، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم 2/90 على شرط الشيخين، من طريق يحيى بن المغيرة السعدي، عن جرير، به، ووافقه الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## یہ روایت اعمش نے شیبانی سے نہیں سنی ہے

4650 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، بِنَسَا، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا تَصَدَّقَ بِنَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَاْتِيَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسَبْعِ مِائَةِ نَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ

❁❁ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اللہ کی راہ میں نکیل والی ایک اونٹنی صدقہ کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ قیامت کے دن سات سو نکیل والی اونٹنیاں لے کر آئے گی۔

---

4650- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه مسلم 1892، والنسائي 6/49 في الجهاد: باب فضل الصدقة في سبيل الله عز وجل، عن بشر بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/121 عن محمد بن جعفر، و 5/274 عن وهب بن جرير، كلاهما عن شعبة، بِهِ .وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 8/116 من طرق عن فضيل بن عياض، عن سليمان الأعمش، بِهِ . وتحرف في المطبوع أبو مسعود إلى ابن مسعود، وكذلك تحرف في "صحيح الجامع" 5031 إلى ابن مسعود، وجاء على الصواب في "الجامع الكبير" ص652 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ فَضْلِ الشَّهَادَةِ

# باب: شہادت کی فضیلت

## ذِكْرُ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي الَّذِينَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ

## اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے بارے میں کیا نازل کیا تھا جو بئر معونہ (کے قریب) میں شہید کر دیئے گئے تھے

**4651** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متنِ حدیث): دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الَّذِينَ قَتَلُوْا اَصْحَابَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلَاثِينَ صَبَاحًا يَدْعُوْ عَلَى رِعْلٍ وَلِحْيَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ اَنَسٌ: اَنْزَلَ اللّٰهُ فِي الَّذِينَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْآنًا قَرَاْنَاهُ حَتّٰى نُسِخَ بَعْدُ: اَنْ بَلِّغُوا قَوْمَنَا اَنْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَرَضِيْنَا عَنْهُ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیس دن تک ان لوگوں کے خلاف دعا ضرر کی جنہوں نے بئر معونہ کے مقام پر صحابہ کرام کو شہید کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رعل لحیان اور عصیہ قبیلوں کے خلاف دعا کی جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تھی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے بئر معونہ کے مقام پر شہید ہونے والوں کے بارے میں قرآن کی آیات نازل کی تھیں جنہیں ہم تلاوت کرتے تھے بعد میں وہ آیات منسوخ ہو گئیں (ان میں یہ الفاظ بھی تھے)

"ہماری قوم کو یہ بات پہنچا دو کہ ہم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے ہیں وہ ہم سے راضی ہے اور ہم اس سے راضی ہیں"۔

---

4651- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري 2814 في الجهاد: باب فضل قول الله تعالى: (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا)، و 4095 في المغازي: باب غزوة الرجيع، ومسلم 677 في المساجد: باب استحباب القنوت في جميع الصلاة إذا نزلت بالمسلمين نازلة، من طريق مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 2801 و4091 من طريقين، عن همام، عن إسحاق بن عبد الله، به .وأخرجه البخاري 3064 و4090، والبغوي 3790 من طريقين عن سعيد، عن قتادة، عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَجِيءِ مَنْ كُلِمَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَنْثَعِبُ دَمُهُ لِيُعْرَفَ مِنْ ذٰلِكَ الْجَمْعِ

## جس شخص کو اللہ کی راہ میں زخم لگ جائے اس کے قیامت کے دن ایسی حالت میں آنے کا تذکرہ، اس کا خون بہہ رہا ہوگا، تاکہ مجمع میں اس کی شناخت ہو جائے

**4652** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يُكْلَمُ اَحَدٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِي سَبِيلِهِ، اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجُرْحُهُ يَنْثَعِبُ دَمًا، اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ مِسْكٍ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے، جس بھی شخص کو اللہ کی راہ میں زخمی کیا جائے اور اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے، کسے اس کی راہ میں زخمی کیا گیا ہے، تو وہ شخص جب قیامت کے دن آئے گا، تو اس کے زخم سے خون بہہ رہا ہوگا اس کا رنگ خون کی مانند ہوگا، لیکن اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کے مانند ہوگی"۔

## ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

## جو شخص اللہ کی راہ میں شہید ہو جاتا ہے اس کے لیے جنت واجب ہو جانے کا تذکرہ

**4653** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ: اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقُتِلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاَيْنَ اَنَا، قَالَ: فِي الْجَنَّةِ، قَالَ: فَاَلْقٰى تُمَيْرَاتٍ فِي يَدِهِ، ثُمَّ تَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ.

---

4652– إسناده صحيح على شرطهما . أبو الزناد: عبد الله بن ذكوان، والأعرج: عبد الرحمٰن بن هرمز .وهو فى "الموطأ" 2/461 فى الجهاد: باب الشهداء فى سبيل الله، ومن طريق مالك أخرجه البخارى 2803 فى الجهاد: باب من يجرح فى سبيل الله عز وجل، والبيهقى 4/11 .وأخرجه أحمد 2/242، ومسلم 1876 105 فى الإمارة: باب فضل الجهاد والخروج فى سبيل الله، والنسائى 6/28–29 فى الجهاد: باب من كُلِم فى سبيل الله عز وجل، والبيهقى 9/164 من طرق عن سفيان، عن أبى الزناد، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/231 عن محمد بن فضيل، عن عمارة، عن أبى زرعة، عن أبى هريرة .وأخرجه مسلم 1876 106، والبيهقى 9/165 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبى هريرة . وأخرجه الترمذى 1656 فى فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن يكلم فى سبيل الله، عن قتيبة، عن عبد العزيز بن محمد، عن سهيل بن أبى صالح، عن أبيه، عن أبى هريرة .

4653– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 3/308، والبخارى 4046 فى المغازى: باب غزوة أحد، ومسلم 1899 فى الإمارة: باب ثبوت الجنة للشهيد، والنسائى 6/33 فى الجهاد: باب ثواب من قتل فى سبيل الله عز وجل، والبيهقى 9/43 و99، والبغوى 3789 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الَّذِي قُتِلَ هُوَ حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوہ احد کے دن عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے' اگر میں اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے قتل ہو جاؤں' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! تو میرا ٹھکانہ کہاں ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس شخص نے اپنے ہاتھ میں موجود کچھ کھجوریں ایک طرف رکھیں پھر وہ آدمی آگے بڑھا اس نے جہاد میں حصہ لیا' یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) شہید ہونے والے یہ شخص حضرت حارثہ بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ اِنَّمَا تَجِبُ لِلشَّهِيدِ اِذَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ دَيْنٌ بِحُكْمِ الْاَمِينَيْنِ مُحَمَّدٍ وَجِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' جنت اس شہید کے لیے واجب ہوتی ہے' جس کے ذمے کوئی قرض نہ ہو' یہ بات دو امین افراد کے حکم کے ذریعے ثابت ہے یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرائیل علیہ السلام

**4654** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّي خَطَايَايَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَلَمَّا اَدْبَرَ نَادَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ اَمَرَ بِهِ فَنُودِيَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتَ؟، فَاَعَادَ قَوْلَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، اِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

---

4654- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى بن سعيد: هو الأنصاري . وهو في "الموطأ" 2/461 في الجهاد: باب الشهداء في سبيل الله، ومن طريق مالك أخرجه النسائي 6/34 في الجهاد: باب من قاتل في سبيل الله تعالى وعليه دين . . . . وأخرجه مسلم 1885 في الإمارة: باب من قُتل في سبيل الله كفِّرت خطاياه إلا الدين، والترمذي 1712 في الجهاد: باب ما جاء فيمن يستشهد وعليه دين، والنسائي 6/34-35 من طريق قتيبة، عن الليث، عن سعيد بن أبي سعيد المقبري، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح . وأخرجه أحمد 5/303-304 عن حجاج بن محمد، عن الليث، بِهِ . وأخرجه ابن أبي شيبة 5/310، ومسلم 1885 من طريق يزيد بن هارون، عن يحيى بن سعيد، عن سعيد المقبري، بِهِ . وأخرجه سعيد بن منصور 2553، ومسلم 1885، والنسائي 6/35 عن محمد بن قيس، عن عبد الله بن أبي قتادة، عن أبيه . وأخرجه الدارمي 2/207 من طريق عبيد الله بن عبد المجيد، عن ابن أبي ذئب، عن سعيد المقبري، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ کی کیا رائے ہے اگر میں صبر کرتے ہوئے ثواب کی امید رکھتے ہوئے (دشمن کا) سامنا کرتے ہوئے پیٹھ نہ پھیرتے ہوئے اللہ کی راہ میں جہاد کے دوران قتل ہو جاتا ہوں تو کیا اللہ تعالیٰ میرے گناہوں کو معاف کر دے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جب وہ مڑ کر جانے لگا تو نبی اکرم ﷺ نے اسے بلایا یا اسے بلانے کا حکم دیا اسے بلایا گیا تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے کیا کہا تھا؟ اس نے اپنی بات دوہرا دی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں البتہ قرض کا حکم مختلف ہے (یعنی اس کا حساب دینا ہوگا) جبرائیل نے مجھے اسی طرح بتایا ہے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ مَا يَجِدُ الشَّهِيدُ مِنْ اَلَمِ الْقَتْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## شہید اللہ کی راہ میں قتل ہوتے وقت جو تکلیف محسوس کرتا ہے اس کی صفت کا تذکرہ

**4655** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُجِيبِ، بِبَلَدِ الْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا يَجِدُ الشَّهِيدُ مَسَّ الْقَتْلِ اِلَّا كَمَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ مَسَّ الْقَرْصَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''شہید ہونے والے شخص کو شہید ہونے پر اتنی ہی تکلیف محسوس ہوتی ہے جس طرح کسی شخص کو چیونٹی کے کاٹنے پر ہوتی ہے''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّهِيدَ مِنْ اَوَّلِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ فِي الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ قیامت کے دن شہید جنت میں داخل ہونے والے ابتدائی افراد میں شامل ہوگا

**4656** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ

---

4655- إسناده حسن من أجل ابن عجلان وهو محمد- فإنه قد أخرج له البخاری تعليقاً ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقی السند ثقات رجاله رجال الصحيح .وأخرجه أحمد 2/297، والدارمی 2/205، والترمذی 1668 فی فضائل الجهاد: باب ما جاء فی فضل المرابط، وابن ماجة 2802 فی الجهاد: باب فضل الشهادة فی سبيل الله، من طرق عن صفوان بن عيسی، بهذا الإسناد، وقال الترمذی: حسن صحيح غريب .وأخرجه النسائی 6/36 فی الجهاد: باب ما يجد الشهيد من الألم، وأبو نعيم فی "الحلية" 8/264 من طريقين عن ابن عجلان، به .

4656- إسناده ضعيف، عامر العقيلی وهو ابن عقبة، ويقال: ابن عبد الله- لم يوثقه غير المؤلف، وكذا أبوه .وقد تقدم برقم 4312 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



هِشَامٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي عَامِرٌ الْعُقَيْلِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ: الشَّهِيدُ، وَعَبْدٌ نَصَحَ سَيِّدَهُ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَضَعِيفٌ مُتَعَفِّفٌ، وَاَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ النَّارَ: فَاَمِيرٌ مُسَلَّطٌ، وَذُو ثَرْوَةٍ مِّنْ مَالٍ لَا يُؤَدِّي حَقَّ اللّٰهِ فِيهِ، وَفَقِيرٌ فَخُورٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت میں پہلے داخل ہونے والے تین افراد میں ایک شہید ہوگا ایک وہ غلام ہوگا' جو اپنے آقا کا خیر خواہ ہو اور اپنے پروردگار کی اچھی طرح سے عبادت کرتا ہو اور ایک وہ کمزور شخص ہوگا' جو مانگنے سے بچتا ہو اور جہنم میں داخل ہونے والے پہلے تین افراد ایک وہ امیر جو مسلط ہوا ہو' ایک وہ مال دار شخص جو مال میں اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہ کرتا ہو اور ایک متکبر غریب''۔

## ذِكْرُ تَكْوِينِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا نَسَمَةَ الشَّهِيدِ طَائِرًا يَعْلُقُ فِي الْجَنَّةِ اِلٰى اَنْ يَّبْعَثَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ شہید کی روح کو پرندے میں داخل کر دیتا ہے' جو جنت میں لٹکا رہتا ہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے دوبارہ زندہ کرے گا

**4657** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): نَسَمَةُ الْمُؤْمِنِ طَائِرٌ يَعْلُقُ فِي شَجَرِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرُدَّهَا اللّٰهُ اِلٰى جَسَدِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

4657– إسناده صحيح، يزيد بن مَوْهَب روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن كعب فمن رجال البخاري .وأخرجه مالك في "الموطأ" 1/420 عن ابن شهاب، بهذا الإسناد .ومن طريق مالك أخرجه أحمد 3/455، والنسائي 4/108 في الجنائز: باب أرواح المؤمنين، وابن ماجة 4271 في الزهد: باب ذكر القبر والبلى، . والطبراني 19/120، والبيهقي في "البعث والنشور" 203، والآجري في "الشريعة" ص392، وأبو نعيم في "الحلية9/156" .وأخرجه أحمد 3/455–456 و460، والطبراني 19/119 و121 و123 و124، والبيهقي في "البعث والنشور" 202 من طرق عن الزهري، به .وأخرجه أحمد 6/386، والترمذي 1641 في فضل الجهاد: باب ما جاء في ثواب الشهداء، والطبراني 19/125 من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن الزهري، عن ابن كعب، عن أبيه رفعه بلفظ: "إن أرواح الشهداء في طير خضر تعلق من ثمر الجنة" . قلت: وسنده صحيح إلا أن ابن عيينة تفرد بهذا اللفظ الشهداء، والثقات من الرواة غيره رووه بلفظ المسلم أو المؤمن، على أن الحميدي 873 رواه عن سفيان عن عمرو بن دينار به بلفظ إن نسمة المومن . . . .وأخرجه ابن ماجة 1449، والطبراني 19/122، والبيهقي في "البعث والنشور" 205 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''مومن کی روح جنت کے درخت پر لٹکی رہتی ہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اس کے جسم کی طرف لوٹا دے گا''۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**4658** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِى الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الشُّهَدَاءُ عَلٰى بَارِقِ نَهْرٍ بِبَابِ الْجَنَّةِ فِيْ قُبَّةٍ خَضْرَاءَ يَخْرُجُ اِلَيْهِمْ رِزْقُهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ بُكْرَةً وَعَشِيًّا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''شہداء جنت کے دروازے پر موجود نہر کے کنارے پر ایک سبز گنبد میں ہوں گے جنت میں سے ان کا رزق صبح وشام ان کی طرف آتا رہے گا''۔

## ذِكْرُ مَنَازِلِ الشُّهَدَاءِ فِى الْجِنَانِ بِثَبَاتِهِمْ لَهُ فِى الدُّنْيَا

## جنت میں شہداء کے منازل' دنیا میں ان کی ثابت قدمی کے حساب سے ہونگے

**4659** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ:

---

4658– إسناده قوى . محمد بن إسحاق روى له البخارى تعليقاً ومسلم مقروناً، وهو صدوق وقد صرح بالتحديث، وانتفت شبهة تدليسه، وباقى السند رجاله ثقات رجال الصحيح . وأخرجه أحمد 1/266، وابن أبى شيبة 5/290، وابن جرير 2323 و8209 و8210 و8211 و8212 و8213، والطبرانى 10825، . والحاكم 2/74 من طرق عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبى، وقد صرح ابن إسحاق بالتحديث عند ابن جرير والحاكم وأحمد . وذكره ابن كثير فى "تفسيره" 2/142 عن رواية "المسند"، وقال: تفرد به أحمد، ثم أشار إلى رواية الطبرى 2323 وقال: وهو إسناد جيد . وأورده الهيثمى فى "المجمع" 5/98 ونسبه لأحمد والطبرانى، وقال: ورجال أحمد ثقات . وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" 2/96، وزاد نسبته لعبد بن حميد وابن أبى حاتم وابن المنذر والبيهقى فى "البعث" .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟، فَسَأَلَنَا يَوْمًا، ثُمَّ قَالَ: أُرِيتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ اَتَيَانِي فَاَخَذَا بِيَدِي فَصَعِدَا بِي فِي الشَّجَرَةِ، فَاَدْخَلَانِي دَارًا لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا، فَقَالَ: اَمَا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ

❀❀ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز ادا کر لیتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف رخ کر لیتے اور دریافت کرتے کیا تم میں سے کسی نے گزشتہ رات (کوئی نمایاں) خواب دیکھا ہے ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے دریافت کیا: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گزشتہ رات مجھے خواب دکھائی دیا دو آدمی میرے پاس آئے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور وہ مجھے ساتھ لے کر ایک درخت پر چڑھ گئے انہوں نے مجھے ایک گھر میں داخل کیا میں نے اس سے زیادہ خوبصورت گھر کبھی نہیں دیکھا تو انہوں نے بتایا: یہ شہداء کا ٹھکانہ ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّهِيدَ فِي الْقِيَامَةِ يَشْفَعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' قیامت کے دن شہید اپنے اہل خانہ میں سے ستر افراد کی شفاعت کرے گا

4756– إسناده قوي، محمد بن خلف ومبارك بن فضالة: صدوقان، وقد روى لهما أصحاب السنن، وقد توبعا، وباقي رجاله على شرط البخاري .وأخرجه بطوله الطبري في "تاريخه " 4/117–120 عن الربيع بن سليمان، عن أسد بن موسى، عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد .وأخرجه أيضاً ابن أبي شيبة 13/8–12 عن عفان، عَنْ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیِّ، عَنْ معقل بن يسار . . .وهذا إسناد صحيح .وأخرجه بأخصر مما هنا البخاري (3159) في الجزية والموادعة: باب الجزية والموادعة مع أهل الذمة والحرب، و (7530) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يا أيها الرسول بلّغ ما أنزل إليك من ربك)، من طريق سعيد بن عبيد الله الثقفي، عن بكر بن عبد الله المزني وزياد بن جبير بن حية، عن جبير بن حية . . . .وأخرجه مختصرًا خليفة بن خياط في " تاريخه " ص 148–149 من طريق موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة، عن أبي عمران الجوني، عن علقمة بن عبد الله المزني، عن معقل بن يسار .وانظر الحديث الآتي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: بِنَهَاوَنْدَ مَعَ بَنْذَاذِقَانَ، فَإِنَّ مَعَهُ أَسَاوِرَةَ كِسْرَى، وَأَهْلَ أَصْفَهَانَ، قَالَ: فَأَيْنَ الْجَنَاحَانِ، فَذَكَرَ الْهُرْمُزَانُ مَكَانًا نَسِيتُهُ، فَقَالَ الْهُرْمُزَانُ: فَاقْطَعِ الْجَنَاحَيْنِ تُوهِنِ الرَّأْسَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، بَلْ أَعْمِدُ إِلَى الرَّأْسِ فَيَقْطَعُهُ اللّٰهُ، وَإِذَا قَطَعَهُ اللّٰهُ عَنِّي انْفَضَّ عَنِّي الْجَنَاحَانِ، فَأَرَادَ عُمَرُ أَنْ يَسِيرَ إِلَيْهِ بِنَفْسِهِ، فَقَالُوا: نُذَكِّرُكَ اللّٰهَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْ تَسِيرَ بِنَفْسِكَ إِلَى الْعَجَمِ، فَإِنْ أُصِبْتَ بِهَا لَمْ يَكُنْ لِلْمُسْلِمِينَ نِظَامٌ، وَلٰكِنِ ابْعَثِ الْجُنُودَ، قَالَ: فَبَعَثَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ، وَبَعَثَ فِيهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَبَعَثَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ، وَكَتَبَ إِلَى أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، أَنْ سِرْ بِأَهْلِ الْبَصْرَةِ، وَكَتَبَ إِلَى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، أَنْ سِرْ بِأَهْلِ الْكُوفَةِ، حَتّٰى تَجْتَمِعُوا جَمِيعًا بِنَهَاوَنْدَ، فَإِذَا اجْتَمَعْتُمْ، فَأَمِيرُكُمُ النُّعْمَانُ بْنُ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيُّ، قَالَ: فَلَمَّا اجْتَمَعُوا بِنَهَاوَنْدَ جَمِيعًا أَرْسَلَ إِلَيْهِمْ بَنْذَاذِقَانُ الْعِلْجُ أَنْ أَرْسِلُوا إِلَيْنَا يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ رَجُلًا مِنْكُمْ نُكَلِّمُهُ، فَاخْتَارَ النَّاسُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، قَالَ أَبِي: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ رَجُلٌ طَوِيلٌ، أَشْعَرُ أَعْوَرُ، فَأَتَاهُ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلَيْنَا سَأَلْنَاهُ، فَقَالَ لَنَا: إِنِّي وَجَدْتُ الْعِلْجَ قَدِ اسْتَشَارَ أَصْحَابَهُ فِي أَيِّ شَيْءٍ تَأْذَنُونَ لِهٰذَا الْعَرَبِيِّ أَبِشَارَتِنَا وَبَهْجَتِنَا وَمُلْكِنَا أَوْ نَتَقَشَّفُ لَهُ، فَنُزَهِّدُهُ عَمَّا فِي أَيْدِينَا؟، فَقَالُوا: بَلْ نَأْذَنُ لَهُ بِأَفْضَلِ مَا يَكُونُ مِنَ الشَّارَةِ وَالْعُدَّةِ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُمْ رَأَيْتُ تِلْكَ الْحِرَابَ، وَالدَّرَقَ يَلْتَمِعُ مِنْهُ الْبَصَرُ، وَرَأَيْتُهُمْ قِيَامًا عَلٰى رَأْسِهِ، وَإِذَا هُوَ عَلٰى سَرِيرٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَعَلٰى رَأْسِهِ التَّاجُ، فَمَضَيْتُ كَمَا أَنَا، وَنَكَسْتُ رَأْسِي لِأَقْعُدَ مَعَهُ عَلَى السَّرِيرِ، قَالَ: فَدُفِعْتُ وَنُهِرْتُ، فَقُلْتُ إِنَّ الرُّسُلَ لَا يُفْعَلُ بِهِمْ هٰذَا، فَقَالُوا لِي: إِنَّمَا أَنْتَ كَلْبٌ أَتَقْعُدُ مَعَ الْمَلِكِ؟، فَقُلْتُ: لَأَنَا أَشْرَفُ فِي قَوْمِي مِنْ هٰذَا فِيكُمْ، قَالَ: فَانْتَهَرَنِي، وَقَالَ: اجْلِسْ، فَجَلَسْتُ، فَتُرْجِمَ لِي قَوْلُهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ إِنَّكُمْ كُنْتُمْ أَطْوَلَ النَّاسِ جُوعًا، وَأَعْظَمَ النَّاسِ شَقَاءً، وَأَقْذَرَ النَّاسِ قَذَرًا، وَأَبْعَدَ النَّاسِ دَارًا، وَأَبْعَدَهُ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ، وَمَا كَانَ مَنَعَنِي أَنْ آمُرَ هٰؤُلَاءِ الْأَسَاوِرَةَ حَوْلِي، أَنْ يَنْتَظِمُوكُمْ بِالنُّشَّابِ، إِلَّا تَنَجُّسًا بِجِيَفِكُمْ لِأَنَّكُمْ أَرْجَاسٌ، فَإِنْ تَذْهَبُوا نُخَلِّي عَنْكُمْ، وَإِنْ تَأْبَوْا نُرِكُمْ مَصَارِعَكُمْ، قَالَ الْمُغِيرَةُ: فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَخْطَأْتَ مِنْ صِفَتِنَا وَنَعْتِنَا شَيْئًا، إِنْ كُنَّا لَأَبْعَدَ النَّاسِ دَارًا وَأَشَدَّ النَّاسِ جُوعًا وَأَعْظَمَ النَّاسِ شَقَاءً وَأَبْعَدَ النَّاسِ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ حَتّٰى بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْنَا رَسُولًا، فَوَعَدَنَا النَّصْرَ فِي الدُّنْيَا وَالْجَنَّةَ فِي الْآخِرَةِ، فَلَمْ نَزَلْ نَتَعَرَّفُ مِنْ رَبِّنَا مُذْ جَاءَنَا رَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْفَلَجَ، وَالنَّصْرَ، حَتّٰى أَتَيْنَاكُمْ، وَإِنَّا وَاللّٰهِ نَرَى لَكُمْ مُلْكًا وَعَيْشًا لَا نَرْجِعُ إِلٰى ذٰلِكَ الشَّقَاءِ أَبَدًا، حَتّٰى نَغْلِبَكُمْ عَلٰى مَا فِي أَيْدِيكُمْ، أَوْ نُقْتَلَ فِي أَرْضِكُمْ، فَقَالَ: أَمَّا الْأَعْوَرُ، فَقَدْ صَدَقَكُمُ الَّذِي فِي نَفْسِهِ، فَقُمْتُ مِنْ عِنْدِهِ، وَقَدْ وَاللّٰهِ أَرْعَبْتُ الْعِلْجَ جَهْدِي، فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا الْعِلْجُ إِمَّا أَنْ تَعْبُرُوا إِلَيْنَا بِنَهَاوَنْدَ، وَإِمَّا أَنْ نَعْبُرَ إِلَيْكُمْ، فَقَالَ النُّعْمَانُ: اعْبُرُوا، فَعَبَرْنَا قَالَ أَبِي: فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ، إِنَّ الْعُلُوجَ يَجِيئُونَ، كَأَنَّهُمْ جِبَالُ الْحَدِيدِ، وَقَدْ تَوَاثَقُوا أَنْ لَا يَفِرُّوا مِنَ الْعَرَبِ، وَقَدْ قُرِنَ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ، حَتّٰى كَانَ سَبْعَةٌ فِي قِرَانٍ، وَأَلْقَوْا حَسَكَ الْحَدِيدِ خَلْفَهُمْ، وَقَالُوا: مَنْ فَرَّ مِنَّا عَقَرَهُ حَسَكُ الْحَدِيدِ، فَقَالَ الْمُغِيرَةُ بْنُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شُعْبَةَ حِينَ رَاى كَثْرَتَهُمْ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ فَشَلًا، اِنَّ عَدُوَّنَا يُتْرَكُونَ اَنْ يَتَتَامُّوا، فَلَا يَعْجَلُوْا اَمَا، وَاللّٰهِ لَوْ اَنَّ الْاَمْرَ اِلَيَّ لَقَدْ اَعْجَلْتُهُمْ بِهٖ، قَالَ: وَكَانَ النُّعْمَانُ رَجُلًا بَكَّاءً، فَقَالَ: قَدْ كَانَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا يُشْهِدُكَ اَمْثَالَهَا فَلَا يُخْزِيكَ وَلَا يُعَرِّي مَوْقِفَكَ، وَاِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِيْ اَنْ اُنَاجِزَهُمْ، اِلَّا لِشَيْءٍ شَهِدْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذْ غَزَا فَلَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ لَمْ يُعَجِّلْ حَتّٰى تَحْضُرَ الصَّلَوَاتُ وَتَهُبَّ الْاَرْوَاحُ، وَيَطِيبَ الْقِتَالُ، ثُمَّ قَالَ النُّعْمَانُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اَنْ تُقِرَّ عَيْنِي الْيَوْمَ بِفَتْحٍ يَكُوْنُ فِيهِ عِزُّ الْاِسْلَامِ، وَاَهْلِهٖ وَذُلُّ الْكُفْرِ وَاَهْلِهٖ، ثُمَّ اخْتِمْ لِيْ عَلٰى اِثْرِ ذٰلِكَ بِالشَّهَادَةِ، ثُمَّ قَالَ: اٰمِنُوا يَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ، فَاَمَّنَّا وَبَكٰى وَبَكَيْنَا، ثُمَّ قَالَ النُّعْمَانُ: اِنِّيْ هَازٌّ لِوَائِي فَتَيَسَّرُوا لِلسِّلَاحِ، ثُمَّ هَازُّهُ الثَّانِيَةَ، فَكُوْنُوا مُتَيَسِّرِينَ لِقِتَالِ عَدُوِّكُمْ بِاِزَائِهِمْ، فَاِذَا هَزَزْتُهُ الثَّالِثَةَ، فَلْيَحْمِلْ كُلُّ قَوْمٍ عَلٰى مَنْ يَلِيهِمْ مِنْ عَدُوِّكُمْ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَهَبَّتِ الْاَرْوَاحُ كَبَّرَ وَكَبَّرْنَا، وَقَالَ رِيحُ الْفَتْحِ وَاللّٰهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَاِنِّيْ لَاَرْجُو اَنْ يَسْتَجِيبَ اللّٰهُ لِيْ وَاَنْ يَفْتَحَ عَلَيْنَا فَهَزَّ اللِّوَاءَ فَتَيَسَّرُوا، ثُمَّ هَزَّهُ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ هَزَّهُ الثَّالِثَةَ، فَحَمَلْنَا جَمِيعًا كُلُّ قَوْمٍ عَلٰى مَنْ يَلِيهِمْ، وَقَالَ النُّعْمَانُ: اِنْ اَنَا اُصِبْتُ فَعَلَى النَّاسِ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَاِنْ اُصِيبَ حُذَيْفَةُ، فَفُلَانٌ، فَاِنْ اُصِيبَ فُلَانٌ فَفُلَانٌ، حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةً اٰخِرُهُمُ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَالَ اَبِي: فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَحَدًا، يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهٖ، حَتّٰى يُقْتَلَ اَوْ يَظْفَرَ وَثَبَتُوا لَنَا، فَلَمْ نَسْمَعْ اِلَّا وَقْعَ الْحَدِيدِ عَلَى الْحَدِيدِ، حَتّٰى اُصِيبَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ مُصَابَةٌ عَظِيمَةٌ، فَلَمَّا رَاَوْا صَبْرَنَا وَرَاَوْنَا لَا نُرِيدُ اَنْ نَرْجِعَ انْهَزَمُوا، فَجَعَلَ يَقَعُ الرَّجُلُ، فَيَقَعُ عَلَيْهِ سَبْعَةٌ فِيْ قِرَانٍ، فَيُقْتَلُونَ جَمِيعًا، وَجَعَلَ يَعْقِرُهُمْ حَسَكُ الْحَدِيدِ خَلْفَهُمْ، فَقَالَ النُّعْمَانُ: قَدِّمُوا اللِّوَاءَ فَجَعَلْنَا نُقَدِّمُ اللِّوَاءَ فَنَقْتُلُهُمْ وَنَضْرِبُهُمْ، فَلَمَّا رَاَى النُّعْمَانُ، اَنَّ اللّٰهَ قَدِ اسْتَجَابَ لَهُ وَرَاَى الْفَتْحَ جَاءَتْهُ نُشَّابَةٌ، فَاَصَابَتْ خَاصِرَتَهُ فَقَتَلَتْهُ، فَجَاءَ اَخُوْهُ مَعْقِلُ بْنُ مُقَرِّنٍ فَسَجّٰى عَلَيْهِ ثَوْبًا وَاَخَذَ اللِّوَاءَ فَتَقَدَّمَ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: تَقَدَّمُوْا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ، فَجَعَلْنَا نَتَقَدَّمُ فَنَهْزِمُهُمْ وَنَقْتُلُهُمْ، فَلَمَّا فَرَغْنَا وَاجْتَمَعَ النَّاسُ، قَالُوا: اَيْنَ الْاَمِيرُ؟، فَقَالَ مَعْقِلٌ: هٰذَا اَمِيرُكُمْ قَدْ اَقَرَّ اللّٰهُ عَيْنَهُ بِالْفَتْحِ وَخَتَمَ لَهُ بِالشَّهَادَةِ، فَبَايَعَ النَّاسُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، قَالَ: وَكَانَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِالْمَدِينَةِ يَدْعُو اللّٰهَ، وَيَنْتَظِرُ مِثْلَ صَيْحَةِ الْحُبْلٰى، فَكَتَبَ حُذَيْفَةُ، اِلٰى عُمَرَ بِالْفَتْحِ مَعَ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ قَالَ: اَبْشِرْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، بِفَتْحٍ اَعَزَّ اللّٰهُ فِيْهِ الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهُ وَاَذَلَّ فِيْهِ الشِّرْكَ وَاَهْلَهُ، وَقَالَ: النُّعْمَانُ بَعَثَكَ؟، قَالَ: احْتَسِبِ النُّعْمَانَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَبَكٰى عُمَرُ وَاسْتَرْجَعَ، وَقَالَ: وَمَنْ وَيْحَكَ، فَقَالَ: فُلَانٌ، وَفُلَانٌ، وَفُلَانٌ، حَتّٰى عَدَّ نَاسًا ثُمَّ قَالَ وَاٰخَرِينَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَعْرِفُهُمْ، فَقَالَ: عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَهُوَ يَبْكِي لَا يَضُرُّهُمْ، اَنْ لَا يَعْرِفَهُمْ عُمَرُ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَعْرِفُهُمْ

زیاد بن جبیر بیان کرتے ہیں: مجھے میرے والد نے یہ بات بتائی کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہرمزان سے کہا: جب تم نے اپنی ذات کے حوالے سے مجھے آزمائش کا شکار کر دیا ہے تو تم میری خیر خواہی کرو اس کی وجہ یہ ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس سے یہ کہا تھا: تم بات کرو کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے امان دے دی تو ہرمزان نے کہا: جی ہاں آج فارس کا ایک سر ہے اور دو پر ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اس کا سر کہاں ہے اس نے جواب دیا: نہاوند میں بنداذ قان کے پاس اس کے ساتھ کسریٰ کے کنگن ہیں اور اہل اصفہان۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اس کے دو پر کہاں ہیں ہرمزان نے ایک جگہ کا ذکر کیا تھا۔ جو میں بھول گیا ہوں۔ ہرمزان نے کہا: آپ ان کے دو پروں کو کاٹ دیں تو اس طرح آپ سر کو کمزور کر دیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اے اللہ کے دشمن تم نے غلط کہا ہے بلکہ میں سر کی طرف جاؤں گا اللہ تعالیٰ اس کو کاٹ دے گا اور جب اللہ تعالیٰ اسے کاٹ دے گا تو وہ دونوں پروں کو بھی دور کر دے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ ارادہ کیا کہ وہ بنفس نفیس اس کی طرف جائیں تو لوگوں نے کہا: اے امیر المومنین ہم آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتے ہیں کہ آپ اگر بذاتِ خود عجمی علاقوں کی طرف چلے گئے اور وہاں آپ شہید ہو گئے تو مسلمانوں کے پاس کوئی نظام نہیں رہے گا آپ لشکر کو بھیج دیجئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل مدینہ کو بھیجا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ مہاجرین اور انصار کو بھیجا۔ انہوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ تم اہل بصرہ کو ساتھ لے کر روانہ ہو جاؤ اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ اہل کوفہ کو ساتھ لے کر روانہ ہو جاؤ یہاں تک کہ تم سب لوگ نہاوند کے مقام پر اکٹھے ہو جاؤ تو تمہارا امیر نعمان بن مقرن مزنی ہو گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب سب لوگ نہاوند کے مقام پر اکٹھے ہو گئے تو بنداقان علج نے انہیں پیغام بھیجا اے عربوں کے گروہ ہماری طرف ایک شخص کو بھیجو جس کے ساتھ ہم بات چیت کریں تو لوگوں نے مغیرہ بن شعبہ کو اختیار کیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے۔ ان کی شکل وصورت کا منظر گویا آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ لمبے تڑنگے شخص تھے ان کے بال زیادہ تھے اور وہ کانے تھے۔ وہ اس کے پاس گئے۔ جب وہ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے ان سے دریافت کیا: تو انہوں نے ہمیں بتایا میں نے علج (یعنی ان کے سردار) کو پایا کہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشورہ کر رہا تھا کہ کیا ہمیں ان کے ساتھ بھرپور شان وشوکت کے ساتھ ملنا چاہئے تا کہ ان پر ہمارا رعب قائم ہو تو اس کے ساتھیوں نے مشورہ دیا کہ ہمیں ان کے ساتھ بھرپور تیاری اور شان وشوکت کے ساتھ ملنا چاہیے۔

(حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا) جب میں ان لوگوں کے پاس آیا تو میں نے اسے ایسے اسلحے سے لیس دیکھا کہ نگاہیں چکا چوند ہوتی تھیں۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اس کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے اور وہ سونے کے تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے سر پر تاج تھا۔ میں جیسا تھا اسی طرح گزرتا چلا گیا اور میں نے اپنے سر کو جھکایا تا کہ میں اس کے ساتھ تخت پر بیٹھوں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو مجھے وہاں سے دھکیل دیا گیا اور مجھے ڈانٹا گیا تو میں نے کہا: سفیروں کے ساتھ اس طرح کا رویہ اختیار نہیں کیا جاتا۔ ان لوگوں نے مجھ سے کہا تم ایک کتے ہو۔ کیا تم بادشاہ کے ساتھ بیٹھنا چاہتے ہو۔ میں نے کہا: میں اپنی قوم میں اس سے زیادہ معزز شمار ہوتا ہوں جتنا یہ شخص تمہارے درمیان معزز ہے۔ راوی کہتے ہیں تو اس نے مجھے ڈانٹا اور اس نے کہا: تم بیٹھ جاؤ تو میں بیٹھ گیا پھر اس کے قول کا ترجمہ میرے سامنے کیا گیا تو اس نے یہ کہا: تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





"اے عربوں کے گروہ تم سب سے زیادہ بھوکے تھے سب سے زیادہ سنگدل تھے سب سے زیادہ گندے تھے اور سب سے زیادہ دور دراز کے علاقے کے رہنے والے تھے اور بھلائی سے سب سے زیادہ دور تھے اگر تم لوگ چلے جاتے ہو تو ہم تمہیں جانے دیں گے اگر تم لوگ نہیں مانتے تو پھر ہم تمہارے بدلے کی جگہ دکھا دیں گے"۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' تو میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور میں نے کہا: اللہ کی قسم! تم نے ہماری جو حالت اور صورتحال بیان کی ہے اس میں تم نے کوئی غلطی نہیں کی۔ ہمارا علاقہ سب سے زیادہ دور ہے ہم سب سے زیادہ بھوکے تھے ہم سب سے زیادہ سنگدل تھے اور بھلائی سے سب سے زیادہ دور تھے' یہاں تک کہ اللہ نے ہماری طرف ایک رسول کو معبوث کیا اس نے ہمارے ساتھ دنیا میں مدد کرنے کا اور آخرت میں جنت عطا کرنے کا وعدہ کیا' تو جب سے ہمارے پاس اللہ کے رسول تشریف لائے ہم اپنے پروردگار کی طرف سے مسلسل فلاح اور کامیابی کو حاصل کرتے رہے' یہاں تک کہ ہم تمہارے پاس آ گئے۔ اللہ کی قسم! ہم نے دیکھ لیا ہے تمہاری بادشاہی کو بھی اور تمہارے طرز حیات کو بھی اور اب ہم اس بدبختی کی طرف کبھی واپس نہیں جائیں گے' اور تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے اس پر غلبہ حاصل کر لیں گے' یا پھر ہم تمہاری سرزمین پر شہید ہو جائیں گے۔ اس پر اس نے کہا: اس کانے شخص نے تمہارے ساتھ سچی بات کی ہے' جو اس کے ذہن میں تھی۔ (حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) تو میں اس کے پاس سے اٹھ گیا اللہ کی قسم! میں نے علج (نامی سردار کو) مرعوب کرنے کی پوری کوشش کی۔

پھر علج نے ہماری طرف پیغام بھجوایا کیا تم (دریا کو) عبور کر کے ہماری طرف نہاوند میں آؤ گے۔ یا ہم عبور کر کے تمہاری طرف آئیں' تو حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ عبور کرو' تو ہم لوگوں نے عبور کر لیا۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے میں نے اس دن جیسا سمندر کبھی نہیں دیکھا ان کے لشکر کے لوگ یوں آ رہے تھے جس طرح لوہے کے پہاڑ تھے' اور ان لوگوں نے آپس میں یہ عہد کیا تھا کہ وہ عربوں کے مقابلے میں فرار نہیں ہوں گے۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے تھے' یہاں تک کہ وہ سات آدمی ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے تھے اور انہوں نے اپنے پیچھے ایک چکی رکھ دی تھی۔ ان لوگوں نے یہ کہا تھا: ہم میں سے جو شخص فرار ہوگا اسے لوہے کی چکی کچل دے گی۔ جب حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی کثرت دیکھی تو فرمایا میں نے آج کی طرح کی خوفناک صورتحال کبھی نہیں دیکھی ہمارے دشمن کو بھرپور برتری حاصل ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت نعمان رضی اللہ عنہ ایک ایسے شخص تھے جو بہت زیادہ روتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ کو اس طرح کی اور ایسی صورت پھر دکھا دے گا' اور آپ کو رسوا نہ کرے اور آپ کو ڈگمائے گا نہیں اللہ کی قسم! میں ان پر صرف اس لیے حملہ نہیں کر رہا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک چیز دیکھی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کسی جنگ میں حصہ لیتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دن کے ابتدائی حصے میں لڑائی شروع نہیں کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک لڑائی شروع نہیں کرتے تھے۔ جب تک نماز کا وقت نہیں ہو جاتا تھا اور ہوا نہیں چل پڑتی تھی اور جنگ کی صورتحال تیار نہیں ہو جاتی تھی' تو پھر حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے دعا کی اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ تو آج فتح کے ذریعے میری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دے' کیونکہ اس میں اسلام اور اہل اسلام کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عزت ہے اور کفر اور اہل کفر کی ذلت ہے اور پھر اس کے بعد مجھے شہادت نصیب کر کے میرا خاتمہ کر دینا' پھر انہوں نے فرمایا: تم لوگ آمین کہو اللہ تعالیٰ تم لوگوں پر رحم کرے تو ہم نے آمین کہا پھر وہ بھی رونے لگے اور ہم بھی رونے لگے۔

پھر حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنا جھنڈا لہراؤں گا تم لوگ ہتھیار تیار کر لینا پھر میں دوسری مرتبہ لہراؤں گا' تو تم دشمن کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے اس کے مدمقابل آ کے تیار ہو جانا' پھر جب میں تیسری مرتبہ لہراؤں گا' تو ہر شخص اللہ تعالیٰ کی برکت حاصل کرتے ہوئے اپنے قریبی دشمن پر حملہ کر دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب نماز کا وقت ہو گیا اور ہوائیں چل پڑیں' تو انہوں نے تکبیر کہی تو ہم نے بھی تکبیر کہی۔ انہوں نے فرمایا: یہ فتح کی ہوا ہے۔ اللہ کی قسم! اگر اللہ نے چاہا (تو ہم فتح حاصل کر لیں گے) اور مجھے یہ امید ہے' اللہ تعالیٰ میری دعا کو قبول کر لے گا اور ہمیں فتح نصیب کرے گا' تو انہوں نے جھنڈا لہرایا اور لوگ تیار ہو گئے انہوں نے دوسری مرتبہ لہرایا پھر انہوں نے تیسری مرتبہ لہرایا' تو ہم سب نے حملہ کر دیا۔ ہر فرد نے اپنے قریبی دشمن پر حملہ کر دیا۔

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں شہید ہو جاؤں' تو حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ لوگوں کے امیر ہوں گے اگر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ شہید ہو جائیں' تو فلاں صاحب ہوں گے اگر وہ شہید ہو جائیں' تو فلاں ہوں گے' یہاں تک کہ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے سات آدمیوں کا نام گنوایا جن میں سے آخری فرد حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ تھے۔

میرے والد بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! مجھے مسلمانوں میں سے کسی ایسے شخص کے بارے میں یہ علم نہیں ہے' جو اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ اپنے اہل خانہ کی طرف واپس جائے' یہاں تک کہ یا تو وہ شہید ہو جائے یا کامیاب ہو جائے۔ ان لوگوں نے ہم پر حملہ کیا' تو ہمیں صرف لوہے کی لوہے سے ٹکرانے کی آواز آ رہی تھی' یہاں تک کہ بہت سارے مسلمان شہید ہوئے۔ جب ان لوگوں نے ہمارا صبر دیکھا اور انہوں نے دیکھا کہ ہم واپس نہیں جانا چاہتے تو وہ لوگ پسپا ہو گئے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص گرتا' تو اس کے اوپر ایک ہی لڑی کے سات آدمی بھی گر جاتے تو وہ سب مارے جاتے' اور ان کے پیچھے لوہے کی چکی انہیں کچل دیتی۔

حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جھنڈے کو آگے کرو تو ہم نے جھنڈے کو آگے کر دیا اور ہم انہیں قتل کرتے رہے اور انہیں مارتے رہے۔ جب حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول کر لیا ہے اور انہوں نے فتح کو دیکھ لیا اور کامیابی ان کے پاس آ گئی وہ ان کے پہلو میں آ کر لگی اور وہ شہید ہو گئے۔ ان کے بھائی حضرت مقرن بن مقرن رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے اس پر کپڑا ڈال دیا اور علم کو پکڑ لیا اور اس کو لے کر آگے بڑھ گئے' پھر انہوں نے کہا: تم لوگ آگے بڑھو اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے اور ہم لوگ آگے بڑھنے لگے۔ ہم نے ان لوگوں کو پسپا کر دیا اور انہیں قتل کر دیا جب ہم فارغ ہوئے اور لوگ اکٹھے ہوئے' تو لوگوں نے دریافت کیا: امیر کہاں ہے' تو حضرت مقرن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارے امیر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فتح کے ذریعے ان کی آنکھوں کو ٹھنڈا کیا اور آخر میں انہیں شہادت بھی نصیب کر دی' تو لوگوں نے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ میں اللہ سے دعائیں کر رہے تھے' اور وہ اس طرح سے منتظر تھے جس طرح کسی حاملہ عورت کی چیخ کا انتظار کیا جاتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فتح کی خوش خبری کا پروانہ ایک مسلمان شخص کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا۔ جب وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے کہا: اے امیر المومنین آپ کو فتح کی خوش خبری نصیب ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس جنگ میں اسلام اور اہل اسلام کو عزت عطا کی' اور اس میں شرک اور اہل شرک کو ذلت عطا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: نعمان نے تمہیں بھیجا ہے' تو قاصد نے کہا: اے امیر المومنین نعمان کے بارے میں آپ ثواب کی امید رکھیں (یعنی ان کے لیے دعا مغفرت کیجئے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور انہوں نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تمہارا ستیاناس ہو اور کون (شہید ہوا ہے) قاصد نے بتایا: فلاں اور فلاں اور فلاں اس نے متعدد لوگوں کے نام گنوائے' پھر اس نے بتایا: اے امیر المومنین اور لوگ بھی ہیں' جن سے آپ واقف نہیں ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے روتے ہوئے کہا ان لوگوں کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ اگر "عمر" ان سے واقف نہیں ہے' لیکن اللہ تعالیٰ تو ان سے واقف ہے۔

## ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّكُوْنَ قِتَالُهُ الْاَعْدَاءَ بَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ اِذَا فَاتَ ذٰلِكَ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' دشمن کے ساتھ اس کی لڑائی سورج ڈھلنے کے بعد ہونی چاہئے اس وقت جب وہ دن کے ابتدائی حصے میں اسے شروع نہ کر سکے

**4757** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، وَعَفَّانُ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كَانَ عِنْدَ الْقِتَالِ، فَلَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ اَخَّرَهُ اِلٰى اَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ وَيَنْزِلَ النَّصْرُ

✿✿ حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ کرنے لگتے

---

4757- إسناده صحيح . رجاله رجال مسلم غير علقمة بن عبد الله، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/ 368-369، والترمذي (1613) في السير: باب ما جاء في الساعة التي يستحب فيها القتال، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/ 368-369، وأحمد 5/444-445، وخليفة بن خياط في " تاريخه " ص 148-149، وأبو داؤد (2655) في الجهاد: باب في أي وقت يستحب اللقاء، والترمذي (1613)، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 9/32، والحاكم 2/116، والبيهقي 9/153 من طرق عن حماد بن سلمة، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .وأخرجه الترمذي (1612) من طريق قتادة، عن النعمان بن مقرن، بلفظ: غزوتُ مع النبي صلى الله عليه وسلم، فكان إذا طلع الفجر، أمسك حتى تطلُع الشمس، فإذا طلعت، قاتل، فإذا انتصف النهارُ، أمسك حتى تزول الشمس، فإذا زالت الشمس، قاتل حتى العصر، ثم أمسك حتى يصلي العصر، ثم يُقاتل، قال: وكان يقال عند ذلك: تهيج رياحُ النصر، ويدعو المؤمنون لجيوشهم في صلاتهم . قال الترمذي: وقتادة لم يدرك النعمان بن مقرن .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے تو دن کے ابتدائی حصے میں جنگ شروع نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ اسے اس وقت تک موخر کرتے تھے کہ سورج ڈھل جاتا تھا' اور ہوائیں چل پڑتی تھیں اور مدد نازل ہو جاتی تھی۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّسْتَعِينَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى قِتَالِ الْاَعْدَاءِ اِذَا عَزَمَ عَلٰى ذٰلِكَ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ دشمن سے لڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد مانگے جب وہ لڑائی کا پختہ ارادہ کر لے

**4758** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا صَلّٰى اَيَّامَ حُنَيْنٍ هَمَسَ شَيْئًا، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّكَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُهُ، قَالَ اَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ، وَبِكَ اُصَاوِلُ، وَبِكَ اُقَاتِلُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ غزوۂ حنین کے موقع پر جب نماز ادا کر رہے تھے' تو آپ ﷺ نے پست آواز میں کچھ کہا آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی گئی آپ ﷺ نے ایک ایسا کام کیا ہے' جو آپ ﷺ نے پہلے نہیں کیا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں یہ پڑھ رہا تھا۔

''اے اللہ میں تیری مدد کے ساتھ مقابلہ کرتا ہوں' (لڑائی میں) کود پڑتا ہوں اور تیری مدد کے ساتھ جنگ کرتا ہوں''۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اِذَا اَرَادَ مُوَاقَعَةَ الْاَعْدَاءِ اَنْ يُّحْيِيَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَاِذَا اَصْبَحَ وَاقَعَهَا

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب وہ دشمن پر حملہ کرنے کا ارادہ کر لے' تو رات کے وقت جاگتا رہے' اور صبح ہو' تو ان پر حملہ کر دے

**4759** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى *، حَدَّثَنَا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُو الْجَهْمِ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، اَنَّ عَلِيًّا، قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

---

4758– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. وأخرجه البيهقي 9/153 من طريق سليمان بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/216، وأحمد 4/332 و 333، والطبراني (7318)، والبيهقي 9/153 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ. وأخرجه عبد الرزاق (9751)، ومن طريقه الترمذي (3340) في التفسير: باب ومن سورة البروج، والطبراني (7319) عن معمر، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إذا صلى الفجر هَمَسَ –والهمس في قول بعضهم: يحرّك شفتيه كأنه يتكلم بشيء– فقيل له: يا نبيّ الله، إنك إذا صليت العصر همستَ . . . ولم يذكر قوله "أقول: اللّهم بك أحاول . . . ". وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة" (614)، والبيهقي 9/153 من طريق سليمان بن المغيرة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا اَصْبَحَ بِبَدْرٍ مِّنَ الْغَدِ اَحْيَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ كُلَّهَا وَهُوَ مُسَافِرٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ غزوۂ بدر کے دن صبح کے وقت تک' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات بھر جاگتے رہے تھے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسافر تھے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِذَا اَرَادَ مُوَاقَعَةَ اَهْلِ بَلَدٍ مِّنْ دَارِ الْحَرْبِ اَنْ يُّعَبِّءَ الْكَتَائِبَ حَتّٰى تَكُوْنَ مُوَاقَعَتُهُ اِيَّاهُمْ عَلٰى غَيْرِ غِرَّةٍ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب وہ دارالحرب کے کسی شہر والوں پر

حملہ کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنے دستوں کو تیار کر لے تا کہ ان کا اس شہر کے لوگوں پر حملہ کرنا غیر ضروری قتل عام کے بغیر ہو

**4760** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ:

(متن حدیث): وَفَدَتْ وُفُودٌ اِلٰى مُعَاوِيَةَ فِيْ رَمَضَانَ اَنَا فِيهِمْ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَكَانَ بَعْضُنَا يَصْنَعُ لِبَعْضٍ الطَّعَامَ، وَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ اَنْ يَّدْعُوَنَا عَلٰى رَحْلِهِ، فَقُلْتُ: لَوْ صَنَعْتُ طَعَامًا، ثُمَّ دَعَوْتُهُمْ اِلٰى رَحْلِيْ فَاَمَرْتُ بِطَعَامٍ، فَصُنِعَ، ثُمَّ لَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ مِنَ الْعَشِيِّ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، الدَّعْوَةُ عِنْدِي اللَّيْلَةَ، فَقَالَ: سَبَقْتَنِي، قَالَ: فَدَعَوْتُهُمْ اِلٰى رَحْلِي، اِذْ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلَا اُحَامِلُكُمْ اَوْ اُحَادِثُكُمْ، اِنِّيْ اُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيْثٍ مِّنْ حَدِيْثِكُمْ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ حَتّٰى يُدْرِكَ الطَّعَامُ، فَذَكَرَ فَتْحَ مَكَّةَ، فَقَالَ: اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ مَكَّةَ، فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ عَلٰى اَحَدِ الْجَنْبَتَيْنِ وَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ عَلَى الْيُسْرٰى، وَبَعَثَ اَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْحُسَّرِ، فَاَخَذُوا الْوَادِيَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كَتِيبَتِهِ وَقَدْ بَعَثَتْ قُرَيْشٌ اَوْبَاشًا لَهَا وَاَتْبَاعًا لَهَا، فَقَالُوا: نُقَدِّمُ هَؤُلَاءِ، وَاِنْ كَانَ لَهُمْ شَيْءٌ، كُنَّا مَعَهُمْ، وَاِنْ اُصِيبُوا اَعْطَيْنَا مَا سَاَلُوا، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآنِيْ، فَقَالَ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، اهْتِفْ بِالْاَنْصَارِ، فَلَا يَاْتِيْنِيْ اِلَّا اَنْصَارِيٌّ فَهَتَفَ بِهِمْ، فَجَاءُوا، فَاَحَاطُوا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ

---

4759– إسناده حسن، رجاله رجال الشيخين غير حارثة بن مضرب، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة، والأزرق بن علي ذكره المؤلف في " الثقات " وقال: يُغرب، وروى عنه أبو يعلى، وابن أبي عاصم، وعبد الله بن أحمد، وأبو زرعة وغيرهم، وأخرج له الحاكم في " المستدرك "، وقد اعتمد الشيخان رواية يوسف بن أبي إسحاق –وهو يوسف بن إسحاق بن أبي إسحاق– عن جده .وأخرجه النسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 7/358 عن محمد بن المثنى، عن محمد، عن شعبة، عن أبي إسحاق .

4760– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الطيالسي (2424)، وأحمد 2/538، وابن أبي شيبة 14/471–473 ومسلم (1780) (84) (85) في الجهاد والسير: باب فتح مكة، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 10/134، وأبو داوُد (1872) مختصراً في المناسك: باب في رفع اليد إذا رأى البيت، والبيهقي 9/117–118 من طريق سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1780) (86)، والنسائي في " الكبرى "، وأبو داوُد (3023) في الخراج والإمارة: باب ما جاء في خبر مكة، والبيهقي 9/118 من طريقين عن ثابت، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا تَرَوْنَ اِلٰى اَوْبَاشِ قُرَيْشٍ، وَاَتْبَاعِهِمْ، وَضَرَبَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى مِمَّا يَلِي الْخِنْصَرَ وَسَطَ الْيُسْرٰى، وَقَالَ: احْصُدُوْهُمْ حَصْدًا حَتّٰى تُوَافُوْنِيْ بِالصَّفَا، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَانْطَلَقْنَا، فَمَا يَشَاءُ اَحَدٌ مِّنَّا اَنْ يَّقْتُلَ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ اِلَّا قَتَلَهٗ، وَمَا يُوَجِّهُ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اِلَيْنَا شَيْئًا، فَقَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُبِيْحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ، لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَغْلَقَ بَابَهٗ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ اَبِيْ سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَاَغْلَقُوْا اَبْوَابَهُمْ، وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ، وَطَافَ بِالْبَيْتِ وَفِيْ يَدِهٖ قَوْسٌ، وَهُوَ اٰخِذٌ الْقَوْسَ، وَكَانَ اِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ صَنَمٌ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهٗ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْعَنُ فِيْ جَنْبِهٖ بِالْقَوْسِ، وَيَقُوْلُ: جَاءَ الْحَقُّ، وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، فَلَمَّا قَضٰى طَوَافَهٗ اَتَى الصَّفَا، فَعَلَا حَيْثُ يَنْظُرُ اِلَى الْبَيْتِ، فَجَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَهٗ، وَجَعَلَ يَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَذْكُرُ مَا شَاءَ اَنْ يَّذْكُرَهٗ وَالْاَنْصَارُ تَحْتَهٗ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِيْ قَرْيَتِهٖ وَرَاْفَةٌ بِعَشِيْرَتِهٖ، وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَكَانَ لَا يَخْفٰى عَلَيْنَا اِذَا نَزَلَ الْوَحْيُ، لَيْسَ اَحَدٌ مِّنَّا يَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَلْ يَطْرِقُ حَتّٰى يَنْقَضِيَ الْوَحْيُ، فَلَمَّا قُضِيَ الْوَحْيُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، قُلْتُمْ: اَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ اَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِيْ قَرْيَتِهٖ، وَرَاْفَةٌ بِعَشِيْرَتِهٖ، قَالُوْا: قَدْ قُلْنَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ هَاجَرْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ، الْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ، فَاَقْبَلُوْا يَبْكُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ: وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا الَّذِيْ قُلْنَا اِلَّا ضَنًّا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ، قَالَ: وَاِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَّاضِحٌ، اَنَّ فَتْحَ مَكَّةَ كَانَ عَنْوَةً لَا صُلْحًا

❀❀ عبداللہ بن رباح بیان کرتے ہیں: رمضان کے مہینے میں کچھ وفود حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' جن میں' میں اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ ہم لوگ ایک دوسرے کے لیے کھانا تیار کیا کرتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اکثر اپنی رہائشی جگہ پر ہمیں بلایا کرتے تھے میں نے کہا: اگر میں بھی کھانا تیار کروں اور پھر ان لوگوں کو اپنی رہائشی جگہ پر بلاؤں' تو (یہ مناسب ہوگا) میں نے کھانا تیار کرنے کا حکم دیا۔ کھانا تیار ہو گیا۔ شام کے وقت میری ملاقات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا: اے ابو ہریرہ! آج رات دعوت میری طرف ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھ سے سبقت لے گئے ہو۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے ان لوگوں کو بھی اپنی رہائشی جگہ پر بلا لیا' پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تم لوگوں کو وہ حدیث نہ سناؤں۔ میں تم لوگوں کو ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جو اے انصار کے گروہ تمہاری حدیث ہے اتنی دیر میں کھانا بھی آجائے گا پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ ذکر کیا' انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور مکہ میں داخل ہونے لگے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر کے ایک طرف حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور بائیں طرف حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ ایک دستے کا امیر حضرت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ وہ لوگ نشیبی علاقے میں پہنچ گئے جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چھوٹے دستے میں تھے۔ قریش نے اپنے اوباشوں اور پیروکارلڑکوں کو اس دستے کی طرف بھیجا انہوں نے کہا: ہم ان لوگوں کو موقعہ دیتے ہیں اگر یہ جیت گئے' تو ہم ان کے ساتھ ہوں گے اور اگر یہ مارے گئے' تو جو وہ مانگیں گے ہم دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر دوڑا کر مجھے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوہریرہ انصار کو بلا کر لاؤ میرے پاس صرف انصار آئیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بلایا اور وہ لوگ آ گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد اکٹھے ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے قریش کے اوباشوں اور پیروکارلڑکوں کو دیکھا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں دست مبارک کو بائیں پر مارا اور فرمایا: تم انہیں کاٹ کے رکھ دینا' یہاں تک کہ تم لوگ مجھے صفا پر آ کر ملنا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ روانہ ہوئے اور ہم میں سے جس شخص نے ان میں سے جس شخص کو قتل کرنا چاہا اسے قتل کر دیا' یہاں تک کہ پھر ان میں سے کوئی ہمارے سامنے نہیں آیا۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! قریش کے قتل کو مباح قرار دیا گیا ہے آج کے بعد قریش باقی نہیں رہیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے دروازے کو بند کر لے وہ محفوظ ہوگا' جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے وہ امن میں ہوگا' تو لوگوں نے اپنے دروازے بند کر لیے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود کا استلام کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں ایک کمان تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کمان کو پکڑا ہوا تھا۔ خانہ کعبہ کے ایک پہلو میں ایک بت تھا جس کی وہ لوگ عبادت کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کمان کے ذریعے اس کے پہلو میں مارا اور یہ پڑھا "حق آ گیا باطل رخصت ہو گیا"۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف مکمل کر لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پر تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر چڑھ گئے' یہاں تک کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر بیت اللہ پر پڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ بلند کیے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی اور جو اللہ کو منظور تھا وہ ذکر کیا۔ انصار صفا کے نیچے موجود تھے ان میں سے کسی ایک نے کسی دوسرے سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بستی سے محبت اور اپنے خاندان سے محبت لاحق ہو گئی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تھی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تھی تو یہ چیز ہم پر مخفی نہیں رہتی تھی۔ اس وقت کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ نہیں سکتا تھا۔ وہ انتظار کرتا تھا' یہاں تک کہ وحی مکمل ہو جاتی تھی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کا نزول مکمل ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے انصار کے گروہ تم لوگوں نے یہ بات کہی ہے ان صاحب کو اپنی بستی کی محبت اور خاندان کی محبت نے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے یہ بات کہی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں میں نے اللہ تعالیٰ کی طرف اور تمہاری طرف ہجرت کی ہے میری زندگی تمہارے ساتھ ہے اور میری موت تمہارے ساتھ ہے' تو انصار نے رونا شروع کر دیا اور کہنا شروع کر دیا اللہ کی قسم! ہم نے صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبت کی وجہ سے یہ بات کہی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں' اور تمہارے عذر کو قبول کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات کا واضح بیان ہے' مکہ جنگ کے نتیجے میں فتح ہوا تھا صلح کے نتیجے میں فتح نہیں ہوا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهٖ إِذَا عَزَمَ الْغَزْوَ اَوِ الْتِقَاءَ اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

## اس بات کا تذکرہ' جب آدمی جنگ کا ارادہ کرلے یا اللہ کے دشمن کافروں کا سامنا کرنے کا ارادہ کرلے' تو پھر اسے کیا دعا مانگنی چاہیے

**4761** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَزَا، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِي، وَاَنْتَ نَصِيرِي، وَبِكَ اُقَاتِلُ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنگ میں حصہ لیتے تھے' تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ! تو ہی میرا حامی اور تو ہی میرا مددگار ہے اور میں تیری مدد سے ہی جنگ کرتا ہوں''۔

## ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ اخْتِيَالِ الْمَرْءِ بِفَرَسِهٖ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ اِذْ هُوَ مِمَّا يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

## آدمی کا اپنے گھوڑے پر بیٹھ کر دو صفوں (یعنی اپنی اور دشمن کی صفوں) کے درمیان بڑائی کا اظہار کرنا مستحب ہے' کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

**4762** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا

---

4761- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داوُد (2632) في الجهاد: باب ما يُدعى عند اللقاء، والترمذي (3584) في الدعوات: باب في الدعاء إذا غزا، عن نصر بن علي الجهضمي، بهذا الإسناد وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، ومعنى قوله: عضدي، يعني: عوني. وأخرجه أحمد 3/184 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، والنسائي في " عمل اليوم والليلة " (204) من طريق أزهر بن القاسم، كلاهما عن المثنى بن سعيد، بِهٖ. وفي الباب عن صُهيب عند أحمد 6/16 .

4762- حديث حسن لغيره، ابن جابر بن عتيك قال المزي في " تهذيب الكمال ": إن لم يكن عبد الرحمٰن بن جابر بن عتيك، فهو أخ له. قلت: أياً كان فهو مجهول، وباقي رجاله ثقات. عبد الرحمٰن بن إبراهيم: هو الملقب بدُحيم، والوليد: هو ابن مسلم، ومحمد بن إبراهيم: هو التيمي. وأخرجه الطبراني (1775)، والبيهقي 7/308 من طريقين عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/149، والنسائي 5/78 في الزكاة: باب الاختيال في الصدقة، وسعيد بن منصور (2548)، والطبراني (1774)، والبيهقي 7/308 من طرق عن الأوزاعي، به إلا أنه سقط ابن جابر عند سعيد بن منصور. وأخرجه أحمد 5/445 و 446، وأبو داوُد (2659) في الجهاد: باب في الخيلاء في الحرب والطبراني (2772) و (2773) و (2776) و (2777)، والبيهقي في " السنن " 9/156، وفي " الأسماء والصفات " 2/264-265 من طرق عن يحيى بن أبي كثير، بِهٖ. وله شاهد يتقوى به من حديث عقبة بن عامر الجهني عند أحمد 4/154 وفيه عبد الله بن زيد الأزرق وهو مقبول في المتابعات، وباقي رجاله ثقات. وفي الباب عن أبي هريرة مختصراً عند ابن ماجه (1996)، وفي سنده أبو شهم، قال الحافظ في " التقريب ": كذا وقع والصواب أبو سلمة وهو ابن عبد الرحمٰن. قلت: وعلى هذا فرجاله ثقات .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْوَلِيدُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُحِبُّ اللّٰهُ، وَمِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ، وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ، فَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُحِبُّ اللّٰهُ الْغَيْرَةُ فِي الدِّينِ، وَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُبْغِضُ اللّٰهُ الْغَيْرَةُ فِي غَيْرِ دِينِهِ، وَالْخُيَلَاءُ الَّذِي يُحِبُّ اللّٰهُ، اخْتِيَالُ الرَّجُلِ بِنَفْسِهِ عِنْدَ الْقِتَالِ، وَعِنْدَ الصَّدَقَةِ، وَالِاخْتِيَالُ الَّذِي يُبْغِضُ اللّٰهُ الِاخْتِيَالُ فِي الْبَاطِلِ

❁❁ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک قسم کا غصہ وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے اور ایک قسم کا غصہ وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔ ایک قسم کا فخر کا اظہار وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے ایک قسم کا وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ غصہ جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ دینی معاملات میں غصہ ہے۔ وہ غصہ جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ دین کے علاوہ کے معاملات میں غصہ ہے اور وہ فخر جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ یہ ہے: آدمی لڑائی کے وقت اپنے اوپر فخر کرے اور صدقہ کرتے وقت فخر کرے اور وہ فخر جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ باطل کے بارے میں فخر ہے۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُجَاهِدِ اَنْ يَّسْتَعْمِلَ الْخِدَاعَ فِي حَرْبِهِ

## مجاہد کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ جنگ کے دوران (دشمن کو) دھوکہ دے

**4763** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ

4763– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم. محمد بن معمر: هو ابن ربعي القيسي، وأبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه أحمد 3/297 عن حجاج، عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (1698)، والحميدي (1237)، وابن أبي شيبة 12/530، وأحمد 3/308، والبخاري (3030) في الجهاد: باب الحرب خدعة، ومسلم (1739) في الجهاد: باب جواز الخداع في الحرب، وأبو داؤد (2636) في الجهاد: باب المكر في الحرب، والترمذي (1675) في الجهاد: باب في الرخصة في الكذب، وأبو يعلى (1826) و (1968) و (2121)، والبيهقي 7/40 و 9/150، والبغوي (2690) من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن جابر. وقوله " خدعة "، قال الخطابي في " معالم السنن " 2/269: معناه إباحة الخداع في الحرب وان كان محظوراً في غيرها من الأمور، وهذا الحرف يُروى على ثلاثة أوجه: خَدْعة بفتح الخاء وسكون الدال، وخُدْعة بضم الخاء وسكون الدال، وخُدَعة الخاء مضمومة والدال منصوبة، وأصوبها خَدْعة. قلت (القائل الخطابي) : معنى الخدعة أنها هي مرة واحدة أي: إذا خُدِع المقاتل مرة واحدة لم يكن له إقالة، ومن قال: خُدْعة، أراد الاسم كما يقال هذه لعبة، ومن قال: خُدَعة بفتح الدال، كان معناه أنها تخدع الرجال وتمنيهم، ثم لا تفي لهم كما يقال: رجل لُعَبة، إذا كان كثير التلعب بالأشياء.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
"جنگ دھوکہ دہی کا نام ہے"۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ عِنْدَ شِدَّةِ حَمْلِهِمْ عَلَى الْمُسْلِمِينَ

## امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب مشرکین مسلمانوں پر حملہ کریں' تو وہ مشرکین کے لیے بددعا کرے

**4764** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ بَيْنَنَا، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنَّ قَاصًّا يَقُصُّ عِنْدَ اَبْوَابِ كِنْدَةَ، وَيَزْعُمُ اَنَّ آيَةَ الدُّخَانِ تَجِيءُ، فَتَاْخُذُ بِاَنْفَاسِ الْكُفَّارِ، وَيَاْخُذُ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، فَجَلَسَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ، فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ، فَاِنَّهُ اَعْلَمُ لِاَحَدِكُمْ، اَنْ يَّقُوْلَ لِمَا لَا يَعْلَمُ، اَللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ مَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ، وَمَا اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ)، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا رَاٰى مِنَ النَّاسِ اِدْبَارًا، قَالَ: اَللّٰهُمَّ سَبْعًا كَسَبْعِ يُوْسُفَ، فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰى اَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْجُلُوْدَ وَيَنْظُرُ اَحَدُهُمْ اِلَى السَّمَاءِ، فَيَرٰى كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَجَاءَهُ اَبُوْ سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ جِئْتَ تَاْمُرُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ، وَصِلَةِ

---

4764–إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو المعروف بابن راهويه، وجرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وأبو الضحى: هو مسلم بن صبيح .وأخرجه مسلم (2798) (39) في صفات المنافقين: باب الدخان، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (1007) في الاستسقاء : باب دعاء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اجعلها عليهم سنين كسني يوسف "، والطبري في " تفسيره " 25/112 من طرق عن جرير، بِهِ .وأخرجه أحمد 1/441، والبخاري (4824) في تفسير سورة الدخان: باب (ثم تولوا عنه وقالوا معلّم مجنون)، والترمذي (3254) في التفسير: باب ومن سورة الدخان، من طريق شعبة، والبخاري (1020) في الاستسقاء : باب إذا استشفع المشركون بالمسلمين عند القحط، و (4774) في تفسير سورة الروم، والبغوي في " تفسيره " 4/149، من طريق محمد بن كثير، عن سفيان، والبيهقي في " السنن " 3/352، وفي " دلائل النبوة " 2/326 من طريق أسباط بن نصر، ثلاثتهم عن منصور، بِهِ .وأخرجه أحمد 1/380–381 و 431 و 441، والبخاري (1020)، و (4693) في تفسير سورة يوسف: باب (وراودته التي هو في بيتها)، و (4774)، و (4809) في تفسير سورة ص: باب (وما أنا من المتكلفين)، و (4821) في تفسير سورة الدخان: باب (يغشى الناس هذا عذاب أليم)، و (4822) : باب (ربنا اكشف عنا العذاب إنا مؤمنون) و (4823) و (4824)، ومسلم (2798) (40)، والترمذي (3254)، والطبري 25/111 و112، والبغوي في " تفسيره " 4/149 من طرق عن الأعمش، عن أبي الضحى، بِهِ . وأخرج البخاري (4767) في تفسير سورة الفرقان: باب (فسوف يكون لزاماً)، و (4820) في تفسير سورة الدخان: باب (فارتقب يوم تأتي السماء بدخان مبين)، ومسلم (2798) (41)، والطبري 25/112، والبيهقي في " الدلائل " 2/327 من طرق عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ ابن مسعود قال: خمس قد مَضَين: الدخان، والقمر، والروم، والبطشة، واللزام (فسوف يكون لزاماً) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الرَّحِمِ، وَإِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا مِنْ جُوعٍ، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ، قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ) (الدخان: 10)، (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنْتَقِمُونَ) (الدخان: 16)، فَالْبَطْشَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَقَدْ مَضَى آيَةُ الدُّخَانِ، وَالْبَطْشَةِ وَاللِّزَامِ وَالرُّومِ

✿✿ مسروق بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ وہ ہمارے درمیان لیٹے ہوئے تھے ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا کندہ کے دروازوں کے پاس ایک واعظ تقریر کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ دھوئیں کی نشانی (جس کا ذکر قرآن میں ہوا ہے) وہ عنقریب آئے گی اور کفار کی سانسوں کو اپنی گرفت میں لے گی' اور اہل ایمان کو اس کے ذریعے زکام جیسی کیفیت محسوس ہوگی' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ غصے کے عالم میں سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ انہوں نے فرمایا: اے لوگو اللہ سے ڈرو۔ تم میں سے جس شخص کو کسی چیز کا علم ہو وہ اس کے مطابق بات بیان کر دے جسے علم نہ ہو' تو وہ یہ کہہ دے اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے' کیونکہ تم میں سے زیادہ بڑا عالم وہ شخص ہے' جو اس چیز کے بارے میں' جس کا اسے علم نہیں ہے' یہ کہہ دے کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے یہ فرمایا تھا ''تم یہ فرما دو! میں اس پر تم سے اجر نہیں مانگتا اور نہ ہی میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں''۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لوگوں کا (اسلام قبول کرنے سے) پیٹھ پھیرنا دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ! ان پر حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی قحط سالی مقرر کر دے'' تو ان لوگوں کو قحط سالی نے اپنی گرفت میں لے لیا' یہاں تک کہ وہ مردار اور کھالیں کھانے لگے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو اسے دھواں نظر آتا تھا۔ ابوسفیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا حکم دینے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ صلہ رحمی کرنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ جب کہ آپ کی قوم کے افراد بھوک کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اس دن کا انتظار کرو جب آسمان واضح دھواں لے آئے گا''۔

(ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جس دن ہم سخت پکڑ کریں گے بے شک ہم انتقام لینے والے ہیں''۔

تو یہاں پکڑ سے مراد غزوہ بدر کا موقع ہے' جبکہ دھوئیں' پکڑ' لزام اور اہل روم سے متعلق نشانیاں پہلے گزر چکی ہیں۔

## ذِكْرُ مَا يَسْتَعِينُ الْمَرْءُ بِهِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَى قِتَالِ أَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ عِنْدَ الْتِقَاءِ الصَّفَّيْنِ

## اس بات کا تذکرہ' آدمی کو اللہ کے دشمن کافروں سے جنگ کرنے کے لیے اپنے پروردگار سے مدد مانگنی چاہیے اس وقت جب دو صفیں آمنے سامنے ہوں

4765 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي إِسْرَائِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ، حَدَّثَهُ

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا أَصَابَ قَوْمًا، قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر حملہ کرتے تھے تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ ہم ان کے مقابلے میں تجھے (اپنا مددگار) بناتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں''۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ أَنْ يَسْتَنْصِرَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ قِتَالِ أَعْدَاءِ اللّٰهِ وَإِنْ كَانَ فِي الْمُسْلِمِينَ قِلَّةٌ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اللہ کے دشمنوں سے جنگ کے وقت اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے اگرچہ مسلمانوں کی تعداد تھوڑی ہو

**4766** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِيَاضٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ الْيَرْمُوكَ، وَعَلَيْهَا خَمْسَةُ أُمَرَاءَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَيَزِيدُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، وَشُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَعِيَاضٌ، - وَلَيْسَ عِيَاضٌ صَاحِبَ الْحَدِيثِ الَّذِي يُحَدِّثُ سِمَاكٌ عَنْهُ - قَالَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِذَا كَانَ قِتَالٌ فَعَلَيْكُمْ أَبُو عُبَيْدَةَ قَالَ: فَكَتَبْنَا إِلَيْهِ، أَنْ قَدْ جَاشَ إِلَيْنَا الْمَوْتُ، وَاسْتَمْدَدْنَاهُ، فَكَتَبَ إِلَيْنَا أَنَّهُ قَدْ جَاءَنِي كِتَابُكُمْ تَسْتَمِدُّونِي، وَإِنِّي أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا هُوَ أَعَزُّ نَصْرًا وَأَحْصَنُ جُنْدًا اللّٰهُ فَاسْتَنْصِرُوهُ، فَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نُصِرَ بِأَقَلَّ مِنْ عَدَدِكُمْ، فَإِذَا أَتَاكُمْ كِتَابِي، فَقَاتِلُوهُمْ وَلَا تُرَاجِعُونِي، قَالَ: فَقَاتَلْنَاهُمْ فَهَزَمْنَاهُمْ، وَقَتَلْنَاهُمْ أَرْبَعَ فَرَاسِخَ وَأَصَبْنَا أَمْوَالًا فَتَشَاوَرُوا فَأَشَارَ عَلَيْهِمْ عِيَاضٌ عَنْ كُلِّ رَأْسٍ عَشْرَةٌ، وَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: مَنْ يُرَاهِنُنِي؟، فَقَالَ شَابٌّ: أَنَا إِنْ لَمْ تَغْضَبْ، قَالَ: فَسَبَقَهُ، فَرَأَيْتُ عَقِيصَتَيْ أَبِي عُبَيْدَةَ تَنْقُزَانِ، وَهُوَ خَلْفَهُ عَلَى فَرَسٍ عَرَبِيٍّ

---

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سُئِلَ عَنِ الذَّرَارِيِّ مِنْ دُورِ الْمُشْرِكِينَ يُبَيَّتُونَ، وَفِيهِمُ النِّسَاءُ، وَالصِّبْيَانُ فَقَالَ: هُمْ مِنْهُمْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی بستی کے رہنے والے بچوں اور خواتین کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ان کا حصہ ہیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خَبَرَ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ مَنْسُوخٌ نَسَخَهُ خَبَرُ ابْنِ عُمَرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت منسوخ ہے اسے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت نے منسوخ کیا ہے'

4785– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم (135) .

4786– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن موسى الهذلي . وقد تقدم تخريجه برقم (136) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

4787 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰی، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ، قَالَ

(متن حدیث):كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثَلَاثَةَ اَحَادِيثَ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِينَ، اَنْ نَقْتُلَهُمْ مَعَهُمْ، قَالَ: نَعَمْ، فَاِنَّهُمْ مِنْهُمْ، ثُمَّ نَهٰى عَنْهُمْ، يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ. قَالَ فَصِدْتُ لَهُ حِمَارَ وَحْشٍ بِالْاَبْوَاءِ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَرَدَّ ذٰلِكَ، فَعَرَفَ ذٰلِكَ فِي وَجْهِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے تین احادیث بیان کیا کرتے تھے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں دریافت کیا: کیا ہم ان کے ہمراہ انہیں بھی قتل کر دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: جی ہاں' کیونکہ وہ ان کا حصہ ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے موقع پر اس سے منع کر دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چراگاہ صرف اللہ اور اس کے رسول کے لیے مخصوص ہے۔

(تیسری روایت یہ ہے) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ابواء کے مقام پر زیبرے کا شکار کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حالت احرام میں تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر (پریشانی) کے آثار دیکھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم نے یہ تمہیں صرف اس لیے واپس کیا ہے' کیونکہ ہم حالت احرام میں ہیں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الصِّبْيَانَ اِذَا قَاتَلُوا، قُوتِلُوا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جب بچے جنگ میں حصہ لیں' تو انہیں بھی قتل کر دیا جائے گا

4788 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):كُنْتُ فِيمَنْ حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَشَكُّوا فِيَّ اَمِنَ الذُّرِّيَّةِ، اَنَا اَمْ مِنَ الْمُقَاتِلَةِ، فَنَظَرُوا

4787- إسناده حسن، محمد بن عمرو -وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ- صدوق روى له البخارى مقروناً ومسلم تابعة، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو عمار: هو الحسين بن حريث . وهو حديث صحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (136) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِلٰی عَانَتِی، فَلَمْ یَجِدُوهَا نَبَتَتْ، فَأُلْقِیتُ فِی الذُّرِّیَّةِ، وَلَمْ اُقْتَلْ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَمَّا جَعَلَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، الْفَرْقَ بَیْنَ مَنْ یُقْتَلُ، وَبَیْنَ مَنْ یُسْتَبْقٰی مِنَ السَّبْیِ الْإِنْبَاتَ، ثُمَّ اَمَرَ بِقَتْلِ مَنْ اَنْبَتَ صَحَّ، اَنَّ الْعِلَّةَ فِیْهِ، اَنَّ مَنْ اَنْبَتَ، کَانَ بَالِغًا یَجُوْزُ، اَنْ یُقَاتَلَ، وَلَمَّا صَحَّ مَا وَصَفْتُ مِنَ الْعِلَّةِ، کَانَ فِیْهَا الدَّلِیْلُ، عَلٰی اَنَّ الصِّبْیَانَ، وَالنِّسَاءَ مِنْ دُوْرِ الْحَرْبِ، اِذَا قَاتَلُوا، قُوتِلُوْا اِذِ الْعِلَّةُ، الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا رُفِعَ عَنْهُمُ الْقَتْلُ، عُدِمَتْ فِیْهِمْ، وَهِیَ مُجَانَبَةُ الْقِتَالِ

❀❀ عطیہ قرظی بیان کرتے ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھا جن کے بارے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ دیا تھا انہیں میرے بارے میں شک ہوا کہ کیا میں نابالغ بچوں میں شمار ہوں گا یا جنگ کرنے والوں میں شمار ہوں گا۔ جب انہوں نے میرے زیر ناف حصے کا جائزہ لیا تو انہیں وہاں بال اگے ہوئے نہیں ملے تو مجھے بچوں میں شامل کر لیا گیا اور مجھے قتل نہیں کیا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کیے جانے والے اور چھوڑ دیئے جانے والے قیدیوں کے بارے میں یہ فرق بیان کیا ہے' وہ زیر ناف بالوں کا اگنا ہے اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا جن کے زیر ناف بال اگ چکے ہوں' تو یہ بات ثابت ہو جائے گی اس میں علت یہ ہے: جس کے زیر ناف بال اگ چکے ہوں وہ بالغ شمار ہو گا اور اسے قتل کرنا جائز ہو گا اور جب یہ بات صحیح طور پر ثابت ہو گئی جو علت میں نے بیان کی ہے' تو اس میں اس بات کی دلیل موجود ہو گی کہ غیر مسلموں کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے وہ بچے اور خواتین اگر جنگ میں حصہ لیں' تو انہیں قتل کر دیا جائے گا' کیونکہ وہ علت جس کی وجہ سے ان سے قتل کا حکم اٹھا لیا گیا تھا وہ ان میں معدوم ہو گی' اور وہ علت جنگ سے الگ رہنا ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ اِذَا قَاتَلُوْا قُوتِلُوا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اہل حرب کی خواتین اور بچے جنگ میں حصہ لیں' تو انہیں قتل کر دیا جائے

**4789** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِیْرَةُ بْنُ عَبْدِ

4788– إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير صحابيه فروى له أصحاب السنن . وقد تقدم تخريجه برقم (4780) و (4781) و (4782) و (4783) .

4789– إسناده صحيح، رجال ثقات رجال الصحيح غير المرقع وجده رياح، فقد روى لهما أصحاب السنن . سعيد بن عبد الجبار: هو الكرابيسي، وأبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان . وهو في " مسند أبي يعلى " (1546) . وأخرجه سعيد بن منصور (2623)، وأحمد 3/388 و 4/346، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 3/166، وابن ماجه (2842) في الجهاد: باب الغارة والبيات وقتل النساء والصبيان، والطحاوي 3/221 و222، والطبراني (4619) و (4620)، والبيهقي 9/91 من طرق عن المغيرة بن عبد الرحمٰن الحزامي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/488 و 4/178 و 178–179 و 346، والطبراني (4618) من طريقين عن أبي الزناد، به .وأخرجه أبو داوٗد (2669) في الجهاد: باب في قتل النساء، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 3/166، والطبراني (4621) و (4622) والبيهقي 9/82 من طريقين عن المرقع بن صيفي، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الرَّحْمٰنِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْمُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ رِيَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ وَعَلٰى مُقَدِّمَةِ النَّاسِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَاِذَا امْرَاَةٌ مَقْتُولَةٌ عَلَى الطَّرِيقِ، فَجَعَلُوْا يَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ خَلْقِهَا قَدْ اَصَابَتْهَا الْمُقَدِّمَةُ، فَاَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَفَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَاهْ مَا كَانَتْ هٰذِهِ تُقَاتِلُ، ثُمَّ قَالَ: اَدْرِكْ خَالِدًا، فَلَا تَقْتُلُوْا ذُرِّيَّةً، وَلَا عَسِيفًا

❀❀ حضرت ریاح بن ربیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوئے۔مقدمۃ الجیش کے امیر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے راستے میں ایک مقتول عورت ملی تو لوگ اس پر حیرانگی کا اظہار کرنے لگے کہ مقدمۃ الجیش کے لوگوں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وہاں پہنچے اس عورت کے پاس ٹھہر گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تو جنگ میں حصہ نہیں لیتی تھی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا۔ خالد کے پاس جاؤ (اور اسے یہ پیغام پہنچاؤ) تم بچوں اور مزدوروں (غیر جنگجو افراد) کو قتل نہ کرو۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ يُقْتَلُوْنَ اِذَا قَاتَلُوْا

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے اہل حرب کی خواتین اور بچے جب جنگ میں حصہ لیں تو وہ قتل کر دیئے جائیں گے

4790 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ، فَهُوَ شَهِيْدٌ، وَمَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا، طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَثْبَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الشَّهَادَةَ لِلْمَقْتُوْلِ، دُوْنَ مَالِهٖ، وَاَبَاحَ قِتَالَ قَاتِلِهٖ، وَالْخَبَرُ عَلَى الْعُمُوْمِ، فَلَمَّا كَانَ قِتَالُ الْمَرْءِ مَعَ الْمُسْلِمِ الْمُحَرَّمِ دَمُهٗ، عِنْدَ اَخْذِ مَالِهٖ جَائِزًا كَانَ قِتَالُ مِثْلِهٖ مَعَ الْمَرْءِ الَّذِيْ لَيْسَ بِمُحَرَّمٍ دَمُهٗ، وَلَا مَالُهٗ صَبِيًّا كَانَ، اَوْ بَالِغًا امْرَاَةً كَانَتْ، اَوْ عَبْدًا اَوْلٰى اَنْ يَكُوْنَ جَائِزًا

❀❀ حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے اور جو شخص کسی دوسرے کی زمین ایک بالشت کے برابر ناجائز طور پر حاصل کر لے تو اس کو سات زمینوں جتنا وزنی طوق پہنایا جائے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے لیے شہادت کو برقرار رکھا ہے' جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جاتا ہے اور اس کے لیے اپنے قاتل کے ساتھ لڑائی کرنے کو مباح قرار دیا ہے۔ روایت عموم سے تعلق رکھتی ہے' تو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جب آدمی کا کسی ایسے مسلمان کے ساتھ جس کا خون قابل احترام ہے اپنے مال کو دینے کی وجہ سے لڑنا جائز ہو جائے' تو آدمی کا اس طرح کے شخص کے ساتھ لڑنا جائز ہوگا' جس کا خون یا مال اس کے لیے قابل احترام نہیں ہے خواہ وہ بچہ ہو' یا بالغ عورت ہو' یا غلام ہو' تو اس بات کا زیادہ امکان ہے' ایسا کرنا جائز ہو۔

**4791** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْمُرَقِّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزَاةٍ، فَمَرَّ بِامْرَاَةٍ مَقْتُوْلَةٍ وَالنَّاسُ عَلَيْهَا، فَقَالَ: مَا كَانَتْ هٰذِهِ لِتُقَاتِلَ، اَدْرِكْ خَالِدًا، فَقُلْ لَهُ: لَا تَقْتُلْ ذُرِّيَّةً، وَلَا عَسِيفًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ الْمُرَقِّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ وَسَمِعَهُ مِنْ جَدِّهِ، وَجَدُّهُ رِيَاحُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَهُمَا مَحْفُوظَانِ

❀❀ حضرت حنظلہ کاتب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک مقتول عورت کے پاس سے ہوا جس کے اردگرد لوگ جمع تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تو جنگ میں حصہ نہیں لیتی' خالد کے پاس جاؤ اور کہو کہ بچوں اور ملازمین کو قتل نہ کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مرقع بن صیفی نے یہ روایت حضرت حنظلہ کاتب رضی اللہ عنہ سے سنی ہے انہوں نے یہ روایت اپنے دادا سے بھی سنی ہے ان کے دادا حضرت ریاح بن ربیع رضی اللہ عنہ ہیں یہ دونوں روایات محفوظ ہیں۔

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلصِّبْيَانِ تَلَقِّی الْغُزَاةِ عِنْدَ قُفُوْلِهِمْ مِنْ غَزَاتِهِمْ

## بچوں کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ غازیوں کے جنگ سے واپسی پر ان کا استقبال کریں

**4792** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ:

---

4790– إسناده صحيح على شرط الصحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء، فمن رجال مسلم، وطلحة بن عبد الله بن عوف، فمن رجال البخاري . سفيان: هو ابن عيينة، وقد تقدم تخريجه برقم (3194) و (3195) .

4791– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير المرقع بن صيفي وحنظلة الكاتب فروى لهما أصحاب السنن . عبد الرحمٰن: هو ابن مهدي، وسفيان: هو الثوري . وأخرجه النسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 3/86 من طريقين عن عبد الرحمٰن، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق (9382)، وابن أبي شيبة 12/382، وأحمد 4/178، وابن ماجه (2842) في الجهاد: باب الغارة والبيات وقتل النساء والصبيان، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 3/222، والطبراني (3489) من طريق سفيان، بهِ .

4792– إسناده صحيح على شرط الشيخين . سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه أحمد 3/449، والبخاري (3083) في الجهاد: باب استقبال الغزاة، و (4426) و (4427) في المغازي: باب كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى كسرى وقيصر، والترمذي (1718) في الجهاد: باب ما جاء في تلقي الغائب إذا قدم، وأبو داؤد (2779) في الجهاد: باب في التلقي، والطبراني (6653)، والبيهقي 9/175، والبغوي (2760) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَذْكُرُ اَنِّیْ خَرَجْتُ مَعَ الصِّبْيَانِ، نَتَلَقَّى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَقْدَمَهُ مِنْ تَبُوكَ، اِلٰی ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ

❀❀ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات یاد ہے' نبی اکرم ﷺ جب غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لائے تھے' تو ہم نبی اکرم ﷺ کے استقبال کے لیے بچوں کے ہمراہ ثنیۃ الوداع تک گئے تھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# غَزْوَةُ بَدْرٍ

## غزوۂ بدر کا تذکرہ

**4793** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ اَخْبَرَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُمَيْلٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ نَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُشْرِكِينَ وَهُمْ اَلْفٌ وَّاَصْحَابُهُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَاسْتَقْبَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ، فَجَعَلَ يَهْتِفُ رَبَّهُ: اللّٰهُمَّ اَنْجِزْ لِيْ مَا وَعَدْتَنِيْ، اللّٰهُمَّ آتِنِيْ مَا وَعَدْتَنِيْ، اللّٰهُمَّ اِنْ تَهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةَ، مِنْ اَهْلِ الْاِسْلَامِ لَا تُعْبَدُ فِي الْاَرْضِ، فَمَا زَالَ يَهْتِفُ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا مَاذًا يَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، حَتّٰى سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ مَنْكِبِهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَاَخَذَ رِدَاءَهُ، وَاَلْقَاهُ عَلٰى مَنْكِبِهِ، ثُمَّ الْتَزَمَهُ مِنْ وَرَائِهِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَفَاكَ مُنَاشَدَتُكَ رَبَّكَ، فَاِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ، فَاسْتَجَابَ لَكُمْ، اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ، مُرْدِفِيْنَ) (الأنفال: 9)، فَاَمَدَّهُ اللّٰهُ بِالْمَلَائِكَةِ

قَالَ اَبُوْ زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ فِيْ اَثَرِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَمَامَهُ، اِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً بِالسَّوْطِ، فَوْقَهُ وَصَوْتَ الْفَارِسِ فَوْقَهُ، يَقُوْلُ اَقْدِمْ حَيْزُوْمُ، اِذْ نَظَرَ اِلَى

4793– إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار وهو صدوق وأبى زميل –وهو سماك بن الوليد الحنفى– فمن رجال مسلم، وهو ثقة . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب .وأخرجه البيهقى فى " السنن " 6/321، وفى " الدلائل " 3/51–52 من طريق أبى يعلى أحمد بن على بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1763) فى الجهاد: باب الإمداد بالملائكة فى غزوة بدر وإباحة الغنائم، ومن طريقه البغوى مختصراً فى " التفسير " 2/235 عن أبى خيثمة زهير بن حرب، بِهِ .وأخرجه الترمذى (3081) فى التفسير: باب ومن تفسير سورة الأنفال، والطبرى فى " جامع البيان " (16294) من طريق محمد بن بشار، وأبو نعيم فى " الدلائل " (408) من طريق محمد بن المثنى، كلاهما عن عمر بن يونس، به قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح، لا نعرفه من حديث عمر إلا من حديث عكرمة بن عمار عن أبى زميل .وأخرجه احمد 1/30، وابن أبى شية 14/365–368، وأبو داوٗد (2690) فى الجهاد: باب فى فداء الأسير بالمال، من طريق أبى نوح قراد، ومسلم (1763)، والطبرى (15734) من طريق ابن المبارك، كلاهما، عن عكرمة بن عمار، بِهِ . ورواية أبى داوٗد والطبرى مختصرة .وذكره السيوطى فى " الدر المنثور " 4/28–29، وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبى حاتم، وأبى عوانة، وأبى الشيخ، وابن مردويه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْمُشْرِكِ اَمَامَهُ خَرَّ، مُسْتَلْقِيًا، فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَاِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ اَنْفُهُ وَشُقَّ وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ سَوْطٍ، فَاخْضَرَّ ذَاكَ اَجْمَعُ، فَجَاءَ الْاَنْصَارِيُّ، فَحَدَّثَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ ذٰلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ، فَقَتَلُوْا يَوْمَئِذٍ سَبْعِينَ، وَاَسَرُوا سَبْعِينَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَلَمَّا اَسَرُوا الْاُسَارَى، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ بَكْرٍ، وَعَلِيٍّ، وَعُمَرَ: مَا تَرَوْنَ فِيْ هٰؤُلَاءِ الْاُسَارَى؟، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، هُمْ بَنُو الْعَمِّ، وَالْعَشِيرَةِ اَرَى اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُمْ فِدْيَةً، تَكُوْنُ لَنَا قُوَّةً عَلَى الْكُفَّارِ، وَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَهْدِيَهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟، قُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَرَى الَّذِي رَاَى اَبُوْ بَكْرٍ، وَلٰكِنِّيْ اَرَى اَنْ تُمَكِّنَنَا، فَنَضْرِبَ اَعْنَاقَهُمْ، فَتُمَكِّنَ عَلِيًّا، مِنْ عَقِيلٍ، فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ، وَتُمَكِّنَنِيْ مِنْ فُلَانٍ، فَاَضْرِبَ عُنُقَهُ نَسِيبٍ كَانَ لِعُمَرَ، فَاِنَّ هٰؤُلَاءِ اَئِمَّةُ الْكُفْرِ، وَصَنَادِيْدُهَا، فَهَوِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ، وَلَمْ يَهْوَ مَا قُلْتُ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ جِئْتُ، فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، قَاعِدَانِ يَبْكِيَانِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِيْ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَبْكِيْ اَنْتَ، وَصَاحِبُكَ، فَاِنْ وَجَدْتُ بُكَاءً بَكَيْتُ، وَاِنْ لَمْ اَجِدْ بُكَاءً تَبَاكَيْتُ لِبُكَائِكُمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْكِي لِلَّذِيْ عَرَضَ عَلَيَّ اَصْحَابُكَ مِنْ اَخْذِهِمُ الْفِدَاءَ، وَاَنْزَلَ اللّٰهُ (مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَكُوْنَ لَهُ اَسْرَى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ) (الأنفال: 67)، اِلٰى قَوْلِهٖ: (فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا) (الأنفال: 69)، فَاَحَلَّ اللّٰهُ الْغَنِيمَةَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے: جب غزوۂ بدر کا دن آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی طرف دیکھا جن کی تعداد ایک ہزار تھی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی **300** سے کچھ زیادہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف رخ کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے اور آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں یہ التجا کرنے لگے اے اللہ! تو نے میرے ساتھ جو وعدہ کیا ہے اسے پورا کر دے اے اللہ! جو تو نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے اسے پورا کر دے۔ اے اللہ! اگر یہ گروہ ہلاکت کا شکار ہو گیا جو اہل اسلام سے تعلق رکھتا ہے' تو پھر تیری زمین پر عبادت نہیں کی جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل اپنے پروردگار کی بارگاہ میں التجائیں کرتے رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے۔ قبلہ کی طرف رخ کیا ہوا تھا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھے سے چادر گر گئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر پکڑ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھے پر رکھی' اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیچھے سے اپنے ساتھ لپٹا لیا' اور عرض کی اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں بہت سی التجائیں کر لی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا پروردگار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو پورا کر دکھائے گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"جب تم اپنے پروردگار سے مدد مانگ رہے تھے' تو تمہاری دعا کو قبول کیا۔ بے شک میں تمہاری طرف ایک ہزار فرشتے بھیجنے لگا ہوں جو ایک دوسرے کے آگے پیچھے آئیں گے"۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی امداد کی۔

ابوزمیل نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' اس دن ایک مسلمان شخص ایک مشرک کے پیچھے جا رہا تھا جو اس کے آگے تھا۔ اسی دوران اس نے کوڑے کی آواز اپنے اوپر سے سنی اور اپنے اوپر سے ایک گھڑسوار کی آواز سنی جو یہ کہہ رہا تھا۔ حیزوم آگے بڑھو۔ اسی دوران اس کی نظر اپنے آگے مشرک پر پڑی جو چت لیٹا ہوا گر چکا تھا۔ اس نے اس کی طرف دیکھا تو اس کا چہرہ اور ناک چھل چکے تھے یوں جیسے اسے کوڑا لگا ہوا ہو۔ پھر وہ انصاری آیا اس نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات بتائی' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کہا ہے یہ آسمان سے آنے والی تیسری مدد تھی۔ ان لوگوں نے اس دن ستر (مشرکین) کو قتل کیا تھا' اور ستر (مشرکین) کو قید کیا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب ان لوگوں نے قیدیوں کو قید کر لیا تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ ان قیدیوں کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی یہ چچازاد ہیں۔ خاندان کے افراد ہیں میری یہ رائے ہے' ہم ان سے فدیہ لے لیتے ہیں۔ جو ہمارے لیے کفار کے خلاف تیاری میں مدد دے گا اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو اسلام کی ہدایت نصیب کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے تمہاری کیا رائے ہے؟ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) میں نے عرض کی: جی نہیں اللہ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! میری وہ رائے نہیں ہے' جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ہے میری یہ رائے ہے' آپ انہیں ہمارے حوالے کریں ہم ان کی گردنیں اڑاتے ہیں۔

آپ عقیل کو علی کے حوالے کریں یہ اس کی گردن اڑائے مجھے فلاں کے حوالے کریں۔ میں اس کی گردن اڑاتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھانجے کے بارے میں یہ بات کہی۔ یہ لوگ کفر کے پیشوا ہیں' اور اس کے سردار ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے اس رائے کو اختیار کیا جو نبی اکرم ﷺ نے بیان کی تھی' اور اس رائے کو اختیار نہیں کیا تھا جو میں نے بیان کی تھی۔ اگلے دن میں آیا' تو نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے رو رہے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے بتائیں کہ آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھی کس بات پر رو رہے ہیں تاکہ میں بھی اس بات پر رونا شروع کر دوں۔ اگر میں اس بات پر رو نہ سکوں' تو رونے والی شکل بنالوں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اس بات پر رو رہا ہوں جو تمہارے ساتھیوں نے فدیہ لینے کی پیشکش کی تھی۔ اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا ہے:

''تو اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کو حلال قرار دیا''۔

## ذِكْرُ مُبَادَرَةِ الْاَنْصَارِ، فِي الْاِعْطَاءِ لِمُفَادَاةِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

## انصار کا حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے فدیے کی ادائیگی کے لیے جلدی کرنے کا تذکرہ

**4794** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رِجَالًا مِنَ الْاَنْصَارِ اسْتَاْذَنُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: ائْذَنْ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ اُخْتِنَا الْعَبَّاسِ فِدَاءَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَاللّٰهِ لَا تَذَرُونَ دِرْهَمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ انصاریوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم اپنے بھانجے عباس کا فدیہ چھوڑ دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جی نہیں اللہ کی قسم! تم ایک درہم بھی نہیں چھوڑو گے۔

## ذِكْرُ تَخْيِيرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ بَيْنَ الْفِدَاءِ وَالْقَتْلِ

## غزوۂ بدر کے موقع پر اللہ تعالیٰ کا صحابہ کرام کو فدیہ لینے یا قتل کرنے کے درمیان اختیار دینے کا تذکرہ

**4795** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْحَافِظُ، بِدِمَشْقَ قَالَ: حَدَّثَنَا رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، هَبَطَ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: خَيِّرْهُمْ، يَعْنِي اَصْحَابَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْاُسَارَى اِنْ شَاءُوا الْقَتْلَ، وَاِنْ شَاءُوا الْفِدَاءَ، عَلَى اَنْ يُقْتَلَ الْعَامَ الْمُقْبِلَ مِنْهُمْ عِدَّتُهُمْ، قَالُوا: الْفِدَاءُ، وَيُقْتَلُ مِنَّا عِدَّتُهُمْ

---

4794– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير إسماعيل بن إبراهيم بن عقبة، فمن رجال البخاري، وإسماعيل بن أبي أويس قد توبع .وهو في " صحيح البخاري " (2537) في العتق: باب إذا أسر أخو الرجل أو عمه هل يُفادى إذا كان مشركاً؟ و ( 3048) في الجهاد: باب فداء المشركين، عن إسماعيل بن أبي أويس، بهذا الإسناد، ومن هذه الطريق أخرجه البيهقي 6/205 و 322 .وأخرجه البخاري (4018) في المغازي: باب شهود الملائكة بدراً، والحاكم 3/323 من طريق إبراهيم بن المنذر، عن محمد بن فليح، عن موسى بن عقبة، به .

4795– إسناده قوي، لكن في متنه غرابة شديدة، رجاله ثقات رجال الصحيح غير رزق بن موسى، فروى له النسائي وابن ماجه، وفيه كلام ينزله عن رتبة الصحة، وقد توبع . أبو داوُد الحفري: هو عمر بن سعد، وعبيدة: هو ابن عمرو السلماني .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/368–369، والترمذي ( 1567) في السير: باب ما جاء في قتل الأسارى والفداء، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 7/431 من طرق عن أبي داوُد الحفري، بهذا الإسناد . قال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، وقال ابن كثير في " تفسيره " 4/33 بعد أن نسبه للترمذي والنسائي وابن حبان: وهذا حديث غريب .وأخرجه الحاكم 2/140، والبيهقي في " السنن " 6/321، وفي " الدلائل " 3/139–140 من طريق ابن عون عن محمد بن سيرين، به .وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي . وأخرجه ابن سعد 2/22 من طريق هشام بن حسان، وابن أبي شيبة 14/368، والطبري ( 16303) من طريق أشعث، و (16305) من طريق ابن عون، وعبد الرزاق (9402) من طريق أيوب، أربعتهم عن ابن سرين، عن عبيدة مرسلاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ سے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اختیار دیجئے یعنی اپنے اصحاب کو قیدیوں کے بارے میں اختیار دیجئے۔ اگر وہ چاہیں' تو انہیں قتل کر دیں اگر چاہیں' تو فدیہ لے لیں۔ اس شرط پر کہ پھر اگلے سال ان میں سے اتنی ہی تعداد میں لوگ قتل کیے جائیں گے۔

ان لوگوں نے کہا: ہم فدیہ لے لیتے ہیں' تو پھر ہم میں سے اتنی ہی تعداد میں لوگ قتل کیے گئے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عِدَّةَ اَهْلِ بَدْرٍ كَانَتْ عِدَّةَ اَصْحَابِ طَالُوتَ سَوَاءً

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' اہل بدر کی تعداد اتنی ہی تھی جتنی حضرت طالوت علیہ السلام کے ساتھیوں کی تھی

4796 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّ اَصْحَابَ بَدْرٍ كَانُوا ثَلَاثَ مِائَةٍ، وَبِضْعَةَ عَشَرَ عَلٰى عِدَّةِ اَصْحَابِ طَالُوتَ الَّذِينَ جَازُوا مَعَهُ النَّهْرَ، وَمَا جَازَ مَعَهُ اِلَّا مُؤْمِنٌ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ یہ بات کیا کرتے تھے۔ کہ اصحاب بدر کی تعداد تین سو دس سے کچھ زیادہ تھی یہ حضرت طالوت علیہ السلام کے ساتھیوں جتنی تعداد تھی جنہوں نے ان کے ہمراہ نہر کو پار کیا تھا' اور ان کے ساتھ صرف مومن لوگوں نے ہی اسے پار کیا تھا۔

## ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا ذُنُوبَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے گناہوں کی مغفرت کر دینے کا تذکرہ جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ بدر میں شرکت کی تھی

4797 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ حَاطِبَ بْنَ اَبِي بَلْتَعَةَ كَتَبَ ... هْلِ مَكَّةَ يَذْكُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ غَزْوَهُمْ، فَدَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَرْاَةِ الَّتِي مَعَهَا الْكِتَابُ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا، فَاَخَذَ كِتَابَهَا مِنْ رَاْسِهَا، فَقَالَ: يَا حَاطِبُ اَفَعَلْتَ؟، قَالَ: نَعَمْ اِنِّي لَمْ اَفْعَلْهُ غِشًّا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

4796– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري (3959) في المغازي: باب عدة أصحاب بدر، عن محمد بن كثير العبدي، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/383، وابن سعد 2/19، والبخاري (3959)، وابن ماجه (2828) في الجهاد: باب السرايا، من طرق عن سفيان الثوري، بِهِ .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/382 و383، والبخاري (3957) و (3958)، والترمذي (1598) في السير: باب ما جاء في عدة أصحاب بدر، وابن سعد 2/19 و 20 من طرق عن أبي إسحاق السبيعي، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَلَا نِفَاقًا، وَلَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ سَيُظْهِرُ رَسُوْلَهُ، وَيُتِمُّ اَمْرَهُ غَيْرَ اَنِّي كُنْتُ غَرِيبًا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، فَكَانَتْ اَهْلِي مَعَهُمْ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَّخِذَهَا عِنْدَهُمْ يَدًا، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَلَا اَضْرِبُ رَاْسَ هٰذَا؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَقْتُلُ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ، وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت حاطب بن ابوبلتعہ رضی اللہ عنہ نے اہل مکہ کو خط لکھا کہ جس میں یہ بات ذکر کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ جنگ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کی طرف رہنمائی کردی جس کے ہمراہ وہ خط تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کی طرف (حضرت علی رضی اللہ عنہ کو) بھیجا انہوں نے اس کے سر (کے بالوں) میں سے وہ خط حاصل کرلیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے حاطب کیا تم نے ایسا کیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں میں نے اللہ کے رسول کے ساتھ دھوکہ کرتے ہوئے ایسا نہیں کیا' نہ ہی منافقت کی وجہ سے ایسا کیا ہے۔ میں یہ بات جانتا تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے لیے اس بات کو ظاہر کردے گا اور اپنے معاملے کو پورا کرے گا' لیکن میں ان لوگوں کے درمیان اجنبی ہوں۔ میرے اہل خانہ ان کے ساتھ تھے۔ اس لیے میں ان پر احسان کرنا چاہتا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا میں اس کا سر نہ اڑا دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اہل بدر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو؟ تمہیں کیا پتہ شاید اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا ہو: تم جو چاہو عمل کرو۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ ذُنُوبَ اَهْلِ بَدْرٍ الَّتِي عَمِلُوهَا بَعْدَ يَوْمِ بَدْرٍ غَفَرَهَا اللّٰهُ لَهُمْ بِفَضْلِهِ وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ مِنْهُمْ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اہل بدر غزوۂ بدر کے بعد بھی جو گناہ کریں گے

اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر اپنے فضل کے تحت ان گناہوں کی بھی مغفرت کردی ہے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بھی ان میں شامل ہیں

**4798** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ*، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

---

4797– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد –وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب– فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أحمد 3/350، وأبو يعلى (2265) من طرق عن الليث، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في " المجمع " 9/303 وقال: رواه أبو يعلى وأحمد، ورجال أحمد رجال الصحيح .وفي الباب عن علي عند مسلم (2494)، والبخاري (3007) و (3081) و (3983) و (4274) و (4890) و (6259) و (6939)، وأبي داؤد (2650) و (2651)، والترمذي (3302)، والحميدي (49)، وأحمد 1/79، والطبري 28/58، وأبي يعلى (394) و (395) و (396) و (397) و (398) .وعن عمر عند الحاكم 4/77 والبزار (2695) .وعن عبد الرحمٰن بن حاطب عن أبيه حاطب عند الطبراني في " الكبير " (3066)، والحاكم 3/301–302 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ عَمِيَ، فَبَعَثَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ تَعَالَ فَاخْطُطْ فِيْ دَارِيْ مَسْجِدًا اَتَّخِذْهُ مُصَلًّى، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاجْتَمَعَ اِلَيْهِ قَوْمُهُ، وَبَقِيَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ فُلَانٌ؟، فَغَمَزَهُ بَعْضُ الْقَوْمِ اِنَّهُ، وَاِنَّهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَيْسَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟، قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلٰكِنَّهُ كَذَا، وَكَذَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ، فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نابینا ہو گئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھیجا کہ آپ تشریف لائیں اور میرے گھر میں نماز کے لیے کسی جگہ کو مخصوص کر دیں' تو میں اس جگہ کو جائے نماز بنا لوں گا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے لوگ آپ کی خدمت میں اکٹھے ہو گئے ان میں سے ایک شخص نہیں آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فلاں شخص کہاں ہے' تو ایک صاحب نے اس پر الزام عائد کرتے ہوئے یہ کہا: وہ ایسا ہے وہ ویسا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ بدر میں شریک نہیں ہوا؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لیکن وہ اس اس طرح کے کام کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا ہے: تم جو چاہو عمل کرو۔ میں نے تمہاری مغفرت کر دی ہے۔

## ذِكْرُ نَفْيِ دُخُوْلِ النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا عَمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ

## جو شخص غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ میں شریک ہوا' اس کے جہنم میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ

## ' ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**4799** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ، جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَشْكُوْ حَاطِبًا، فَقَالَ:

---

4798- إسناده حسن، عاصم -وهو ابن أبي النجود- روى له الشيخان مقروناً، وهو صدوق، وباقي رجاله على شرط الصحيح. أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز القشيري. وأخرج القسم الأول من الحديث ابن ماجه (755) في المساجد: باب المساجد في الدور، من طريق أبي عامر، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرج القسم الثاني منه: ابن أبي شيبة 12/155 و 14/385، وأبو داؤد (4654) في السنة: باب في الخلفاء، والحاكم 4/77-78 من طريق يزيد بن هارون، وأبو داؤد (4654) عن موسى بن إسماعيل، كلاهما عن حماد بن سلمة، بِهِ. وصححه الحاكم، ولفظ رواية يزيد بن هارون: "إن الله تبارك وتعالى اطّلع إلى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غفرت لكم".

4799- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم، وقد روى له البخاري مقروناً. وأخرجه مسلم (2195) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أهل بدر، والنسائي في "فضائل الصحابة" (191)، وفي التفسير كما في "التحفة" 2/339، والترمذي (3864)، في المناقب: باب رقم (59)، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/349، وابن أبي شيبة 12/155، ومسلم (2195)، والطبراني في "الكبير" (3064)، والحاكم 3/301 من طرق عن الليث، بِهِ. وأخرجه احمد 3/325 عن حجاج، عن ابن جريج، عن أبي الزبير، بِهِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ لَيَدْخُلَ حَاطِبٌ النَّارَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتَ اِنَّهُ لَا يَدْخُلُهَا، اِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا، وَالْحُدَيْبِيَةَ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کا ایک غلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کی شکایت کی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بے شک حضرت حاطب رضی اللہ عنہ جہنم میں جائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے غلط کہا ہے وہ اس میں نہیں جائے گا۔ اس نے غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ میں شرکت کی ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفْىَ دُخُولِ النَّارِ عَمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ اِنَّمَا هُوَ سِوٰى الْوُرُوْدِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ میں شریک ہونے والوں کے بارے میں جہنم میں داخلے کی نفی سے مراد وہ داخلہ ہے، جو جہنم پر وارد ہونے کے علاوہ ہو (جس کا ذکر قرآن میں ہے)

**4800** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّ مُبَشِّرٍ امْرَاَةِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِىْ بَيْتِ حَفْصَةَ: لَا يَدْخُلُ النَّارَ رَجُلٌ شَهِدَ بَدْرًا، وَالْحُدَيْبِيَةَ، فَقَالَتْ حَفْصَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَيْسَ قَدْ قَالَ اللّٰهُ (وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا) (مریم: 71) ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَهْ (ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا) (مریم: 72)

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ ام مبشر رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں موجود تھے: کوئی بھی ایسا شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا، جو صلح حدیبیہ اور غزوۂ بدر میں شریک ہوا ہو، تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی ہے۔

''تم میں سے ہر ایک اس پر وارد ہوگا''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو کیا یہ نہیں فرمایا ہے۔

---

4800- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي سفيان -وهو طلحة بن نافع الواسطي- وأم مبشر، فروى لهما مسلم . ابن إدريس: هو عبد الله .وأخرجه أحمد 6/362، والطبري في " جامع البيان " 16/112، والطبراني 25/ (266) من طريق ابن إدريس، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبري 16/112 من طريق أبي عوانة، عن الأعمش، به .وأخرجه أحمد 6/420، ومسلم ( 2496) في فضائل الصحابة: باب فضائل أصحاب الشجرة، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 13/104، والطبراني 25/ (269) من طريق حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جابر، عن أم مبشر، ولفظه " لا يدخل النار -إن شاء الله- أحد من أصحاب الشجرة الذين بايعوا تحتها . . . " .وأخرجه أحمد 6/285، وابن ماجه ( 4281) في الزهد: باب ذكر البعث، والطبري 16/112، والطبراني 23/ (358) و (363)، والبغوي في " تفسيره " 3/207 من طريق أبي مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عن أم مبشر، عن حفصة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"پھر ہم ان لوگوں کو نجات عطا کر دیں گے جنہوں نے پرہیزگاری اختیار کی"۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْحُدَيْبِيَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## صلح حدیبیہ کی صفت کا تذکرہ' جس کا ذکر ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

**4801** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): تَعُدُّوْنَ اَنْتُمُ الْفَتْحَ، فَتْحَ مَكَّةَ، وَقَدْ كَانَ فَتْحُ مَكَّةَ فَتْحًا، وَنَحْنُ نَعُدُّ الْفَتْحَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَةً وَالْحُدَيْبِيَةُ بِئْرٌ، فَنَزَحْنَاهَا، فَلَمْ نَتْرُكْ فِيهَا قَطْرَةً، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهَا، فَجَلَسَ عَلٰى شَفِيرِهَا، ثُمَّ دَعَا بِاِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَتَوَضَّاَ، وَتَمَضْمَضَ، وَدَعَا، ثُمَّ صَبَّهُ فِيهَا، فَتَرَكْنَاهَا غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ اِنَّهُ اَصْدَرَتْنَا مَا شِئْنَا نَحْنُ وَرِكَابَنَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰكَذَا حَدَّثَنَا الشَّيْخُ، فَقَالَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَةً، وَاِنَّمَا هُوَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً، بِلَا وَاوٍ لِاَنَّ اَصْحَابَ الْحُدَيْبِيَةِ كَانُوا اَلْفًا، وَاَرْبَعَ مِائَةٍ

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ "فتح" فتح مکہ کو سمجھتے ہو' فتح مکہ بھی "فتح ہے' لیکن ہم حدیبیہ کے دن بیعت رضوان کو "فتح" شمار کرتے ہیں۔

وہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ **114** افراد تھے' حدیبیہ ایک کنواں ہے' ہم نے اس میں سے پانی نکال لیا' ہم نے اس میں ایک قطرہ بھی باقی نہیں رہنے دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع ملی تو آپ اس کے پاس تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے کنارے تشریف فرما ہوئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا برتن منگوایا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' کلی کی' دعا مانگی اور وہ پانی اس کنویں میں انڈیل دیا' تھوڑی ہی دیر کے بعد ہم نے اپنی پسند کے مطابق (ڈھیر سارا) پانی اس میں سے لیا اور اپنی سواریوں کو بھی (پلایا)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہمارے شیخ نے یہی الفاظ ہمیں بیان کیے ہیں: "**114**" افراد' حالانکہ ان حضرات کی تعداد **1400** تھی' کیونکہ حدیبیہ کے موقع پر موجود افراد ایک ہزار چار سو تھے۔

---

4801- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي فمن رجال البخاري .وأخرجه البخاري (4150) في المغازي: باب غزوة الحديبية، ومن طريقه البغوي (3801) عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/290، والبخاري (3577) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، وأبو نعيم في " الدلائل " (318)، والبيهقي 9/223 من طرق عن إسرائيل، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/435، والبخاري (4151)، وأبو يعلى (1655)، ومختصراً ابن أبي شيبة أيضًا 14/451، وابن سعد 2/98 من طرق عن أبي إسحاق، به، ولفظ الجميع " أربع عشرة مئة " بلا واو، كما صوبه المؤلف فيما بعد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ، بِاَنَّ شُهُودَ الْحُدَيْبِيَةِ اِنَّمَا كَانَ الْبَيْعَةَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ حدیبیہ میں موجودگی سے مراد درخت کے نیچے بیعت کرنا ہے

4802 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ *، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"درخت کے نیچے بیعت (رضوان) کرنے والوں میں سے کوئی بھی جہنم میں داخل نہیں ہوگا"۔

## ذِكْرُ الْعَدَدِ الَّذِي كَانَ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الشَّجَرَةِ مِنْ اَصْحَابِهِ

## صحابہ کرام کی اس تعداد کا تذکرہ جو درخت والے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے

4803 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي اَوْفٰى، يَقُولُ:

(متن حدیث): كُنَّا يَوْمَ الشَّجَرَةِ اَلْفًا وَثَلَاثَ مِائَةٍ وَكَانَتْ اَسْلَمُ يَوْمَئِذٍ ثُمُنَ الْمُهَاجِرِينَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: درخت والے (یعنی بیعت رضوان کے) دن ہم ایک ہزار تین سو افراد تھے اس دن اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والے افراد مہاجرین کے آٹھویں حصے (جتنی تعداد میں) تھے۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے۔

---

4802– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد –وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب– فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد (4653) في السنة: باب في الخلفاء، عن يزيد بن موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/350، وأبو داوُد (4653)، والترمذي (3860) في المناقب: باب في فضل من بايع تحت الشجرة، من طرق عن الليث، بِهِ .قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .

4803– إسناده صحيح على شرط الشيخين .بندار: هو محمد بن بشار .وأخرجه البخاري (4155) تعليقاً عن عبيد الله بن معاذ، عن أبيه، عن شعبة، بهذا الإسناد، ووصله مسلم (1857) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال، عن عبيد الله بن معاذ عن أبيه، بِهِ .وعلقه البخاري (4155) عن محمد بن بشار، عن أبي داوُد الطيالسي، عن شعبة، وهو في "مسند الطيالسي" (820)، ومن طريقه أخرجه مسلم (1857)، وابن سعد 2/98 .وأخرجه مسلم (1857) من طريق النضر بن شميل، عن شعبة، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْغَنَائِمِ وَقِسْمَتِهَا

## باب: مالِ غنیمت اور اس کی تقسیم کا تذکرہ

### ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ اسْتِعْمَالُهُ عِنْدَ فُتُوحِ الدُّنْيَا عَلَيْهِمْ

### اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' مسلمانوں پر یہ بات لازم ہے جب انہیں دنیاوی فتوحات نصیب ہو جائیں' تو وہ کیا عمل کریں

**4804** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ بِالرَّيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ جَبَّرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ مِّنْ آدَمَ فِيهَا أَرْبَعُونَ رَجُلًا، فَقَالَ: إِنَّكُمْ مَفْتُوحُونَ، وَمَنْصُورُونَ، وَمُصِيبُونَ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ الزَّمَانَ مِنْكُمْ، فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ، وَلْيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَلْيَنْهَ عَنِ

---

4804- مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَجْلَانَ الأصبهاني لم يرو عن غير أبيه شيئاً، ولا يعرف بجرح ولا تعديل، مترجم فی " الجرح والتعديل " 8/53، وأبوه عصام ترجمه المؤلف فی " ثقاته " 8/520 فقال عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَجْلَانَ مَوْلَى مُرَّةَ الطيب من أهل الكوفة، سكن أصبهان، ولقب عصام جَبَّر، يروى عن الثوری ومالك بن مغول، روى عنه ابنه محمد بن عصام، يتفرد ويخالف، وكان صدوقاً، حديثه عند الأصبهانين، وذكره ابن أبی حاتم 7/26، وأبو نعيم فی " تاريخ أصبهان " 2/138 فلم يذكرا فيه جرحاً ولا تعديلاً، وقد توبعا وعبد الرحمٰن بن عبد الله بن مسعود اختلف فی سماعه من أبيه، وهو ثقة، وسماك حسن الحديث سفيان: هو الثوری .وأخرجه أحمد 1/401، والنسائی فی " الكبرى " كما فی " التحفة 7/75" من طريقين عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسی ( 337)، والترمذی ( 2257) فی الفتن: باب 70، وأحمد 1/436، والقضاعی فی " مسند الشهاب " (561)، والبيهقی 10/94 من طريق شعبه، وأحمد 1/389 و 436، والبيهقی 3/180 من طريق عبد الرحمٰن المسعوی، كلاهما عن سماك، به .وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح .وأخرج الطرف الأخير منه " من كذب . . . " ابن أبی شيبة 8/859، وابن ماجه ( 30) فی المقدمة: باب التغليظ فی تعمد الكذب، من طريق شريك، عن سماك، به .وأخرجه أيضاً مختصراً: أحمد 1/402، والترمذی (2659) فی العلم: باب ما جاء فی تعظيم الكذب على رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والطحاوی فی " شرح مشكل الآثار " (391)، والقضاعی ( 547) من طريق عاصم بن بهدلة، عن زر، عن ابن مسعود .وأخرجه مختصراً كذلك: الطحاوی ( 418)، والطبرانی فی " الكبير " (10074)، والقضاعی (560) من طريق عمرو بن شرحبيل، والطبرانی (10315)، من طريق مسروق كلاهما عن عبد الله بن مسعود .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْمُنْكَرِ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ اس وقت چمڑے سے بنے ہوئے خیمے میں تشریف فرما تھے' جس میں چالیس افراد موجود تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تمہیں فتوحات نصیب ہوں گی' تمہاری مدد کی جائے گی' تمہیں (مال و دولت) نصیب ہوگا' تم میں سے جو بھی اس زمانے کو پائے' وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے' نیکی کا حکم دیتا رہے اور برائی سے منع کرتا رہے' اور جو شخص میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے' وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لیے تیار رہے''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِقَوْلِهِ جَلَّ وَعَلَا:

## (وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ) (الأنفال: 41)

## اس روایت کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہے

''تم لوگ یہ بات جان لو کہ تمہیں جو بھی غنیمت حاصل ہوتی ہے اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے مخصوص ہوگا''

**4805** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ، مَوْلٰى قَتَادَةَ عَنْ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ السُّلَمِيِّ اَنَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، قَالَ: فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ، فَاسْتَدَبَرْتُ، حَتّٰى اَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ، فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ ضَرْبَةً، فَقَطَعْتُ مِنْهُ الدِّرْعَ، قَالَ فَاَقْبَلَ عَلَيَّ، فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَجَدْتُ مِنْهَا رِيحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ، فَاَرْسَلَنِيْ، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا بَالُ النَّاسِ؟، فَقَالَ اَمْرُ اللّٰهِ،

4805- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في الموطأ " 2/454-455 في الجهاد: باب ما جاء في السلب في النفل .ومن طريق مالك أخرجه البخاري (2100) في البيوع: باب بيع السلاح في الفتنة وغيرها -مختصراً-، و (3142) في فرض الخمس: باب من لم يخمس الأسلاب، و (4321) في المغازي: باب قول الله تعالى: (ويوم حنين إذ أعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئاً)، ومسلم (1751) في الجهاد: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، وأبو داوُد (2717) في الجهاد: باب في السلب يعطى القاتل، والترمذي (1562) مختصراً في السير: باب ما جاء فيمن قتل قتيلاً فله سلبه، وابن الجارود (1076)، والبيهقي 6/306، والبغوي (2724) .وأخرجه البخاري (4322) تعليقاً عن الليث، ووصله (7170) في الأحكام: باب الشهادة تكون عند الحاكم، ومسلم (1751) عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، عن يحيي بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1751)، وأحمد مختصراً 5/295، وسعيد بن منصور (2696) من طريق هشيم وعبد الرزاق (9476)، وابن ماجه (2837) في الجهاد: باب المبارزة والسلب، من طريق سفيان بن عيينة مختصراً، وأحمد 5/306 من طريق ابن إسحاق، ثلاثتهم عن يحيي بن سعيد، به . وقد سقط من السند عند أحمد 5/306 " عمر بن كثير بن أفلح " .وأخرجه أحمد 5/306 من طريق ابن إسحاق، عن عبد الله بن أبي بكر عن أبي قتادة . وانظر الحديث رقم (4837) و (4836) من حديث أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ قَدْ رَجَعُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا لَهُ، عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَقُمْتُ، ثُمَّ قُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِي؟، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا لَهُ، عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقُمْتُ، ثُمَّ قُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِي؟، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ؟، فَاقْتَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ صَدَقَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيلِ عِنْدِي، فَاَرْضِهِ مِنِّي، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: لَاهَا اللّٰهِ، اِذًا لَا يَعْمِدُ اِلَى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَعَنْ رَسُولِهٖ فَيُعْطِيكَ سَلَبَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَعْطِهِ اِيَّاهُ، فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَاَعْطَانِيهِ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ، فَابْتَعْتُ مِنْهُ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلِمَةَ، فَاِنَّهٗ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ دَالٌّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهٗ جَلَّ وَعَلَا: (فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ) (الأنفال: 41) اَرَادَ بِذٰلِكَ بَعْضَ الْخُمُسِ، اِذِ السَّلَبُ مِنَ الْغَنَائِمِ، وَلَيْسَ بِدَاخِلٍ فِي الْخُمُسِ، بِحُكْمِ الْمُبَيِّنِ عَنِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، مُرَادَهُ مِنْ كِتَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حنین کے سال ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' جب ہمارا (اور دشمن کا) سامنا ہوا (تو جنگ کے دوران) مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی' میں نے ایک مشرک کو دیکھا کہ وہ ایک مسلمان پر غالب آچکا تھا' میں گھوم کر اس (مشرک کے) پیچھے آ گیا' میں نے اس کے کندھے پر ضرب لگا کر اس کی زرہ کاٹ دی' وہ میری طرف بڑھا اور اس نے مجھے اتنے زور سے بھینچا' کہ مجھے موت کی خوشبو محسوس ہوئی' لیکن پھر وہ مر گیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا' میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے ان سے کہا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ کا حکم ہے۔

جب لوگ (اس جنگ سے) واپس آ گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا ہو' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو مقتول کا ساز و سامان اس شخص کو ملے گا' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں کھڑا ہوا پھر میں نے سوچا' میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ تو میں بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو اس مقتول کا ساز و سامان اسے ملے گا' میں کھڑا ہوا' پھر مجھے خیال آیا' میرے حق میں کون گواہی دے گا؟ میں پھر بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہی بات ارشاد فرمائی تو میں کھڑا ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوقتادہ! کیا معاملہ ہے؟ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ سنایا' تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں' اس مقتول کا ساز و سامان میرے پاس ہے' آپ انہیں میری طرف سے راضی کر دیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کا ایک شیر' اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ میں حصہ لے اور (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) اس کا سامان تمہیں دے دیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم وہ اسے دے دو' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس نے وہ مجھے دے دیا' میں نے زرہ کو فروخت کر کے بنوسلمہ کے محلے میں کھجوروں کا باغ لے لیا' اسلام قبول کرنے کے بعد یہ وہ پہلی زمین تھی جو میں نے خریدی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے' اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''اس کا پانچواں حصہ اللہ کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیے ہوگا'' اس سے مراد بعض خمس ہے' کیونکہ (مقتول کے جسم کا) ساز و سامان بھی مالِ غنیمت میں شامل ہوتا ہے' لیکن وہ خمس میں شامل نہیں ہوتا' یہ بات اس ہستی کے حکم کے ذریعے ثابت ہے' جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کے احکام کی' اللہ تعالیٰ کی طرف سے وضاحت کرنے والے ہیں۔

## ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي أَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا آيَةَ الْأَنْفَالِ

## اس وقت کا تذکرہ' جس میں اللہ تعالیٰ نے انفال سے متعلق آیت نازل کی

**4806** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِأَحَدٍ سُودِ الرُّءُوسِ قَبْلَكُمْ، كَانَتْ تَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ نَارٌ فَتَأْكُلُهَا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ وَقَعَ النَّاسُ فِي الْغَنَائِمِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (لَوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ، فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ) (الأنفال: 68)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم سے پہلے کسی بھی امت کے لیے مالِ غنیمت حلال قرار نہیں دیا گیا' (پہلے زمانے میں) آسمان کی طرف سے آگ نازل ہوتی تھی اور مالِ غنیمت کو کھا جاتی تھی''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) غزوۂ بدر کے موقع پر جب لوگ مالِ غنیمت پر ٹوٹ پڑے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے (تقدیر میں) پہلے طے نہ ہو چکا ہوتا' تو تم نے جو حاصل کیا اس کی وجہ سے تمہیں عظیم عذاب لاحق ہوتا''۔

## ذِكْرُ تَحْلِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْغَنَائِمَ لِأُمَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے اللہ تعالیٰ کا مالِ غنیمت کو حلال قرار دینے کا تذکرہ

**4807** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ

---

4806– إسناده على شرط الشيخين . جرير: هو ابن عبد الحميد . وأخرجه الترمذي (3085) في التفسير: باب ومن سورة الأنفال، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 9/383، والطبري في " تفسيره " (16301)، والبيهقي 290/6–291 من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث الأعمش . وذكره السيوطي في " الدر المنثور " 4/108 وزاد نسبته إلى ابن أبي شيبة، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وأبي الشيخ، وابن مردويه . وانظر الحديثين الآتيين .

4807– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم –وهو الملقب بدُحَيم– فمن رجال البخاري . وأخرجه النسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 10/5 عن أبي قدامة السرخسي، عن معاذ بن هشام، بهذا الإسناد . وأخرج الحاكم 2/139 من طريق مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَبِیْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّ نَبِیًّا مِنَ الْاَنْبِیَاءِ غَزَا بِاَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: لَا یَتْبَعْنِیْ رَجُلٌ بَنٰی دَارًا لَمْ یَسْکُنْهَا، اَوْ تَزَوَّجَ امْرَاَةً لَمْ یَدْخُلْ بِهَا، اَوْ لَهٗ حَاجَةٌ فِی الرُّجُوْعِ، قَالَ: فَلَقِیَ الْعَدُوَّ عِنْدَ غَیْبُوْبَةِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ، وَاِنِّیْ مَاْمُوْرٌ، فَاحْبِسْهَا عَلَیَّ، حَتّٰی تَقْضِیَ بَیْنِیْ، وَبَیْنَهُمْ فَحَبَسَ اللّٰهُ عَلَیْهِ، فَفَتَحَ اللّٰهُ لَهٗ فَجَمَعُوا الْغَنَائِمَ، فَلَمْ تَاْکُلْهَا النَّارُ، وَکَانُوْا اِذَا غَنِمُوْا غَنِیْمَةً بَعَثَ اللّٰهُ عَلَیْهَا النَّارَ، فَاَکَلَتْهَا، فَقَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ: اِنَّ فِیْکُمْ غُلُوْلًا، فَلْیَاْتِنِیْ مِنْ کُلِّ قَبِیْلَةٍ رَجُلٌ، فَلْیُبَایِعْنِیْ، فَاَتَوْهُ فَبَایَعُوْهُ فَلَزِقَتْ یَدُ رَجُلَیْنِ مِنْهُمْ بِیَدِهٖ، فَقَالَ: اِنَّکُمَا غَلَلْتُمَا، فَقَالَا: اَجَلْ صُوْرَةُ رَاْسِ بَقَرَةٍ مِّنْ ذَهَبٍ، فَجَاءَ ا بِهَا، فَاَلْقَیَاهَا فِی الْغَنَائِمِ، فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّارَ فَاَکَلَتْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِکَ: اِنَّ اللّٰهَ اَطْعَمَنَا الْغَنَائِمَ رَحْمَةً رَحِمَنَا بِهَا، وَتَخْفِیْفًا خَفَّفَهٗ عَنَّا لِمَا عَلِمَ مِنْ ضَعْفِنَا

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الدِّمَشْقِیُّ مِنْ مُعَاذِ بْنِ هِشَامٍ بِمَکَّةَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

ایک نبی علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ جنگ میں حصہ لیا' انہوں نے (روانگی سے پہلے) فرمایا: ایسا کوئی شخص میرے ساتھ نہ آئے جس نے نیا گھر بنایا ہو' لیکن ابھی اس میں رہائش اختیار نہ کی ہو' ایسا کوئی شخص میرے ساتھ نہ آئے' جس نے کسی عورت کے ساتھ شادی کر لی ہو' لیکن ابھی اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو' یا اس نے واپس جا کر کوئی ضروری کام کرنا ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان کا دشمن سے سامنا سورج غروب ہونے کے قریب ہوا' انہوں نے دعا کی: اے اللہ! یہ (سورج بھی) حکم کا پابند ہے اور میں بھی حکم کا پابند ہوں' تو اس کو میرے لیے (غروب ہونے سے) اس وقت تک روک دے جب تک میرے اور ان (کفار) کے درمیان فیصلہ نہیں ہو جاتا' تو اللہ تعالیٰ نے سورج کو روک لیا' اللہ تعالیٰ نے اس (نبی علیہ السلام) کو فتح نصیب کی' ان لوگوں نے مال غنیمت کو جمع کیا' لیکن اسے آگ نے نہیں کھایا' وہ لوگ جب مال غنیمت جمع کر لیتے تھے' تو اللہ تعالیٰ اس پر آگ بھیج دیتا تھا' جو اس کو کھا لیتی تھی۔ ان کے نبی علیہ السلام نے ان لوگوں سے کہا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے' ہر قبیلے کا ایک شخص میرے پاس آ کر میری بیعت کرے' وہ لوگ اس نبی علیہ السلام کے پاس آئے انہوں نے ان کی بیعت کی تو ان میں سے دو آدمیوں کا ہاتھ اس نبی علیہ السلام کے ہاتھ سے چپک گیا' تو اس نبی علیہ السلام نے فرمایا: تم دونوں نے خیانت کی ہے۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں! (ہم نے) سونے سے بنے ہوئے گائے کے سر جیسی چیز (چھپائی ہوئی ہے) پھر وہ دونوں اسے لے کر آئے اور اسے مال غنیمت میں ڈال دیا' تو اللہ تعالیٰ نے آگ کو بھیجا اور اس نے اس (مال غنیمت) کو کھا لیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

"بے شک اللہ تعالیٰ نے ہم پر اپنی رحمت کی وجہ سے ہمیں مال غنیمت عطا کیا اور اس نے ہمیں تخفیف عطا کی' کیونکہ وہ ہماری کمزوری سے واقف ہے"۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عبدالرحمٰن بن ابراہیم دمشقی نے معاذ بن ہشام سے مکہ میں احادیث کا سماع کیا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغَنَائِمَ لَمْ تَحِلَّ لِاُمَّةٍ مِّنَ الْاُمَمِ خَلَا هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ اس امت کے علاوہ اور کسی بھی امت کے لیے مالِ غنیمت کو حلال قرار نہیں دیا گیا

**4808** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): غَزَا نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهِ لَا يَتْبَعْنِيْ رَجُلٌ قَدْ نَاكَحَ امْرَاَةً وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَّبْنِيَ بِهَا وَلَا رَفَعَ بِنَاءً وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُفَهَا وَلَا اشْتَرٰى غَنَمًا وَهُوَ يَنْتَظِرُ وِلَادَهَا فَغَزَا، فَدَنَا اِلَى الدَّيْرِ حِيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ، اَوْ قُرْبَ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّكِ مَاْمُوْرَةٌ، وَاَنَا مَاْمُوْرٌ اللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيَّ شَيْئًا، فَحُبِسَتْ، حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَجَمَعُوْا مَا غَنِمُوْا، فَاَقْبَلَتِ النَّارُ لِتَاْكُلَهُ، فَاَبَتِ النَّارُ اَنْ تَطْعَمَهُ، فَقَالَ: فِيْكُمْ غُلُوْلٌ، فَلْيُبَايِعْنِيْ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ، فَبَايَعَهُ، فَلَصِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهٖ، فَقَالَ: اِنَّ فِيْكُمُ الْغُلُوْلَ، فَلْتُبَايِعْنِيْ قَبِيْلَتُكَ، فَبَايَعَتْهُ قَبِيْلَتُهُ، فَلَصِقَتْ بِيَدِهٖ يَدُ رَجُلَيْنِ، اَوْ ثَلَاثَةٍ، فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ، فَاَخْرَجُوْا مِثْلَ رَاْسِ الْبَقَرَةِ، مِنْ ذَهَبٍ، فَوَضَعُوْهُ فِي الْمَالِ، وَهُوَ بِالصَّعِيْدِ، فَاَقْبَلَتِ النَّارُ، فَاَكَلَتْهُ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ كَانَ قَبْلَنَا، وَذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روایت کرتے ہیں: نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: ایک نبی علیہ السلام جنگ کے لیے تشریف لے جانے لگے تو انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: کوئی ایسا شخص میرے ساتھ نہ جائے جس نے کسی عورت کے ساتھ نکاح کرلیا ہو اور اب وہ اس عورت کی رخصتی کروانا چاہتا ہو یا جس نے عمارت بنالی ہو اور ابھی چھت نہ ڈالی ہو یا اس نے بکری خریدی اور وہ اس بکری کے ہاں بچے ہونے کا منتظر ہو جب عصر کا وقت ہوا یا اس کے قریب کا وقت ہوا تو وہ عبادت گاہ کے قریب آئے اور انہوں نے سورج سے فرمایا: تم بھی حکم کے پابند ہو اور میں بھی حکم کا پابند ہوں اے اللہ! اسے میرے لیے کچھ دیر کے لیے (غروب ہونے سے) روک دے تو اسے روک دیا گیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح عطا کردی۔ انہیں جو مالِ غنیمت حاصل ہوا تھا وہ انہوں نے اکٹھا کیا تاکہ آگ آ کر اسے کھالے لیکن آگ نے اسے نہیں کھایا تو انہوں نے فرمایا: تمہارے درمیان خیانت کا ارتکاب کیا گیا ہے ہر قبیلے کا ایک شخص میرے ہاتھ پر بیعت کرے تو ان کی بیعت شروع ہوئی ایک شخص کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے ساتھ چپک گیا تو اس نبی نے فرمایا: خیانت

4808- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "صحيفة همام" (124) . وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9492)، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/318، ومسلم (1747) في الجهاد: باب تحليل الغنائم لهذه الأمة خاصة، والبيهقي 6/390 . وأخرجه البخاري (3124) في فرض الخمس: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم - "أحلت لكم الغنائم"، و (5157) مختصراً في النكاح: باب من أحب البناء قبل الغزو، ومسلم (1747) من طريق ابن المبارك، عن معمر، بهذا الإسناد . وانظر الحديثين السابقين .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تمہارے (قبیلے) میں ہوئی ہے۔ تمہارا قبیلہ میری بیعت کرے۔ اس شخص کے قبیلے نے ان کی بیعت کی تو دو (راوی کو شک ہے یا شاید) تین افراد کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے ساتھ چپک گیا' تو انہوں نے فرمایا: خیانت تم نے کی ہے' تو ان لوگوں نے سونے سے بنا ہوا گائے کا سر نکالا' اور اسے مالِ غنیمت میں رکھ دیا۔ جو ایک کھلے میدان میں پڑا تھا' تو آگ آئی اور اسے کھا گئی۔

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) ہم سے پہلے کسی کے لیے بھی مالِ غنیمت کو حلال قرار نہیں دیا گیا اس کی وجہ یہ ہے: جب اللہ تعالیٰ نے ہماری کمزوری ملاحظہ کی تو ہمارے لیے اسے پاکیزہ (یعنی حلال) قرار دے دیا۔

## ذِكْرُ وَصْفِ مَا يُعْمَلُ فِي الْغَنَائِمِ إِذَا غَنِمَهَا الْمُسْلِمُونَ

## جب مسلمانوں کو مالِ غنیمت حاصل ہو' تو پھر وہ غنیمت کے بارے میں کیا طریقہ کار اختیار کریں گے' اس کا تذکرہ

**4809** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا أَصَابَ مَغْنَمًا أَمَرَ بِلَالًا، فَنَادَى فِي النَّاسِ، فَيَجِيءُ النَّاسُ بِغَنَائِمِهِمْ، فَيُخَمِّسُهُ، وَيُقَسِّمُهُ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ، فَقَالَ: أَمَا سَمِعْتَ بِلَالًا يُنَادِي ثَلَاثًا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ أَنْ تَجِيءَ بِهِ، فَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْ أَنْتَ الَّذِي يَجِيءُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَنْ أَقْبَلَهُ مِنْكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا تو آپ ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں میں اعلان کر دیں' تو لوگ اپنے' اپنے مالِ غنیمت کو لے آتے' (ایک مرتبہ) نبی اکرم ﷺ نے اس میں سے "خمس" نکال کر بقیہ مال تقسیم کر دیا' تو اس کے بعد ایک شخص بالوں سے بنی ہوئی رسی لے کر آیا' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے بلال کا تین مرتبہ کیا ہوا اعلان نہیں سنا تھا؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں (سنا تھا) نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: پھر کیا وجہ ہے تم اسے پہلے کیوں لے کر نہیں آئے؟ اس شخص نے آپ ﷺ کی خدمت میں معذرت پیش کی' تو نبی اکرم ﷺ

---

4809- إسناده حسن، محمد بن عبد الرحمٰن بن سهم، ذكره المؤلف في "الثقات" 9/87 فقال: يروى عن ابن المبارك وأبي إسحاق الفزاري، حدثنا عنه عمرو بن سعيد بن سنان وغيره من شيوخنا، ربما أخطأ، قلت: وقد توبع، وعامر بن عبد الواحد: صدوق، وقد روى له مسلم، وباقي رجال ثقات .أبو إسحاق الفزاري: هو إبراهيم بن محمد بن الحارث بن أسماء . وسيرد عند المؤلف برقم (4858) .وأخرجه أبو داؤد (2712) في الجهاد: باب في الغلول إذا كان يسيراً يتركه الإمام ولا يحرق رَحْلَه، والحاكم 2/127، والبيهقي 6/293 و 324 و9/102، من طريق أبي صالح محبوب بن موسى، عن أبي إسحاق الفزاري، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 2/213 عن عتاب بن زياد، عن عبد الله بن المبارك، عن عبد الله بن شوذب، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے فرمایا: ”تم ایسے ہو جاؤ“ کہ اگر تم اسے قیامت کے دن بھی لے کر آؤ گے تو میں اسے تم سے قبول نہیں کروں گا“۔

## ذِكْرُ وَصْفِ السُّهْمَانِ الَّتِي يُسْهَمُ بِهَا مَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْغَنَائِمِ

## مالِ غنیمت میں سے حصوں کی تقسیم کے طریقے کا تذکرہ جو حصے ان لوگوں کو دیئے جائیں گے جو جنگ میں شریک ہوئے تھے

**4810** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِلْفَرَسِ سَهْمَانِ وَلِلرَّجُلِ سَهْمٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”(مالِ غنیمت میں) گھوڑے کے دو حصے ہوں گے اور آدمی کا ایک حصہ ہوگا“۔

## ذِكْرُ تَفْصِيلِ اللّٰهِ، الْحُكْمَ الْمَذْكُورَ فِي خَبَرِ سُلَيْمِ بْنِ اَخْضَرَ هٰذَا

## اللہ تعالیٰ کا اس حکم کی تفصیل بیان کرنے کا تذکرہ' جو حکم سلیم بن اخضر سے منقول اس روایت میں مذکور ہے

**4811** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

---

4810– إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله ثقات رجال الشيخين غير سُليم بن أخضر فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 2/62 و 72، ومسلم (1762) في الجهاد: باب كيفية قسمة الغنيمة بين الحاضرين، والترمذي (1554) في السير: باب في سهم الخيل، والبيهقي 6/325 من طريق عن سُليم، بهذا الإسناد . وأخرجه سعيد بن منصور في " سننه " (2760) و (2762)، وأحمد 2/2، والدارمي 2/225–226، والبخاري (2863) في الجهاد: باب سهام الفرس، و (4228) في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم (1762)، وأبو داوُد (2733) في الجهاد: باب في سهمان الخيل، وابن ماجه (2854) في الجهاد: باب قسمة الغنائم، وابن أبي شيبة 12/396–397، وابن الجارود (1084)، والدارقطني 4/102 و 104 و 106 و 107، والبيهقي 6/324–325 و 325، والبغوي (2722) من طرق عن عبيد الله بن عمر، بِه . وأخرجه عبد الرزاق (9320)، والبيهقي 6/325 من طريق عبد الله بن عمر العمري، عن نافع به . وانظر الحديثين الآتيين .

4811– إسناده قوي، عبد الله بن الوليد –وهو ابن ميمون العدني– روى له أصحاب السنن والبخاري تعليقاً، وهو صدوق وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه الدارقطني 4/102 من طريق علي بن الحسن بن أبي عيسى، عن عبد الله بن الوليد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/80، والدارمي 2/226، والبيهقي 325/ من طرق عن سفيان، بِه . وانظر الحديثين السابق والآتي . وفي الحديث دليل على أن للراجل سهماً، وللفارس ثلاثة أسهم، سهماً له، وسهمين لأجل فرسه، وهذا قول أكثر أهل العلم مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وغيرهم، وإليه ذهب الثوري والأوزاعي ومالك وابن المبارك والشافعي وأحمد وإسحاق وأبو يوسف ومحمد، وذهب أبو حنيفة إلى أن للفارس سهمين . انظر " شرح السنة " 11/101–102 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْوَلِيدِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَسْهَمَ لِلْفَارِسِ ثَلَاثَةَ اَسْهُمٍ، سَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ، وَسَهْمًا لِلرَّجُلِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(مالِ غنیمت میں سے) گھڑسوار کے تین حصے ہوں گے' دو حصے اس کے گھوڑے کے اور ایک حصہ آدمی کا''۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْفَرَسَ لَا يُسْهَمُ لَهٗ اِلَّا كَمَا يُسْهَمُ لِصَاحِبِهٖ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' گھوڑے کو بھی اتنا حصہ دیا جائے گا جتنا گھوڑے والے کو دیا جائے گا

4812 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ، وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کے دو حصے اور آدمی کا ایک حصہ مقرر کیا تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْمَعْرَكَةَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ لَهٗ اَنْ يُّسْهِمَ مَعَهُمْ بَعْدَ اَنْ يَّكُوْنَ لُحُوْقُهٗ بِهِمْ عَلٰى غَيْرِ بُعْدٍ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ) جو شخص مسلمانوں کے ہمراہ جنگ میں شریک نہ ہوا ہو اسے اس بات کا حق حاصل ہے' وہ مسلمانوں کے ہمراہ (مالِ غنیمت میں سے) حصہ لے' جبکہ وہ جنگ کے تھوڑی دیر بعد ہی مسلمانوں سے آ کے مل گیا ہو

4813 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَمَا فُتِحَتْ خَيْبَرُ بِثَلَاثٍ فَاَسْهَمَ لَنَا، وَلَمْ يُسْهِمْ لِاَحَدٍ، لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ غَيْرَنَا

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم خیبر فتح ہونے کے تین دن بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

---

4812– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبدة الضبي وشيخه سُليم، فمن رجال مسلم . وأخرجه الترمذي (1554) في السير : باب في سهم الخيل، عن أحمد بن عبدة الضبي، بهذا الإسناد . وقال: حديث حسن صحيح . وانظر الحديثين السابقين .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حاضر ہوئے' تو آپ ﷺ نے (مال غنیمت میں سے) ہمیں بھی حصہ دیا آپ ﷺ نے ہمارے علاوہ اور کسی بھی ایسے شخص کو حصہ نہیں دیا جو جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ أَبِي مُوسَى الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے منقول روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**4814** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَأَلْتُ أَبَا عَمْرٍو عَنْ إِسْهَامِ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ وَالْقِتَالَ، فَقَالَ: لَا يُسْهِمُونَ أَلَا تَرَى الطَّائِفَتَيْنِ تَدْخُلَانِ مِنْ دَرْبٍ وَاحِدٍ، أَوْ دَرْبَيْنِ، مُخْتَلِفَيْنِ، فَتَغْنَمُ إِحْدَاهُمَا، وَلَا تَغْنَمُ الْأُخْرَى، وَإِحْدَاهُمَا قُوَّةٌ لِلْأُخْرَى، فَلَا تُشْرِكُ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى، غَنِمَا جَمِيعًا أَوْ غَنِمَ أَحَدُهُمَا بِذَلِكَ، مَضَى الْأَمْرُ فِيهِمْ

قَالَ الْوَلِيدُ: فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَذْكُرُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ عَلَيْهَا أَبَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، فَقَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ

---

4813- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن عمر -وهو ابن محمد بن أبان، لقبه مشكدانة- فمن رجال مسلم، وهو ثقة . بريد: هو ابن عبد الله بن أبي بردة .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/410، وأحمد 4/405-406، والبخاري (4233) في المغازي: باب غزوة خيبر، والترمذي (1559) في السير: باب ما جاء في أهل الذمة يغزون مع المسلمين هل يسهم لهم، والبيهقي 6/333 من طرق عن حفص بن غياث، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري مطولاً ومختصراً (3136) في فرض الخمس: باب (15)، و (3876) في مناقب الأنصار: باب هجرة الحبشة، و (4230)، ومسلم مطولاً (225) في فضائل الصحابة: باب من فضائل جعفر بن أبي طالب وأسماء بنت عميس وأهل سفينتهم، وأبو داؤد (2725) في الجهاد: باب فيمن جاء بعد الغنيمة لا سهم له، وابن الجارود (1089)، والبيهقي 6/333، والبغوي مطولاً (2721) من طريق أبي أسامة عن بريد بن عبد الله، به .

4814- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد بن العزيز، فمن رجال مسلم .وأخرجه البيهقي 6/334 من طريق على بن بحر القطان، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري (4238) في المغازي: باب غزوة خيبر، تعليقاً عن الزبيدي، عن الزهري عن عنبسة بن سعيد، عن أبي هريرة . ووصله سعيد بن منصور (2793) ومن طريقه أبو داؤد (2723) في الجهاد: باب فيمن جاء بعد الغنيمة لا سهم له، وابن الجارود (1088)، والبيهقي 6/334 عن إسماعيل بن عياش، عن محمد بن الوليد الزبيدي، بهذا الإسناد . وقال البيهقي: قال محمد بن يحيى الذهلي: الحديثان محفوظان حديث عنبسة من حديث الزبيدي، وحديث سعيد بن المسيب من حديث سعيد بن عبد العزيز .وأخرجه الطيالسي (2591) عن أبي عتبة، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن عنبسة بن سعيد قال: حدثني من سمع أبا هريرة يُحَدِّثُ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بعث أبان . . . .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لَا تَقْسِمْ لَهُمْ فَغَضِبَ اَبَانُ وَنَالَ مِنْهُ، قَالَ وَحَمَلَ عَلَيْهِ بِرُمْحِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا اَبَانُ، وَاَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَّقْسِمَ لَهُمْ شَيْئًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْجَيْشُ اِذَا فَتَحَ مَوْضِعًا مِّنْ مَوَاضِعِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ لَحِقَ بِهِمْ جَيْشٌ اٰخَرُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَ فَرَاغِهِمْ مِنْ فَتْحِهِمْ يَجِبُ اَنْ تُقْسَمَ الْغَنَائِمُ بَيْنَ الْجَيْشِ الَّذِي كَانَ الْفَتْحُ لَهُمْ، فَيُسْهَمُ لِلْفَارِسِ ثَلَاثَةُ اَسْهُمٍ سَهْمَانِ لِفَرَسِهِ، وَسَهْمٌ لَهُ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمٌ وَّاحِدٌ، وَلَا يُسْهَمُ لِمَنْ اَتٰى بَعْدَ الْفَتْحِ مِمَّا غَنِمُوْا شَيْئًا، اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْجَيْشُ الَّذِي لَحِقَ بِالْجَيْشِ الْاَوَّلِ، كَانُوْا مَدَدًا لَهُمْ، فَاِذَا كَانَ كَذٰلِكَ كَانُوْا كَاَنَّهُمَا جَيْشٌ وَّاحِدٌ، اَصْلُهُمْ وَاحِدٌ، وَيَكُوْنُ مَدَدُهُمْ عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلَيْهِمْ، فَحِيْنَئِذٍ يُسْهَمُ لَهُمْ كُلِّهِمْ، وَاَمَّا اِسْهَامُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِلْاَشْعَرِيِّيْنَ بَعْدَمَا فَتَحَ خَيْبَرَ كَانَ ذٰلِكَ مِنْ خُمُسٍ خَمَّسَهُ الَّذِي فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، لِيَسْتَمِيْلَ بِذٰلِكَ قُلُوْبَهُمْ، لَا اَنَّهُمْ اُعْطُوْا مِنْ مَغَانِمِ خَيْبَرَ حَيْثُ لَمْ يَشْهَدُوْا فَتْحَهُ

ولید بن مسلم بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعمرو سے ایسے شخص کو حصہ دینے کے بارے میں دریافت کیا: جو فتح اور جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا' تو انہوں نے فرمایا: ایسے لوگوں کو کوئی حصہ نہیں دیا جائے گا' کیا تم نے غور نہیں کیا؟ دو گروہ ایک ہی راستے سے یا دو مختلف راستوں سے (قلعہ کے اندر) داخل ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا ہے اور دوسرے گروہ کو مالِ غنیمت حاصل نہیں ہوتا۔ ان میں سے ایک گروہ دوسرے کی قوت ہوتا ہے' لیکن ان میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ کا مالِ غنیمت میں شراکت دار نہیں ہوتا۔ خواہ ان دونوں نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو' یا ان میں سے کسی ایک نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو۔ ان کے درمیان فیصلہ اسی طرح ہوتا ہے۔

ولید کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ سعید بن عبدالعزیز سے کیا' تو انہوں نے بتایا۔ میں نے زہری کو سعید بن مسیب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک جنگی مہم روانہ کی' اس مہم کے امیر حضرت ابان بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ تھے' وہ خیبر فتح ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ (مالِ غنیمت میں سے) انہیں حصہ نہ دیجئے گا' تو ابان غصے میں آ گئے اور انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ان پر نیزہ تان لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابان! ٹھہر جاؤ!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو (مالِ غنیمت میں سے) کچھ دینے سے انکار کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب کوئی لشکر اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے کسی علاقے کو فتح کر لے اور پھر مسلمانوں کا دوسرا لشکر ان لوگوں کے فتح حاصل کر لینے کے بعد ان سے آ کر ملے' تو یہ بات لازم ہے' مالِ غنیمت صرف ان لوگوں میں تقسیم کیا جائے جنہوں نے فتح حاصل کی تھی۔ (اس تقسیم میں) گھڑ سوار کو تین حصے دیئے جائیں گے' دو حصے اس کے گھوڑے کے ہوں گے اور ایک حصہ گھڑ سوار کا ہوگا۔ پیادہ شخص کو ایک حصہ ملے گا' جو لوگ فتح حاصل ہو جانے کے بعد آئے ہوں انہیں مالِ غنیمت میں سے کچھ نہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملے گا' البتہ جو لشکر بعد میں آ کر پہلے لشکر سے ملا ہے' اگر وہ مدد کے لیے آیا تھا تو پھر حکم مختلف ہوگا' کیونکہ اس صورت میں دونوں لشکر ایک ہی لشکر شمار ہوں گے' کیونکہ ان کی اصل ایک ہے' اور اگر دوسرے لشکر کی (اس جنگ میں) مدد کی ضرورت ہوتی' تو انہوں نے مدد کرنی تھی۔ اس صورت میں ان سب کو حصہ دیا جائے گا۔

جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے اشعر قبیلے کے افراد کو خیبر فتح ہونے کے بعد' حصہ دینے کا تعلق ہے' تو وہ حصہ "خمس" میں سے دیا گیا تھا۔ وہ "خمس" جو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو عطا کیا تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ لوگ مائل ہو جائیں۔ ایسا نہیں ہے' انہیں خیبر کے مال غنیمت میں سے حصہ دیا گیا' اس صورت میں' جبکہ وہ اس کی فتح میں شریک ہی نہیں ہوئے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ، بِاَنَّ مَنْ كَانَ مَدَدًا لِلْمُسْلِمِيْنَ اَوْ اَدْرَبَ دَرْبَ الْعَدُوِّ مِنْهُمْ وَلَمْ يَشْهَدِ الْمَعْرَكَةَ لَا يُسْهَمُ لَهُمْ كَمَا يُسْهَمُ لِمَنْ حَضَرَهَا

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص مسلمانوں کے لیے کمک کے طور پر آیا ہو یا دشمن کے علاقے میں

داخل ہوا ہو' لیکن وہ جنگ میں شریک نہ ہوا ہو' تو اسے حصہ نہیں دیا جائے گا جس طرح ان لوگوں کو حصہ دیا جائے گا' جو لوگ جنگ میں شریک ہوئے تھے

**4815** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيَّ عَنْ سِهَامِ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ وَالْقِتَالَ مِنَ الْمَدَدِ، فَقَالَ: لَا يُسْهَمُوْنَ اَلَا تَرَى اِلَى الطَّائِفَتَيْنِ تَدْخُلَانِ مِنْ دَرْبٍ وَاحِدٍ، اَوْ دَرْبَيْنِ مُخْتَلِفَيْنِ فَتَغْنَمُ اِحْدَاهُمَا وَلَا تَغْنَمُ الْاُخْرَى وَاِحْدَاهُمَا قُوَّةٌ لِلْاُخْرَى، فَلَا تُشْرِكُ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى غَنِمَا جَمِيْعًا اَوْ غَنِمَ اَحَدُهُمَا بِذٰلِكَ مَضَى الْاَمْرُ فِيْهِمْ

قَالَ الْوَلِيْدُ، فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَذْكُرُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً، قِبَلَ نَجْدٍ عَلَيْهَا اَبَانُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، فَقَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تَقْسِمْ لَهُمْ، فَقَالَ: فَغَضِبَ اَبَانُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا اَبَانُ، وَاَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَقْسِمَ لَهُمْ شَيْئًا

❁❁ ولید بن مسلم بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعمرو سے ایسے شخص کو حصہ دینے کے بارے میں دریافت کیا: جو فتح اور جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا' تو انہوں نے فرمایا: ایسے لوگوں کو کوئی حصہ نہیں دیا جائے گا' کیا تم نے غور نہیں کیا؟ دو گروہ ایک ہی

4815- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



راستے سے یا دو مختلف راستوں سے (قلعہ کے اندر) داخل ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا ہے اور دوسرے گروہ کو مالِ غنیمت حاصل نہیں ہوتا۔ ان میں سے ایک گروہ دوسرے کی قوت ہوتا ہے' لیکن ان میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ کا مالِ غنیمت میں شراکت دار نہیں ہوتا۔ خواہ ان دونوں نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو' یا ان میں سے کسی ایک نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو۔ ان کے درمیان فیصلہ اسی طرح ہوتا ہے۔

ولید کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ سعید بن عبدالعزیز سے کیا' تو انہوں نے بتایا۔ میں نے زہری کو سعید بن میسب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک جنگی مہم روانہ کی' اس مہم کے امیر حضرت ابان بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ تھے' وہ خیبر فتح ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ (مالِ غنیمت میں سے) انہیں حصہ نہ دیجئے گا' تو ابان غصے میں آ گئے اور انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ان پر نیزہ تان لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابان! ٹھہر جاؤ!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو (مالِ غنیمت میں سے) کچھ دینے سے انکار کر دیا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ وَهِمَ فِي تَأْوِيلِهِ بَعْضُ مَنْ لَمْ يَتَبَحَّرْ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ وَلَا طَلَبَهُ مِنْ مَظَانِّهِ

## اس روایت کا تذکرہ' جس کی تاویل میں اس شخص کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے علم حدیث کو اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا

**4816** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ التَّاجِرُ، بِمَرْوٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اَتَاهُ الْفَيْءُ قَسَمَهُ فِي يَوْمِهِ، فَاَعْطَى الْاٰهِلَ حَظَّيْنِ وَاَعْطَى الْعَزَبَ حَظًّا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اَتَاهُ الْفَيْءُ كَانَ يَقْسِمُهُ مِنْ يَّوْمِهِ، ثُمَّ يُعْطِي الْاٰهِلَ حَظَّيْنِ وَالْعَزَبَ حَظًّا مِنْ خُمُسِ خَمْسَةٍ لِاَنَّهُ كَانَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي الْفَيْءِ عَلٰى

4816- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/348، وأحمد 6/29، وأبو داوُد (2953) في الخراج والإمارة: باب في قسم الفيء، من طرق عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/25-26، وأبو داوُد (2953)، والطبراني في " الكبير " /18 (81)، وابن الجارود (1112)، والبيهقي 6/346 من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج، والطبراني /18 (80) و (81)، والحاكم 2/140-141، والبيهقي 6/346 من طريق أبي اليمان الحكم بن نافع كلاهما عن صفوان به، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلِمٍ، ووافقه الذهبي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْعُزُوبَةِ وَالتَّأَهُّلِ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مال فے آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اسی دن میں تقسیم کر دیتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بال بچے دار شخص کو دو حصے عطا کرتے تھے اور کنوارے کو ایک حصہ عطا کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب مال فے آتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اسی دن میں تقسیم کر دیتے اور بال بچے دار شخص کو دو حصے عطا کرتے اور کنوارے کو ایک حصہ عطا کرتے۔ (یہ احتمال ہے) یہ ادائیگی مال خمس میں سے کی جاتی ہوگی کیونکہ آپ بال بچے دار اور کنواروں کو مختلف نوعیت کی ادائیگی کرتے تھے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اسْتِمَالَةُ قُلُوبِ رَعِيَّتِهِ عِنْدَ الْقِسْمَةِ بَيْنَهُمْ غَنَائِمَهُمْ اَوْ خُمُسًا خَمَّسَهُ اِذَا اَحَبَّ ذٰلِكَ

## اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے مالِ غنیمت لوگوں میں تقسیم کرتے وقت اپنی رعایا کے دلوں کو مائل کرے اور اگر وہ مناسب سمجھے تو مال خمس میں سے بھی انہیں ادائیگی کر دے

**4817** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، قَالَ: ادْخُلْ، فَادْعُهُ لِي، قَالَ فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ، وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِّنْهَا، وَقَالَ: قَدْ خَبَّاْتُ هٰذَا لَكَ، قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ مَخْرَمَةُ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ قبائیں تقسیم کیں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کو کچھ نہیں دیا حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اندر جا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر لاؤ۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر لایا

4817– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد –وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب– فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة . ابن أبي مليكة: هو عبد الله بن عبيد الله بن أبي مليكة .وأخرجه أبو داوُد ( 4028) في اللباس: باب ما جاء في الأقبية، عن يزيد بن موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (992) في الهبة: باب كيف يقبض العبد والمتاع، و ( 5800) في اللباس: باب القباء وفروج حرير، ومسلم (1058) في الزكاة: باب إعطاء من سأل بفحش وغلظة، وأبو داوُد ( 4028)، والترمذي (2818) في الأدب: باب رقم (53)، والنسائي 8/205 في الزينة: باب لبس الأقبية، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بِهِ . وأخرجه البخاري تعليقاً ( 3127) و (5862) عن الليث، بِهِ . وأخرجه البخاري ( 2657 في الشهادات: باب شهادة الأعمى، و (3127) في فرض الخمس: باب قسمة الإمام ما يقدم عليه، و ( 6132) في الأدب: باب المداراة مع الناس، ومسلم ( 1058) من طريق أيوب السختياني، عن ابن أبي مليكة، بِهِ .وانظر الحديث الآتي .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ ان کے پاس باہر تشریف لائے' آپ ﷺ کے پاس ایک قبا تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے تمہارے لیے سنبھال کر رکھی ہوئی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مخرمہ راضی ہو گئے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے لیث بن سعد نے یہ روایت ابن ابوملیکہ سے نہیں سنی ہے

4818 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ اَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبِيَةً، وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ، فَادْعُهُ لِي، قَالَ فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ فَقَالَ: قَدْ خَبَّاْتُ هٰذَا لَكَ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَضِيَ مَخْرَمَةُ

❀❀ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کچھ قبائیں تقسیم کیں' لیکن آپ ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کو کچھ نہیں دیا' حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اندر جا کر نبی اکرم ﷺ کو بلا کر لاؤ۔ میں نبی اکرم ﷺ کو بلا کر لایا نبی اکرم ﷺ ان کے پاس باہر تشریف لائے' آپ ﷺ کے پاس ایک قبا تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے تمہارے لیے سنبھال کر رکھی ہوئی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مخرمہ راضی ہو گئے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ لُزُومُ الْعَدْلِ بِالْقِسْمَةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ مَالَهُمْ وَتَرْكُ الْاِغْضَاءِ عَمَّنِ اعْتَرَضَ عَلَيْهِ فِيهِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ مسلمانوں کے درمیان مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے انصاف سے کام لے اور جو شخص اس بارے میں اس پر اعتراض کرتا ہے اس سے چشم پوشی کرے

4819 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ

4818– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله: هو ابن المبارك . وهو مكرر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ یَقْبِضُ لِلنَّاسِ فِیْ ثَوْبِ بِلَالٍ یَوْمَ حُنَیْنٍ یُعْطِیْهِمْ، فَقَالَ اِنْسَانٌ مِّنَ النَّاسِ: اعْدِلْ یَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: وَیْلَكَ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ فَمَنْ یَّعْدِلُ لَقَدْ خِبْتُ وَخَسِرْتُ اِنْ لَمْ اَعْدِلْ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِ: دَعْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَعَاذَ اللّٰهِ، اَنْ یَّتَحَدَّثَ النَّاسُ، اَنِّیْ اَقْتُلُ اَصْحَابِیْ، اِنَّ هٰذَا وَاَصْحَابًا لَهٗ، یَقْرَئُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں سے چیزیں نکال کر لوگوں کو عطا کر رہے تھے۔ ایک شخص بولا: اے حضرت محمد ﷺ! انصاف سے کام لیجئے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر میں انصاف سے کام نہیں لوں گا' تو پھر کون انصاف سے کام لے گا؟ اگر میں انصاف سے کام نہ لوں' تو میں خسارے اور نقصان کا شکار ہو جاؤں گا' راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں اس کی گردن اڑا دیتا ہوں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی پناہ! (اس صورت میں غیر مسلم) لوگ یہ باتیں کریں گے کہ میں اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتا ہوں۔ بے شک یہ شخص اور اس کے ساتھی قرآن کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔

## ذِكْرُ مَا یُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ تَحَمُّلُ مَا یَرِدُّ عَلَیْهِ مِنْ رَعِیَّتِهٖ عِنْدَ الْقِسْمَةِ فِیْهِمِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

### اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ نبی اکرم ﷺ کی پیروی کرتے ہوئے

لوگوں کے درمیان مالِ غنیمت کی تقسیم کے دوران اپنے اوپر رعایا کی طرف سے ہونے والے اعتراض پر برداشت سے کام لے

**4820** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الذُّهْلِیُّ، قَالَ:

4819- إسناده صحيح على شرط مسلم وأبو الزبير صرح بالتحديث عند مسلم فانتفت شبهة تدليسه . عبد الله بن نافع: هو الصائغ، ويحيى بن سعيد: هو ابن قيس الأنصاري . وأخرجه النسائي في " فضائل القرآن " (113) من طريق ابن وهب، عن مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/353 و 354، ومسلم (1063) في الزكاة: باب ذكر الخوارج وصفاتهم، والنسائي في " فضائل القرآن " (112) من طرق عن يحيى بن سعيد، بِهِ .وأخرجه أحمد 3/354-355، ومسلم (1063)، وابن ماجه (172) في المقدمة: باب في ذكر الخوارج، والبيهقي في " الدلائل " 5/185-186 من طرق عن أبي الزبير، بِهِ .وأخرجه البخاري مختصراً (3138) في فرض الخمس: باب إذا بعث الإمام رسولاً في حاجة، والبيهقي في " الدلائل " 5/186 .

4820- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذُّهلي وعمر بن محمد بن جبير، فمن رجال البخاري .وهو في " مصنف عبد الرزاق " (9497)، ومن طريقه أخرجه البغوي (3689) .وأخرجه أحمد 4/82، والبخاري (3148) في فرض الخمس: باب ما كان يعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس، من طريق صالح بن كيسان، و (2821) في الجهاد: باب الشجاعة في الحرب والجبن، والمزي في " تهذيب الكمال " ص 1023 في ترجمة عمر بن محمد، من طريق شعيب بن أبي حمزة، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد .وفي الباب عن عبد الله بن عمرو عند البيهقي 7/17 و 9/102

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَمْلَاهُ عَلَيْنَا مِنْ كِتَابِهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ عَلِقَهُ الْاَعْرَابُ يَسْاَلُونَهُ، فَاضْطَرُّوهُ اِلٰى سَمُرَةٍ، حَتّٰى خُطِفَ رِدَاؤُهُ وَهُوَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، فَوَقَفَ فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ رِدَائِي، اَتَخْشَوْنَ عَلَيَّ الْبُخْلَ، فَلَوْ كَانَ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا، لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُوْنِي بَخِيلًا، وَلَا جَبَانًا، وَلَا كَذَّابًا

❀❀ محمد بن جبیر بن مطعم بیان کرتے ہیں: ان کے والد (حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے انہیں یہ بات بتائی ہے: ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اور بھی لوگ تھے' یہ غزوۂ حنین سے واپسی کی بات ہے' کچھ دیہاتیوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگ رہے تھے' انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سمرہ کے درخت کی طرف جانے پر مجبور کر دیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر کھینچ لی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سواری پر سوار تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری چادر مجھے واپس کرو' کیا تمہیں میرے بارے میں بخل کا اندیشہ ہے؟ اگر یہ تمام شاخیں نعمتوں میں تبدیل ہو جائیں' تو میں ان سب کو تمہارے درمیان تقسیم کر دوں گا اور تم مجھے بخیل یا بزدل یا جھوٹا نہیں پاؤ گے۔

## ذِكْرُ مَا يَعْدِلُ الْبَعِيرُ، فِي قَسْمِ الْغَنَائِمِ مِنَ الشَّاءِ

## اس بات کا تذکرہ' مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے کتنی بکریاں ایک اونٹ کے برابر شمار ہوں گی

**4821** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

4821- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبد الله بن الحكم، فمن رجال مسلم . غُندر: لقب محمد بن جعفر .وأخرجه النسائي 7/221 في الضحايا: باب ما تجزء عنه البدنة في الضحايا، عن أحمد بن عبد الله بن الحكم، بهذا الإسناد . وفيه قول شعبة .وأخرجه أحمد 3/264، ومسلم (1968) (23) في الأضاحي: باب جواز الذبح بكل ما أنهر الدم، من طريق غندر، عن شعبة، عن سعيد بن مسروق، به مطولاً .وفي أحمد قول محمد بن جعفر غندر، وشعبة .وأخرجه البخاري (2507) في الشركة: باب من عدل عشرة من الغنم بجزور في القَسْم، ومسلم (1968) (20)، والترمذي (1492) في الأحكام والفوائد: باب ما جل في البعير والبقر إذا ندَّ فصار وحشياً يُرمى بسهم أم لا، و ( 1600) في السيز: باب ما جاء في كراهية النهبة، وابن ماجه (3137) في الأضاحي: باب كم تجزىء من الغنم عن البدنة، من طرق عن سفيان الثوري، به مطولاً .وأخرجه البخاري (2488) في الشركة: باب قسمة الغنم، و (3075) في الجهاد: باب ما يكره من ذبح الإبل والغنم في المغانم، و (5498) في الذبائح والصيد، باب التسمية على الذبيحة، والنسائي 7/191-192 في الصيد والذبائح: باب الإنسية تستوحش، وابن ماجه (3137)، من طريقي أبي عوانة وزائدة عن سعيد بن مسروق، به مطولاً .وأخرجه البخاري ( 5543) في الذبائح: باب إذا أصاب قوم غنيمة، وأبو داوُد (2821) في الأضاحي: باب في الذبيحة بالمروة، والترمذي (1492) و (1600)، والبيهقي 9/247 من طريق أبي الأحوص و 9/247 من طريق حسان بن إبراهيم الكرماني، كلاهما عن سعيد مسروق، عن عباية بن رفاعة، عن أبيه، عن جده، رافع بن خديج مطولاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بْنِ الْحَكَمِ الْكُرْدِيُّ بَصْرِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَجْعَلُ فِي قَسْمِ الْغَنَائِمِ عَشْرًا مِنَ الشَّاءِ بِبَعِيْرٍ، قَالَ شُعْبَةُ: وَاَكْبَرُ عِلْمِي اَنِّي سَمِعْتُهُ مِنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، وَقَالَ غُنْدَرٌ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ سُفْيَانَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْبَدَنَةَ تَقُومُ عَنْ عَشْرَةٍ اِذَا نُحِرَتْ

❁❁ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر قرار دیتے تھے۔

شعبہ نامی راوی کہتے ہیں: میرا غالب گمان یہی ہے' میں نے یہ روایت سعید بن مسروق سے سنی ہے۔

غندر کہتے ہیں: میں نے یہ روایت سفیان سے سنی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے' اونٹ کی قربانی دس آدمیوں کی طرف سے کی جائے گی۔

## ذِكْرُ مَا خَصَّ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَخْذِ الصَّفِيِّ مِنَ الْغَنَائِمِ لِنَفْسِهِ خَارِجًا مِنْ خُمُسِ الْخُمُسِ

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ خصوصیت عطا کی ہے' آپ اپنی ذات کے لیے مالِ غنیمت میں سے کوئی چیز مخصوص کر سکتے ہیں جو خمس کے پانچویں حصے کے علاوہ ہو

**4822** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَتْ صَفِيَّةُ مِنَ الصَّفِيِّ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا (مالِ غنیمت میں سے) اس مال میں شامل تھیں۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھا۔

---

4822– إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو أحمد الزبيري: هو محمد بن عبد الله بن الزبير .وأخرجه أبو داوُد فى الخراج: باب ما جاء فى سهم الصفى، عن نصر بن على الجهضمى، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى فى " الكبير " 24/ (175)، والحاكم 3/39 من طريقين عن أبى أحمد الزبيرى، بِهِ . وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى .وأخرجه الحاكم 2/128، والبيهقى 6/304 من طريق أبى حذيفة وأبى نعيم، عن سفيان، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ كَانَ يَحْبِسُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُمُسَ خُمُسِهِ وَخُمُسَ الْغَنَائِمِ جَمِيعًا

## اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے خمس کے پانچویں حصے اور تمام مالِ غنیمت کے خمس کو اپنے پاس روک لیا تھا

**4823** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْهُ

(متنِ حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَتْ اِلٰى اَبِي بَكْرٍ تَسْاَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ وَفَاطِمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا حِينَئِذٍ تَطْلُبُ صَدَقَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي بِالْمَدِيْنَةِ وَفَدَكَ، وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ، اِنَّمَا يَاْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ هٰذَا الْمَالِ، لَيْسَ لَهُمْ اَنْ يَّزِيدُوْا عَلَى الْمَاْكَلِ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ، لَا اُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا، الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهَا فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَاَعْمَلَنَّ فِيهَا بِمَا عَمِلَ فِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبٰى اَبُوْ بَكْرٍ، اَنْ يَّدْفَعَ اِلٰى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا، فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ، عَلٰى اَبِي بَكْرٍ مِّنْ ذٰلِكَ، فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ، حَتّٰى تُوُفِّيَتْ، وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ لَيْلًا، وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا اَبَا بَكْرٍ، فَصَلّٰى عَلَيْهَا عَلِيٌّ، وَكَانَ

4823- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن عثمان بن سعيد الحمصي وأبيه، فروى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان .وأخرجه أبو داوُد (2969) في الخراج والإمارة: باب صفايا رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن عمرو بن عثمان بن سعيد، بهذا الإسناد مختصراً .وأخرجه البخاري (3711) و (3712) في فضائل الصحابة: باب مناقب قرابة رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والبيهقي 6/300 من طريق أبي اليمان، والنسائي 7/132 في قسم الفيء، من طريق أبي إسحاق الفزاري، كلاهما عن شعيب بن أبي حمزة، به مختصراً .وأخرجه بطوله البخاري (4240) و (4241) في المغازي: باب غزوة خبر، ومسلم (1759) (52) في الجهاد والسير: باب قول النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا نُورَثُ ما تركنا فهو صدقة"، وأخرجه مختصراً أحمد 1/9 -10، وأبو داوُد (2968)، والبيهقي 10/142-143 من طرق عن اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ الأيلي، عن الزهري، به .وأخرجه مختصراً أحمد 1/10، والمروزي في "مسند أبي بكر" (38)، والبخاري (4035) و (4036) في المغازي: باب حديث بني النضير، و (6725) و (6726) في الفرائض: باب قول النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا نُورَثُ ما تركنا صدقة"، ومسلم (1759) (53)، والبيهقي 6/300 من طريق معمر، والبخاري (3092) و (3093) في فرض الخمس: باب فرض الخمس، ومسلم (1759) (54)، وأبو داوُد (970)، والبيهقي 6/300-301 من طريق صالح، كلاهما عن الزهري، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لِعَلِيٍّ مِّنَ النَّاسِ وَجْهٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ فَاطِمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا، انْصَرَفَتْ وُجُوهُ النَّاسِ عَنْ عَلِيٍّ، حَتّٰى اَنْكَرَهُمْ، فَضَرَعَ عَلِيٌّ عِنْدَ ذٰلِكَ اِلٰى مُصَالَحَةِ اَبِىْ بَكْرٍ، وَمُبَايَعَتِهٖ وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْاَشْهُرَ، فَاَرْسَلَ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، اَنِ ائْتِنَا وَلَا يَاْتِنَا مَعَكَ اَحَدٌ، وَكَرِهَ عَلِيٌّ اَنْ يَّشْهَدَهُمْ عُمَرُ، لِمَا يَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ عُمَرَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ عُمَرُ لِاَبِىْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا عَسٰى اَنْ يَّفْعَلُوْا بِىْ، وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّهُمْ، فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ، فَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَضِيْلَتَكَ، وَمَا اَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَاِنَّا لَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْكَ، وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْاَمْرِ، وَكُنَّا نَرٰى لَنَا حَقًّا، وَذَكَرَ قَرَابَتَهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَقَّهُمْ، فَلَمْ يَزَلْ يَتَكَلَّمُ، حَتّٰى فَاضَتْ عَيْنَا اَبِىْ بَكْرٍ، فَلَمَّا تَكَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَىَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِىْ، وَاَمَّا الَّذِىْ شَجَرَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ، فَاِنِّىْ لَمْ آلُ فِيْهَا عَنِ الْخَيْرِ، وَاِنِّىْ لَمْ اَكُنْ لِاَتْرُكَ فِيْهَا اَمْرًا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِيْهَا اِلَّا صَنَعْتُهُ، قَالَ عَلِيٌّ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةَ لِلْبَيْعَةِ، فَلَمَّا اَنْ صَلَّى اَبُوْ بَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ ارْتَقٰى عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ، وَذَكَرَ شَاْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِى اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، فَعَظَّمَ حَقَّ اَبِىْ بَكْرٍ، وَذَكَرَ اَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِىْ صَنَعَ نَفَاسَةٌ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ وَلَا اِنْكَارُ فَضِيْلَتِهِ الَّتِىْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّا كُنَّا نَرٰى لَنَا فِى الْاَمْرِ نَصِيْبًا وَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا، فَوَجَدْنَا فِىْ اَنْفُسِنَا فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ، وَقَالُوْا لِعَلِيٍّ: اَصَبْتَ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى عَلِيٍّ، قَرِيْبًا حِيْنَ رَاجَعَ عَلَى الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا اور ان سے اس مال میں سے اپنے وراثت کے حصے کا مطالبہ کیا' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مالِ فے کے طور پر عطا کیا تھا' وہ مدینہ منورہ اور فدک میں موجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کی زمینوں) کے صدقے (میں سے اپنے حصے) کی طلب گار تھیں۔ اور اس میں سے بھی جو خیبر کے خمس میں سے باقی بچتا تھا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہماری (یعنی انبیاء کی) وراثت نہیں ہوتی۔ ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے گھر والے اس مال میں سے صرف اپنی خوراک حاصل کر سکتے ہیں' ان کے لیے خوراک سے زیادہ حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے''۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقات (کو خرچ کرنے) میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا۔ یہ اسی حالت میں رہیں گے' جس حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں تھے' اور میں انہیں اسی طرح استعمال کروں گا جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں استعمال کیا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان میں سے کوئی بھی چیز سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دینے سے انکار کر دیا۔ اس پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ناراض ہو گئیں۔ انہوں نے اپنے انتقال تک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لاتعلقی اختیار کی اوران سے کبھی بات نہیں کی۔ ان کا انتقال نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 6 ماہ بعد ہوا۔ جب ان کا انتقال ہوگیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں رات کے وقت ہی دفن کردیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع نہیں دی۔ ان کی نمازِ جنازہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مل لیتے تھے لیکن جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوگیا تو لوگوں کی توجہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہٹ گئی اور لوگ ان کے لئے اجنبی ہو گئے۔ اس بات نے انہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے' اور ان کی بیعت کرنے کی طرف مائل کیا۔ ان (6) مہینوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا۔ آپ ہمارے ہاں آئیں' لیکن آپ کے ساتھ کوئی نہ آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے ہمراہ ہوں' کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مزاج کی سختی سے واقف تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر سے کہا: اللہ کی قسم! آپ اکیلے ان لوگوں کے ہاں نہیں جائیں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ مجھے کچھ نہیں کہیں گے۔ اللہ کی قسم! میں ان کے پاس ضرور جاؤں گا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمۂ شہادت پڑھا' اور پھر یہ کہا: اے ابوبکر! آپ کی فضیلت اور جو (خصوصیات) اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہیں' ہم ان سے واقف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو بھلائی عطا کی ہے' ہم اس کا انکار نہیں کرتے' لیکن حکومت کے معاملے میں آپ نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ہماری یہ رائے ہے کہ ہم اس کا حق رکھتے ہیں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اپنی قرابت اور اپنے حق کا تذکرہ کیا۔ وہ مسلسل بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات شروع کی تو انہوں نے کہا: ''اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' نبی اکرم ﷺ کے رشتہ داروں (کے ساتھ اچھا سلوک کرنا) مجھے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ جہاں تک اس معاملے کا تعلق ہے جو ان صدقات کے حوالے سے میرے اور آپ کے درمیان اختلاف ہوا تو میں نے ان کے بارے میں بھلائی کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کی۔ میں نے ان کے بارے میں کوئی ایسا نہیں کام ترک نہیں کیا' جو میں نے نبی اکرم ﷺ کو ان کے بارے میں کرتے ہوئے دیکھا' میں نے وہی کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: بیعت کے لئے آپ سے شام کو ملاقات ہوگی۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز ادا کرلی تو وہ منبر پر چڑھے' انہوں نے کلمۂ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیعت نہ کرنے کے معاملے اور ان کے عذر کا ذکر کیا' اور پھر کلمہ استغفار پڑھا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عظمت کا اعتراف کیا اور اس بات کا ذکر کیا کہ انہوں نے جو کچھ کیا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی ناراضگی یا ان کی اس فضیلت کے انکار کی وجہ سے نہیں تھا' جو فضیلت اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کی ہے۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی:) ہم یہ سمجھتے ہیں حکومت میں ہمارا حصہ ہونا چاہیے تھا اور انہوں نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے' اس کی وجہ سے ہمیں ناراضگی تھی۔ (لیکن اب میں بیعت کررہا ہوں)

اس پر مسلمان بہت خوش ہوئے' انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے ٹھیک کیا ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے درست موقف کی طرف رجوع کرلیا تو مسلمان پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہوگئے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ الْقِسْمَةُ فِي ذَوِي الْقُرْبٰى مِنَ السَّهْمِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

### اس بات کا تذکرہ امام پر یہ بات لازم ہے جس حصے کا ہم نے ذکر کیا ہے اس میں سے تقسیم کرتے ہوئے رشتہ داروں میں بھی تقسیم کرے

**4824** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ،

(متن حدیث): اَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُوْرِيَّ خَرَجَ فِيْ فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، اَرْسَلَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبٰى لِمَنْ هُوَ؟ فَقَالَ: هُوَ لِاَقْرِبَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَسَمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ، وَقَدْ كَانَ عُمَرُ عَرَضَ عَلَيْنَا مِنْهُ عَرَضًا رَاَيْنَاهُ دُوْنَ حَقِّنَا، فَرَدَدْنَا عَلَيْهِ وَاَبَيْنَا اَنْ نَقْبَلَهُ، فَكَانَ عَرَضَ عَلَيْهِمْ اَنْ يُعِيْنَ نَاكِحَهُمْ، وَاَنْ يَقْضِيَ عَنْ غَارِمِهِمْ وَاَنْ يُعْطِيَ فَقِيْرَهُمْ وَاَبٰى اَنْ يَزِيْدَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ

یزید بن ہرمز بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی آزمائش کے زمانے میں نجدہ حروری نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا اور ان سے یہ دریافت کیا: ذوی القربیٰ کا مخصوص حصہ کسے ملے گا؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کو ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ حصہ ان میں ہی تقسیم کرتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ حصہ ہمیں پیش کیا تھا جس کے بارے میں ہماری یہ رائے تھی کہ یہ ہمارے حق سے کم ہے تو ہم نے اسے واپس کر دیا اور اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ ان رشتہ داروں کو اس حصہ میں سے پیش کش کرتے تھے کہ نکاح کرنے والے کی مدد کر دیتے ہیں یا تاوان ادا کرنے والے کی طرف سے ادائیگی کر دیتے ہیں یا غریب شخص کو دے دیتے ہیں لیکن انہوں نے مزید ادائیگی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

4824- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن هرمز، فمن رجال مسلم. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعثمان بن عمر: هو ابن فارس العبدي، وهو في "مسند أبي يعلى" (2739). وأخرجه أحمد 1/320، والنسائي 7/128-129 في قسم الفيء، من طريق عثمان بن عمر، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد (2982) في الخراج والإمارة: باب في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى، والبيهقي 6/344 من طريقين عن يونس بن يزيد، بِهِ. وأخرجه النسائي 7/128، وأبو يعلى (2550)، والطحاوي 3/235، والبيهقي 3/253، من طريقين عن الزهري، بِهِ. وأخرجه الشافعي 2/122-123، وأحمد 1/308، ومسلم (1812) (137) و (138) في الجهاد: باب النساء الغازيات يرضخ لهن ولا يسهم، والنسائي 7/129، وأبو يعلى (2550)، والبيهقي 6/345، والبغوي (2723) من طريق أبي جعفر محمد بن علي، وأحمد 1/248 و 294، والطحاوي 3/235، والبيهقي 6/332 من طريق قيس بن سعد، كلاهما عن يزيد، بِهِ. وأخرجه أحمد 1/224، وأبو يعلى (2630) من طريق عطاء بن أبي رباح، عن أبي عباس.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا غَنِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ اَمْوَالِ اَهْلِ الْحَرْبِ يُخَمَّسُ خَلَا مَا يُؤْكَلُ مِنْهَا لِقُوتِهِمْ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ اہل حرب کے اموال میں سے مسلمانوں کو جو غنیمت حاصل ہوتی ہے

اس میں سے خمس نکالا جائے گا تاہم مسلمان وہاں جو کچھ کھاتے ہیں اس میں سے خمس نہیں لیا جائے گا

**4825** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَّهَ جَيْشًا فَغَنِمُوْا طَعَامًا وَعَسَلًا، فَلَمْ يُخَمِّسْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی انہیں مال غنیمت میں اناج اور شہد ملا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے خمس وصول نہیں کیا۔

## ذِكْرُ مَا اَبَاحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اَخْذَ الْخُمُسِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَنَائِمِ الْمُشْرِكِينَ

### اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لیے مشرکین کے مالِ غنیمت میں سے خمس کو لینے کو مباح قرار دیا ہے

**4826** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ مِنْهَا، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَاِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ، ثُمَّ

---

4825– حديث صحيح، ابن أبى السرى –وهو محمد بن المتوكل بن عبد الرحمٰن– قد توبع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين . عبد الله بن عمر: هو ابن حفص بن عاصم . وأخرجه أبو داؤد (2701) فى الجهاد: باب فى إباحة الطعام فى أرض العدو، والطبرانى فى " الكبير " 12/ (13372)، والبيهقى 9/59 من طريق إبراهيم بن حمزة الزبيرى، عن أنس بن عياض، عن عبيد الله، بهذا الاسناد . وأخرجه البيهقى 9/59–60 من طريق عثمان بن الحكم الجذامى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ مرسلاً .

4826– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو فى " مسند أحمد " 2/317، ومن طريقه أخرجه مسلم (1756) فى الجهاد: باب حكم الفيء، وأبو داؤد (3036) فى الخراج: باب فى إيقاف أرض السواد وأرض العنوة . وأخرجه مسلم (1756) من طريق محمد بن رافع، والبيهقى 6/318، والبغوى (2719) من طريق أحمد بن يوسف السلمى كلاهما عن عبد الرزاق، بِهٖ . وأخرجه البيهقى 9/119 من طريق قراد أبى نوح، عن المُرَجّى بن رجاء، عن أبى سلمة، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ، عَنْ اَبِىْ هريرة .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



هِيَ لَكُمْ

❁❁ ہمام بن منبہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ حدیثیں بیان کی تھیں' پھر انہوں نے کچھ روایات ذکر کیں' جن میں ایک روایت یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو بھی بستی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتی ہے' اس کے (مالِ غنیمت میں سے) خمس اللہ اور اس کے رسول کو ملے گا اور پھر وہ تمہیں ملے گا''۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِعْطَاءُ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ خُمْسِ الْخُمُسِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ خمس کے پانچویں حصے میں سے مؤلفۃ القلوب کو بھی کچھ دے

**4827** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ اَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ، مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى اَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ التَّمِيمِيَّ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ الْفَزَارِيَّ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ، وَاَعْطَى الْعَبَّاسَ بْنَ مِرْدَاسٍ دُونَ ذٰلِكَ، فَاَنْشَاَ يَقُولُ جَعَلْتَ نَهْبِي، وَنَهْبَ الْعَبِيدِ بَيْنَ عُيَيْنَةَ، وَالْاَقْرَعِ

❁❁ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان بن حرب کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے اقرع بن حابس تمیمی کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے عیینہ بن حصن فزاری کو ایک سو اونٹ دیئے۔ آپ نے عباس بن مرداس کو اس سے کم اونٹ دیئے تو اس نے یہ شعر کہا:

''آپ نے میرا اور غلام کا حصہ عیینہ اور اقرع کے درمیان رکھا ہے''۔

---

4827– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبدة وعمر بن سعيد بن مسروق، فمن رجال مسلم، سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه مسلم (1060) (138) في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام، والبيهقي في " السنن " 7/17، عن أحمد بن عبدة الضبي، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي (412)، ومسلم (1060) (137) و (138)، والبيهقي في " السنن " 7/17، وفي " الدلائل " 5/178 من طرق عن سفيان بن عيينه، به . وليس فيها كلها ذكر لأبي سفيان بن الحارث، بل زاد بعضهم فيه: صفوان بن أمية، وعلقمة بن عُلاثة، ومالك بن عوف .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يُعْطِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَلَّفَةَ قُلُوبُهُمْ مَا وَصَفْنَا

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مؤلفۃ القلوب کو وہ عطیات دیتے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4828 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقَدْ اَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَاِنَّهُ لَمِنْ اَبْغَضِ النَّاسِ اِلَيَّ فَمَا زَالَ يُعْطِينِي حَتّٰى اِنَّهُ لَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَيَّ

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے (مال) عطا کیا۔ پہلے آپ میرے نزدیک ناپسندیدہ ترین شخصیت تھے۔ آپ مجھے مسلسل (عطیات) دیتے رہے' یہاں تک کہ آپ میرے نزدیک مخلوق میں سب سے زیادہ پسندیدہ ہو گئے۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءُ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ خُمْسِ خُمْسِهِ وَاِنْ اُسْمِعَ فِي ذٰلِكَ مَا يَكْرَهُ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ مؤلفۃ القلوب کو اپنے خمس میں سے پانچویں حصے میں سے ادائیگی کرے' اگرچہ اسے اس بارے میں ایسی بات سننی پڑے' جو ناپسندیدہ ہو

4829 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ،

---

4828– حديث صحيح، مسروق بن المرزبان روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات "، وقال صالح بن محمد: صدوق، وقال أبو حاتم: ليس بالقوي يكتب حديثه، قلت: وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 3/401 و 6/465، والترمذي (666) في الزكاة: باب ما جاء في إعطاء المؤلفة قلوبهم، من طريقين عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .وقد سقط من إسناد أحمد في المطبوع من " المسند " 3/401: " عن ابن المبارك، عن يونس، عن الزهري " واستدرك من 6/465 .وأخرجه مسلم (2313) في الفضائل: باب ما سئل رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئاً قطُّ فقال: لا، والبيهقي 7/19 .

4829– إسناده صحيح على شرط الشيخين .جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وأبو وائل هو شقيق بن سلمة .وأخرجه مسلم (1062) (140) في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (3150) في فرض الخمس: باب ما كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس، و (4336) في المغازي: باب غزوة الطائف، ومسلم (1062) (140) من طريق جرير، به .وأخرجه أحمد 1/411 و 441، والبخاري (3405) في الأنبياء: باب حديث الخضر مع موسى عليهما السلام، و (4335)، و (6059) في الأدب: باب من أخبر صاحبه بما يقال فيه، و (6100) : باب الصبر في الأذى، و (6291) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِى وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ آثَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا فِي الْقِسْمَةِ، فَاَعْطَى الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ، وَاَعْطَى عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ مِثْلَ ذٰلِكَ، وآثَرَ نَاسًا مِنْ اَشْرَافِ الْعَرَبِ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ، مَا عُدِلَ فِيهَا، وَمَا اُرِيْدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: فَمَنْ يَعْدِلُ، اِذَا لَمْ يَعْدِلِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ، قَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰى، قَدْ اُوْذِىَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ، فَقُلْتُ: لَا جَرَمَ لَا اَرْفَعُ اِلَيْهِ بَعْدَهَا حَدِيثًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مالِ غنیمت) تقسیم کرتے ہوئے کچھ لوگوں کو ترجیح دی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اقرع بن حابس کو ایک سو اونٹ دیئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیینہ بن حصن کو بھی اتنے ہی (اونٹ) دیئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ عرب سرداروں کو ترجیحی طور پر (زیادہ) ادائیگی کی' تو ایک شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اس تقسیم میں انصاف سے کام نہیں لیا گیا اور اس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا خیال نہیں رکھا گیا۔ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ضرور بتاؤں گا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک متغیر (یعنی غصہ کی وجہ سے سرخ) ہو گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہی انصاف سے کام نہیں لیں گے تو پھر کون انصاف سے کام لے گا؟

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ' حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے' انہیں اس سے زیادہ ایذاء پہنچائی گئی' لیکن انہوں نے صبر سے کام لیا۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے طے کیا: اب میں کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک (اس نوعیت کی) کوئی بات نہیں پہنچاؤں گا۔

## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ مِنْ فَكِّ رَقَبَةِ مَنْ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةِ الْمُسْلِمِينَ مِنْ خُمُسِ خُمُسِهِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات لازم ہے' وہ اپنے خمس کے پانچویں حصے میں سے اس شخص کی طرف سے ادائیگی کرے جس نے مسلمانوں کی کوئی ادائیگی اپنے ذمے لازم کی ہو

4830 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ رِئَابٍ، عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِي،

4830– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر الحديث رقم (3395) و (3396) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَـاَعِنِّيْ فِيْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ نَحْمِلُهُ عَنْكَ، قَالَ هِيَ لَكَ، فِيْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، اِذَا جَاءَ تْ، ثُمَّ قَالَ: يَا قَبِيصَةُ بْنَ مُخَارِقٍ، اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ، اِلَّا لِاِحْدٰى ثَلَاثٍ رَجُلٍ، تَحَمَّلَ حَمَالَةً عَنْ قَوْمِهِ اِرَادَةَ الْاِصْلَاحِ، فَسَاَلَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اُمْنِيَّتَهُ اَمْسَكَ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ، فَشَهِدَ لَهُ ثَلَاثَةٌ، مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ، حَتّٰى اِذَا اَصَابَ قِوَامًا، اَوْ سِدَادًا اَمْسَكَ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ، فَسَاَلَ حَتّٰى اِذَا اَصَابَ قِوَامًا، اَوْ سِدَادًا اَمْسَكَ، وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ يَا قَبِيصَةُ، مِنَ الْمَسْاَلَةِ سُحْتٌ، قَالَهَا ثَلَاثًا

✿✿ حضرت قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی قوم (کے ذمہ لازم) ایک ادائیگی اپنے ذمہ لے لی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنی قوم کی طرف سے ایک ادائیگی اپنے ذمہ لے لی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں میری مدد کیجئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری یہ ادائیگی ہم اپنے ذمہ لیتے ہیں' جب صدقہ کے اونٹ آئیں گے تو تمہیں یہ (رقم یا ادائیگی کی چیز) مل جائے گی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قبیصہ بن مخارق! مانگنا کسی کے لیے بھی جائز نہیں ہے صرف تین قسم کے لوگوں میں کسی ایک کے لیے مانگنا جائز ہے۔ ایک وہ شخص جو بھلائی کے ارادے کے ساتھ اپنی قوم کی طرف سے کوئی ادائیگی اپنے ذمہ لے' وہ مانگ سکتا ہے' یہاں تک کہ جب اس کی ضرورت پوری ہو جائے' تو وہ (مانگنے سے) رک جائے۔ ایک وہ شخص جسے فاقہ لاحق ہو اور اس کی قوم کے تین تجربہ کار افراد اس کے حق میں گواہی دیں' (تو وہ شخص مانگ سکتا ہے) یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات کا سامان دستیاب ہو جائے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو وہ (مانگنے سے) رک جائے۔ ایک وہ شخص جس (کی زرعی پیداوار) کو کوئی آفت لاحق ہو جائے' تو وہ مانگ سکتا ہے' یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات کا سامان دستیاب ہو جائے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو وہ مانگنے سے رک جائے۔

اے قبیصہ! اس کے علاوہ جو بھی مانگنا ہو' وہ حرام ہو گا۔

یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّسْهِمَ الْمَمَالِيكَ مِنْ خُمْسِ خُمُسِهِ اِذَا شَهِدُوْا الْحَرْبَ وَالْقِتَالَ

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے خمس کے پانچویں حصے میں سے غلاموں کو بھی حصہ دیں جب وہ جنگ اور لڑائی میں شریک ہوئے ہوں

**4831** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى اَبِي اللَّحْمِ قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ حُنَيْنًا وَاَنَا عَبْدٌ مَمْلُوكٌ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَهْمِي، فَاَعْطَانِيْ سَيْفًا، وَقَالَ: تَقَلَّدْهُ، وَاَعْطَانِيْ مِنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں غزوۂ حنین میں شریک ہوا' میں ایک غلام تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (مالِ غنیمت میں سے) میرا حصہ؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک تلوار عطا کی اور فرمایا: اسے تم گلے میں لٹکا لو۔ اس کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عام سا کچھ ساز و سامان بھی عطا کیا۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ مِنْ خُمُسِهِ اَصْحَابَ السَّرَايَا فَضْلًا عَلٰى حِصَصِهِمْ مِنَ الْغَنِيمَةِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے خمس میں سے جنگ میں حصہ لینے والوں کو مزید عطیہ دے جو مالِ غنیمت میں ان کے حصے کے علاوہ ہو

**4832** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا بُرْدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ بَعْثًا وَكُنْتُ فِيهِمْ، فَغَنِمْنَا، فَاَصَابَنِي مِنَ الْقَسَمِ ثِنْتَا عَشْرَةَ نَاقَةً، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَنَا بَعْدَ ذٰلِكَ نَاقَةً، نَاقَةً

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی۔ میں بھی اس میں شریک تھا۔ ہمیں مالِ غنیمت حاصل ہوا تو تقسیم کرتے ہوئے میرے حصہ میں بارہ اونٹنیاں آئیں' پھر اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مزید ایک' ایک اونٹنی عطا کی۔

---

4831- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، ومحمد بن زيد: هو ابن مهاجر بن قنفذ .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/406، والدارمي 2/226، وابن الجارود (1087) من طرق عن حفص بن غياث، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي (1215)، وعبد الرزاق (9454)، وابن أبي شيبة 12/406، وابن سعد 2/114، وأحمد 5/223، وأبو داوُد (2730) في الجهاد: باب في المرأة والعبد يحذيان من الغنيمة، والترمذي (1557) في السير: باب هل يُسهم للعبد، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 8/208، وابن ماجه (3855) في الجهاد: باب العبيد والنساء يشهدون مع المسلمين، والطبراني /17 (131) و (132) و (133)، والحاكم 2/131، والبيهقي 9/31 .

4832- إسناده قوي، برد بن سنان روى له البخاري في " الأدب المفرد " وأصحاب السنن، ووثقه ابن معين، وقال أبو زرعة وأبو حاتم: صدوق، وقال النسائي: لا بأس به، وقال علي بن المديني: ضعيف، وقد توبع، وباقي رجاله على شرط الشيخين .وأخرجه الطبراني /12 (13426) من طريق إسماعيل بن عياش، عن برد بن سنان، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن نافع: عبد الرزاق (9335) و (9336)، وأحمد 2/10 و55 و 62 و 80، والبخاري (4338) في المغازي: باب السرية التي قبل نجد، ومسلم (1749) (37) في الجهاد والسير: باب الأنفال، وأبو داوُد (2741) و (2742) و (2743) و (2745) في الجهاد: باب في نفل السرية تخرج من العسكر، وابن الجارود (1074)، والطبراني /12 (13426)، والبيهقي 6/312 و 312-313، وسعيد بن منصور (2704) .وأخرجه البيهقي 6/313 من طريق عبد الله بن رجاء، عن يونس، عن الزهري، عن سالم، عن أبيه، بلفظ: " بعثنا رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في سرية فبلغت سهماننا كذا وكذا ونفلنا رسول الله . . . ." وانظر الحديثين الآتيين .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ السَّرِيَّةَ إِذَا خَرَجَتْ شَيْئًا مَعْلُومًا مِنْ خُمُسِ الْخُمُسِ سِوَى سُهْمَانِهِمُ الَّتِي قُسِمَتْ عَلَيْهِمْ مِمَّا غَنِمُوْا

## امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ کسی مہم کو اضافی عطیات دے

جب خمس کے پانچویں حصے میں سے کوئی متعین چیز نکلی ہو' اور یہ عطیات ان لوگوں کے تقسیم کے دوران ملنے والے حصے کے علاوہ ہوں

4833 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ سَرِيَّةً فِيْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قِبَلَ نَجْدٍ، فَغَنِمُوْا اِبِلًا كَثِيْرًا، فَكَانَتْ سُهْمَانُهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيْرًا، وَنُفِّلُوْا بَعِيْرًا، بَعِيْرًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک مہم روانہ کی' جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی شریک ہوئے۔ ان لوگوں کو مالِ غنیمت میں بہت سے اونٹ ملے' تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ میں بارہ اونٹ آئے' اور (ان میں سے ہر ایک کو) مزید ایک' ایک اونٹ کی ادائیگی بھی کی گئی۔

## ذِكْرُ تَرْكِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْفِعْلَ الَّذِي وَصَفْنَاهُ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس فعل کو ترک کرنے کا تذکرہ' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4834 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ فِيْهِمُ ابْنُ عُمَرَ، وَاَنَّ سُهْمَانَهُمْ بَلَغَتِ اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيْرًا، ثُمَّ نُفِّلُوْا سِوٰى ذٰلِكَ بَعِيْرًا، بَعِيْرًا، فَلَمْ يُغَيِّرْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک مہم روانہ کی' جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی شریک ہوئے' تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ میں بارہ اونٹ آئے' اور پھر ان (میں سے ہر ایک) کو ان کے علاوہ بھی

---

4833– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في " الموطأ " 2/450 في الجهاد: باب جامع النفل في الغزو، ولفظه: " . . . فكان سهمانهم اثني عشر بعيراً أو أحدَ عشر بعيراً، ونُفِّلوا بعيراً " ومن طريقه أخرجه أحمد 2/62 و 112 والدارمي 2/228، والبخاري (3134) في فرض الخمس: باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين ما سأل هوازن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم (1749) (35)، وأبو داوُد (2744)، والبيهقي 6/312، والبغوي (2726) . وانظر الحديث السابق والآتي .

4834– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي .وأخرجه مسلم ( 1749) (36)، وأبو داوُد (2744)، والبيهقي 6/312 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وانظر الحديثين السابقين .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک ایک اونٹ دیا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّنَفِّلَ السَّرِيَّةَ اِذَا خَرَجَتْ عِنْدَ الْبَعْثِ الشَّدِيْدِ فِي الْبُدَاةِ وَالرَّجْعَةِ شَيْئًا مَعْلُومًا مِنْ خُمُسِ خُمُسِهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ کسی جنگی مہم (کے افراد) کو خمس کے پانچویں حصے میں سے کوئی متعین چیز انعام کے طور پر دے جب وہ مہم شدید لڑائی میں شریک ہوئی ہو اور یہ ادائیگی آغاز میں کرے یا واپسی پر کرے

**4835** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَيْرٍ النَّحَّاسُ عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ مُوسٰى، يَذْكُرَانِ النَّفَلَ فَقَالَ عَمْرٌو: لَا نَفَلَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى: شَغَلَكَ اَكْلُ الزَّبِيبِ بِالطَّائِفِ، حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ اللَّخْمِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَفَّلَ فِي الْبُدَاةِ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ، وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

✿✿ رجاء بن ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے عمرو بن شعیب اور سلیمان بن موسیٰ کو (مالِ غنیمت میں سے) نفلی ادائیگی کے بارے بات چیت کرتے ہوئے سنا۔ عمرو نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد (مالِ غنیمت میں سے) کوئی نفلی ادائیگی نہیں کی جاسکتی۔

اس پر سلیمان بن موسیٰ نے کہا: آپ طائف میں کشمش کھانے میں ہی مصروف رہے (اور علم حاصل نہ کر سکے)

مکحول نے زیاد بن جاریہ لخمی کے حوالے سے حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے۔

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آغاز میں خمس کے بعد چوتھائی حصہ نفلی طور پر عطا کیا تھا' اور واپسی پر خمس کے بعد تہائی حصہ عطا کیا تھا''۔

---

4835- إسناده حسن . ضمرة: هو ابن ربيعة الفلسطيني، وسليمان بن موسى: هو الأشدق، ومكحول: هو الشامي .وأخرجه الطبراني (3529) من طريق محمد بن أبي السرى، عن ضمرة بهذا الإسناد . وأخرجه ابن ماجه (2853) في الجهاد: باب النفل، من طريق أبي الحسين زيد بن الحباب، عن رجاء، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/160، والطحاوى في " شرح معاني الآثار " 3/239، والطبراني (3528) و (3530)، والبيهقي 6/313 من طرق عن سليمان بن موسى، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9331) و (9333)، وأحمد 4/159 و 159- 160 و 160 وأبو داؤد (2748) و (2749) و (2750) في الجهاد: باب فيمن قال الخمس قبل النفل، وابن ماجه (2851)، وسعيد بن منصور (2701) و (2702)، وابن الجارود (1078) و (1079)، والطحاوى 3/240، والطبراني (3518) و (3519) و (3520) و (3521) و (3522) و (3523) و (3524) و (3525) و (3526) و (3527) و (3531)، والبيهقي 6/313 و 314، والحاكم 2/133 من طرق عن مكحول، بِهِ .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه الطبراني (3532) من طريق عطية بن قيس، عن زياد بن جارية، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّقُوْلَ عِنْدَ الْتِحَامِ الْحَرْبِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ يَكُوْنُ لِقَاتِلِهٖ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ جنگ شروع ہونے کے وقت یہ کہہ دے: مقتول کا مال اس کے قاتل کو ملے گا

**4836** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: مَنْ قَتَلَ كَافِرًا، فَلَهٗ سَلَبُهٗ، فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا، وَاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ضَرَبْتُ رَجُلًا عَلٰى حَبْلِ الْعَاتِقِ وَعَلَيْهِ دِرْعٌ، فَاُجْهِضْتُ عَنْهُ، فَقَالَ رَجُلٌ: اَنَا اَخَذْتُهَا، فَاَرْضِهٖ مِنْهَا وَاَعْطِنِيْهَا، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يُسْاَلُ شَيْئًا، اِلَّا اَعْطَاهُ، اَوْ سَكَتَ، فَسَكَتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: وَاللّٰهِ لَا يُفِيئُهَا اللّٰهُ عَلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِهٖ، وَيُعْطِيكَهَا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: صَدَقَ عُمَرُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو' تو اس (کافر) کا ساز و سامان اسے مل جائے گا''۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن بیس آدمیوں کو قتل کیا تھا' انہوں نے ان سب کا ساز و سامان حاصل کر لیا' تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک کافر کے کندھے پر وار کیا' اس نے زرہ پہنی ہوئی تھی' تو ایک صاحب بولے: میں نے (اس مقتول کا) ساز و سامان لے لیا ہے' آپ انہیں اس سامان کی طرف سے راضی کر دیں' اور وہ سامان مجھے عطا کر دیں' (حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی کوئی چیز مانگی جاتی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یا تو وہ چیز عطا کر دیتے تھے' یا خاموش رہتے تھے۔ اس وقت بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایک شیر کو مال فے میں سے کچھ عطا کرے' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ تمہیں عطا کر دیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر نے ٹھیک کہا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِلْقَاتِلِ اِذَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مقتول کا مال قاتل کو اس وقت ملے گا جب اس کے لیے ثبوت موجود ہو

**4837** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ

4836- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . عبد الله: هو ابن المبارك . وانظر الحديث رقم (4838) و (4841) وقوله: " فأجهضت عنه " أي: أعجلت عنه .

4837- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم (4805) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ، مَوْلَى اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ السُّلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، قَالَ: فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ فَاسْتَدَبَرْتُ لَهُ، حَتّٰى اَتَيْتُ مِنْ وَرَائِهٖ، فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ ضَرْبَةً فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ، فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَجَدْتُ فِيْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِيْ، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقُلْتُ: مَا بَالُ النَّاسِ؟، فَقَالَ: اَمْرُ اللّٰهِ، قَالَ: ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ قَدْ رَجَعُوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ؟، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ، عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقُمْتُ، ثُمَّ قُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ، ثُمَّ جَلَسْتُ، ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ، قَالَ: فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيْلِ عِنْدِيْ، فَاَرْضِهٖ مِنِّيْ، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: لَاهَا اللّٰهِ، اِذًا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسُدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ، وَعَنْ رَسُوْلِهٖ، فَيُعْطِيْكَ سَلَبَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ فَاَعْطِهٖ اِيَّاهُ، فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: فَاَعْطَانِيْهِ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ، فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ، فَاِنَّهُ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ

❀❀ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حنین کے سال ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہمارا (اور دشمن کا) سامنا ہوا (تو جنگ کے دوران) مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی' میں نے ایک مشرک کو دیکھا کہ وہ ایک مسلمان پر غالب آچکا تھا' میں گھوم کر اس (مشرک کے) پیچھے آگیا' میں نے اس کے کندھے پر ضرب لگا کر اس کی زرہ کاٹ دی' وہ میری طرف بڑھا اور اس نے مجھے اتنے زور سے بھینچا' کہ مجھے موت کی خوشبو محسوس ہوئی' لیکن پھر وہ مر گیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا' میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے ان سے کہا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ کا حکم ہے۔

جب لوگ (اس جنگ سے) واپس آگئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا ہو' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو مقتول کا ساز وسامان اس شخص کو ملے گا' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں کھڑا ہوا پھر میں نے سوچا' میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ تو میں بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی (کافر) کو قتل کیا' اور اس کا ثبوت بھی موجود ہو' تو اس مقتول کا ساز وسامان اسے ملے گا' میں کھڑا ہوا' پھر مجھے خیال آیا' میرے حق میں کون گواہی دے گا؟ میں پھر بیٹھ گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہی بات ارشاد فرمائی تو میں کھڑا ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوقتادہ! کیا معاملہ ہے؟ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ سنایا' تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں' اس مقتول کا ساز وسامان میرے پاس ہے' آپ انہیں میری طرف سے راضی کر دیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کا ایک شیر' اللہ تعالیٰ اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے رسول کی طرف سے جنگ میں حصہ لے اور (نبی اکرم ﷺ) اس کا سامان تمہیں دے دیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم وہ اسے دے دو' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس نے وہ مجھے دے دیا' میں نے زرہ کو فروخت کر کے بنوسلمہ کے محلے میں کھجوروں کا باغ لے لیا' اسلام قبول کرنے کے بعد یہ وہ پہلی زمین تھی جو میں نے خریدی تھی۔

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهٖ لَمْ يَاْخُذْ اَبُوْ قَتَادَةَ فِي الْاِبْتِدَاءِ سَلَبَ قَتِيلِهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے آغاز میں اپنے مقتول کا مال حاصل نہیں کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**4838** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ هَوَازِنَ، جَاءَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ بِالشَّاءِ، وَالْاِبِلِ، وَالْغَنَمِ، فَجَعَلُوهَا صَفَّيْنِ لِيُكْثِرُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَالْتَقَى الْمُسْلِمُونَ، وَالْمُشْرِكُوْنَ فَوَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ مُدْبِرِيْنَ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، فَهَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِينَ وَلَمْ نَضْرِبْ بِسَيْفٍ وَلَمْ نَطْعَنْ بِرُمْحٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ: مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِينَ رَجُلًا، وَاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ ضَرَبْتُ رَجُلًا عَلٰى حَبْلِ الْعَاتِقِ، وَعَلَيْهِ دِرْعٌ، فَاُعْجِلْتُ عَنْهُ اَنْ اٰخُذَهَا، فَانْظُرْ مَعَ مَنْ هِيَ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَخَذْتُهَا، فَاَرْضِهِ مِنِّيْ وَاَعْطِنِيهَا، فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يُسْاَلُ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ، اَوْ سَكَتَ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا يُفِيئُهَا اللّٰهُ عَلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِهٖ، وَيُعْطِيكَهَا، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: صَدَقَ عُمَرُ، وَلَقِيَ اَبُوْ طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، وَمَعَهَا خِنْجَرٌ، فَقَالَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ مَا هٰذَا مَعَكِ؟، قَالَتْ: اَرَدْتُ اِنْ دَنَا مِنِّيْ بَعْضُ الْمُشْرِكِينَ، اَنْ اَبْعَجَ بِهٖ بَطْنَهُ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا تَسْمَعُ مَا تَقُوْلُ اُمُّ سُلَيْمٍ؟، قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقْتُلُ بِهَا الطُّلَقَاءَ انْهَزَمُوْا بِكَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفٰى وَاَحْسَنَ

---

4838– إسناده صحيح، عبد الواحد بن غياث روى له أبو داؤد وهو صدوق، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الصحيح .وأخرجه الطيالسي (2079)، وأحمد 3/114 و 190 و 279 وابن أبي شيبة 14/524 و530، ومسلم (1809) في الجهاد: باب غزوة النساء مع الرجال، وأبو داؤد (2718) في الجهاد: باب في السلب يعطى القاتل، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 3/227، والحاكم 3/353، والبيهقي 6/306 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد مطولاً ومختصراً، وصحّحه الحاكم على شرط مُسلمٍ، ووافقه الذهبي .وقد تقدم القسم الثاني من حديث أبي قتادة برقم (4805) . وانظر الحديث (4836) و (4841) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر ہوازن قبیلے کے لوگ بکریاں اور اونٹ لے آئے انہوں نے اپنی دو صفیں بنالیں تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ شدت سے حملہ کریں۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب مسلمانوں اور مشرکین کا سامنا ہوا تو (کچھ) مسلمان پیٹھ پھیر کر واپس پلٹ گئے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو پسپا کر دیا حالانکہ (ایسا) ہمارے تلوار کے ذریعے (انہیں) مارنے یا نیزے کے ذریعے زخمی کرنے کی وجہ سے نہیں ہوا تھا۔ اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو تو اس (کافر) کا ساز و سامان اسے ملے گا“۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن بیس آدمیوں کو قتل کیا تھا ان کا ساز و سامان انہوں نے حاصل کر لیا۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک کافر کی گردن پر وار کیا اس نے زرہ پہنی ہوئی تھی۔ (پھر وہ مارا گیا) میں اس کی زرہ حاصل نہیں کر سکا اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیں کہ وہ کس کے پاس ہے؟ تو ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ میں نے حاصل کر لی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میری طرف سے راضی کر دیں اور وہ (زرہ) مجھے عطا کر دیں۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت شریفہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی چیز مانگی جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یا تو وہ چیز عطا کر دیتے تھے یا پھر خاموش رہتے تھے (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ”نہ“ نہیں کرتے تھے)

اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: ایسا نہیں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک شیر کو وہ (زرہ) مال فے کے طور پر عطا کی ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ تمہیں دے دیں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عمر نے ٹھیک کہا ہے۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس موقع پر) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی ملاقات سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا سے ہوئی ان کے پاس خنجر تھا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے ام سلیم! یہ تمہارے پاس کیوں ہے؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے یہ ارادہ کیا کہ اگر کوئی مشرک میرے قریب آیا تو میں اسے اس کے پیٹ میں گھونپ دوں گی تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سنا ام سلیم کیا کہہ رہی ہے؟ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس کے ذریعے ان طلقاء کو قتل کر دوں گی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر پسپا ہو گئے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام سلیم! بے شک اللہ تعالیٰ نے کفایت کر دی ہے اور (جنگ کا نتیجہ) عمدہ رکھا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ قَاتِلِ عَيْنِ الْمُشْرِكِينَ لَهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ قَتَلَهُ اِيَّاهُ فِي الْمَعْرَكَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، مشرکین کے جاسوس کو قتل کرنے والے شخص کو (اس جاسوس کا) سامان ملے گا اگرچہ اس نے اس جاسوس کو جنگ کے دوران قتل نہ کیا ہو

**4839** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي عُمَيْسٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ رَجُلٌ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْبِرَ اَنَّهُ عَيْنٌ لِلْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَهُ، فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ فَاَدْرَكْتُهُ، فَقَتَلْتُهُ فَنَفَّلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهُ

❁❁ ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر گیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا: وہ مشرکوں کا جاسوس ہے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اسے قتل کر دے گا، تو اس (جاسوس) کا ساز و سامان (یعنی اس کے ہتھیار وغیرہ) اسے مل جائیں گے، (حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے اس تک پہنچ کر اسے قتل کر دیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ساز و سامان مجھے عطا کر دیا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْمُسْلِمَيْنِ اِذَا اشْتَرَكَا فِي قَتْلِ قَتِيلٍ كَانَ الْخِيَارُ اِلَى الْاِمَامِ فِي اِعْطَاءِ اَحَدِهِمَا سَلَبَهُ دُونَ الْاٰخَرِ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ جب دو مسلمان ایک شخص کو قتل کرنے میں حصہ لیں، تو پھر امام کو اختیار ہوگا کہ اس مقتول کا سامان ان دونوں میں سے کسی ایک کو دیدے

**4840** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ،

---

4839– إسناده قوى . عبد الرحمٰن بن محمد بن سلام، ومحمد بن ربيعة الكلابى: حديثها عند أصحاب السنن، وهما صدوقان، وقد توبعا . ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين . أبو عُميس: هو عتبة بن عبد الله المسعودى . وأخرجه أحمد 4/50–51، والبخارى (3051) فى الجهاد: باب الحربى إذا دخل دار الإسلام بغير أمان، وأبو داؤد (2653) فى الجهاد: باب فى الجاسوس المستأمن، والنسائى فى " الكبرى " كما فى " التحفة " 4/37، والطحاوى فى " شرح معانى الآثار " 3/227، والطبرانى 7/(6272)، والبيهقى 6/307 و 9/147 من طريقى أبى نعيم وجعفر بن عون، كلاهما عن أبى العميس، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/45، وابن ماجه (2836) فى الجهاد: باب المبارزة والسلب، من طريق وكيع، عن أبى العميس (وزاد ابن ماجه: وعكرمة)، عن إياس، عن أبيه بلفظ: بارزت رجلاً فقتلته، فنفّلنى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَه . وأخرجه الطبرانى (627) من طريق عتبة بن عبد الله، عن إياس، به . وانظر الحديث رقم (4843) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْمَاجِشُونِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَنَا وَاقِفٌ بَيْنَ الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ نَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي فَاِذَا اَنَا بَيْنَ غُلَامَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَبَيْنَا اَنَا كَذٰلِكَ، اِذْ غَمَزَنِي اَحَدُهُمَا، فَقَالَ اَيْ عَمِّ، هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَمَا حَاجَتُكَ اِلَيْهِ، يَا ابْنَ اَخِي، فَقَالَ: اُخْبِرْتُ اَنَّهُ، يَسُبُّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ رَاَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ، حَتّٰى يَمُوتَ الْاَعْجَلُ، مِنَّا، قَالَ: فَاَعْجَبَنِي قَوْلُهُ، قَالَ: فَغَمَزَنِي الْاٰخَرُ، وَقَالَ مِثْلَهَا، فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ رَاَيْتُ اَبَا جَهْلٍ يَجُولُ بَيْنَ النَّاسِ، فَقُلْتُ لَهُمَا: هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي تَسَاَلَانِي عَنْهُ، فَابْتَدَرَاهُ، فَضَرَبَاهُ بِسَيْفِهِمَا فَقَتَلَاهُ، ثُمَّ اَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَاهُ بِمَا صَنَعَا، فَقَالَ: اَيُّكُمَا قَتَلَهُ؟، فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا: اَنَا قَتَلْتُهُ، فَقَالَ: هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَكُمَا؟، قُلْنَا: لَا، قَالَ فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ، ثُمَّ قَضَى بِسَلَبِهِ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، قَالَ، وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ اَوْهَمَ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَئِمَّتِنَا، اَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ، اِذَا اشْتَرَكَ النَّفْسَانِ فِي قَتْلِهِ، يَكُونُ خِيَارُهُ اِلَى الْاِمَامِ، بِاَنْ يُعْطِيَهُ اَحَدَ الْقَاتِلَيْنِ، مَنْ شَاءَ مِنْهُمَا، وَكُنَّا نَقُولُ بِهِ مُدَّةً، ثُمَّ تَدَبَّرْنَا، فَاِذَا هٰذِهِ الْقِصَّةُ كَانَتْ يَوْمَ بَدْرٍ، وَحِينَئِذٍ لَمْ يَكُنْ حُكْمُ سَلَبِ الْقَتِيلِ لِقَاتِلِهِ، وَلَمَّا كَانَ ذٰلِكَ، كَذٰلِكَ كَانَ الْخِيَارُ اِلَى الْاِمَامِ، اَنْ يُعْطِيَ ذٰلِكَ اَيَّمَا شَاءَ مِنَ الْقَاتِلَيْنِ، كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي سَلَبِ اَبِي جَهْلٍ حَيْثُ اَعْطَاهُ مُعَاذَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، وَكَانَ هُوَ، وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ قَاتِلَيْهِ، وَاَمَّا قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَيَوْمُ حُنَيْنٍ بَعْدَ بَدْرٍ، بِسَبْعِ سِنِينَ، فَذٰلِكَ مَا وَصَفْتُ عَلٰى اَنَّ الْقَاتِلَيْنِ، اِذَا اشْتَرَكَا فِي قَتِيلٍ كَانَ السَّلَبُ لَهُمَا مَعًا

❀❀ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ بدر کے موقع پر میں صف میں کھڑا ہوا تھا' جب میں نے اپنے دائیں اور بائیں طرف دیکھا تو میں دو انصاری لڑکوں کے درمیان تھا' ابھی میں اسی حالت میں تھا کہ ان دونوں میں سے ایک نے مجھے ٹھوکا دیا اور بولا: اے چچا! کیا آپ ابوجہل بن ہشام کو پہچانتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اے میرے بھتیجے تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اس نے کہا: مجھے یہ بتایا گیا ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہتا ہے' اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں

4840- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى بن يحيى: هو التميمي، ويوسف بن الماجشون: هو يوسف بن يعقوب بن أبي سلمة الماجشون .وأخرجه مسلم (1752) في الجهاد: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، والبيهقي 6/306 من طريق يحيى بن يحيى التميمي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/192-193، والبخاري (3141) في فرض الخمس: باب من لم يخمس الأسلاب، و (3964) في المغازي: باب قتل أبي جهل، والطحاوي 3/227-228، والبيهقي 6/305 و 306 من طرق عن يوسف بن الماجشون، به . وأخرجه البخاري (988) في المغازي: باب رقم (10)، عن يعقوب بن محمد، عن إبراهيم بن سعد بن إبراهيم بن عبد بن عوف، عن أبيه، عن جده، عن عبد الرحمٰن .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


میری جان ہے اگر میں نے اسے دیکھ لیا تو میرا جسم اس کے جسم سے اس وقت تک جدا نہیں ہوگا' جب تک ہم دونوں میں سے وہ شخص مر نہیں جاتا' جسے پہلے موت آنی ہے۔

حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اس کی بات سے متاثر ہوا' تو دوسرے نے مجھے ٹھوکا دیا' اس نے بھی اسی کی مانند بات کہی' اسی دوران میں نے ابوجہل کو لوگوں کے درمیان گھومتے ہوئے دیکھا' تو میں نے ان دونوں سے کہا: یہ رہا وہ شخص جس کے بارے میں تم دونوں مجھ سے دریافت کررہے تھے' وہ دونوں اس کی طرف لپکے' ان دونوں نے اس پر تلوار کا وار کیا' اور اسے قتل کردیا' پھر وہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اس عمل کے بارے میں بتایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم دونوں میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے؟ ان دونوں نے یہی کہا: میں نے اسے قتل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم دونوں نے اپنی تلواروں کو صاف کرلیا ہے؟ ہم نے (یعنی ان دونوں نے) جواب دیا: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کی تلواروں کا جائزہ لیا اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم دونوں ہی نے اسے قتل کیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ابوجہل) کا سازوسامان (یعنی ہتھیار وغیرہ) معاذ بن عمرو بن جموح کو دیئے جانے کا فیصلہ دیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) وہ دولڑکے حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کو نقل کرتے ہوئے ہمارے ائمہ کی ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی کہ جس کافر کو قتل کرنے میں دو آدمی حصہ دار ہوں' اس کافر (کے سازوسامان) کے بارے میں امیر کو اختیار ہوگا' کہ وہ اس سامان کو دونوں قاتلوں میں سے کسی ایک کو دیدے' جسے بھی وہ چاہے' ہم ایک عرصہ تک اس کے مطابق فتویٰ دیتے رہے۔

پھر ہم نے غوروفکر کیا (تو یہ بات سامنے آئی) یہ واقعہ غزوۂ بدر کا ہے' اور اس وقت یہ حکم نہیں تھا کہ مقتول کا سازوسامان قاتل کو ملے گا' تو جب یہ صورتحال تھی' تو (اس وقت) اختیار امیر کے پاس تھا' کہ وہ اس سامان کو دونوں قاتلوں میں سے جسے چاہے دیدے' جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کے سامان کے بارے میں کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سامان حضرت معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ کو دے دیا' حالانکہ وہ اور حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ (دونوں ابوجہل) کے قاتل تھے۔

جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا تعلق ہے ''جو کسی (کافر) کو قتل کرے تو اس (کافر) کا سازوسامان اسے مل جائے گا''۔

یہ فرمان غزوۂ حنین کے موقع کا ہے اور غزوۂ حنین' غزوۂ بدر کے سات سال بعد پیش آیا تھا۔

اس بنیاد پر میں یہ کہتا ہوں' جب دو (مجاہد) کسی (کافر) کو قتل کرنے میں حصہ دار ہوں' تو (اس کافر کا) سازوسامان ان دونوں کو ملے گا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتِ الْمُتَبَحِّرَ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ يُضَادُّ الْخَبَرَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

## ان الفاظ کا تذکرہ جس نے علم حدیث میں مہارت رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**4841** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاِفْرِيقِيِّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: مَنْ تَفَرَّدَ بِدَمٍ فَلَهُ سَلَبُهُ، قَالَ فَجَاءَ اَبُوْ طَلْحَةَ بِسَلَبِ وَاحِدٍ وَعِشْرِيْنَ نَفْسًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ مَنْ تَفَرَّدَ بِدَمٍ، فَلَهُ سَلَبُهُ، وَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، مَعْنَاهُمَا وَاحِدٌ مَنْ قَتَلَ وَحْدَهُ، فَلَهُ سَلَبُ الْمَقْتُوْلِ، اِذَا كَانَ مُنْفَرِدًا بِدَمِهِ، وَاِذَا اشْتَرَكَ جَمَاعَةٌ فِيْ قَتْلِ وَاحِدٍ كَانَ السَّلَبُ بَيْنَهُمْ، لِاَنَّ الْعِلَّةَ، الَّتِيْ هِيَ مَوْجُوْدَةٌ فِيْ قَاتِلٍ وَاحِدٍ، وُجِدَتْ فِي الْقَاتِلِيْنَ، اِذَا اشْتَرَكُوْا فِيْ دَمٍ، وَاسْتَوٰى حُكْمُهُمْ، وَحُكْمُ الْمُنْفَرِدُ فِيْمَا وَصَفْنَا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی کے خون میں منفرد ہو اس کا ساز و سامان اسے ملے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے اس دن اکیس آدمیوں کا ساز و سامان حاصل کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جو شخص کسی کے خون میں منفرد ہو اس کا ساز و سامان اسے ملے گا'' (اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:) جو شخص کسی کو قتل کر دے اس کا ساز و سامان اسے ملے گا ان دونوں کا مطلب ایک ہی ہے' جس اکیلے شخص نے کسی کو قتل کیا ہو' تو مقتول کا ساز و سامان اسے ملے گا' جب وہ اسے قتل کرنے میں منفرد ہو اور اگر کسی شخص کو قتل کرنے میں ایک جماعت حصے دار ہو' تو وہ ساز و سامان ان کے درمیان تقسیم ہوگا اس کی وجہ یہ ہے: ایک قاتل میں جو علت پائی جا رہی ہے وہ کئی قاتلوں میں پائی جا رہی ہے اس وقت جب وہ کسی کے خون میں حصہ دار ہوں' تو ان کا حکم اور منفرد شخص کا حکم ایک ہی ہوگا۔

---

4841- إسناده حسن، مسروق بن المرزبان روى له ابن ماجه، وهو صدوق صاحب أوهام، وأبو أيوب الإفريقي -واسمه عبد الله بن علي الأزرق- روى له أبو داوٗد والترمذي، وهو صدوق يخطيء، وقد توبعا، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة. وأخرجه البيهقي 6/307 من طريق يحيى بن معين وأحمد بن حنبل، كلاهما عن أبي أيوب الإفريقي، بهذا الإسناد. وقد تقدم مطولاً في الحديث رقم (4836) و (4838).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ‘ سامان قاتل کو ملے گا اگرچہ وہ اس کے لیے نہ ہو

4842 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ مَدَدِيًّا فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ رَافَقَهُمْ، وَاَنَّ رُومِيًّا كَانَ يَسْمُو عَلَى الْمُسْلِمِينَ، وَيُغْرِي عَلَيْهِمْ فَتَلَطَّفَ الْمَدَدِيُّ، فَقَعَدَ تَحْتَ صَخْرَةٍ، فَلَمَّا مَرَّ بِهِ عَرْقَبَ فَرَسَهُ، وَخَرَّ الرُّومِيُّ لِقَفَاهُ، وَعَلَاهُ الْمَدَدِيُّ بِالسَّيْفِ، فَقَتَلَهُ، وَاَقْبَلَ بِسَرْجِهِ، وَلِجَامِهِ، وَسَيْفِهِ، وَمِنْطَقَتِهِ، وَسِلَاحِهِ، فَذَهَبَا بِالذَّهَبِ وَالْجَوْهَرِ اِلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَاَخَذَ خَالِدٌ مِنْهُ طَائِفَةً وَنَفَّلَهُ بَقِيَّتَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا خَالِدُ، مَا هٰذَا؟ اَمَا تَعْلَمُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَفَّلَ السَّلَبَ كُلَّهُ لِلْقَاتِلِ؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنِّي اسْتَكْثَرْتُهُ، فَقُلْتُ: اَمَا لَعَمْرِ اللّٰهِ لَاُعَرِّفَنَّهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَخْبَرْتُهُ خَبَرَهُ، فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَدْفَعَ اِلَى الْمَدَدِيِّ بَقِيَّةَ سَلَبِهِ، فَوَلّٰى خَالِدٌ لِيَفْعَلَ، فَقُلْتُ لَهُ: فَكَيْفَ رَاَيْتَ يَا خَالِدُ اَلَمْ اَفِ لَكَ بِمَا وَعَدْتُكَ، فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ، وَقَالَ: يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ وَاَقْبَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُوا لِي اُمَرَائِي؟، لَكُمْ صَفْوَةُ اَمْرِهِمْ، وَعَلَيْهِمْ كَدَرُهُ، قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَالِدُ لَا تُعْطِهِ اَرَادَ بِهِ فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ، ثُمَّ اَمَرَهُ، فَاَعْطَاهُ

❀❀ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مددی شخص نے غزوۂ تبوک کے موقع پر ان کا ساتھ دیا۔ رومیوں نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا‘ تو اس مددی نے یہ حیلہ اختیار کیا کہ وہ ایک چٹان کے نیچے بیٹھ گیا جب رومی شخص اس کے پاس سے گزرا تو اس نے اس کے گھوڑے پر حملہ کیا‘ تو رومی شخص گدی کے بل نیچے گر گیا۔ مددی شخص تلوار لے کر اس پر غالب آیا اور اس نے اسے قتل کر دیا پھر وہ اس کی زین‘ اس کی لگام‘ اس کی تلوار‘ اس کا پٹکا اور اس کے ہتھیار لے کر آیا۔ یہ دونوں صاحبان سونا اور جواہرات لے کر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس گئے‘ تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ چیزیں رکھ لیں اور بقیہ چیزیں اس مددی کو انعام

4842- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم غير عمرو بن عثمان -وهو ابن سعيد القرشي- فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة . والوليد بن مسلم قد صرح بالتحديث عند مسلم وغيره .وأخرجه أحمد 6/27-28، ومسلم ( 1753) (44) في الجهاد والسير: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، وأبو داوُد ( 2719) في الجهاد: باب في الإمام يمنع القاتل السلب إن رأى والفرس والسلاح في السلب، والطحاوي في " شرح معاني الآثار " 3/231، والبيهقي 6/310، والبغوي (2725) من طرق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه سعيد بن منصور 2/304، وأحمد 6/26 من طريقين عن صفوان، به .وأخرجه مسلم ( 1753) (43) من طريق معاوية بن صالح، عن عبد الرحمٰن بن جبير بن نفير، به . وأخرجه أحمد 6/28 ومن طريقه أبو داوُد ( 2720)، والبيهقي 6/310، وأخرجه الطحاوي 3/231 من طريق دحيم، كلاهما عن الوليد بن مسلم، عن ثور، عن خالد بن معدان، عن جبير بن نفير، عن عوف بن مالك .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے طور پر دے دیں۔ میں نے ان سے کہا: اے حضرت خالد رضی اللہ عنہ یہ آپ نے کیا کیا؟ کیا آپ یہ بات نہیں جانتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سارا ساز و سامان قتل کرنے والے کو عطیے کے طور پر دیتے ہیں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ جواب دیتے ہیں جی ہاں! لیکن میں نے اسے زیادہ خیال کیا۔ (اس لیے میں نے اسے نہیں دیا) (حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں نے یہ کہا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور اس بارے میں آگاہ کروں گا۔ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس صورت حال کے بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اس مددی کو باقی رہ جانے والا ساز و سامان بھی دیں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ ایسا کرنے کے لیے مڑ کر جانے لگے تو میں نے ان سے کہا: اے خالد! آپ نے دیکھا کہ میں نے آپ کے ساتھ کیا ہوا وعدہ پورا کر دیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں آ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے خالد: تم اسے نہ دینا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا تم میرے مقرر کردہ امیروں سے درگزر نہیں کر سکتے۔ ان کے معاملے کی اچھائی کا فائدہ تمہیں مل جائے اور ان کی کوتاہی کا وبال ان پر ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اے خالد! تم اسے نہ دو'' کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مراد تھی کہ اس وقت میں نہ دو۔ بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تھا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اسے وہ چیز دے دی تھی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَلَبَ الْقَتِيلِ يَكُوْنُ لِلْقَاتِلِ سَوَاءٌ كَانَ الْمَقْتُولُ مُنَابِذًا اَوْ مُوَلِّيًا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' مقتول کا سامان قاتل کو ملے گا' خواہ مقتول لڑ رہا ہو یا پیٹھ پھیر کر بھاگ رہا ہو

**4843** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ، فَبَيْنَا نَحْنُ قُعُودٌ نَتَضَحَّى اِذَا رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ اَحْمَرَ، فَانْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقْوِ الْبَعِيرِ فَقَيَّدَ بِهِ بَعِيرَهُ، ثُمَّ جَاءَ حَتّٰى قَعَدَ مَعَنَا يَتَغَدّٰى فَنَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ، فَاِذَا ظَهْرُهُمْ فِيهِ رِقَّةٌ، وَاَكْثَرُهُمْ مُشَاةٌ، فَلَمَّا نَظَرَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ، خَرَجَ يَعْدُو حَتّٰى اَتٰى بَعِيرَهُ، فَقَعَدَ عَلَيْهِ يَرْكُضُهُ، وَهُوَ طَلِيعَةٌ لِلْكُفَّارِ، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنَّا مِنْ اَسْلَمَ عَلٰى نَاقَةٍ لَهُ وَرْقَاءَ، قَالَ اِيَاسٌ: قَالَ اَبِي، فَاتَّبَعْتُهُ اَعْدُو وَاخْتَرَطْتُ سَيْفِي، فَضَرَبْتُ رَاْسَهُ، ثُمَّ جِئْتُ بِنَاقَتِهِ اَقُودُهَا عَلَيْهَا سَلَبُهُ، فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ؟، قَالَ ابْنُ الْاَكْوَعِ، قُلْتُ: اَنَا قَالَ: لَكَ سَلَبُهُ اَجْمَعُ.

---

4843- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار فمن رجال مسلم، وهو صدوق. وأخرجه الطبراني 7/ (6241) من طريق أبي خليفة الفضل بن الحباب الجمحي، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود (2654) في الجهاد: باب في الجاسوس المستأمن، والبيهقي 6/307 من طريقين عن أبي الوليد الطيالسي، به. وأخرجه أحمد 4/46 و 49-50 و 51، ومسلم (1754) في الجهاد: باب استحقاق القاتل سلب القتيل، وأبو داود (2654)، والطحاوي 3/227، والطبراني 7/ (6241)، والبيهقي 6/307 من طرق عن عكرمة بن عمار، به. وانظر الحديث رقم (4839).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا النَّوْعُ لَوِ اسْتَقْصَيْنَا فِيهِ، لَدَخَلَ فِيهِ اَكْثَرُ السُّنَنِ، لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُبَيِّنُ عَنْ مُرَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْكِتَابِ قَوْلًا، وَفِعْلًا، وَفِيمَا ذَكَرْنَا مِنَ الْإِيمَاءِ اِلَيْهِ، الْغُنْيَةُ لِمَنْ تَدَبَّرَ الْقَصْدَ فِيهِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوازن کے ساتھ جنگ کی' ایک دن ہم بیٹھے ہوئے دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے اسی دوران ایک شخص اپنے سرخ اونٹ پر سوار ہو کر آیا' اس نے اونٹ کی نکیل کو کھینچ کر اس کے ذریعے اونٹ کو باندھ دیا پھر وہ شخص آیا اور ہمارے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے لگا اس نے لوگوں کا جائزہ لیا کہ ان کے پاس سواریاں کم ہیں اور ان میں سے زیادہ تر لوگ پیدل ہیں۔ جب اس نے لوگوں کا جائزہ لے لیا تو پھر وہ وہاں سے روانہ ہوا' یہاں تک کہ اپنے اونٹ کے پاس آیا اور اس کو ایڑھ لگا دی وہ کفار کا جاسوس تھا۔ ہم میں سے اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص اپنی خاکستری اونٹنی پر سوار ہو کر اس کے پیچھے گیا۔

ایاس نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے۔ میں اس کے پیچھے گیا' میں نے اپنی تلوار سونت کر اس کا سر اڑا دیا پھر میں اس کی اونٹنی کو ہانک کر ساتھ لے آیا جس پر اس کا ساز و سامان بھی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ہمراہ میرے سامنے آئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کس نے قتل کیا ہے؟ حضرت ابن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے جواب دیا: میں نے! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا سارا ساز و سامان تمہیں ملتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اگر اس نوعیت کی تمام روایات کی ہم تحقیق کریں' تو اس میں اکثر سنن داخل ہو جائیں گی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اللہ تعالیٰ کے بیان کردہ حکم کو اپنے قول اور فعل کے ذریعے بیان کرنے والے تھے اور جو چیز ہم نے ذکر کی ہے اس میں اس شخص کے لیے کافی اشارہ ہے' جو اس بارے میں غور و فکر کرنے کا قصد کرتا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ السَّلَبَ لَا يُخَمَّسُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' (مقتول کے) سامان میں سے خمس نہیں نکالا جائے گا

**4844** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ

4844– حديث صحيح رجاله ثقات رجال مسلم غير عمرو بن عثمان– وهو ابن سعيد القرشي– ولا تضر عنعنة الوليد بن مسلم، فقد توبع . وأخرجه سعيد بن منصور (2698)، ومن طريقه أبو داوُد (2721) في الجهاد: باب في السلب لا يخمس، والبيهقي 6/310، عن إسماعيل بن عياش، وأحمد 6/26، وابن الجارود (1077) من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج، كلاهما عن صفوان، عن عبد الرحمٰن بن جُبير، عن أبيه، عن عوف بن مالك وخالد بن الوليد . السَّلَب: هو ما يأخذه أحد القِرنَين في الحرب من قِرنه مما يكون عليه ومعه من سلاح وثياب ودابة وغيرها، وهو فعل، بمعنى مفعول، أي: مسلوب .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (قاتل کو دیئے جانے والے مقتول کافر کے ساز و سامان میں سے خمس نہیں نکالا تھا)

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِمَنْ أَخَذَ الْعَدُوُّ شَيْئًا مِنْ مَالِهِ، ثُمَّ ظَفَرَ بِهِ الْمُسْلِمُونَ أَخْذَهُ إِذَا عَرَفَهُ بِعَيْنِهِ دُونَ أَنْ يَكُونَ فِي سَائِرِ الْغَنَائِمِ

## جس شخص کے مال میں سے کوئی چیز دشمن حاصل کر لیتا ہے پھر مسلمانوں کو ان پر فتح نصیب

ہو جاتی ہے اور وہ اس چیز کو حاصل کر لیتے ہیں تو اس شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ جب وہ اس چیز کو بعینہ پہچان لیتا ہے تو اسے حاصل کر سکتا ہے اور یہ مالِ غنیمت میں شامل نہیں ہوگی

**4845** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَهَبَتْ فَرَسٌ لَهُ فَأَخَذَهَا الْعَدُوُّ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ فَرَدَّ عَلَيْهِ فِي زَمَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ: وَأَبَقَ عَبْدٌ لَهُ فَلَحِقَ بِالرُّومِ، فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کا ایک گھوڑا بھاگ گیا دشمن نے اسے پکڑ لیا۔ مسلمان ان پر غالب آ گئے تو انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا گھوڑا انہیں واپس کر دیا یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس کی بات ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان کا ایک غلام بھاگ کر رومیوں سے جا ملا تھا۔ جب مسلمان ان پر غالب آ گئے تو ان کا وہ غلام حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے انہیں واپس کر دیا تھا۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس کے بعد کی بات ہے۔

---

4845- إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله بن عمر: هو ابن حفص العمري . وأخرجه البيهقي 9/110 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد . وعلقه البخاري (3067) في الجهاد: باب إذا غنم المشركون مال المسلم ثم وجده المسلم، ومن طريقه البغوي (2734) عن عبد الله بن نمير، به، ووصله أبو داؤد (2699) في الجهاد: باب في المال يصيبه العدو من المسلمين ثم يدركه صاحبه في الغنيمة، وابن ماجه (2847) في الجهاد: باب ما أحرز العدو ثم ظهر عليه المسلمون، وابن الجارود (1068) من طرق عن عبد الله بن نمير، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/445، والبخاري (3068)، وأبو داؤد (2698)، والبيهقي 9/110 من طرق عن عبيد الله بن عمر، به .وأخرجه عبد الرزاق (9352) و (9353)، وسعيد بن منصور (2797)، والبخاري (3069)، والبيهقي 9/110-111 من طرق عن نافع .وأخرجه مالك 2/452 في الجهاد: باب ما يرد قبل أن يقع القسم مما أصاب العدو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بلاغاً .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ وَطْیءِ الْحَامِلِ مِنَ السَّبْیِ حَتّٰی تَضَعَ حَمْلَهَا

## قیدیوں میں سے حاملہ عورتوں کے ساتھ اس وقت تک صحبت کرنے کی ممانعت کا تذکرہ جب تک وہ بچے کو جنم نہ دے

**4846** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِیْسَ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰی عَامَ خَیْبَرَ، اَنْ تُوطَاَ الْحَبَالٰی مِنَ السَّبْیِ، حَتّٰی یَضَعْنَ

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر اس بات سے منع کر دیا تھا کہ قیدیوں میں سے حاملہ عورتوں کے ساتھ صحبت کی جائے اس وقت تک جب تک وہ اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم نہیں دے دیتیں۔

---

4846– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير أسامة بن زيد –وهو الليثي– فروى له مسلم نسخة لابن وهب عنه في الشواهد أو مقروناً، وهو صدوق حسن الحديث. أبو إدريس الخولاني: هو عائذ الله بن عبد الله. وفي الباب عن ابن عباس عند النسائي 7/301، وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/4 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات. وعن رويفع بن ثابت الأنصاري عند أبي داود (2158) و (2159)، والترمذي (1131)، وأحمد 4/108 و 109. وعن أبي سعيد الخدري عند أبي داود (2157)، والدارمي 2/171، وأحمد 3/62 و 87، والدارقطني 4/112، والحاكم 2/195، والبيهقي 7/449 بلفظ: "لا توطأ حامل حتى تَضَعَ، ولا غير ذات حمل حتى تَحيض حيضة". وعن العرباض بن سارية عند الترمذي (1564)، وقال: والعمل على هذا عند أهل العلم، وهو في "المستدرك" 2/135، وسنده حسن في الشواهد. وعن أبي أمامة عند الطبراني، قال الهيثمي في "المجمع" 4/300 رجاله رجال الصحيح. وعن مكحول مرسلاً عند سعيد بن منصور (2815)، ورجاله ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْغُلُوْلِ

## باب: (مالِ غنیمت میں) خیانت کرنا

### ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّغُلَّ الْمَرْءُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ شَيْئًا وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ تَافِهًا

### اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کوئی آدمی اللہ کی راہ میں (مالِ غنیمت میں سے) کوئی خیانت کرے اگرچہ وہ چیز بے حیثیت ہو

**4847** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيْرٌ لَهٗ رُغَاءٌ، يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا يُعَارٌ، يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ، يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهٗ، حَمْحَمَةٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، قَدْ اَبْلَغْتُكَ، لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ يَقُوْلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں تم میں کسی شخص کو ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے، تو اس کی گردن پر ایک اونٹ ہو جو آواز نکال رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

---

4847– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير، مختلف في اسمه . وأخرجه مسلم (1831) في الإمارة: باب تحريم الغلول، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں تم سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر ایک بکری ہو' جو آوازیں نکال رہی ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی گھوڑا ہو' جو آواز نکال رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی شخص ہو' جو چیخ رہا ہو اور وہ شخص یہ کہے: (یارسول اللہ ﷺ) میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی خاموش چیز ہو وہ شخص یہ کہے: (یارسول اللہ ﷺ) میری مدد کیجئے اور میں یہ کہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن پر رقاع (یعنی کپڑے کے ٹکڑے وغیرہ) ہو' تو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ ﷺ! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْغُلُولِ اِذِ الْغَالُّ يَاْتِي بِمَا غَلَّ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ

## (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ممانعت کا تذکرہ' کیونکہ خیانت کرنے والا شخص قیامت کے دن اس چیز کو اپنی گردن پر اٹھا کر لائے گا' جس کی اس نے خیانت کی تھی

**4848** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ التَّيْمِيُّ اَبُوْ حَيَّانَ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَاتَ يَوْمٍ، فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَ مِنْ اَمْرِهٖ، ثُمَّ

4848- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه مسلم (1831) في الإمارة: باب غلظ تحريم الغلول، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/426، وابن أبي شيبة 12/492-493، والبخاري (3073) في الجهاد: باب الغلول وقول الله عز وجل: (ومن يَغْلُلْ يأتِ بما غَلَّ يوم القيامة)، ومسلم (1831)، والطبري في " جامع البيان " (8155) و (8156) و (8157)، والبيهقي 9/101 من طرق عن أبي حيان يحيى بن سعيد التيمي، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ، فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلَى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا يُعَارٌ، فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ، لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ فَرَسٌ لَهَا حَمْحَمَةٌ، فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ وَلَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ، يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ، فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ، لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلَى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ، فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ، لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ، يَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولَ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ

(توضیح مصنف): الرِّقَاعُ أَرَادَ ثِيَابًا قَالَهُ أَبُو حَاتِمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مالِ غنیمت) میں خیانت کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو اجاگر کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں تم میں کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر اونٹ ہو' جو آواز نکال رہا ہو۔ وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں' میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی بکری ہو' جو آواز نکال رہی ہو۔ وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (میری مدد کیجئے) تو میں یہ کہوں میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مقابلے میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی گھوڑا ہو' جو آواز نکال رہا ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ جب وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی شخص ہو' جو چیخ رہا ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے' تو میں یہ کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اور اس کی گردن میں رقاع (یعنی کپڑے کے ٹکڑے) ہو وہ شخص یہ کہے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری مدد کیجئے اور میں کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تمہیں تبلیغ کر دی تھی۔

میں تم میں سے کسی بھی شخص کو ایسی حالت میں ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے' تو اس کی گردن پر کوئی خاموش ہو وہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخص عرض کرے: یارسول اللہ ﷺ! میری مدد کریں اور میں کہوں میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا میں نے تمہیں تبلیغ کردی تھی۔

لفظ "رقاع" سے مراد کپڑے ہیں۔ یہ بات امام ابوحاتم نے بیان کی ہے۔

## ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلْغَالِّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## اللہ کی راہ میں (جہاد کے دوران مالِ غنیمت میں) خیانت کرنے والے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ

**4849** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو زُمَيْلٍ الْحَنَفِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قُتِلَ نَفَرٌ يَوْمَ خَيْبَرَ، مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، وَفُلَانٌ شَهِيدٌ، حَتّٰى ذَكَرُوا رَجُلًا، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّي رَاَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي عَبَاءَةٍ غَلَّهَا، اَوْ بُرْدَةٍ غَلَّهَا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اذْهَبْ، فَنَادِ فِي النَّاسِ، اَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ، قَالَ فَخَرَجْتُ، فَنَادَيْتُ فِي النَّاسِ

✿✿ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب غزوہ خیبر کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ شہید ہوگئے، تو لوگوں نے کہا فلاں شخص شہید ہے فلاں شخص شہید ہے یہاں تک کہ لوگوں نے ایک شخص کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا کہ فلاں شخص شہید ہے، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہیں! میں نے اسے ایک عباء (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) چادر کی وجہ سے جہنم میں دیکھا ہے، جو اس نے خیانت کے طور پر حاصل کی تھی۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے جاؤ اور لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جنت میں صرف مومن شخص داخل ہوگا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں وہاں سے نکلا اور میں نے لوگوں میں یہ اعلان کردیا۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ انْتِفَاعِ الْمَرْءِ بِالْغَنَائِمِ عَلٰى سَبِيلِ الضَّرَرِ بِالْمُسْلِمِينَ فِيهِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کوئی شخص مالِ غنیمت کی کسی چیز سے نفع حاصل کرے، کیونکہ اس میں مسلمانوں کو نقصان لاحق ہوتا ہے

**4850** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

4849– إسناده حسن على شرط مسلم . أبو زميل: هو سماك بن الوليد . وأخرجه الدارمي 2/230–231 عن أبي الوليد الطيالسي، بها الإسناد . وأخرجه الترمذي ( 1574) في السير: باب ما جاء في الغلول، والبيهقي 9/101 من طريقين عن عكرمة بن عمار، به . وقال الترمذي: حسن صحيح غريب . وانظر (4857) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سُلَيْمٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ حَنَشِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السَّبَائِيِّ، عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متنِ حدیث): اَنَّهُ قَالَ عَامَ خَيْبَرَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَسْقِيَنَّ مَاءَهُ وَلَدَ غَيْرِهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَأْخُذَنَّ دَابَّةً مِنَ الْمَغَانِمِ فَيَرْكَبُهَا حَتّٰى إِذَا أَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِي الْمَغَانِمِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنَ الْمَغَانِمِ حَتّٰى إِذَا أَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِي الْمَغَانِمِ

❁❁ حضرت رویفع ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں۔ غزوہ خیبر کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پانی کے ذریعے کسی دوسرے کی اولاد کو سیراب نہ کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مال غنیمت میں سے کوئی جانور حاصل کر کے خود اس پر سوار نہ ہو جائے یہاں تک کہ جب وہ جانور کمزور ہو جائے تو اسے پھر مال غنیمت میں جمع کرا دے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مال غنیمت میں سے کوئی کپڑا لے کر پہن نہ لے کہ جب وہ پرانا ہو جائے تو اسے پھر مال غنیمت میں جمع کرا دے گا۔"

## ذِكْرُ نَفْيِ دُخُوْلِ الْجِنَانِ عَنِ الشَّهِيْدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِذَا كَانَ قَدْ غَلَّ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْغُلُوْلُ شَيْئًا يَسِيْرًا

## اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے شخص کے جنت میں داخلے کی نفی کا تذکرہ جب اس نے (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہو اگرچہ وہ خیانت کسی معمولی سی چیز کی ہو

4850- إسناده حسن. ربيعة بن سليم التجيبي، ويقال: أبو مرزوق التجيبي، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات "، واضطرب رأي الحافظ فيه، فذكره في الأسماء فقال: مقبول، وذكره في " الكنى "، فقال: ثقة، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. أبو الطاهر: هو أحمد بن عمرو بن عبد الله بن السرح القرشي المصري، ويحيى بن أيوب: هو الغافقي المصري. وأخرجه الطحاوي 3/251، والبيهقي 9/62 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (1131) في النكاح: باب ما جاء في الرجل يشتري الجارية وهي حامل، عن عمر بن حفص الشيباني، حدثنا عبد الله بن وهب، حدثنا يحيى بن أيوب، عن ربيعة بن سليم، عن بُسر بن عبيد الله، عن رويفع بن ثابت، فذكره مختصراً. وقال: هذا حديث حسن، وقد روي من غير وجه عن رويفع بن ثابت. وأخرجه مطولاً ومختصراً أحمد 4/108 و108-109، وسعيد بن منصور (2722)، وابن أبي شيبة 12/222-223، و 14/465 والدارمي 2/230، وابن سعد في الطبقات 2/114-115، وأبو داوُد في "سننه" (2158) و (2159) في النكاح: باب في وطء النساء و (2708) في الجهاد: باب في الرجل ينتفع من الغنيمة بشيء، والطحاوي 3/251، والطبراني في " الكبير " (4482) و (4483) و (4484) و (4485) و (4486) و (4489) من طرق عن أبي مرزوق ربيعة بن سليم، به. وجاء عند بعضهم: " عام خيبر "، وعند آخرين: " عام حنين؟ ". وأخرجه أحمد 4/108، والطبراني (4488) من طرق عن ابن لهيعة، عن الحارث بن يزيد، عن حنش، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**4851** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِي الْغَيْثِ، مَوْلَى ابْنِ مُطِيعٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ خَيْبَرَ فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً اِلَّا الْاَمْوَالَ وَالثِّيَابَ، وَالْمَتَاعَ، فَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَ وَادِي الْقُرَى، وَكَانَ رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ وَهَبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدًا اَسْوَدَ، يُقَالُ لَهُ مِدْعَمٌ، فَخَرَجْنَا، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِوَادِي الْقُرَى، فَبَيْنَمَا مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ جَاءَهُ سَهْمٌ عَائِرٌ، فَاَصَابَهُ فَقَتَلَهُ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيئًا لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِي اَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا، فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ، اَوْ شِرَاكَيْنِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شِرَاكٌ مِّنْ نَارٍ، اَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَسْلَمَ اَبُو هُرَيْرَةَ بِدَوْسٍ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَارِجٌ نَحْوَ خَيْبَرَ وَعَلَى الْمَدِينَةِ سِبَاعُ بْنُ عُرْفُطَةَ الْغِفَارِيُّ اسْتَخْلَفَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى اَبُو هُرَيْرَةَ، مَعَ سِبَاعٍ، وَسَمِعَهُ يَقْرَاُ (وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ) (المطففين: 1)، ثُمَّ لَحِقَ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى خَيْبَرَ، فَشَهِدَ خَيْبَرَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہمیں مال غنیمت میں سونا یا چاندی حاصل نہیں ہوا صرف زمینیں اور کپڑے ملے اور ساز و سامان ملا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وادی قریٰ کی طرف روانہ ہوئے، حضرت رفاعہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سیاہ فام غلام تحفے کے طور پر دیا جس کا نام مدعم تھا ہم لوگ روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم وادی قریٰ میں پہنچے تو مدعم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ سے سامان اتار رہا تھا۔ اسی دوران ایک اندھا تیر آیا اسے لگا اور وہ مرگیا تو لوگوں نے اسے جنت کی مبارکباد دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں! اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ غزوہ خیبر کے موقع پر اس نے جو چادر مال غنیمت میں سے حاصل کر لی تھی جو تقسیم تک نہیں پہنچی تھی وہ آگ کی بن کر اس پر جل رہی ہے۔ جب لوگوں نے یہ بات سنی تو ایک شخص ایک تسمہ یا دو تسمے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔

4851– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الغيث مولى مطيع: اسمه سالم، وهو في " الموطأ " 2/459 في الجهاد: باب ما جاء في الغلول .ومن طريق مالك أخرجه البخاري ( 4234) في المغازي: باب غزوة خيبر، و ( 6077) في الأيمان والنذور: باب هل يدخل في الأيمان والنذور الأرض والغنم والزروع والأمتعة، ومسلم (115) في الإيمان: باب غلظ تحريم الغلول، وأنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون، وأبو داوُد (2711) في الجهاد: باب في تعظيم الغلول، والنسائي 7/24 في الأيمان والنذور: باب هل تدخل الأرضون في المال إذا نذر، والبيهقي 9/100، والبغوي في " شرح السنة " (2828)، وفي " معالم التنزيل " 1/367، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (115) عن قتيبة بن سعيد، عن الدراوردي، عن ثور بن يزيد، به . وانظر ما بعده . وقوله: " سهم عائر " يعني لا يُدرى مَن رماه، وهو الجائر عن قصده، ومنه عار الفرس: إذا ذهب على وجهه كأنه منفلت، والشملة: كساء يشتمل به الرجل .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تسمہ آگ سے بنا ہوا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ دو تسمے آگ سے بنے ہوئے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دوس قبیلے میں اسلام قبول کر لیا تھا پھر جب وہ مدینہ منورہ آئے تو نبی اکرم ﷺ اس وقت خیبر کی طرف روانہ ہو چکے تھے اور مدینہ منورہ کے نگران سباع بن عرفطہ غفاری رضی اللہ عنہ تھے جنہیں نبی اکرم ﷺ نے نائب مقرر کیا تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سباع رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی انہوں نے ویل للمطففین کی تلاوت کرتے ہوئے سنا۔

پھر وہ خیبر جا کر نبی اکرم ﷺ سے مل گئے اور غزوہ خیبر میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ شریک ہوئے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِرَاكًا مِنْ نَارٍ اَرَادَ بِهٖ اَنَّكَ اِنْ لَمْ تَرُدَّهُمَا عُذِّبْتَ بِمِثْلِهِمَا، فِي النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''یہ تسمہ آگ کا ہے'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: اگر تم نے انہیں واپس نہ کیا ہوتا تو تمہیں ان دونوں کی مانند (تسموں کے ذریعے) جہنم میں عذاب دیا جاتا' ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**4852** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ سَالِمٍ، مَوْلَى ابْنِ مُطِيعٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَهْدَى رِفَاعَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا، فَخَرَجَ بِهٖ مَعَهُ اِلَى خَيْبَرَ، فَاَتَى الْغُلَامَ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ فَقُلْنَا هَنِيئًا لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، الشَّمْلَةُ لَتَحْتَرِقُ عَلَيْهِ الْآنَ فِي النَّارِ غَلَّهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَبْتُ يَوْمَئِذٍ شِرَاكَيْنِ، قَالَ: يُعَدَّدُ لَكَ مِثْلُهُمَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو ایک غلام تحفے کے طور پر دیا۔ نبی اکرم ﷺ اسے ساتھ لے کر خیبر تشریف لے گئے۔ ایک اجنبی تیر اس غلام کو آ کر لگا اور وہ غلام مر گیا تو ہم نے کہا اسے جنت کی مبارک ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ چادر اس پر جہنم میں جل رہی ہے' جو اس نے مسلمانوں کے مال میں غزوہ خیبر کے موقع پر خیانت کی تھی' تو ایک انصاری نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس

4852– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق وهو مدلس، وقد صرح بالتحديث عند الحاكم، فانتفت شبهة تدليسه . ابن فضيل: هو محمد . وهو في " مصنف ابن أبي شيبة " 12/495 .وأخرجه الحاكم 3/40 من طريق يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حدثنا يزيد بن خصيفة، بِهِ . وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي! وذكره الحافظ ابن حجر في " الفتح " 4/488، وزاد نسبته إلى ابن منده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

دن مجھے دو تسمے ملے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے ان دونوں کی مانند جہنم کی آگ میں (تسمے تیار کیے جائیں گے)

## ذِكْرُ تَرْكِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَلٰى مَنْ مَاتَ وَقَدْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## نبی اکرم ﷺ کا ایسے شخص کی نماز جنازہ ادا نہ کرنا جو ایسی حالت میں مرا ہو کہ اس نے اللہ کی راہ میں (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہو

**4853** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ اَبِيْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَذَكَرُوْهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ، فَتَغَيَّرَتْ وُجُوْهُ الْقَوْمِ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَفَتَحْنَا مَتَاعَهُ، فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ الْيَهُوْدِ لَا يُسَاوِيْ دِرْهَمَيْنِ

❀❀ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک شخص کا غزوہ خیبر کے موقع پر انتقال ہوگیا۔ لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس کے انتقال کا ذکر کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کرلو تو اس بات پر لوگوں کے چہرے متغیر ہوگئے (یعنی وہ پریشان ہوگئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے اس ساتھی نے اللہ کی راہ میں خیانت کی تھی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) جب ہم نے اس کے ساز و سامان کا جائزہ لیا تو اس میں یہودیوں کا ایک ہار ملا جس کی قیمت دو درہم بھی نہیں ہوگی۔

4853- حديث صحيح . وأخرجه أبو داؤد ( 2710) في الجهاد: باب في تعظيم الغلول، والحاكم 2/127، وعنه البيهقي في " دلائل النبوة " 4/255 من طريق مسدد، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرطهما، ووافقه الذهبي! .وأخرجه النسائي 4/64 في الجنائز: باب الصلاة على من غلّ، عن عبيد الله بن سعيد، عن يحيى القطان، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9501) و (9502)، وأحمد 5/192، والحميدي (815)، وأبو بكر وابن أبي شيبة 12/491-492، وأبو داؤد (2710)، وابن الجارود ( 1081)، والحاكم 2/127، والبيهقي في " السنن " 9/101، وفي " الدلائل " 4/255، والبغوي في " شرح السنة " (2729)، وفي " التفسير " 1/367، والطبراني في " الكبير " (5174) و (5175) و (5176) و (5180) و (5181) من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بِهِ .وأخرجه أحمد 4/114، وابن ماجه (2848) في الجهاد: باب الغلول: والطبراني ( 5177) و (5178) و (5179) من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، عن محمد بن يحيى بن حبان، عن ابن أبي عمرة عن زيد بن خالد الجهني .وأخرجه مالك في " الموطأ " 2/458 في الجهاد: باب ما جاء في الغلول، عن يحيى بن سعيد عن محمد بن يحيى بن حبان أن زيد بن خالد الجهني .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَرْكَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَلَى الْغَالِّ

وَعَلٰى مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ قَبْلَ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى صَفِيِّهِ الْمُصْطَفٰى الْفُتُوحَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے خیانت کرنے والے شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی'

اور اس شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی جو ایسی حالت میں مرا تھا جس کے ذمے قرض تھا یہ حکم ابتداء اسلام کے بارے میں ہے' اور اس سے پہلے کا ہے' جب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو فتوحات عطا کر دی تھیں

**4854** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمَيِّتِ عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْاَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ وَفَاءً، فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهُ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى عَلَيْهِ وَاِلَّا قَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ الْفُتُوحَ قَالَ: اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جب کسی ایسے شخص کی میت لائی جاتی تھی جس کے ذمے قرض ہوتا تھا تو آپ ﷺ دریافت کرتے تھے کہ کیا اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کے لیے کچھ چھوڑا ہے؟ اگر یہ بات بتائی جاتی کہ اس نے ایسی چیز چھوڑی ہے' جس کے ذریعے اس کا قرض ادا کیا جا سکتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کر لیتے تھے ورنہ آپ ﷺ یہ فرماتے تھے تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کرلو۔

جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو فتوحات عطا کیں' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میں ہر مومن کے لیے اس کی اپنی جان سے زیادہ قریب ہوں جو شخص ایسی حالت میں فوت ہو کہ اس کے ذمے قرض ہو' تو اس کی ادائیگی میرے ذمے ہوگی اور جو شخص مال چھوڑ کر جائے گا وہ اس کے ورثاء کو ملے گا''۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْغَالَّ يَكُوْنُ غُلُوْلُهُ فِي الْقِيَامَةِ عَارًا عَلَيْهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' (مالِ غنیمت میں) خیانت کرنے والے شخص کے لیے اس کی خیانت قیامت کے دن شرمندگی کا باعث ہوگی

**4855** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ اَبُوْ عَمْرٍو الْعَدْلُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا

4854- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . يونس: هو ابن يزيد الأيلي . وقد تقدم تخريجه برقم (3063) وسيأتي برقم (5054) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ مَكْحُولٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَدْرٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ، فَلَمَّا هَزَمَهُمُ اللّٰهُ اتَّبَعَهُمْ طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَقْتُلُوْنَهُمْ وَاَحْدَقَتْ طَائِفَةٌ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَوْلَتْ طَائِفَةٌ عَلَى الْعَسْكَرِ، وَالنَّهْبِ، فَلَمَّا كَفَى اللّٰهُ الْعَدُوَّ، وَرَجَعَ الَّذِيْنَ طَلَبُوْهُمْ، قَالُوْا: لَنَا النَّفَلُ نَحْنُ طَلَبْنَا الْعَدُوَّ وَبِنَا نَفَاهُمُ اللّٰهُ وَهَزَمَهُمْ، وَقَالَ الَّذِيْنَ اَحْدَقُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ مَا اَنْتُمْ اَحَقَّ بِهٖ مِنَّا، هُوَ لَنَا نَحْنُ اَحْدَقْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِاَنْ لَا يَنَالَ الْعَدُوُّ مِنْهُ غِرَّةً، قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَوْلَوْا عَلَى الْعَسْكَرِ، وَالنَّهْبِ وَاللّٰهِ مَا اَنْتُمْ بِاَحَقَّ مِنَّا هُوَ لَنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: (يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ) (الأنفال: 1) الْآيَةَ، فَقَسَمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُهُمْ، اِذَا خَرَجُوْا بَادِيْنَ الرُّبُعَ، وَيُنَفِّلُهُمْ اِذَا قَفَلُوْا الثُّلُثَ، وَقَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَبَرَةً مِنْ جَنْبِ بَعِيْرٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّهٗ لَا يَحِلُّ لِيْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، قَدْرَ هٰذِهٖ اِلَّا الْخُمُسَ، وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكُمْ، فَاَدُّوا الْخَيْطَ، وَالْمَخِيْطَ، وَاِيَّاكُمْ وَالْغُلُوْلَ، فَاِنَّهٗ عَارٌ عَلٰى اَهْلِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ بَابٌ مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يُذْهِبُ اللّٰهُ بِهِ الْهَمَّ وَالْغَمَّ قَالَ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الْاَنْفَالَ، وَيَقُوْلُ: لِيَرُدَّ قَوِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى ضَعِيْفِهِمْ

✿✿ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف روانہ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن سے سامنا ہوا اور اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو پسپا کر دیا تو مسلمانوں کا ایک گروہ ان کے ساتھ لڑنے کے لیے ان کے پیچھے گیا دوسرا گروہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آس پاس ٹھہر گیا۔ ایک گروہ نے لشکر اور لوٹنے کے معاملات سنبھال لیے۔ جب اللہ تعالیٰ نے دشمن کی طرف سے

4855– إسناده حسن . عبد الرحمٰن بن الحارث بن عياش، وسليمان بن موسى –وهو الأشدق– فيهما كلام ينزلهما عن رتبة الصحيح، وباقي السند ثقات .أبو سلام: هو الأسود الحبشي، واسمه ممطور الأعرج، وقد تحرفت نسبته في الأصل و " التقاسيم " إلى: الباهلي .وأبو أسامة: هو صدى بن عجلان، صحابي مشهور، سكن الشام، ومات بها سنة 86 هـ، روى عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وعن جماعة من الصحابة .وأخرجه بأخصر ما هنا: الحاكم 2/135، وعنه البيهقي 6/292 عن دعلج بن أحمد السجستاني، حدثنا عبد العزيز بن معاوية البصري، حدثنا محمد بن جهضم، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي! .وأخرجه مختصراً أحمد 5/318 و 319 و 319–320 و 322 و323 و324، والترمذي ( 1561) في السير: باب في النفل، وحسنه، والنسائي 7/131 في قسم الفيء : باب رقم ( 6)، وابن ماجه ( 2852) في الجهاد: باب النفل، والطبري في " جامع البيان " (15654)، والبيهقي 9/20–21 و57 من طرق عن عبد الرحمٰن بن الحارث، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق ( 9334)، وأحمد 5/319 و322–323، والدارمي 2/229 و 230، والطبري (15655)، والحاكم 2/136 و 326، والبيهقي 6/292، من طرق عن عبد الرحمٰن بن الحارث، عن سليمان بن موسى، عن مكحول، عن أبي أمامة، عن عبادة .ولم يذكر أبا سلام الباهلي .وأخرجه أحمد 4/315 و 316 و 330 من طريقين عن عبادة بن الصامت .وانظر " المسند " 5/316 و318 و 326 و 330، وابن ماجه (2850)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اطمینان کر دیا اور وہ لوگ واپس آ گئے جوان کے پیچھے گئے تھے‘ تو انہوں نے کہا: اضافی ادائیگی ہمیں ملے گی‘ کیونکہ ہم دشمن کے پیچھے گئے تھے اور ہماری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہاں سے دور کیا ہے اور انہیں پسپا کیا ہے‘ جو نبی اکرم ﷺ کے اردگرد پہرہ دے رہے تھے انہوں نے کہا اللہ کی قسم! تم اس کے ہم سے زیادہ حق دار نہیں ہو وہ ہمیں بھی ملے گا‘ کیونکہ ہم نبی اکرم ﷺ کی حفاظت کر رہے تھے تا کہ کہیں کوئی دشمن آپ ﷺ کو نقصان نہ پہنچا دے۔ وہ لوگ جو لشکر اور لوٹنے کے نگہبان تھے۔ وہ بولے: اللہ کی قسم! تم لوگ اس کے ہم سے زیادہ حق دار نہیں ہو یہ ہمیں ملے گا‘ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''لوگ تم سے اضافی ادائیگی کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔''

تو نبی اکرم ﷺ نے وہ مال غنیمت ان کے درمیان تقسیم کر دیا اور نبی اکرم ﷺ انہیں عطیے کے طور پر چیزیں دیتے رہے۔ جب وہ لوگ وہاں سے روانہ ہوئے تھے‘ تو شروع میں ایک چوتھائی دیا گیا اور جب وہ واپس آ گئے تھے‘ تو انہیں ایک تہائی حصہ اضافی ادائیگی کے طور پر دیا گیا۔

غزوہ حنین کے موقع پر نبی اکرم ﷺ نے اونٹ کے پہلو کا بال پکڑ کر ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ تمہیں مال غنیمت کے طور پر جو کچھ عطا کرتا ہے اس میں سے اس (بال جتنی بھی) کوئی چیز میرے لیے حلال نہیں ہے سوائے خمس کے اور خمس بھی تمہاری طرف لوٹا دیا جائے گا اس لیے تم سوئی اور دھاگہ تک ادا کرو اور خیانت کرنے سے بچنا‘ کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے کرنے والے کے لیے رسوائی کا باعث ہوگی۔ تم پر اللہ کی راہ میں جہاد کرنا لازم ہے‘ کیونکہ وہ جنت کے دوازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔ جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ پریشانی اور غم کو ختم کر دیتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ اضافی ادائیگی کو ناپسند کرتے تھے آپ ﷺ یہ ارشاد فرماتے تھے: اہل ایمان میں سے خوش حال لوگ اپنے غریبوں کو یہ دے دیں۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ الرِّبَاطِ عِنْدَ اسْتِحْلَالِ الْغُزَاةِ الْغَنَائِمَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ‘ آدمی پر یہ بات لازم ہے‘ جب غازی (یعنی جنگ میں حصہ لینے والے لوگ) غنیمت کو حلال کر دیں اس وقت وہ پہرہ داری کو اختیار کرے

4856- إسناده ضعيف . سويد بن عبد العزيز –هو ابن نمير الدمشقي السلمي– ضعفه أحمد، والنسائي، والترمذي، وأبو أحمد الحاكم وغيرهم، وقال دُحيم: ثقة، وكانت له أحاديث يغلط فيها، وقال البزار: ليس بالحافظ، ولا يحتج به إذا انفرد، وضعفه المصنف في " المجروحين " 1/350–351، واورد له أحاديث مناكير، ثم قال: والذي عندي في سويد بن عبد العزيز تنكب ما خالف الثقات من حديثه، والاعتبار بما روى ممّا لم يخالف الأثبات والاحتجاج بما وافق الثقات، وهو ممن أستخير الله عز وجل فيه، لأنه يقرب من الثقات، وباقي السند ثقات . أبو وهب: هو عبيد الله بن عبيد الكلاعي .واخرجه الطبراني في " الكبير " 17/ (334)، والخطب في " تاريخه " 12/135 من طريقين عن سويد بن عبد العزيز، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في " المجمع " 5/290 وقال: رواه الطبراني، وفيه سويد بن عبد العزيز، وهو متروك .وأورده السيوطي في " الجامع الكبير " 1/45 وزاد نسبته لابن منده، والديلمي .ونسبه المنذري في " الترغيب والترهيب " 2/247 إلى المصنف .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



4856 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ بِبَيْرُوتَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ النُّدَّرِ السُّلَمِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا انْتَاطَ غَزْوُكُمْ وَكَثُرَتِ الْعَزَائِمُ * وَاسْتُحِلَّتِ الْغَنَائِمُ فَخَيْرُ جِهَادِكُمُ الرِّبَاطُ

❁❁ حضرت عتبہ بن ندر سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب تمہاری جنگ ختم ہو جائے اور عزائم زیادہ ہو جائیں اور مال غنیمت حلال قرار دیا جائے تو تمہارے لیے سب سے بہترین جہاد (سرحدوں پر) پہرہ داری کرنا ہے۔"

## ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْغَالِّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## اللہ کی راہ میں خیانت کرنے والے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ

4857 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنِي سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ اَبُو زُمَيْلٍ، قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرٍ اَقْبَلَ نَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فُلَانٌ شَهِيدٌ، حَتّٰى مَرُّوا عَلٰى رَجُلٍ، فَقَالُوا: فُلَانٌ شَهِيدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا اِنِّي رَاَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي بُرْدَةٍ غَلَّهَا، اَوْ عَبَاءَةٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اذْهَبْ، فَنَادِ فِي النَّاسِ اَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ، قَالَ فَخَرَجْتُ، فَنَادَيْتُ اَلَا اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْاِيمَانَ يَزِيدُ بِالطَّاعَةِ وَيَنْقُصُ بِالْمَعْصِيَةِ، وَفِيهِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْمُؤْمِنَ يُنْفَى عَنْهُ اسْمُ الْاِيمَانِ بِالْمَعْصِيَةِ، اِذَا ارْتَكَبَهَا لَا الْاِيمَانُ كُلُّهُ، كَمَا اَنَّ الطَّاعَةَ يُطْلَقُ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِهَا اسْمُ الْاِيمَانِ، لَا الْاِيمَانُ كُلُّهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی: غزوہ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے یہ کہنا شروع کیا فلاں شخص شہید ہے فلاں شخص شہید ہے یہاں تک کہ انہوں نے ایک آدمی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا فلاں شہید ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہرگز نہیں میں نے اسے ایک چادر کی وجہ سے جہنم میں دیکھا ہے' جو اس نے خیانت کے طور پر حاصل کی تھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک عباء کی وجہ سے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے! تم جاؤ اور لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جنت میں صرف اہل ایمان داخل ہوں گے۔

4857– إسناده حسن، وقد تقدم برقم (4849). وأخرجه أحمد 1/30، وابن أبي شيبة 14/465–466، ومسلم (114) في الإيمان: باب غلظ تحريم الغلول وأنه لا يدخل الجنة إلا المؤمنون، من طريق هاشم بن القاسم، بهذا الإسناد .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں وہاں سے نکلا میں نے اعلان کیا:

خبردار! جنت میں صرف اہل ایمان داخل ہوں گے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے' نیکی کرنے کی وجہ سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور گناہ کی وجہ سے اس میں کمی ہوتی ہے اور اس میں اس بات کی دلیل بھی موجود ہے' بعض اوقات کسی گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے کسی مومن شخص سے لفظ ایمان کی نفی کی جاتی ہے اس سے پورے ایمان کی نفی نہیں کی جاتی۔ جس طرح اگر کوئی شخص کوئی نیکی کرتا ہے' تو اس کے لیے لفظ ایمان استعمال کیا جاتا ہے اس سے پورا ایمان مراد نہیں ہوتا۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَرْكُ اَخْذِ الْغُلُولِ عَمَّنْ غَلَّ، اِذَا اَتٰى بِهِ بَعْدَ قَسْمِ الْغَنِيمَةِ لِتَكُوْنَ عُقُوبَةً لَهُ وَاَدَبًا لِمَا يَسْتَقْبِلُهُ مِنَ الْاُمُورِ

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' جس شخص نے (مالِ غنیمت میں)

خیانت کی ہو اس خیانت والی چیز کو وصول نہ کرے' جبکہ وہ شخص اس چیز کو مالِ غنیمت تقسیم ہو جانے کے بعد لایا ہو' تاکہ یہ چیز اس کے لیے سزا کا باعث ہو' اور آئندہ کے لیے نصیحت بن جائے

**4858** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ مَغْنَمًا اَمَرَ بِلَالًا، فَنَادٰى فِي النَّاسِ ثَلَاثَةً فَيَجِيءُ النَّاسُ بِغَنَائِمِهِمْ فَيُخَمِّسُهَا وَيَقْسِمُهَا، فَاَتَاهُ رَجُلٌ بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ، فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا فِيمَا كُنَّا اَصَبْنَا فِي الْغَنِيمَةِ، قَالَ: مَا سَمِعْتَ بِلَالًا نَادٰى ثَلَاثًا قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ اَنْ تَجِيءَ بِهِ؟، فَاعْتَذَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْ اَنْتَ الَّذِي تَجِيءُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَنْ اَقْبَلَهُ مِنْكَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مال غنیمت حاصل ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے لوگوں میں تین مرتبہ اعلان کر دیا لوگ اپنے طور پر مال غنیمت میں ملنے والی تمام چیزیں لے آئے۔

4858- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير هناد بن السرى، فمن رجال مسلم . أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي .وأخرجه عبد الرزاق (9395)، ومن طريقه الطبراني /18 (453) عن معمر، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/121، وأحمد 4/430 و433-434، والحميدي (829)، ومسلم (1641) في النذور: باب لا وفاء لنذر في معصية الله، ولا فيما لا يملك العبد، وأبو داؤد (3316) في الأيمان والنذور: باب في النذر فيما لا يملك، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 8/202، والبيهقي في " السنن " 9/72، وفي " دلائل النبوة " 4/188-189، وابن الجارود في " المنتقى " (933) من طرق عن أيوب، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے ان میں سے خمس نکال لیا اور باقی کو تقسیم کر دیا۔ اس کے بعد ایک شخص بال سے بنی ایک لگام لے کر آیا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! یہ ان چیزوں میں شامل ہے' جو ہمیں مال غنیمت کے طور پر ملی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے بلال کو سنا نہیں تھا اس نے تین مرتبہ اعلان کیا تھا؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اسے لے کر کیوں نہیں آئے۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عذر پیش کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایسے شخص بن جاؤ کہ تم اسے اپنے ساتھ قیامت کے دن لے کر آؤ گے۔ تو میں اسے تم سے قبول نہیں کروں گا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْفِدَاءِ وَفَكِّ الْاَسْرٰی

# باب: فدیہ دینا اور قیدیوں کو آزاد کروانا

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اسْتِعْمَالُ الْمُفَادَاةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَبَيْنَ الْاَعْدَاءِ اِذَا رَاٰی ذٰلِكَ لَهُمْ صَلَاحًا

## اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' مسلمانوں اور دشمن کے درمیان فدیہ کی ادائیگی کی صورت پر عمل کرے' جب وہ اس میں مسلمانوں کی بہتری دیکھے

**4859** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَسَرَتْ ثَقِيفٌ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَسَرَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، فَمَرَّ بِهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُوثَقٌ، فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَلَامَ اُحْبَسُ؟، فَقَالَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكَ، ثُمَّ مَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَاهُ، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ الْاَسِيرُ اِنِّيْ مُسْلِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قُلْتَهَا، وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ، اَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ، ثُمَّ مَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَاهُ اَيْضًا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ فَقَالَ اِنِّيْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِيْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ حَاجَتُكَ، ثُمَّ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَاهُ بِالرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ كَانَتْ ثَقِيفٌ اَسَرَتْهُمَا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ الْاَسِيرِ اِنِّيْ مُسْلِمٌ وَتَرْكُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ مِنْهُ، كَانَ لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلِمَ مِنْهُ بِاِعْلَامِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَزَّ اِيَّاهُ، اَنَّهُ كَاذِبٌ فِيْ قَوْلِهِ، فَلَمْ يَقْبَلْ

---

4859- إسناده حسن على شرط مسلم، في عكرمة بن عمار كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه الطبراني (6237) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 9/129 من طريق الأسفاطي العباس بن الفضل، عن أبي الوليد، به .وأخرجه أحمد 4/46 و 51، ومسلم (1755) في الجهاد والسير: باب التنفيل وفداء المسلمين بالأسارى، وأبو داؤد (2697) في الجهاد: باب الرخصة في المدركين يفرق بينهم، وابن ماجه (2846) في الجهاد: باب فداء الأسارى، والطبراني (6237) من طرق عن عكرمة بن عمار، بِهِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ذٰلِكَ مِنْهُ فِي اَسْرِهٖ، كَمَا كَانَ يَقْبَلُ مِثْلَهُ مِنْ مِثْلِهٖ، اِذَا لَمْ يَكُنْ اَسِيْرًا، فَاَمَّا الْيَوْمُ فَقَدِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ، فَاِذَا قَالَ الْحَرْبِيُّ اِنِّيْ مُسْلِمٌ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْهُ، وَرُفِعَ عَنْهُ السَّيْفُ سَوَاءٌ كَانَ اَسِيْرًا اَوْ مُحَارِبًا

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو اصحاب کو قید کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے بنو عامر بن صعصعہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قید کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے وہ بندھا ہوا تھا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہو گئے اس نے دریافت کیا مجھے کیوں قید کیا گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے حلیفوں کی زیادتی کی وجہ سے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے تشریف لے گئے' تو اس نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے اس قیدی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گزارش کی: میں مسلمان ہوتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم یہ بات کہتے ہو' تو تم اپنے معاملے کے مالک ہو گے اور تم مکمل طور پر کامیابی حاصل کر لو گے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے تشریف لے گئے' تو اس نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے وہ بولا: میں بھوکا ہوں مجھے کچھ کھانے کے لیے دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہاری ضرورت کا سامان ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ان دو آدمیوں کے فدیے کے طور پر ادا کیا جسے ثقیف قبیلے کے لوگوں نے قید کیا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس قیدی کا یہ کہنا کہ میں مسلمان ہوں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کی بات پر کوئی توجہ نہ دینا اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بات کی اطلاع مل گئی تھی کہ وہ شخص اپنے اس بیان میں جھوٹا ہے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی قید کے دوران اس سے اعتراف کو قبول نہیں کیا جس طرح کا اعتراف آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کی صورت حال میں قبول کر لیتے تھے جب کہ وہ آدمی قیدی نہ ہوتا۔ جہاں تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دن کا تعلق ہے' تو وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا جب کوئی حربی شخص یہ کہے: میں مسلمان ہوں' تو اس سے اس بات کو قبول کیا جائے گا اور اس سے تلوار کو اٹھا لیا جائے گا خواہ وہ شخص قیدی ہو یا جنگجو ہو۔

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّفُكَّ اُسَارَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ اَيْدِي الْمُشْرِكِيْنَ اِذَا وَجَدَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا

## اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ مشرکین کے ہاتھوں سے مسلمان قیدیوں کو آزاد کروائے جب وہ اس کا کوئی راستہ پائے

**4860** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَاَمَّرَهُ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَغَزَوْنَا فَزَارَةَ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنَ الْمَاءِ، اَمَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، فَعَرَّسْنَا، فَلَمَّا صَلَّيْنَا الصُّبْحَ، اَمَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ بِشَنِّ الْغَارَةِ، فَقَتَلْنَا عَلَى الْمَاءِ مَنْ قَتَلْنَا، قَالَ سَلَمَةُ: فَنَظَرْتُ اِلٰى عُنُقٍ مِنَ النَّاسِ فِيْهِ الذُّرِّيَّةُ وَالنِّسَاءُ وَاَنَا اَعْدُو فِيْ آثَارِهِمْ، فَخَشِيتُ اَنْ يَّسْبِقُوْنِيْ اِلَى الْجَبَلِ، فَرَمَيْتُ بِسَهْمٍ، فَوَقَعَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْجَبَلِ فَقَامُوا، فَجِئْتُ بِهِمْ اَسُوقُهُمْ اِلٰى اَبِیْ بَكْرٍ، حَتّٰى اَتَيْتُ الْمَاءَ، وَفِيْهِمُ امْرَاَةٌ مِّنْ فَزَارَةَ عَلَيْهَا قَشْعٌ مِّنْ آدَمَ مَعَهَا بِنْتٌ لَهَا، مِنْ اَحْسَنِ الْعَرَبِ، فَنَفَّلَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ ابْنَتَهَا فَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، ثُمَّ بِتُّ وَلَمْ اَكْشِفْ لَهَا ثَوْبًا، فَلَقِيَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَبْ لِيَ الْمَرْاَةَ، فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ اَعْجَبَتْنِیْ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا، فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَرَكَنِیْ، ثُمَّ لَقِيَنِیْ مِنَ الْغَدِ فِي السُّوقِ، فَقَالَ: يَا سَلَمَةُ هَبْ لِيَ الْمَرْاَةَ لِلّٰهِ اَبُوكَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا، فَهِيَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ وَفِیْ اَيْدِيهِمْ اَسْرٰى مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَفَدَاهُمْ بِتِلْكَ الْمَرْاَةِ، فَكَّهُمْ بِهَا

✿✿ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ روانہ ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہمارا امیر مقرر کیا تھا۔ ہم نے فزارہ قبیلے کے لوگوں کے ساتھ جنگ کرنا تھی جب ہم پانی کے قریب پہنچے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں حکم دیا تو ہم نے وہاں پڑاؤ کر لیا جب ہم نے صبح کی نماز ادا کر لی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں یک بارگی حملہ کرنے کا حکم دیا۔ ہم نے پانی کے آس پاس موجود بہت سارے لوگوں کو قتل کر دیا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے لوگوں کے پیچھے دیکھا کہ کچھ بچے اور کچھ خواتین جا رہے ہیں میں ان کے پیچھے گیا، مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ وہ مجھ سے پہلے پہاڑ پر نہ پہنچ جائیں' تو میں نے ایک تیر مارا جو ان کے اور پہاڑ کے درمیان جا کر گرا تو وہ لوگ رک گئے میں انہیں پکڑ کر انہیں ہانک کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لے آیا۔ یہاں تک کہ میں پانی پاس آ گیا' ان میں فزارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک عورت تھی جس نے چمڑے کا لباس پہنا ہوا تھا اور اس کے ساتھ اس کی بیٹی بھی تھی جو عربوں کی خوب صورت ترین عورت تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی بیٹی مجھے انعام کے طور پر دے دی میں نے اس کا پردہ نہیں ہٹایا یہاں تک کہ میں مدینہ منورہ آ گیا پھر میں نے رات بسر کی اور اس کا پردہ نہیں ہٹایا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھ سے ملاقات ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ عورت مجھے تحفے کے طور پر دے دو۔ میں نے عرض کی:

4860– هشام بن عمر صدوق وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صالح بن بشير بن فديك، فلم يُوَثِّقهُ غير المؤلِّف 4/374، ولم يَروِ عنه غيرُ الزهرى انظر " التاريخ الكبير " 4/273، و " الجرح والتعديل " 4/395، وفُديك قال البخارى فى " التاريخ " 7/135: هو صاحب النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعد فى أهل الحجار، ثم ذكر حديثه هذا من طريق الأوزاعى ومحمد بن الوليد الزبيدى، كلاهما عن الزهرى . . .، وذكر ابن أبى حاتم 7/89 نحوه، وقال البغوى: سكن المدينة، وذكره المؤلف فى " ثقاته " 3/334 . وقال ابن السكن: يقال: إن فديكاً وابنه بشيراً جميعاً صحباً النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . انظر " الإصابة " 3/195 . وأخرجه البيهقى 9/17 من طريق إسحاق بن عيسى، عن يحيى بن حمزة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى /18 (862)، والبيهقى 9/17 من طريقين عن فديك بن سليمان، عن الأوزاعى، عن الزهرى، بِهِ .وأورده الهيثمى فى " مجمع الزوائد " 5/255 وقال: رواه الطبرانى فى " الأوسط " و " الكبير " باختصار، ورجاله ثقات إلا أن صالح بن بشير أرسله ولم يقل " عن فديك " .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یارسول اللہ ﷺ! مجھے وہ بہت اچھی لگی ہے میں نے تو ابھی اس کا پردہ بھی نہیں ہٹایا تو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے آپ ﷺ نے مجھے کچھ نہیں کہا۔ پھر اگلے دن آپ ﷺ کی مجھ سے بازار میں ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے سلمہ تم وہ عورت مجھے ہبہ کردو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے تو اس کا پردہ بھی نہیں ہٹایا بہرحال وہ آپ ﷺ کی نذر ہے یارسول اللہ ﷺ!

راوی بیان کرتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے اہل مکہ کو پیغام بھیجا۔ ان کے ہاں کچھ مسلمان قیدی تھے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان قیدیوں کے فدیے کے طور پر وہ عورت ادا کردی اور ان لوگوں کو اس عورت کے عوض میں چھڑوالیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْهِجْرَةِ

# باب: ہجرت کا تذکرہ

4861 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ فُدَيْكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فُدَيْكًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ اَنَّهُ مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فُدَيْكُ اَقِمِ الصَّلَاةَ وَاهْجُرِ السُّوءَ وَاسْكُنْ مِنْ اَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِمِ الصَّلَاةَ اَمْرُ فَرْضٍ عَلَى الْمُخَاطَبِينَ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاهْجُرِ السُّوءَ فَرْضٌ عَلَى الْمُسْلِمِينَ كُلِّهِمْ فِي كُلِّ الْاَحْوَلِ، لِئَلَّا يَرْتَكِبُوْا سُوْءًا بِاَنْفُسِهِمْ مِنَ الْمَعَاصِي، وَبِغَيْرِهِمْ مِمَّا لَا يَرْضَى اللّٰهُ مِنَ الْاَفْعَالِ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاسْكُنْ مِنْ اَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ اَمْرُ اِبَاحَةٍ مُرَادُهُ الْاِعْلَامُ، بِاَنَّ تَارِكَ السُّوءِ عَلَى مَا وَصَفْنَا لَا ضَيْرَ عَلَيْهِ، اَيَّ مَوْضِعٍ سَكَنَ، وَاِنْ لَمْ يَقْصِدِ الْمَوَاضِعَ الشَّرِيفَةَ

❀❀ حضرت فدیک رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ یہ کہتے ہیں کہ جو شخص ہجرت نہیں کرتا وہ ہلاکت کا شکار ہو جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اے فدیک تم نماز ادا کرتے رہو، برائی سے لاتعلق رہو اور جہاں چاہو اپنی قوم کی سرزمین میں رہائش رکھو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم نماز قائم کرو'' یہ فرض حکم ہے' جو مخاطب افراد پر بعض حالتوں میں فرض ہوتا ہے تمام حالتوں میں فرض نہیں ہوتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم برائی سے لاتعلق رہو'' یہ تمام مسلمانوں پر ہر حالت میں فرض ہے' تاکہ وہ بھی کسی بھی صورت میں اپنی ذات کے حوالے سے گناہ کا ارتکاب نہ کریں اور کسی دوسرے کے ساتھ کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اور تم اپنی قوم کی سرزمین پر رہائش رکھو جہاں بھی تم چاہو'' یہ مباح قرار دینے کے طور پر حکم ہے' لیکن اس سے مراد اطلاع دینا ہے' برائی کو ترک کرنے والا وہ شخص جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے اس شخص پر کوئی نقصان نہیں ہوگا چاہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ کسی بھی جگہ پر رہائش اختیار کرے اگرچہ وہ شرف والے مقامات پر رہائش کو اختیار نہ کرے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ هِجْرَةٍ لَيْسَ فِيهَا التَّحَوُّلُ مِنْ دَارِ الْكُفْرِ اِلٰى دَارِ الْمُسْلِمِيْنَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر ہجرت ایسی نہیں ہوتی کہ اس میں کفر کی سرزمین سے مسلمانوں کی سرزمین کی طرف منتقل ہوا جائے

**4862** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الْجَنْبِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِيْ فَضَالَةُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالْمُؤْمِنِ، مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى اَمْوَالِهِمْ، وَاَنْفُسِهِمْ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهِ، وَيَدِهِ، وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوْبَ

✿✿ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں مومن کے بارے میں نہ بتاؤں مومن وہ ہے جس سے لوگ اپنے مالوں اور جان کے حوالے سے مامون ہوں اور مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے لوگ سلامت ہوں۔ مجاہد وہ شخص ہے جو اپنی ذات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے بارے میں جہاد کرتا ہے اور مومن وہ شخص ہے جو اپنی خطاؤں اور گناہوں سے لاتعلق رہتا ہے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَفْضِيْلِ الْهِجْرَةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ تَبَايُنِ نِيَّاتِهِمْ فِيْهَا

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ ہجرت کے بارے میں مسلمانوں کی نیت کے اختلاف کے حوالے سے ہجرت کی فضیلت (میں فرق آتا ہے)

**4863** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ

4862– إسناده صحيح، رجاله كلهم ثقات . عبد الله: هو ابن المبارك، وأبو هانىء الخولاني: هو حميد بن لاحق . وأخرجه أحمد 6/21 عن علي بن إسحاق عن عبد الله، بهذا الإسناد . وأخرجه الحاكم 1/10–11 من طريق عبد الله بن صالح كاتب الليث، وسعيد بن أبي مريم كلاهما عن الليث، به . وقال: صحيح على شرطهما ولم يخرجاه، وأقره الذهبي! . وأخرجه الطبراني في " الكبير " 18/796 من طريق عبد الله بن صالح، عن الليث به . وأخرجه أحمد 6/22 من طريق رشدين بن سعد، والبزار (1143) من طريق ابن وهب، كلاهما عن أبي هانىء الخولاني، به . وأخرجه مختصراً ابن ماجه (3934) من طريق ابن وهب، به . وقال البوصيري في " مصباح الزجاجة " ورقة 245: إسناده صحيح . وأورده الهيثمي في " المجمع " 3/268، وقال: رواه البزار والطبراني في " الكبير " باختصار، ورجال البزار ثقات . وانظر (4706) . وله شاهد صحيح من حديث أنس عند المؤلف، وقد تقدم برقم (510) . ونزيد فيه هنا: وأخرجه أحمد 3/154، والبزار (21)، وأبو يعلى (4187) من طرق عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



يَـزِيـدَ، قَـالَ: حَـدَّثَنَا اَبِي قَالَ: حَـدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ كَثِيرٍ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اَلْهِجْرَةُ هِـجْـرَتَـانِ، فَـاَمَّـا هِـجْـرَةُ الْبَادِي يُجِيبُ، اِذَا دُعِيَ وَيُطِيعُ اِذَا اُمِرَ، وَاَمَّا هِجْرَةُ الْحَاضِرِ، فَهِيَ اَشَدُّهُمَا بَلِيَّةً، وَاَعْظَمُهُمَا اَجْرًا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ہجرت دو طرح کی ہوتی ہے دیہاتی شخص کی ہجرت یہ ہے: جب اسے بلایا جائے' تو وہ آجائے اور جب اسے حکم دیا جائے' تو فرماں برداری کرے۔ جہاں تک شہری شخص کی ہجرت کا تعلق ہے' تو آزمائش کے اعتبار سے یہ شدید ہوتی ہے اور اجر بھی اس کا زیادہ ہے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ انْقِطَاعِ الْهِجْرَةِ بَعْدَ الْفَتْحِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' فتح کے بعد ہجرت منقطع نہیں ہوئی ہے

**4864** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَخِي يَعْلَى ابْنِ مُنْيَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ يَعْلَى ابْنَ مُنْيَةَ قَالَ:

(متن حدیث):جِـئْـتُ رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بَايِعْ اَبِيْ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اُبَايِعُهُ عَلَى الْجِهَادِ، قَدِ انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ

حضرت یعلیٰ بن منیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے والد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ میرے والد سے ہجرت پر بیعت لے لیجیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (جی نہیں) بلکہ میں ان سے جہاد پر بیعت لوں گا' کیونکہ ہجرت ختم ہو چکی ہے۔

---

4863- حديث صحيح، محمد بن عصام بن يزيد وأبوه تقدمت ترجمتها في تخريج الحديث (4568)، وقد توبعا، ومن فوقهما ثقات من رجال الصحيح غير أبي كثير الزبيدي، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه النسائي والعجلي والمؤلف .وأخرجه النسائي 7/144 في البيعة: باب هجرة البادي، من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، عن عمرو بن مرة، بهذا الإسناد .وسيجيء ضمن حديث مطول عند المصنف برقم (5176) .

4864- إسناده ضعيف، عبد الرحمٰن بن أخي يعلى لَمْ يُوَثِّقْهُ غيرُ المؤلّف، ولم يَروِ عنه غير الزهري، وقال الإمام الذهبي: لا يعرف، وأبوه تفرد بالرواية عنه ولده عمرو، وقال أبو حاتم: لا يعرف، وذكره المؤلف في " الثقات " .وأخرجه أحمد 4/223، والنسائي 7/141 في البيعة: باب البيعة على الجهاد وفي " الكبرى " كما في " التحفة " 9/116 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/223 و223-224، والنسائي 7/145: باب ذكر الاختلاف في انقطاع الهجرة، وفي " الكبرى " والطحاوي في " مشكل الآثار " 3/253، والطبراني في " الكبير " 22/ (664) و (665)، والحاكم 3/424، والبيهقي 9/16 من طرق عن ابن شهاب، به .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي انْقَطَعَ فِيهِ الْهِجْرَةُ

## اس وقت کا تذکرہ جس میں ہجرت منقطع ہوئی

4865 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): أَنَّهُ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ: لَا هِجْرَةَ وَلَكِنَّهَا جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

تمہارے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ تو قریش کے بیوقوف لوگوں نے کہا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے تم ان کے بارے میں کوئی بھی چیز ہمیں بیان کرو لیکن سمجھدار لوگوں نے کہا تم نے انہیں جو کہتے ہوئے سنا ہے وہ بیان کرو تو اس نے بتایا کہ میں نے انہیں یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ پھر اس نے قریش کو وہ تمام باتیں بتادیں جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمائی تھیں۔ اس وقت ابومسعود عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہوا۔ وہ بولا: اے لوگو! کیا تم میرے لیے بچوں کی طرح نہیں ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا میں تمہارے لیے باپ کی جگہ نہیں ہوں۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا تم لوگ مجھ پر کوئی الزام عائد کرتے ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے کہا کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں نے عکاظ میں شرکت کرنے والوں کو جنگ میں لڑائی کے لیے بلایا تھا اور جب انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا' تو میں اپنے بیوی بچوں اور پیروکاروں کو لے کر تمہارے پاس آ گیا تھا۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو اس نے کہا ان صاحب نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے۔ تم لوگ اسے قبول کرلو اور مجھے موقع دو۔ میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا کہ آپ ان کے پاس چلے جائیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنی شروع کی۔ نبی اکرم ﷺ نے بھی اس کے سامنے وہی بات بیان کی جو آپ ﷺ نے بدیل بن ورقاء سے کہی تھی۔ تو عروہ بن مسعود نے کہا یہ تو ٹھیک ہے اے محمد ﷺ آپ کی کیا رائے ہے کیا آپ ﷺ اپنی قوم کو جڑ سے ختم کر دیں گے۔ کیا آپ ﷺ نے کسی عرب کے بارے میں یہ بات سنی ہے' اس نے آپ ﷺ سے پہلے اپنی قوم کو سرے سے ختم کر دیا ہو اور اگر دوسری صورت ہوتی ہے (یعنی جنگ ہو جاتی ہے) تو اللہ کی قسم میں نے (آپ ﷺ کے ساتھ آنے والے) لوگوں کو دیکھ لیا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں یہ (جنگ کی صورت میں) بھاگ جائیں گے اور آپ ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم لات (نامی بت) کی شرمگاہ کو چوسو' کیا ہم بھاگ جائیں گے اور نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ ابومسعود نے دریافت کیا یہ کون ہے۔ جب اسے بتایا گیا: یہ ابوقحافہ کے صاحبزادے ابوبکر ہیں' تو ابومسعود نے کہا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم نے مجھ پر احسان نہ کیا ہوتا جس کا میں تمہیں بدلہ نہیں دے سکا تھا تو میں تمہاری اس بات کا جواب دیتا۔ اس کے بعد وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنے لگا۔ وہ جب بھی نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات کرتا تو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی کو ہاتھ لگاتا تھا تو مغیرہ بن شعبہ ثقفی نبی اکرم ﷺ کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے۔ ان کے پاس تلوار تھی اور سر پر خود بھی رکھا ہوا تھا۔ جیسے ہی عروہ نے اپنا ہاتھ نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف کی طرف بڑھایا۔ تو انہوں نے اپنی تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارا اور بولا تم اپنے ہاتھ کو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف سے دور رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور دریافت کیا یہ کون ہے۔ لوگوں نے بتایا مغیرہ بن شعبہ ثقفی۔ عروہ نے کہا اے غدار کیا میں نے تمہاری غداری کی وجہ سے کوشش نہیں کی (یعنی اس کا تاوان ادا نہیں کیا)

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں کچھ لوگوں کے ساتھ تھے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کر کے ان کا مال حاصل کر لیا۔ پھر وہ آئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا۔ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے' تو اسے میں قبول کر لیتا ہوں' لیکن جہاں تک مال کا تعلق ہے۔ تو اس میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



راوی بیان کرتے ہیں پھر عروہ نے کن اکھیوں سے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا جائزہ لینا شروع کیا اللہ کی قسم نبی اکرم ﷺ جو بھی تھوک پھینکتے تھے وہ ان اصحاب میں سے کسی کی ہتھیلی پر گرتی تھی وہ اسے اپنے چہرے اور جلد پر مل لیتا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ انہیں کسی بات کا حکم دیتے تھے' تو وہ اسے پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ وضو کرتے تھے وہ لوگ آپ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ بات چیت کرتے تھے' تو نبی اکرم ﷺ کے سامنے وہ اپنی آوازیں پست رکھتے تھے اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نظر اٹھا کر آپ ﷺ کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔

جب عروہ بن مسعود اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا۔ تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی قسم میں بادشاہوں کے پاس بھی گیا ہوں میں کسریٰ اور قیصر اور نجاشی کے پاس بھی گیا ہوں۔ اللہ کی قسم میں نے ایسا کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جس کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں۔ جتنی حضرت محمد ﷺ کے ساتھی ان کی تعظیم کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم اگر وہ کوئی تھوک پھینکتے ہیں۔ تو وہ ان میں سے کسی شخص کی ہتھیلی پر گرتی ہے اور وہ اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے' جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں' تو تیزی سے ان کا حکم پورا کرنے کی طرف لپکتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتے ہیں' تو وہ ان کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے ہیں اور جب وہ بات چیت کرتے ہیں' تو وہ لوگ ان کے سامنے اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ انہوں نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے تم لوگ اسے قبول کرلو۔ پھر بنو کنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا۔ آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ جب وہ نبی اکرم ﷺ کو دور سے نظر آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ فلاں شخص ایک ایسی قوم سے تعلق رکھتا ہے' جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ تو تم لوگ اس کے سامنے قربانی کے جانوروں کو کھڑا کردو۔ راوی بیان کرتے ہیں قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دیا گیا اور لوگ تلبیہ پڑھتے ہوئے اس کے سامنے آئے۔ جب اس نے یہ صورت حال دیکھی تو بولا سبحان اللہ ان جیسے لوگوں کو بیت اللہ جانے سے نہیں روکا جا سکتا۔ جب وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا تو اس نے کہا میں نے قربانی کے جانور دیکھے ہیں' جن کی گردن میں ہار ڈال دیئے گئے ہیں اور ان پر نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ اس لیے میرے خیال میں انہیں بیت اللہ جانے سے نہیں روکنا چاہئے پھر ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جس کا نام مکرز تھا۔ اس نے کہا آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا آپ چلے جائیں ان کے پاس۔ جب وہ ان لوگوں کے سامنے آیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے یہ ایک بدترین شخص ہے اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت شروع کی ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ اسی دوران سہیل بن عمرو آگیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ سہیل ہے۔ اب اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تمہارے معاملے کو آسان کردے گا۔

معمر نے مسور اور مروان کے حوالے سے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔ سہیل آیا' تو اس نے کہا: آئیے اپنے اور ہمارے درمیان معاہدہ تحریر کروالیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے لکھنے والے شخص کو بلوایا۔ اور فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ سہیل نے کہا: جہاں تک لفظ رحمٰن کا تعلق ہے اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم اس سے مراد کیا ہے' بلکہ آپ یہ لکھیں باسمك اللهم پھر نبی اکرم ﷺ نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ارشاد فرمایا۔ تم لکھو یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد رسول اللہ ﷺ کر رہے ہیں۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ تو ہم آپ ﷺ کو بیت اللہ جانے سے نہ روکتے اور آپ ﷺ سے جنگ نہ کرتے' بلکہ آپ ﷺ یہ لکھیں محمد بن عبداللہ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم بے شک میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ تم محمد بن عبداللہ لکھو۔

زہری کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کی وجہ یہی تھی کہ آپ نے فرمادیا تھا: وہ لوگ مجھ سے جو بھی مطالبہ کریں گے جس میں وہ اللہ کی حرمات کا احترام کریں' تو میں ان کا وہ مطالبہ پورا کروں گا۔

راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (یہ معاہدہ) اس شرط پر ہوگا کہ تم لوگ ہمیں بیت اللہ تک جانے دو گے۔ ہم اس کا طواف کریں گے۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا کہ ہم دباؤ میں آگئے ہیں۔ آپ اگلے سال آئیں گے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے یہی تحریر کروادیا۔ سہیل بن عمرو نے کہا۔ اس شرط پر کہ ہم میں سے جو بھی شخص آپ ﷺ کے پاس آئے گا۔ اگرچہ وہ آپ ﷺ کے دین کا ماننے والا ہو۔ یا آپ ﷺ کے دین کو اختیار کرنا چاہتا ہو۔ پھر بھی آپ ﷺ اسے ہماری طرف واپس کردیں گے۔ مسلمانوں نے کہا سبحان اللہ ایسے شخص کو مشرکین کو کیسے واپس کیا جاسکتا ہے' جو مسلمان ہونا چاہتا ہو۔ اسی دوران ابوجندل بن سہیل بن عمرو زنجیر گھسیٹتے ہوئے آگئے۔ وہ مکہ کے زیریں حصے سے باہر آئے تھے۔ وہ مسلمانوں کے درمیان آکر گر گئے' تو سہیل بن عمرو نے کہا اے محمد یہ وہ پہلی شرط ہے' جس پر ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ آپ ﷺ اسے ہمیں واپس کر دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابھی یہ معاہدہ شروع نہیں ہوا۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اللہ کی قسم پھر میں کسی بھی چیز پر آپ ﷺ کے ساتھ کبھی کوئی معاہدہ نہیں کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تم اسے میری خاطر رہنے دو۔ اس نے کہا میں اسے آپ ﷺ کی خاطر نہیں رہنے دوں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا کرلو۔ اس نے کہا میں ایسا نہیں کروں گا۔ اس پر مکرز نے کہا ہم اسے آپ ﷺ کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔

تو ابوجندل بن سہیل بن عمرو نے کہا: اے مسلمانوں کے گروہ کیا مجھے مشرکین کی طرف لوٹا دیا جائے گا' جبکہ میں مسلمان ہو کر آیا ہوں۔ کیا تم لوگوں نے دیکھا نہیں ہے' میری کیا حالت ہے؟ (راوی کہتے ہیں:) ان صاحب کو اللہ کی راہ میں شدید عذاب دیا گیا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم جب سے میں مسلمان ہوا تھا۔ میں نے کبھی کوئی شکایت نہیں کی تھی۔ صرف اس دن کی۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: کیا آپ ﷺ اللہ کے سچے رسول نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا پھر ہم اپنے دین کے بارے میں کیوں کمتر ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں میں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہے وہ میرا مددگار رہے۔ میں نے کہا کیا آپ ﷺ نے ہمیں یہ بات نہیں بتائی تھی کہ ہم بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ تک جاؤ گے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اس تک جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے کہا اے ابوبکر کیا یہ اللہ کے سچے نبی نہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں کمتر ہوں۔اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے صاحب وہ اللہ کے رسول ہیں انہوں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہوگی۔ان کا پروردگار ان کا مددگار ہے۔تم مرتے دم تک ان کی رکاب کو مضبوطی سے تھام کر رکھو۔اللہ کی قسم وہ حق پر ہیں۔ میں نے دریافت کیا: کیا انہوں نے ہمیں یہ بات نہیں کی تھی۔ہم عنقریب بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا انہوں نے تمہیں یہ کہا تھا کہ تم اسی سال وہاں تک جاؤ گے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم وہاں جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اس بارے میں بڑی کوشش کی یعنی کسی طرح یہ معاہدہ ختم ہوجائے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معاہدہ تحریر کروا کر فارغ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا۔تم لوگ قربانی کے جانور قربان کردو اور سر منڈوالو۔راوی بیان کرتے ہیں۔اللہ کی قسم ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔اسے یہ امید تھی شاید اللہ تعالیٰ اس بارے میں کوئی نیا فیصلہ نازل کردے۔جب ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں کی طرف سے اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی۔اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنا چاہتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جائیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کریں اور اپنا قربانی کا جانور قربان کردیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر منڈوانے والے کو بلائیں۔(وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دے گا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ کوئی بات نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کا جانور ذبح کیا۔پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوانے والے کو بلوایا اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دیا۔جب لوگوں نے یہ صورت حال دیکھی تو لوگوں نے ایک دوسرے کے سر مونڈنے شروع کردیئے یہاں تک کہ ان کے درمیان ہاتھا پائی ہونے لگی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔پھر کچھ مومن عورتیں آئیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے۔

"اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن خواتین ہجرت کر کے آئیں۔"

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانہ شرک میں اپنی دو بیویوں کو طلاق دے دی تھی۔ان دونوں میں سے ایک نے معاویہ بن ابوسفیان سے شادی کرلی تھی اور دوسری نے صفوان بن امیہ کے ساتھ شادی کرلی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لائے' تو ابوبصیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہ قریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب تھے جو مسلمان ہوگئے تھے۔قریش نے ان کے مطالبے کے لیے دو آدمیوں کو بھیجا۔ان لوگوں نے کہا ہمارے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان یہ معاہدہ ہوا تھا۔تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو ان دو آدمیوں کے حوالے کر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیا۔ وہ دونوں روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ وہ دونوں ان کے ہمراہ ذوالحلیفہ تک پہنچے تو وہاں کھجوریں کھانے لگے۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے ان دو آدمیوں میں سے ایک سے کہا اللہ کی قسم اے فلاں میں دیکھ رہا ہوں تمہاری یہ تلوار بہت عمدہ ہے اس نے کہا جی ہاں اللہ کی قسم یہ بہت عمدہ ہے میں اسے کئی مرتبہ آزما چکا ہوں۔ حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی دکھاؤ میں اس کا جائزہ لوں۔ اس نے وہ تلوار انہیں دی۔ انہوں نے وہ تلوار اسے مار کر اسے ٹھنڈا کر دیا، دوسرا شخص بھاگ کر مدینہ منورہ آ گیا۔ وہ مسجد میں داخل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص خوف زدہ لگ رہا ہے۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا' تو اس نے بتایا۔ اللہ کی قسم انہوں نے میرے ساتھی کو مار دیا اور مجھے بھی مار دیں گے اس دوران ابوبصیر آ گئے۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدے کو پورا کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات دے دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس کی ماں برباد ہو۔ کاش اس کے ساتھ کوئی اور شخص ہوتا۔ جب انہوں نے یہ بات سنی۔ تو انہیں اندازہ ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ انہیں ان لوگوں کی طرف واپس کر دیں گے۔ وہ وہاں سے نکلے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے آ گئے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابوجندل بن سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی ان لوگوں سے فرار ہو کر حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ سے جا ملے پھر قریش کا جو بھی شخص نکلتا تھا۔ یعنی جس نے بھی اسلام قبول کیا ہوتا۔ وہ جا کر ابوبصیر سے مل جاتا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس ایک گروہ اکٹھا ہو گیا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم وہ قریش کے جس بھی اونٹ کے بارے میں سنتے وہ شام جانے کے لیے نکلا ہے' تو اس کے سامنے آ کر ان لوگوں کو قتل کر دیتے اور ان کا مال حاصل کر لیتے۔ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا واسطہ دیا اور رحم کی درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو پیغام بھجوائیں کہ اب جو بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے گا وہ محفوظ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو پیغام بھجوایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی:

"اور وہی وہ ذات ہے' جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے مکہ کے نشیب میں روک دیا۔"

یہ آیت یہاں تک ہے۔ "جاہلیت کی حمیت"۔

ان کی حمیت یہ تھی کہ وہ اس بات کا اقرار نہیں کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نبی ہیں اور انہوں نے اس بات کا اقرار نہیں کیا تھا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كَاتِبَ الْكِتَابِ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ مِمَّا وَصَفْنَا كَانَ عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان (معاہدے کو) جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تحریر کرنے والی شخصیت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے

**4873** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اِعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذِي الْقَعْدَةِ فَاَبٰى اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يَّدَعُوهُ اَنْ يَّدْخُلَ مَكَّةَ، حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهٰذَا لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا، وَلٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: امْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَمْحُوكَ اَبَدًا، فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ، فَاَمَرَ فَكُتِبَ مَكَانَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُحَمَّدًا، فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْ لَا يَدْخُلَ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ، اِلَّا السَّيْفَ فِي الْقُرُبِ، وَلَا يَخْرُجُ مِنْهَا بِاَحَدٍ يَتْبَعُهُ، وَلَا يَمْنَعُ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهِ اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ فَلْيَخْرُجْ عَنَّا، فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبِعَتْهُمْ، بِنْتُ حَمْزَةَ تُنَادِي يَا عَمِّ، يَا عَمِّ، فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَاَخَذَ بِيَدِهَا وَقَالَ: لِفَاطِمَةَ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، فَحَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ، وَزَيْدٌ، وَجَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِيٌّ: اَنَا اَخَذْتُهَا، وَهِيَ ابْنَةُ عَمِّي، وَقَالَ جَعْفَرٌ: ابْنَةُ عَمِّي وَخَالَتُهَا تَحْتِي، وَقَالَ زَيْدٌ: ابْنَةُ اَخِي، فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ لِخَالَتِهَا، وَقَالَ: الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ، وَقَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي، وَاَنَا مِنْكَ، وَقَالَ لِجَعْفَرٍ: اَشْبَهْتَ خَلْقِي، وَخُلُقِي، وَقَالَ لِزَيْدٍ: اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ذی القعدہ کے مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا‘ تو اہل مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں داخل ہونے سے منع کر دیا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ مکہ میں تین دن قیام کریں گے۔ جب ان لوگوں نے معاہدہ تحریر کر دیا تو انہوں نے یہ بات تحریر کی کہ یہ وہ معاہدہ ہے‘ جو اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے ہیں‘ تو کفار نے کہا۔ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔ اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں‘ تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز سے نہ روکتے‘ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم محمد بن عبداللہ ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہی تحریر کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا رسول بھی ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا لفظ ”رسول اللہ“ مٹا دو۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کا اسم گرامی) کبھی نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر کو لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو باقاعدہ لکھنا نہیں آتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت لفظ رسول اللہ کی جگہ لفظ محمد لکھ دیا گیا اور یہ تحریر کیا گیا یہ وہ معاہدہ ہے‘ جو محمد بن عبداللہ کر رہے ہیں۔ کہ وہ ہتھیار لے کر مکہ میں داخل نہیں ہوں گے البتہ ان کی تلواریں میان میں ہوں گی اور وہ مکہ میں سے کسی ایسے شخص کو ساتھ لے کر نہیں جائیں گے جو ان کا پیروکار ہو گا اور وہ اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں روکیں گے جو مکہ میں مقیم رہنا چاہے گا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لے آئے اور طے شدہ مدت گزر

4873- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري .وأخرجه البخاري (1844) في جزاء الصيد: باب لبس السلاح للمحرم، و (2699) في الصلح: باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان . . .، و (4251) في المغازي: باب عمرة القضاء، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/298، والدارمي 2/237-238 من طريقين عن إسرائيل، به . وقد تقدم عند المؤلف برقم (4849) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گئی تو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے آقا سے کہیے کہ وہ ہمارے پاس سے تشریف لے جائیں' کیونکہ متعین مدت پوری ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتی ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آئی۔ اے چچا اے چچا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بچی کو پکڑ لیا انہوں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ تم اپنی چچازاد کو سنبھالو۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسے اٹھالیا۔

اس لڑکی کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف ہو گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے میں نے حاصل کیا ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری چچازاد ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری بھتیجی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچی کے بارے میں اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم شکل وصورت اور اخلاق میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ غلام ہو۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِي كَانَ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ

## (صحابہ کرام) کی اس تعداد کا تذکرہ جو حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی

**4874** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ السَّدُوسِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ: كَمْ كَانُوا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟، قَالَ: اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: كَانُوا اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ، قَالَ: اَوْهَمَ جَابِرٌ هُوَ الَّذِي حَدَّثَنِي، اَنَّهُمْ كَانُوا اَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ

قتادہ بیان کرتے ہیں میں نے سعید بن مسیب سے دریافت کیا۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ہزار پانچ سو۔ راوی کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ تو کہتے ہیں ان کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ تو سعید نے کہا انہیں غلط فہمی ہوئی ہوگی۔ انہوں نے خود مجھے یہ بات بتائی ہے' ان کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

---

4874- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن بَزيع، فمن رجال مسلم . ابن المفضل: هو بشر .وأخرجه البيهقي 5/235 من طريقين عن قرة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري ( 4153) في المغازي: باب غزوة بدر، من طريق سعيد، عن قتادة، به .وأخرجه بنحوه من طرق عن جابر: أحمد 3/310 و 329، والطيالسي ( 1729)، والبخاري (4152)، ومسلم ( 1856) (72) و (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال . . .، والبيهقي 5/235 .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرِ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيثِ أَنَّ عَدَدَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ كَانَ دُونَ الْقَدْرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد اس مقدار کے علاوہ تھی جو ہم نے ذکر کی ہے

**4875** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ، فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ آخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَهِيَ السَّمُرَةُ، وَقَالَ: بَايَعْنَاهُ عَلَى أَنْ لَا نَفِرَّ وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں صلح حدیبیہ کے موقع پر ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخت کے نیچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہوا تھا۔ وہ سمرہ کا درخت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی۔ کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ هٰذِهِ السُّنَّةَ تَفَرَّدَ بِهَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

**4876** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ*، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُوَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَأَنَا رَافِعٌ غُصْنًا مِنْ أَغْصَانِهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ وَلٰكِنْ بَايَعْنَاهُ عَلَى أَنْ لَا نَفِرَّ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ أَلْفٌ وَأَرْبَعُ مِائَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الصَّحِيحُ أَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةٍ، عَلَى مَا قَالَهُ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

---

4875- إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وأخرجه مسلم (1856) (67)، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 2/341 من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/396، ومسلم (1856) (68) و (69)، والترمذي (1594) من طرق عن أبي الزبير، به. وأخرجه أحمد 3/310، ومسلم (1856) (71) و (74)، والبخاري (4154)، والترمذي (1591)، والنسائي 7/140-141 في البيعة: باب البيعة على أن لا نفرَّ، والبيهقي 5/235 من طرق عن جابر، به.

4876- إسناده صحيح على شرط مسلم. وقد تقدم برقم (4551).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر حدیبیہ کے موقع پر لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت درخت کے نیچے موجود تھے میں نے اس درخت کی ایک شاخ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے اوپر اٹھا رکھی تھی۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی' بلکہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ اس دن لوگوں کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔

(امام ابن حبان کہتے ہیں:) درست یہ ہے کہ صحابہ کرام کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی' جیسا کہ سعید بن مسیب نے بیان کیا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ حَبْسِ الْإِمَامِ أَهْلَ الْعَهْدِ وَأَصْحَابَ بُرُدِهِمْ فِي دَارِ الْإِسْلَامِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' امام کے لیے کسی ذمی یا (مشرکین) کے سفیر کو اسلامی سلطنت میں قید کرنا جائز نہیں ہے

**4877** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ أَخْبَرَهُ، (متن حدیث): أَنَّهُ أَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِنْ قُرَيْشٍ، إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِي قَلْبِيَ الْإِسْلَامُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَا أَخِيسُ بِالْعَهْدِ، وَلَا أَحْبِسُ الْبُرُدَ، وَلَكِنِ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ، فَإِنْ كَانَ فِي قَلْبِكَ الَّذِي فِي قَلْبِكَ الْآنَ، فَارْجِعْ، قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَيْهِمْ، ثُمَّ إِنِّي أَقْبَلْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمْتُ قَالَ بُكَيْرٌ: وَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِيًّا

❁❁ حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ قریش کا مکتوب لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام کی محبت گھر کر گئی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم میں کبھی ان کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ میں معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کروں گا اور میں قاصد کو اپنے پاس نہیں رکھوں گا۔ ان کے پاس واپس جاؤ۔ اگر تمہارے دل میں وہی چیز رہی جو تمہارے ذہن میں اب ہے' تو تم واپس آ جانا۔ راوی کہتے ہیں: میں ان لوگوں کے پاس واپس آ گیا۔ پھر میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا۔

ابو بکیر نامی راوی بیان کرتے ہیں حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ قبطی تھے۔

---

4877- إسناده صحيح . وأخرجه النسائي في السير كما في " التحفة " 9/199 عن الحارث بن مسكين وأبي الربيع سليمان بن داوٗد المهري، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوٗد (2758) في الجهاد: باب في الإمام يُستَجَنّ به في العهود، والحاكم 3/598 والبيهقي 9/145، والطبراني (963) من طرق عن ابن وهب، به .وأخرجه أحمد 6/8 عن عبد الجبار بن محمد الخطابي، عن ابن وهب، وقال: عن أبيه، عن جده .وجاء في " تهذيب الكمال " 6/218 في ترجمة الحسن بن علي: روى عن جده أبي رافع، وقيل: عن أبيه، عن جده .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الرَّسُوْلِ

## باب: سفارت کا بیان

### ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ رُسُلِ الْكُفَّارِ إِذَا قَدِمُوْا بُلْدَانَ الْإِسْلَامِ

### اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب کفار کے سفارتکار اسلامی شہروں میں آجائیں' تو انہیں قتل کرنے کی ممانعت ہے

**4878** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَقَتَلْتُكَ - يَعْنِىْ رَسُوْلَ مُسَيْلِمَةَ -

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"اگر تم سفیر نہ ہوتے تو میں تمہیں قتل کر دیتا (راوی کہتے ہیں) یعنی مسیلمہ کے سفیر کو یہ فرمایا تھا۔"

### ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الرَّسُوْلِ الَّذِىْ اَرَادَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلِهٖ لَوْ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلًا

### اس سفیر کے نام کا تذکرہ' جسے قتل کرنے کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تھا اگر وہ سفیر نہ ہوتا (تو اسے قتل کر دیا جاتا)

**4879** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ،

---

4878- إسناده حسن . عاصم: هو ابن بهدلة الكوفي أبو بكر المقرء روى له أصحاب السنن، وحديثه عند الشيخين مقرون، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 7/48، والبزار (1681)، والبيهقي 9/211 من طريقين عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/390-391 و 396، والبيهقي 9/212 من طريق المسعودي، عن عاصم، بِه . وأخرجه أحمد 1/404 و 406، والدارمي 2/235 من طريقين عن ابن مسعود .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):ثُمَّ إِنَّهُ اَتَى عَبْدَ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا بَيْنِي وَبَيْنَ اَحَدٍ مِّنَ الْعَرَبِ اِحْنَةٌ، وَاِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ، فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ، فَجِيءَ بِهِمْ فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، وَقَالَ: لَهُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَاَنْتَ الْيَوْمَ لَسْتَ بِرَسُوْلٍ، فَاَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَيْهِ قَتِيلًا، فِي السُّوقِ

حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: میرے اور کسی بھی عرب کے درمیان کوئی پوشیدہ دشمنی نہیں ہے میں بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا وہ لوگ مسیلمہ پر ایمان رکھتے ہیں۔تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف پیغام بھیجا۔ان لوگوں کو لایا گیا۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے توبہ کروائی۔صرف ابن نواحہ نے توبہ نہیں کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم قاصد نہ ہوتے تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا) آج تم قاصد نہیں ہو۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے قرظہ بن کعب کو حکم دیا۔تو انہوں نے بازار میں اس شخص کی گردن اڑا دی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔جو شخص ابن نواحہ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ اسے بازار میں مقتول پڑا ہوا دیکھ لے۔

4879- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حارثة بن مضرِّب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد (2762) في الجهاد: باب في الرسل، والطحاوي في " مشكل الآثار " 4/61، والبيهقي 9/211 عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/384، والنسائي في السير كما في " التحفة " 7/18 من طريق الأعمش، عن أبي إسحاق، به . وانظر ما قبله .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الذِّمِّيِّ وَالْجِزْيَةِ

# باب: ذمی اور جزیہ کا بیان

## ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِمَنْ اَسْمَعَ اَهْلَ الْكِتَابِ مَا يَكْرَهُونَهُ

## ایسے شخص کے جہنم میں داخلے کے واجب ہونے کا تذکرہ جو اہل کتاب کو وہ بات سناتا ہے جسے وہ ناپسند کرتے ہیں

**4880** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ سَمَّعَ يَهُودِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا دَخَلَ النَّارَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی یہودی یا عیسائی کو سناتا ہے (شاید اس سے مراد یہ ہے: اسے ناحق طور پر قتل کرتا ہے) وہ جہنم میں داخل ہوگا۔''

## ذِكْرُ نَفْيِ وُجُودِ رَائِحَةِ الْجَنَّةِ عَنِ الْقَاتِلِ الْمُعَاهَدَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

## مشرکین سے تعلق رکھنے والے معاہد (ذمی) کو قتل کرنے والے شخص کے جنت کی بو سونگھنے کی نفی کا تذکرہ

**4881** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

---

4880- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد: هو الطيالسي: هشام بن عبد الملك، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية . وهذا الحديث لم أجده عند غير المؤلف .

4881- أحمد بن يحيى بن حميد الطويل ذكره المؤلف في " الثقات " 8/10، فقال: من أهل البصرة، روى عن حماد بن سلمة، حدثنا عنه أبو خليفة، مات سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 2/81، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 9/42 عن إبراهيم بن يعقوب، عن حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد وقال: هذا خطأ، والصواب حديث ابن علية يعني عن يونس، عن الحكم بن الأعرج، عن الأشعث بن ثُرمُلة، عن أبي بكرة، وهو الحديث الآتي عند المؤلف بعد هذا . وأخرجه الحاكم 1/44 من طريق أبي سلمة موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة به، وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ یُونُسَ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدًا لَمْ یَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی ذمی کو قتل کر دے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔''

## ذِکْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْیِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنْ قَاتِلِ الْمُسْلِمِ الْمُعَاهَدِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' مسلمان یا معاہد کو قتل کرنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا

**4882** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ زُرَیْعٍ، حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَکَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَیْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الْجَنَّةَ اَنْ یَّشُمَّ رِیحَهَا،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ کُلُّهَا مَعْنَاهَا لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ یُرِیْدُ جَنَّةً دُوْنَ جَنَّةِ الْقَصْدِ مِنْهُ، الْجَنَّةُ الَّتِیْ هِیَ اَعْلٰی وَاَرْفَعُ یُرِیْدُ مَنْ فَعَلَ هٰذِهِ الْخِصَالَ، اَوِ ارْتَکَبَ شَیْئًا مِنْهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الْجَنَّةَ، اَوْ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ الَّتِیْ هِیَ اَرْفَعُ الَّتِیْ یَدْخُلُهَا مَنْ لَمْ یَرْتَکِبْ تِلْکَ الْخِصَالَ، لِاَنَّ الدَّرَجَاتِ فِی الْجِنَانِ یَنَالُهَا الْمَرْءُ بِالطَّاعَاتِ، وَحَطُّهُ عَنْهَا یَکُوْنُ بِالْمَعَاصِیْ، الَّتِیْ ارْتَکَبَهَا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ناحق طور پر کسی ذمی کو قتل کر دے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس بات کو حرام قرار دیتا ہے' وہ جنت کی بو بھی محسوس کرے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات کا مفہوم یہ ہے: وہ شخص کسی ایک مخصوص قسم کی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ البتہ دوسری جنت میں داخل ہو سکتا ہے اور اس سے مراد جنت کا بالائی حصہ ہے' جس میں وہ داخل نہیں ہوگا۔ یعنی وہ شخص جو اس طرح کے کسی فعل کا مرتکب ہوتا ہے یا کسی بھی ایسی چیز کا مرتکب ہوتا ہے' جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اس پر جنت کو حرام کر دیتا ہے یا وہ شخص اس کی وجہ سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ تو اس سے مراد وہ جنت ہے' جو جنت کا بلند ترین مرتبہ ہے' جس میں ان کاموں کا مرتکب

4882– إسناده صحیح، رجاله ثقات رجال الصحیح غیر الأشعث بن ثُرملة، فقد روی له النسائی وهو ثقة .وأخرجه أحمد 5/36 و38 و 52، والنسائی 8/25، وفی السیر کما فی " التحفة " 9/37، والحاکم 1/44، والبیهقی 9/205 من طرق عن یونس بن عبید، بهذا الإسناد .وأخرجه الدولابی فی " الکنی والأسماء " 2/126 من طریق حمید أبی المغیرة العجلی، عن الأشعث، به . وانظر ما قبله، وسیأتی برقم ( 7339) و (7340) .وفی الباب عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رفعه " من قتل معاهَداً لم یرح رائحة الجنة، وإن ریحها توجد من مسیرة أربعین عاماً " أخرجه أحمد 2/186، والبخاری (3166) و (6914)، والنسائی 8/25، وابن ماجه (2686)، وصححه الحاکم 2/126–127 علی شرط الشیخین، ووافقه الذهبی .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخص داخل نہیں ہوگا۔اس کی وجہ یہ ہے: جنت کے مختلف درجات ہیں۔جن تک آدمی نیکیاں کرنے کی وجہ سے پہنچتا ہے اور گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے ان میں سے کسی ایک مرتبے سے نیچے آ جاتا ہے۔

## ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَضَاءِ حُقُوقِ اَهْلِ الذِّمَّةِ اِذَا كَانُوا مُجَاوِرِينَ لَهُ فَطَمِعَ فِي اِسْلَامِهِمْ

## اہل ذمہ کے حقوق کی ادائیگی کے مباح ہونے کا تذکرہ' جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ رہ رہے ہوں اور آدمی کو ان کے اسلام قبول کرنے کی امید بھی ہو

**4883** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، بِالْاَهْوَازِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيًّا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کی عیادت کی تھی۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے پہلے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**4884** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ غُلَامًا يَهُودِيًّا كَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ، فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلِمْ، فَنَظَرَ اِلَى اَبِيهِ وَهُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ لَهُ: اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ قَالَ: فَاَسْلَمَ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ایک یہودی لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔وہ بیمار ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کرنے کے لیے اس کے پاس تشریف لائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا تم اسلام قبول کرلو۔اس

4883– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبدة بن عبد الله فمن رجال البخاري . وانظر ما بعده .

4884– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحسن العلاف البصري روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات " 8/78، وقال أبو زرعة: كان صاحب قرآن وكان بصيراً به، وكان شيخاً ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد 3/175 و227 و280، والبخاري (1356) في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي فمات هل يصلى عليه . . .، و (5657) في المرضى: باب عيادة المشرك، وأبو داوُد (3095) في الجنائز: باب في عيادة الذمي، والنسائي في السير كما في " التحفة " 1/111، والبخاري في " الأدب المفرد " (524)، وأبو يعلى (3350)، والبيهقي 3/383 و6/206، والبغوي (57) من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 4/291 من طريقين عن شريك، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن جبير، عن أنس .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا۔اس کے باپ نے اس سے کہا: تم حضرت ابوالقاسم ﷺ کی بات مان لو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اسلام قبول کرلیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب اس کے پاس سے واپس تشریف لائے' تو آپ ﷺ یہ فرمارہے تھے ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس کو جہنم سے بچالیا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ مُخَالَطَةِ الْمُسْلِمِ لِلْمُشْرِكِ فِى الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ وَالْقَبْضِ وَالِاقْتِضَاءِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' خرید وفروخت اور لین دین میں مسلمان مشرک سے مل سکتا ہے

**4885** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِى الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا وَكَانَ لِىْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ لِىْ: لَا اَقْضِيكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَنْ اَكْفُرَ بِهٖ حَتّٰى تَمُوْتَ، ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَاِنِّىْ لَمَبْعُوْثٌ بَعْدَ الْمَوْتِ سَوْفَ اَقْضِيكَ، اِذَا رَجَعْتَ اِلَىَّ مَالِىْ، وَوَلَدِىْ، قَالَ: فَنَزَلَتْ، هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيَاتِنَا، وَقَالَ لَاُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا) (مریم: 77)

حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک سنار تھا۔ میں نے عاص بن وائل سے کچھ قرض واپس لینا تھا۔ میں اس کے پاس آیا اور اس سے قرض کا تقاضا کیا۔ اس نے مجھ سے کہا میں اس وقت تک تمہارا قرض ادا نہیں کروں گا۔ جب تک تم حضرت محمد ﷺ کا انکار نہیں کردیتے۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا میں ان کا اس وقت تک انکار نہیں کروں گا' جب تک تم مر نہیں جاتے اور دوبارہ زندہ نہیں ہوتے۔ اس نے کہا کہ اگر مجھے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا' تو میں تمہارا قرض ادا کردوں گا۔ کیونکہ اس وقت میرا مال اور میری اولاد مجھے دوبارہ واپس مل جائیں گے۔

---

